اعتماد نہین کہ اسکو نہایت جہوٹا جانتی ہتی اور اکثر کہتی ہتی تو خود انکی بلند اقبال سی زیادہ مفصل حدیث ہی چنانچہ جامع الاصول مین ہی تمام صاحبانِ صحاح ستہ سی عن ابن عمر نہی النبی ان یخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ حتی یترک الخاطب قبلہ او یاذن لہ اخرجہ الستۃ واللفظ للمالک والنسائی یعنی خاص صاحبزادہ عالی مقدار خود شیخ فانیصاحب کے روایت کرتی ہین کہ منع کیا پیغمبر خدا نے یہ کہ جو خواستگاری کری کوئی شخص اوپر خواستگاری بہائی اپنی کے یعنی کسی منگیتر کے مانگ نکری یہانتک کہ وہ چہوڑ دیوی پہلی اسکے یا اذن دی واسطی اسکی اور یہہ حدیث جنہون صحاح مین انکی ہان ہی مگر شیخ فانیصاحب کو معلوم نہو گی یا جاتے زنانہ مین نہ رہی ہو گی کہ باوجود اسکی کہ نفس رسول عذر عبث عزل یعنی منگیتر ہونا واسطی اولاد بہائی کے بہتیرا ظاہر کرین اور یہہ مدعی اتقا سب کچہہ سنکر بہی الحاح سی باز نہ آوین اور پہر دعوی ابتغای وسیلہ کا بالجملہ وہ عبارت فارسی عود شیخ مذکور یہہ ہی عمر بعلی گفتہ فرستاد کہ ام کلثوم دختر کہ بانوی بنت فاطمہ مرا بزنی دہ ام کلثوم چہار سالہ بود وعمر شصت سالہ بود علی بعذر پیش آمد وگفت دختر خویش را بسیم اگر راضی باشد بتو تسلیم کنم عمر عذر پیش دریافت وگفت یا علی مرا بازنان اکنون حاجت نماندہ زیرا کہ شیخ فانی گشتہ ام لکن ابتغی الوسیلۃ یعنی میخواہم مرا وسیلہ باشد سوی پیغمبر پس امیر المومنین ام کلثوم را تسلیم کرد ہمہ ام کلثوم را جہل ہزار درہم بود فرستاد پس عمر آنرا بزانوی خود نشاند ومقنع کہ برسر بود عمر آنرا دور کردہ و دست برسرش آورد جامہ از ساقش بر داشت ام کلثوم دست برداشت وخواست کہ طمانچہ زند وگفت اگر امیر مومنان نمی بود طمانچہ بر روی تو میزدم عمر گفت نمی باید کہ کسی سخن درشت گوید ازینکہ این از نسب ونسلِ ہاشم وقریش است اب منصفان باایمان خیال کرین کہ جب خود پیر ومقتدایان ناصب عداوت خاندان طاہرہ اسقسم کی روایتین لکہتی ہین تو بقول جناب مرزا صاحب مرحوم علیین آپکے مجادل کو بونچتا ہی کہ جو کلمات علمای حقہ کی حق مین یہہ بزرگوار اور انکا پیر عزیز لکہتا ہی وہ اسکو اور اسکی مقتداون کو کہوین کہ افسوس آسمان گر نہین پڑتا زمین پہٹ نہین جاتی کہ یہہ باتین کیسی بازاری لونکی سی ہین اور معاذ اللہ کیا ہتکِ عزت کرتی ہی اپنی پیغمبر کے اولادِ امجاد کی اور کیا کفرانِ نعمت ہی بلکہ یہہ ایزادی زیبا ہی کہ کیا شرم وحیا ہی کہ اپنی ہان خود تو اس قسم کی روایتین موجود جنکا ایک تہوڑا سا نمونہ لکہا گیا اور اسپر طعن کرنا اور عیب لگانا اہالی مذہب حقہ کو اور اون لفظون پر گرفت اور حرف گیری کرنی جو کہ قرآن مین اور زبان امہات مومنین پر اکثر جاری اور بدرجہا کمتر ہین اون سی جو کہ انکی اپنی ہان کس شدت وغلظت وفظاظت اور بیشرمی سی ہین نعوذ باللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ سچ ہی اذا لم تستحی فاصنع ما شئت یہ ناصح جیو اگر کہین ملجاوین تو یہ بات ضرور پوچہی جاوی کہ مخدوما یہ روایات بہی مفتریات وموضوعہ محمد بن یعقوب کلینی وغیرہ فرماوگی کہ آپ کی کتب مین بہی داخل کر دین یا اسی سحر اشباع بنی ہاشم فرمانی لگا یا اپنی کتابونکو بہی رتبہ صحت سی گراوگی اب جو شخص ذرا بہی عقل وہوش اور کچہہ بہی مہارت زبان عربی مین اور محاورہ عرب مین رکہتا ہووی تو از روی انصاف کے غور کری اور دیکہی کہ اوسمین اور ان روایتون مین کتنا فرق زمین آسمان کا ہی تب ظاہر ہو کہ انکی روایتین بازاری ہین یا اوسمین یہ عقل مند دہقانی صاحب لفظ غصب اور لفظ فرج کی نمایش سی جاہلونکو دہوکی سی نفرت دلانا چاہتی ہین نہین جانتی کہ غصب کے کیا معنی ہین کہ ایسی ادعصبیت و بیشرمی دیتی ہین انکو یہہ بہی نہین معلوم کہ یہ کس کس محل مین محاورہ عرب مین مستعمل ہے عند اللہ کوئی شخص قاموس منتہی الارب وغیرہ کتب لغت دیکہی قرآن کو دیکہی تب حقیقت حال اور سفسطہ بازی اور غلط اندازی ان بزرگوارونکی نمایان ہووے واضح ہو کہ منتہی الارب وغیرہ مین ہے

لفظ غصب

ہی الغصب اخذ الشی ظلما غصبه منه وعلیه یعنی غصب بستم ستادہ شود غصبه غصباً بستم گرفت آنرا غصب فلانا غلبه و جبرگی کرد برو آور ستم کی معنی برہان قاطع وغیرہ کتب لغت مین صاف موجود ہین ستم بکسر اول بر وزن شکم معروف است کہ تعدی و آزار باشد و بمعنی دیدہ و دانستہ نیز گفتہ و بعربی عمداً خوانند اب بیل عقیل سلیم الطبع غور سی دیکھی کہ اگر یہہ قول فی الواقع قول امام ہہی ہی تو کیا تعجب ہے انکی ہانکی خود خاص روایتو نسی صغر سن جناب صاحبزادی کا ہویدا ہی چنانچہ بتعداد چار برس تک کی ظاہر او رخلیفہ ثانی نو صد سالہ پیر کی شیخ فانی اور عذر و اعتلال جناب امیرؑ کا بصغر سن اور فرمانا کہ اوسکی رضامندی پوچہتا ہون تو ہر شخص جانسکتا ہی کہ ایسی صغیرہ کی رضامندی ضرور نہین تہی مگر اظہار یا اعتلال کہ نفس الامر مین یہہ بہی اسوہ ہی با جناب رسول ایزد متعال کہ بموجب بصرحہ مشکوۃ وصاحب مدارج مصرحہ صدر تعلل آنحضرتؐ اسی طرح ہویدا ہی اور علاوہ اسکی ظاہر کرنا کہ مینی وسطی اولاد جعفر اپنی بہائی کی کہ کفو قریب تہی حبس کیا ہی یعنی نام زد کیا ہی مکرر ہویدا ہی یعنے جیسے یہان منگنی کہا جاتی اور اسیر دیدہ و دانستہ عمداً اصرار کے خلافت پناہ کا اور نہ قبول کرنا عذر ہای معقول کا بلکہ الجاء یعنی مضطر کرنا جناب امیرؑ کو او ناراضی اونکی او ناراضی انکی صاحبزادی کی خود انکی اسناد متعصب مقتدا اون مثل ابن حجر وغیرہ کی تحریرات موثقہ مرقومہ بصدر صاف الگ ظاہر ہی اور یہانتک ناراضی کہ طمانچہ اوٹہانا صاحبزادی کا مصرحہ شرح خصاف و شیخ شہاب الدین سی از بس ہویدا یہہ جبر و تعدی اور ستم دیدہ و دانستہ عمداً جبر کے ین تو کیا ہی کہ یہی معنی ہین غصب کے جو کہ بتصریح مصرحہ اہل لغت ظاہر ہی نہین معلوم کہ باایہمہ فضیحت ازراہ عصبیت و نا... پہر کلمہ عصبت سی تعجب ظاہر کرنا اور غیظ و غضب کو کام فرمانا یعنی چہ مگر ایسی غضب الہی مین گرفتار ہونا کہتی ہین اللہم احفظنا یہ غریب اتنا ہہی نہین جانتی کہ اگر کوئی جابر کسی شخص کو طلاق دینی پر اوسکی زوجہ کی جبر کے کری یعنی زبردستی طلاق دلوا... تو عرف مین کہتی ہین غصبت زوجتہ اور باوصف اسکی اگر خود وہ جابر اوس عورت سی نکاح کری تو خود انکی امام ابو حنیفہ کو فیکی ہان زنا متحقق نہین یعنے وہ جابر زانی نہین ہے چنانچہ تمام کتب فقہیہ اور فتادی انکی شاہد ہین توجبکہ نکح بظاہر منظہر اسلام اور متمسک اور متعمل بشرایع رسول انام بحسب ظاہر ہو تو خدانخواستہ اطلاق لفظ غصب سوائے اجبر کشی اور نارضامندی قلبی الیا ن زن کی کوئی خدشہ وقوع حرمت زنا اور نامشروعیت نکاح کا نہین جسکی لزوم کا دہو کا بعض عزیزان نامحرم باتمیز کے بہی واسطی تنفیر عوام کے ازراہ تسویل و تدلیس کے اس لفظ سی دیگئی ہین اور یہ ناصح بہی صنعت کاریکو کام فرماتی ہین کلام بازار ظاہر کرتی ہین تو صورت تسلیم یقین صدور کلام مذکور زبان امامؑ سی بہی صرف یہ ظاہر ہی کہ یہ نکاح اول نکاح ہی کہ خاندان عالیہ مین بغیر طیب خاطر اولیا بطریق اکراہ و اضطرار بنا بر مصلحت رفع فساد وغیرہ مکارہ و مفاسد نظر بمصالح دین واقع ہوا سو بسبب وقوع اوسکی اسطرح تعبیر اوسکی بلفظ غصب بموجب محاورہ وعرف کی واقع ہی اور تجویز تزویج لڑکی عقلاً او نقلاً معیوب و ممنوع نہین نہ اس محجوبیت مین قدح نبوت مین یا وصایت مین یا مخالفت ساتہہ لقب غالب کل غالب کے کیونکہ انبیا و اوصیا نظر بر مصالح دین اور اتمام حجت کی جو منصب ہے انکے ہین او ماحی فتنہ و فساد حتی الوسع رہتی ہین اور یہانتک ظاہری کہنچے ہین اسپر مقام محمود اور نعمای رضا و منزلت کی موعود ہین اور اہل ایمان اسکی توفیق کی تقاضے سی دعا کرتی ہین کہ کلام الہی شاہد اسکا ہی اور جو اتمام انکو مصالح دینی مین فائق تر اتمام مصالح نفوس سے ہی وہ دوسرے بشر سی نہین ہوسکتا ہی اسمین غالب آنا نفس پر ہی اور جہاد نفس فوق رتبہ جہاد جسمی و لسانی ہی نفس سرکش پر غالب آنا

درحقیقت مستحقان کامل کہنا ہی اطلاق ومصداق لقب غالب کل غالب کا کیونکہ نفس الامر مین نفسانیت بہی ایک
بڑی غالب شی ہی اشیا مین تو درحقیقت اگر اس پر غلبہ ہو تو ہرگز انسان غالب کل غالب نہین کہا جا سکتا کیونکہ یہ
بہی ایک شی فرد غالب ہی اور اسپر غلبہ مخالفت ہی اسکی کہ وہ بغیر رنج وتعب اور جبر کشی اور ظلم وستم سہنے انواع واقسام
اور سہنے بہتک ہای ظاہر کے اور صبر وتحمل وغیرہ کے بطریق کمال ہرگز حاصل نہین ہوتا کیونکہ یہہ نہین جاہتا اور نہین صدق
رسول اللہ کہ بہتر ترین جہاد جہاد نفس ہے کیمیای سعادت مین امام سنیان احمد غزالی رکن سیوم مین لکہتا ہی ہمہ علاج ہا با مخالفت
شہوت آید چنانچہ حقتعالی ہمی گوید ونہی النفس عن الہوی فان الجنۃ ہی الماوی رسول خدا صحابی کہ از غزوہ باز آمدندی گفتی از
جہاد کہین با جہاد مہین آمدیم گفتند آن چیست گفت آن جہاد نفس گفت رنج خود از نفس خود باز دارد وہوای وی بوی مدہ
الی آخر ما قال چنانچہ قصہ حضرت لوط پیغمبر کا دیکہنے سے انسان کے رونگٹی کہڑی ہوتے ہین کہ قریب کچہ مختصر انظر بر تناسب محل
بیان ہوتا ہی بالجملہ یا دربی کہ رفع مفسدہ اور صیانت نفوس اہم مراتب اور اہم مصالح دینیات سی ہی اور انبیا واوصیا
کو اپنی نفسونسی زیادہ اہتمام مصالح دین مین ہوتا ہی اہل ایمان کامل نظر بر صیانت عن الفسا وتضرع اور دعا جناب باریمین اسکی لئی
کرتی رہی ہین اور اپنی اوپر جبر سہتی ہین لیکن ماجی فساد رہتی ہین عامی طبع علی الخصوص وہ قین سفاہت آمین ان ذاق و
آمین کو کیا جانین اور سمجہین اس صاحب شرم وحیا کو خبر نہین کہ فاضل نیشاپور خود اسکی ہان تفسیر سورہ یونس مین ذیل آیہ فقالوا
علی اللہ توکلنا ربنا لا تجعلنا فتنۃ للقوم الظالمین ونجنا برحمتک من القوم الکافرین مین لکہتا ہی لما قدموا التضرع الی اللہ
فی ان یصونہم عن الفساد واتبعوہ سوال العصمۃ عن انفسہم فقالوا ونجنا الایہ دفی ذلک دلیل علی ان عنایتہم بمصالح الدین
فوق اہتمامہم بمصالح انفسہم وہکذا یجب ان یکون عقیدۃ کل مسلم حاصل مضمون آیہ وانی ہدایہ یہ ہی کہ کہا انہون نی کہ توکل
کی ہمنی اوپر خدا کی ای پروردگار ہمارے مت کر ہمکو تو فتنہ واسطی قوم ظالمونکی اور نجات دی تو ہمکو ساتہہ رحمت اپنی کی قوم
سی کافرونکی اور خلاصہ مضمون فاضل مذکور یہ ہی کہ ہرگاہ پیش کی اونہون نی تضرع طرف خدا کی بیچ اس بات کی کہ نگاہ
رکہی اونہین فساد سی اور درخواست کی سوال عصمت کی نفسون اپنی سی یعنی عصمت چاہی اپنی نفسون کی لئی وقوع شر
فساد سی تو کہا اونہون نجنا تا آخر اور یہ دلیل ہی اسبات پر کہ عنایت اور توجہہ اونکی مصالح دین مین زیادہ تر اپنی نفسون
کی مصالح کی اہتمام سی ہی اور یہی واجب ہی کہ عقیدہ ہر مسلمان کا ہووے ناصح صاحب نی ادعیہ طاہرہ ائمہ اطہار اور طریقہ مناجات
کبہی کاہیکو دیکہی ہونگی لیکن چونکہ عبا یتہای آیندہ مین اسم مبارک صحیفہ کاملہ باقرار وحوالہ زبور آل محمد وہ لکہتے مین اسلئی
حقیر اوسی مین کی چند فقرات واسطی صفر اشکنی ناصح جیو کی لکہدیتا ہی کہ حقیقت حال ائمہ ہدی خلفای رسول مجتبی کی مطابق
ارشاد آیہ مذکور غور کرین اور شرما دین یہان معنی کہلتی ہین علی مع القرآن والقرآن مع علی کی اور اسوۃ بہ انبیا کی یہ عبارت
یہی مقام حاجت کی کہ ہمیشہ پروردگار سی اسطرح مناجات کرتی تہی وارزقنی التحفظ والاحتراس من الزلل فی الدنیا والآخرۃ
فی حال الرضا والغضب حتی اکون بما یرد علی منہما بمنزلۃ سواء عاملا بطاعتک موثرا لرضاک علی ما سواہما فی الاولیاء والاعداء
حتی یامن عدوی من ظلمی وجوری وییاس ولیی من میلی وانحطاط ہوائی واجعلنی ممن یدعوک مخلصا فی الرخاء دعاء المخلصین
المضطرین لک فی الدعاء وانک حمید مجید یعنی روزی کر تو مجہکو حفظ اور محافظت لغزشونسے بیچ دنیا اور آخرت کی بیچ حال

حال خوشنودی اور غصہ کی یہانتلک کہ ہو وینمین ساتہہ اوس چیز کے کہ وارد ہو اوپر میرے خوشنودی اور غصہ سی ساتہہ ہیستر کی کہ برابر ہو یعنی دونو حالتین مساوی ہون درانحالیکہ عمل کرنیوالا ہونمین بیچ طاعت تیری کی اختیار کرنیوالا واسطی خوشنودی تیری کی اوپراوس چیز کی کہ سوا اونکی ہی بیچ دوستونکی اور دشمنونکی یہانتلک کہ امن مین رہے دشمن میرا میری ستم سی اور میرے جور سی اور ناامید ہووے دوست میرا میری طرفداری کرنیسی اور ترقی خواہش میرے سی اور گردان تو مجہکو اوس شخص سے کہ پکاری تجہکو از روے اخلاص کے بیچ حالت سستی اور آرام کی پکارنا مخلصین کا ایسی مخلصین جو بیچارہ اور بیقرار ہین واسطی تیری بیچ دعا کی تحقیق تو تعریف کیا گیا اور بزرگ ہی اور علاوہ اسکی اس دعای مذکورہ مین ہی کہ باوجود ظلم کہینچنے کی ظالمونسی بارگاہ الٰہی مین یون دعا کرتی تہی اعصمنی من مثل افعالہ و لاتجعلنی فی مثل حالہ اللہم کما کرمت الی ان اظلم فقنی من ان اظلم یعنی نگاہ رکہہ تو مجہکو اس بات سی کہ ظلم کردینین اور علی ہذا القیاس دعائین ہین کہ دشمنونکی اور ظالمونکی باب مین ایسی مضمونونکی انکی دعائین تہین بلکہ حالت مرض مین عین شدت بیماری مین جو انکی دعائین ہین اونکی دیکہنی سی واضح ہوتا ہی کہ انکا حال شکر گذاری کا اور صبر و رضا کا جو کہ صحت مین ہی وہ ہی بیماری مین چنانچہ اوسی کتاب مین دعا ہی اذا مرض او نزل بہ کرب او بلیۃ اللہم لک الحمد علی ما احدثت بی من علۃ فی جسدی فما ادری یا الٰہی ای الحالین احق بالشکر لک وای الوقتین اولی بالحمد لک اوقت الصحۃ التی ہنأتنی فیہا طیبات رزقک و نشطتنی بہا لابتغاء مرضاتک و فضلک و قویتنی معہا علی ما وفقتنی لہ من طاعتک ام وقت العلۃ التی محصتنی بہا والنعم التی اتحفتنی بہا تخفیفا لما ثقل بہ الخ یعنے واسطے تیرے ہی شکر ہی اوپر اوس چیز کے کہ پیدا کیا تو نی مجہہ مین مرض سے بیچ بدن میرے کے پس نہین جانتا ہونمین ای پروردگار میری کہ کونسی ایک دونو حالتونمین سی زیادہ تر حق رکہتی ہے ساتہہ شکر کے واسطی تیری اور کونسا ایک دونو وقتونمین سے سزاوار تر ہی ساتہہ حمد کی واسطی تیری آیا وقت صحت کا وہ وقت صحت کا کہ گوارا کیا تو نی میری لئی بیچ اوسکی پاکیزہ رزقونکو اور خوشی بخشی ہی تو نی مجہکو بسبب اوسکی واسطی خوشنودی خواہش اپنی کی اور فضل اپنی کی اور قوت دی ہی تو نی مجہکو ساتہہ اوسکی اوپر اوس چیز کے کہ توفیق دی تہی تو نی مجہکو واسطی اوسکی تا بعداری اپنی سی یا زیادہ تر سزاوار شکر ہی وقت مرض کا وہ مرض کہ خالص کیا تو نی مجہکو اور آزمایش کی تو نی میری بسبب اوسکی اور وقت اون نعمتونکا کہ تحفہ بہیجا تو نی واسطی میری اونکو واسطی ہلکا کرنی میرے اون چیزونکی کہ بوجہہ ہو گیا بسبب اونکی اوپر پیٹہ میری کی ناصح صاحب نے کتب تاریخ و تفاسیر مین حال اصحاب الاخدود بہی کبہی نہین سنا کہ خبردار ہوتی دیکہین حال ذو نواس کہ اوس شقی نی راہب جب کو سامنی نوجوان صاحب ایمان کی جان سی مار ڈالا اور اوسکو سولی پر بہی چڑہایا آگ سی بہی جلانا چاہا غرض کس کس طرح اذیت دینی چاہتی یہانتک کہ تیر آویز کیا اور تاثیر دعا اسقدر رکہتا تہا کہ جب دعا کرتا اصلا ضرر نہ پہونچتا اور جسکی لئی دعا کرتا فوراً تیر ہدف تہا لیکن اپنی دشمن ہونیکو خود بتلادیا کہ تیر و تلوار تمہاری مجہہ پر اصلا اثر پذیر نہونگی اگر تم یہ کہکر تیر مارو کہ بسم رب ہذا الغلام اور انجام کو جب اسیطرح بد انجام ہونے تیر مارا تب جان بحق ہوا اور آل و انجام اذیت کشی اور ماری جانیکا اس خرابی و خستگی سی یہہ تہا کہ بہتیری لوگ بسبب ظہور اس امر کی ایمان لای اور ضلالت وضلالت سی کفر کی چہوٹی کہ یہہ قصص تفاسیر و روضۃ الصفا وغیرہ تمام کتب تاریخ مین فریقین کے ہان موجود ہین علاوہ اسکے

حال حضرت لوطؑ کا صاف ظاہر ہی کہ نظر بر حفاظت عرض ناموس مہمانونکی شر تعرض کفار سی کہ اکرام اونکا ادر ضیافت
اونکی دینیات سی تہی اپنی بیٹیونکو کفار پر عرض کیا فاضل بیناکوری تفسیر آیہ ہولاء بناتی ہن اطہر لکم الآیہ مین لکہتا ہی
معناہ ان لوطا کان قد عرف عادتہم ذلک فاراد ان یقی اضیافہ ببناتہ فقال ہولاء بناتی الآیہ خلاصہ مضمون آیہ یہہ
ہی کہ تحقیق پیغمبر جانتی تہی عادت اون کافرونکی عمل لواطہ کی قبل اسکی پس ارادہ کیا لوطؑ نی کہ نگاہ رکہی اپنی مہمانونکو
ساتہہ بیٹیون اپنی کے پس کہا ہولاء بناتی الآیہ بلکہ سورہ حجر مین اسی باب مین باین الفاظ ہی جسکا قرآن مرتبہ عثمانی گواہ
ہی کہ حقتعالی زبانی حضرت لوط کی فرماتا ہی کہ یون بہی کہا کہ قال ہولاء بناتی ان کنتم فاعلین یعنی کہا لوط نی کہ یہ مین
بیٹیان میری اگر ہو تم کرنیوالی ناصح صاحب اور احزاب اونکی شرم کرین اور بتلاوین کہ یہ مضمون بہی معاذ اللہ شیوخ کتب اربعہ
نی قرآن مین داخل کردئی ہین اور دیکہین اس مضمونکو اور متنبہ ہو وین تفاسیر مین قصہ حضرت لوط نبی کا اور نزول قہر
الہی کا فران نعمت نبوت پران نصیحت کارنی کا ہیکو دیکہا یا سُنا ہوگا انکی پیرجیونی پہلی ہی اوسکی دیکہنی کو منع فرمایا ہو
کیونکہ وہان بالتصریح تمام مخالفت کاران حکم رسول کردگار کو کہ بی بی عجوا یہی کیون نہو مورد قہر ذوالجلال قہار اور
مستحق جحیم و نار کالشمس فی وسط النہار روشن و آشکار ہوتی ہین جسکا کہ اخفا انکو بہت اہم مقصود اسی بی و اسطی سیاست
کی لعن اور پیر و مرشدبات اپنی مقتدا اون کی سو حقیر مطابق مصرحہ تفاسیر فریقین حرزا للطوالت بطریق اختصار و اسطی
بیداری انکی خواب غفلت سی نظر بر ہدایت صغار و کبار اس مقام مین کہ محل ضرور اوسکا ہی منکشف کرتا ہی واضح ہو کہ جب قوم
حضرت لوط کی نافرمانیکا اور عمل بد انکا کہ از بس ہو رہی انتہائی غایت کو پونہچا تو پروردگار عالم نی جبرئیل اور میکائیل اور
اسرافیل علیہم السلام کو کئی اور فرشتون سمیت نہایت خوبصورت گبرو جوانون کی شکل مین واسطی ہلاک بدکرداروں کے
بہیجا حتی کہ یہ فرشتے حضرت لوطؑ کی پاس پونہچی جہان وہ کہیتی کرتی تہی اور حکم خدا کا یہ تہا کہ جب لوط تین مرتبہ اپنی قوم کے
بدی کی گواہی دیوی تب اوس قوم کو ہلاک کرنا جب حضرت لوط اپنی گہر آئی تو فرشتے بہی انکی ساتہہ آنی لگی حضرت لوطؑ
نی کہا کہ تم اس شہر مین کہان جاتی ہو اس شہر کی لوگ بہت برے ہین غرض اسیطرح تین مرتبہ کہا تب جبرئیل نی ساتہہ والے
فرشتونکو گواہ کیا اور حضرت لوط اون فرشتون کو واسطی مہمانی کے اپنی گہر مین لائے اور اپنی قوم سی چہپا کر رکہا کیونکہ یہہ
لڑکونکی شکل تہی اور قوم بچہ باز سو حضرت لوط کی بی بی نی قوم سی جا کر کہدیا کہ آج لوط کی گہر مین بہت خوبصورت لڑکی آئی
ہین وہ لوگ حضرت لوطؑ کی دروازہ پر آئی اور غل مچانی لگی کہ یہ مہمان جو تیری گہر مین آئی ہین ہماری حوالہ کردی چنانچہ
خبر دیتا ہی اس قصہ کی مضمون آیہ ولما جاءت رسلنا لوطا سیئ بہم وضاق بہم ذرعا وقال ہذا یوم عصیب وجاءہ قومہ
یہرعون الیہ ومن قبل کانوا یعملون السیئات یعنی جب آئی فرشتے بہیجی ہوئے ہمارے لوطؑ پاس ناخوش ہوا لوطؑ بسبب آنی
اونکی کی اور تنگ ہوا لوطؑ بسبب اونکی دلمین اور کہا لوطؑ نی یہ دن سخت ہی اور آئی اوس پاس قوم اوسکی دوڑتے ہوئی طرف
اوسکی اور پہلی اسکی لوگ قوم لوطؑ کی کرتی تہی کار ہائے بد کو الغرض جب قوم نی اون مہمانونکو طلب کیا اور بہت تنگ کیا لوطؑ کو
تو حضرت لوط نی جواب مین کہا کہ ای قوم تم میری بیٹیان لیلو لیکن مہمانونکی مقدمہ مین مجہی رسوا نکرو اور بیٹیان میری بہت
پاکیزہ ہین واسطی تمہارے او سوقت اون کم بختون نے صاف بی حیائی سی کہا کہ تو جانتا ہی ہمین عورتون سی کچہہ سروکار نہین

اور اوسوقت بہت زیادہ بی کرنی لگی اوسوقت حضرت لوط نی کہا کہ کاشکی تمہاری لئی واسطی میری قوت ہوتی یا جگہ مکرتا
مین طرف قلعہ مستحکم کے اوسوقت حضرت جبرئیل نے یہ حال دیکھکر حضرت لوط سی ظاہر کردیا کہ تم شوق سی دروازہ کہولدو ہم
فرشتی ہین یہ کچہہ تمہین ایذا نہ دے سکین گے ہم انکی ہلاک کرنیکو آئی ہین غرض جب قوم اندر گہسی تو حضرت جبرئیل نے پر مارا
کہ سب اندہی ہوگئی اور بہاگی اور حضرت لوط اوڑی جنگل کو کہ ایسا نہو کہ یہان صبح کو مجھی ایذا دیوین جبرئیل نے کہا کہ یہ صبح کو
ہلاک ہونگی اور حکم ہوا کہ تم کچہہ رات رہی اپنی لوگون تابعونکو لیکر نکل جاؤ اور کوئی پہر کرنہ دیکہنا تو قوم پانچ شہر کے رہنی
والی تہی جنکا نام سدون اور عامورا اور داد وان اور صبوانیم اور سعد تہا چنانچہ سعد کے لوگ مومن اور تابع تہی غرض حضرت
لوط جب نکلی تو کسینے پہر کرنہ دیکہا لیکن انکی بی بی نے کہ وہ کافرہ تہی جسنے خیانت کی کہ بہید کہدیا پہر کردیکہا کہ پتہر برس رہی
ہین اور کہا کہ ہای قوم سو اوسپر بہی ایک پتہر آیا کہ ہلاک ہوگئی چنانچہ خبر دیتا ہی اس قصہ کے اور اشارہ کرتا ہی مضمون
آیہ قال یا قوم ہؤلاء بناتی ہن اطہر لکم الایہ عقیل فہیم اس مقام سی بہت فواید اور ظہور سنت واقتداء رسول امین و نفس رسول یعنی
جناب مولا مومنین کی ساتہہ انبیای سلف کی غور کر سکتا ہی کہ تفصیل تام مرتب کی تو اس جگہ موجب تطویل و بی محل ہی مگر مختصراً
اتنا جاننا چاہیئی کہ مثلا بہتیری نواصب عوام کی بہکانیکو کہا کرتی ہین کہ پیغمبرؐ کی بی بی کا حال تو یہان ظاہر ہو گیا اور ذکر
جہنمی ہونی بی بی نوحکا اور انہین بی بی کا یہہ سورہ تحریم مین خاص قرآن مین موجود ہی کہ ایسی ہی دہوکی باز و نکی لئی پروردگار
عالم نی پہلی ہی ضرب المثل کردیا ہی اور ظاہر فرما دیا ہی کہ فرماتا ہی وضرب اللہ مثلا للذین کفروا امرأۃ نوح وامرأۃ لوط
کانتا تحت عبدین من عبادنا صالحین فخانتاہما فلم یغنیا عنہما من اللہ شیئاً وقیل ادخلا النار مع الداخلین یعنی بیان کی
اللہ نی مثال اون لوگونکی کہ کافر ہوئی بی بی نوحکی اور بی بی لوطؑ کی تہی کہ وہ دونو تہین تحت نکاح دو بندونکی ہمارے
کہ صالح تہی پس خیانت کی اون دونو بیبیون نی اون دونو پیغمبرون کی پس دفع کیا اون دونون پیغمبرون نی اون دونون
بیبیونکو اپنی سی اللہ کیطرف سی کچہہ اور کہا گیا دونون عورتون کو کہ داخل ہو تم دونو آگ مین ساتہہ داخل ہونیوالون
کی آیہ ذرا اس آیت کو خیال مین رکہکر اسی سورہ کی شروع کی آیتین جو کہ خاص دونو مخدومہ یعنی دونون صاحبزادیون شیخین
کی حق مین ہین دیکہنی چاہیئین کہ حق تعالی خود خبر دیتا ہی واذ اسر النبی الی بعض ازواجہ حدیثا فلما نبأت بہ واظہرہ اللہ
علیہ عرف بعضہ واعرض عن بعض فلما نباہا بہ قالت من انباک ہذا قال نبانی العلیم الخبیر ان تتوبا الی اللہ فقد صغت
قلوبکما یعنی جسوقت کہ بات چہپا کہی نبیؐ نی طرف بعضی بیبیون اپنی کی پس جسوقت خبر کی اوسنی اس بات کی اور ظاہر
کیا اسکو اللہ نی اوپر نبیؐ کی کہ جتا دیا ہی بعضی اوس بات کو اور اعراض کیا ہی بعض سے پس جب خبر کی اوس بی بی کو سنا
اوسکی تو کہا اوس بی بی نی کہ کسنی خبر کی تجہی تب کہا نبیؐ نی کہ خبر کی مجہکو صاحب علم خبردار نی اگر توبہ کرو تم دونو
طرف اللہ کی پس تحقیق کج ہو گئی ہین دل تمہارے چنانچہ تفسیر زاہدی مین اہنین کی ہان ہی وان تتوبا شرط بمعنی الامر ای
عایشہ وحفصہ ہر دو توبہ کنید بخداوند تعالی وباز گردید تا خداوند تعالی توبہ پذیرد الی قولہ می خواستند تا رسولؐ را از
مراد رضا خود باز دارند و این نزامی بایست بر مراد رسول رفتن انتہی موضع الحاجۃ اور تفسیر بیضاوی مین ہی وان تتوبا
خطاب لحفصۃ وعایشۃ یعنی ان تتوبا خطاب ہی واسطی حفصہ اور عایشہ کی اور بلکہ ہم کہتی ہین ان تتوبا شرط بمعنی امر

کردگی

نہین کہا جاوی بلکہ ان واسطی نفی کی ہوے یعنی ای حفصہ وعایشہ تم اگر رجوع طرف خدا کی نہین خوف اوس سے کیا تمہاری
قلب کج ہو گئی ہین واضح ہو کہ یہ دو نو بیبیان ہمارے پیغمبر خدا کی عایشہ اور حفصہ ہین صاحبزادیان دو نو شیخو نکی کہ ایک نے
دوسرے پر بہید پیغمبرؐ کا خلاف فرمان و فہمایش ظاہر کر دیا کہ قصہ اسکا مفصل تمام کتب حدیث و تفاسیر و تواریخ حضرات سنت جماعت
مین موجود ہی یہان حرزاً للطولت مختصراً اسی اشارہ پر اکتفا کیا گیا تو مومن باصفا کو حقیقت حال دو نو صاحبزادیونکی
اسی جگہ سی ظاہر ہوتی ہی کہ اوسی سورہ مین خیانت کاری پر مستحق نار ہونا دو پہلی صاحبو نکا بہی پروردگار عالم نی بیان
کیا تو سراسر کور باطنی ہی اوس شخص کی کہ نکاح مومنہ سی کافر و منافق کو مومن دایمی خیال کری یا نبی اور مومنین کے
نکاح سی غیر مومنہ کو مومنہ دایمی تصور کری اور دہوکا دی مضمون آیہ الخبیثات للخبیثین والخبیثون للخبیثات والطیبات للطیبین
والطیبون للطیبات سی اور حال امرأۃ نوح اور امرأۃ لوط اور آسیہ بنت مزاحم زن فرعون کو کہ پروردگار عالم جنکا حال خود اپنی
کتاب مین بیان فرماتا ہی پس پشت رکہی چنانچہ اسی سورہ مین ہی وضرب اللہ مثلا للذین آمنوا امرأۃ فرعون اذ قالت رب
ابن لی عندک بیتا فی الجنۃ ونجنی من فرعون وعملہ ونجنی من القوم الظالمین یعنی اور بیان کی اللہ نی مثال واسطی ادن
لوگون کے کہ ایمان لائی ہی بی بی فرعون کی جسوقت کہا اوسنی ای پروردگار میرے بنا تو واسطی میری نزدیک اپنی گہر بیچ بہشت کے
اور نجات دی تو مجہکو فرعون سی اور عمل اوسکی سی اور نجات دی تو مجہکو اوس قوم سی کہ ظالم ہین تو صاف واضح ہی کہ خبیثات
سی کافرہ عورتین اور خبیثون سی کافر مرداد لیئی طیبات اور طیبین سے مومنہ و مومن عورت اور مرد مراد لینی اور یہ بات ظاہر
کرنی کہ مرد مومن ہو تو جورو بہی مومنہ ہو اور جورو کافرہ ہو تو معاذ اللہ مرد بہی کافر ہو محض خباثت و خباثت ہی اور جہالت
ہی کلام الہی کا حقیقت مین آیہ الخبیثات للخبیثین الایہ کہ حضرات نواصب کی نزدیک بہی مقام افک مین نازل ہی صاف یہ معنی
ظاہر ہین کہ یہان مراد طیبات سی کلمات نیک اور خبیثات سی کلمات بہتان کی ہین اور خبیثون اور طیبون سی مراد وہ لوگ
ہین جو کہ بری یا اچہی ہین یعنی جو بری لوگ ہین وہ بری اور جہوٹی باتین کہتی ہین اور جو اچہی لوگ ہین وہ اچہی نیک باتین
کہتی ہین یعنی معاذ اللہ پیغمبر کی بی بی پر کوئی شخص قدرت زنا کی نہین پا سکا وہ ہرگز مرتکب اوس بدکاری کی نہین ہوئین
جو کہ منافقین کم بخت جہک مارتی تہی یا انتہای مرتبہ یہہ معنی لئی جاوین کہ زنا کار کہ خبیث بد کام ہی سو بدکار زانیہ عورت
تو خبیثات سی مراد ہون اور طیبات خلاف اسکی یعنی غیر زانیہ تو مآل و مراد یہ ہی کہ زانیہ بدکار عورتین واسطی زانی بدکار مرد ونکی
ہین اور اسیطرح بر عکس اسکی تو غرض و مرام وہی ہی کہ پیغمبرؐ کی بی بی زانیہ نہین کوئی زنا اوس سے نہین کر سکتا اور یہہ بہی حقیقت
فضیلت و عظمت پیغمبرؐ کی دلیل ہی کہ بی بی پر پیغمبرؐ کے کوئی قادر نہین ہو سکتا وہ زانیہ نہین ہو سکتی نہ کفر و ایمان کیونکہ
اگر یہ مراد نہ لیجاوے تو صاف جہٹلانا ہی مضمون آیہ ضرب اللہ مثلا للذین کفروا امرأۃ نوح الایہ اور ضرب اللہ مثلا للذین
امنوا امرأۃ فرعون الآیہ کو نعوذ باللہ من ہذہ الوساوس و خطوات الشیطان قولہ تعالی ومن یتبع خطوات الشیطان فانہ
یامر بالفحشاء والمنکر یعقل کی دشمن نہین دیکہتی قرآنمین حال امرأۃ نوح و لوط و فرعون الحق مرشد عادل انکی تو کلام رسول
منان کو معاذ اللہ ہذیان بتلا کی حسبنا کتاب اللہ کہتی تہی یہہ رد کلام خالق انس و جان کر کی حسبنا خطوات الشیطان فرماو نگی
یہ عقل سند عقصہ فرزند نوح پیغمبر بہی نہین دیکہتی کہ بہلا بی بی تو طلاق نہ دینی تک بی بی بہی کہلاتی ہی نہین تو صرف ایک

اور ابطال بیان الخبیثات للخبیثین والطیبات للطیبین

بلکہ کلمہ سی دوسری کی بی بی ہو سکتی ہی چنانچہ زید بن ارقم سی خود صحیح مسلم مین انہین حضرات کی ہان درباب تحقیق اہلبیت
طاہرہ تصریح مین بیچ عدم دخول ازواج کی اہل بیت طاہرہ مین مصرح ہی سو فرزند صلبی نطفہ پیغمبر کا تو نافرمانی سی لیس ہین بلکہ
مبتلا یا جسکا کہ خود قرآن گواہ ہی تو بی بی غریب کا درصورت عصیان و نافرمانی خدا و رسول کیا حال پوچھنا اور نافرمانیان
بھی وہ کچھ کہ زندگی پیغمبر خدا مین وہ حال کہ خدا تعالی خود آیہ مذکورہ سی خبر دیتا ہی اور بعد وفات وہ حال کہ مخالفت رسول و
نفس رسول اور محاربت با نفس رسول باوصف ممانعت اور تاکید رسول مقبول طشت از بام افتادہ ہی کہ بالاتفاق کتب
فریقین ان قصونسی بہری پڑی ہین تفصیل ان باتونکی اس جگہ موجب تطویل ہی یہان مختصراً اتنی یاد دہی بس ہی کہ اگر
حضرات نوصب حیات زمان رسول مقبول مین عذر توبہ بہی بیان کرین تو حرب مابعد کی لئی جو بکرات ومرات ممانعت اور یہ
تخویف اور نصیحت فرمادی تہی اور ایک مانی کیا بہانہ لا سکتی ہین ناصح صاحب کو وہ نصیحت پیغمبر خدا بہی یاد دہی جو بموجب حدیث ام سلمہ
ام المومنین کے ہی کہ خاص جناب مجتہدہ کو بتاکید درباب سگان حواب فرمائی تہی محقق دہلوی صاحب مدارج وغیرہ تمام محدثین
مورخ لکہتی ہین کہ جسپر بعد وفات پیغمبر خوب عمل کیا الحق؎ آب زمزم و کوثر سفید نتوان کرد گلیم بخت کسی کہ بافتند سیاہ نیک
بخت اپنی طبیعت سی لاچار تہین مثل جناب شیخ فانی انکو بہی پیغمبر پر بدگمانی معاذ اللہ اکثر رہتی تہی جذب القلوب مین انکی حرکت کو
بڑی انصاف سی دیکہی تو معلوم ہو صاف لکہا ہی صحیح مسلم سی کہ راویہ بہی خود بہی اماں صاحب ہین درصحیح مسلم از عائشہ صدیقہ روایت
می آرد کہ شبی آنحضرت درخانہ تشریف میداشت چون وقت آخر شب شد بجانب بقیع رفت و بر اہل آن سلام کرد و برایشان
مغفرت میخواست ومیگفت السلام علیکم دار قوم مومنین الخ و در روایت دیگر آوردہ کہ آنحضرت از خانہ برآمد من نیز از عقب وی
برآمدم از جہت غیرت آنکہ مبادا بخانہ یکی از نساء خود درآید آنحضرت در بقیع رسید و بسیار بایستاد و سہ بار دستہای مبارک
برداشت دعا کرد وہم بسرعت باز گشت من نیز مسارعت کردم و پیش از رسیدن بخانہ درآمدم و بخفتم چون اثر اضطراب من مشاہدہ
کرد فرمود یا عائشہ چہ حال دار و چہ شد ترا کہ مضطرب مینمائی صورت حال عرض کردم فرمود کہ آن سیاہی پیش خود دیدہ بودم
تو بودی گفتم نعم یا رسول اللہ پس دستی بسینہ من زد یعنی بدرشتی بر سینہ من زد و فرمود تو گمان بردی کہ خدا و رسول بر تو حیف کنند گفتم
یا رسول اللہ از خدا چیزی پوشیدہ نیست چنین است کہ میفرمائی ولیکن چکنم کہ مرا جبلت بشری برین داشت انتہی موضع الحاجۃ تنبیہ
دیکہی گا منصف سلیم الطبع کہ کیا حقیقت اس مقام سی بہی جناب مصنوعۃ القلب کی ہویدا ہی ذرا جو کتب احادیث و تاریخ انکی
دیکہی جاوے تو صدہا اس قسم کی باتین ادن بزرگ کی ہین حتی کہ ماریہ قبطیہ رض پر افک و بہتان ان طیبہ صاحبہ نی کیا تہا کہ کتب تاریخ
پکارتی ہین علاوہ اسکی تابوت جناب امام حسن مجتبی شبیہ جگر گوشہ مصطفوی پر تیر زنی مین شریک ہوئین کہ روضۃ الصفا
وغیرہ کتب تاریخ مین حضرات کی ہان خود مصرح ہی کونسا مکر و حیلہ کر سکتی ہین مگر یہ کہ غافل ہون مضمون آیہ مکروا ومکر اللہ واللہ
خیر الماکرین سے بالجملہ ہاتہ پاؤن بیچارہ نی حضرات کی ایسی مہات فاسدہ کی لئی محض لغو بی ثبات اور خیانت کاری ہی بات یہ ہی کہ
یہ مقام عبرت ہی خوف خدا چاہیئے بجز یاد آوری مضمون آیہ من یضلل اللہ فما لہ من ہاد کوئی چارہ اور جواب نہین ہو سکتا ہی
حضرات نوصب عبث تکلیف سوال و جواب کی اس باب مین اوٹہاتی ہین اور زیادہ فضیحت کہلواتی ہین انکی نسبت تو خود انکی مجتہدہ
قدوۃ نے صاف اقراری جواب لاجوابی دیدیا کہ اپنی اگلی پچہلی سب کلان و خورد کی لئی کافی ہو جو کہ ابن عساکر اپنی تاریخ مین لکہتا ہی

Presented by Ziaraat.Com

عن عروہ قال قلت لعایشہ من کان احب الناس الی رسول اللہ صلعم قالت علی ابن ابیطالبؑ قال قلت لہا ای شیٔ کان سبب خروجک
الیہ قالت لم تزوجک ابوک امک قلت ذلک من قدر اللہ قالت وکان ذلک من قدر اللہ یعنی عروہ لکھتا ہی کہ مینی کہا عایشہ
سی کہ کون شخص زیادہ دوست پیارا تہا لوگو مین رسول اللہ کو کہا کہ علی ابن ابیطالبؑ مینی کہا کیا چیز ہوئی سبب خروج تیری کا
طرف علیؑ کی کہا عایشہ نی کہ کیون تزویج کی تیری باپ نی تیری ماں نی کہا مینی کہ قضا و قدر پروردگار عالم سی ہی کہا عایشہ نی تو
یہ بہی یعنی خروج بر مولا امیر المومنینؑ بہی قضا و قدر پروردگار سی تہا سبحان اللہ یہی جواب اسطرح اگر قاتلان و محاربان سبط رسول
خلفای رشیدہ ان اماں صاحب کی باتباع واقتدا انکی اپنی عذر مین پیش کرین تو عین ثبوت واقتدا ہی ان مادر مہربان کی اور کمال
رشادت و خلفیت اونکی اللہم احفظنا و جمیع المومنین مقتدیان جناب خلیفہ زادی عبث اونکی باب مین تکلیف کہنچتے مین صرف
اگر اتنا کہدین کہ یہ حرکت بہی اونکی محض اثر تہا فرمودۂ مخبر صادق کا اور معجزہ انطباق خبر آیندہ کا کہ حدیث ہی جمع بین الصحیحین مین
عن ابن عمر ان رسول اللہ اشار الی نحو مسکن عایشہ ہہنا الفتنۃ من حیث یطلع قرن الشیطان اور ایک روایت اوسمین یون
ہی خرج النبی من بیت عایشہ فقال راس الکفر ہہنا من حیث یطلع قرن الشیطان الحاصل کہ فرمایا پیغمبر خدا نی انکی مسکن اور
گہر کی طرف اشارہ کرکی کہ سر فتنہ اس جگہ سی ہی شاخ شیطان یہانسی برآمد ہوگی اور مودات سید علی ہمدانی شافعی مین ہی کہ خروج
علی علی فہو کافر نو ہیر سست ہم کی تو تو مین مین سی نجات یاوینگی سچ ہی اسیلئی پیغمبر خدا فرماتی تہی کہ یہ نیک بخت سامنی حضرت کے
زمین کا پیوند ہوجاوین چنانچہ محقق دہلوی مدارج مین لکہتا ہی چون گفت عایشہ در ابتدای مرض آنحضرت وارأساہ یعنی افسوس
میرا سر دکہتا ہی فرمود آنحضرت بل انا وارأساہ اگر بمیری تو ای عایشہ پیش از من و من زندہ باشم نماز کنم بر تو و دفن کنم ترا
این سخن گران آمد بر عایشہ انتہی موضع الحاجۃ حقیر ایک مختصر تقریر عام فہم خاص پسند لکہتا ہی کہ صاحب ذہن سلیم اور طبع مستقیم مرتبۂ ان
فضایل نبی کریم افضل الانبیاء صلعم و افراد بہا دیگا واضح ہو کہ بی بی بیحجوابہ اور بانو سے اور ظاہر ہی کہ کیسی زیردست ہوتی ہے
اونکی بیمروی اور سرتابی اور عدم ہدایت پر ظاہر ہی کہ کمال باعث رنج و ملال ہی اور مصیبت سخت و عظیم تو ایسی عظیم مصیبت و بلا
پر صبر بہی کمال مثمر اجر عظیم ہوگا سو ظاہر ہی کہ انبیای سابق مین مثل نوحؑ و لوطؑ بسبب اس رنج سہنے کی فایز اس فضیلت اجر
عظیم کی بہی ہوئے تو اہل عقل و ایمان یون خیال کرسکتی ہین کہ وقوع اس سانحۂ عظمی کا ہمارے پیغمبر افضل پیغمبران زمین و زمان کی لئی
کمال فضیلت المضاعف ہی نسبت ہر ایک اون دونو پیغمبرونکی یعنی اون ہر ایک کو ایک ایک بی بی کی جہت کر رنج و قلق ہوا کہ
یہان المضاعف ہی یعنی ان دو نیک بختونکی لئی جان واحد پر کہ مدارج فضل اجر بہی المضاعف ہول و تیقن الغرض یاد کرنا
چاہیئی حال لوط پیغمبرؑ کا تو پر ظاہر ہی کہ حضرت لوط کفار بیدینون سی نکاح طیب نفس اور رضامندی سی ہرگز نہین کرتی تہی لیکن
واسطی حفاظت مہمانونکی یہانتک جبر سہا صبر کیا اور ترغیب و الحاح سی پیش آئی کہ اہل دنیا ایسی بات سی کیسی شرم کرتی ہین اور بہ
معیوب جانتی ہین اور سوا نفس ہرگز مقتضے اسکی نہین ہوتی خصوص کفار سی پیغمبر ہو کی اگرچہ اون بیدینون نی نہ قبولا لیکن
ظاہر ہی کہ رسول کردگار نی اس جبر عار کو بہی قبول لیا تہا فاضل منشا پوری آیہ مذکور کے تفسیر مین کلام طویل لکہتا ہی جس سے
ظاہر ہی کہ ہمارے پیغمبر خداؐ نی بہی اول اسلام مین عتبہ بن ابی لہب اور ابی العاص بن ربیع کی ساتھ اپنی بیٹیونکا نکاح کیا تہا علاوہ
اسکی کلمہ گوی ظاہری ظاہر مین حکم اہل اسلام کا رکہتا ہی یہ باشرم و حیا ناصح اور انکی پیر و پیغمبر و روایات موجودہ سی اپنی کتب

Presented by Ziaraat.Com

کتب کی بہی شرم نہین کرتی اور عبرت و تنبیہ نہین جنسی مضطر کرنا اور مجبور کرنا بہی وصیِ رسولؐ کو منصب ظاہری اور سریر حکومت
تمام ملک پر مسلط ہونا خلافت پناہ کا بہی اوسوقت اظہر من الشمس ہے بلکہ تصحیح زیادہ اسکی استیعاب وغیرہ اہنین کی کتبونسی قطع نظر
تکرار و تعلل اور اجمالِ اضطرارِ مصرحہ بالا کی صاف یون بہی ہویدا ہی کہ خلافت پناہ نی حضرت عباس عم رسول مقبولؐ کو طلب کیا اور
کہا کہ اگر تم علیؑ کو اس بات پر نہین راضی کرتی تو اوسکی بدلی مین جو کچہہ مجہسی بنی گا اوسنی کرونگا اور منصب سقایۃ حاج و زمزم تمسی
بہی چہین لونگا استیعاب مین تفصیل طویل اسکی ہی جو چاہی دیکہہ سکتا ہی اور حقیقت حال انصراف وجوہِ ناس اور رستنکار لوگونکا
اور شدت اوربیرگی ان خلافت پناہ کی عہدِ خلافت مین بڑی شیخ صاحب کی کہ مضمون حدیث بخاری اور مسلم مرقومۃ الصدر سے
واضح ہوچکی ظاہر ہی کہ ہویدا ہے امور مولای مومنین نہی تو یہ تو خاص عہدِ حکومت جناب انتخاب مآب ہتا سو بعد اس تخویف و ترہیب
تو عدکی اور تیقن فتنہ و فساد کی درحالتِ قلتِ انصار باکراہ و اجبار یہ امر واقع ہوا تو کیا عجب ہی تاریخ خمیس دیار بکری جو کہ کتب
معتمدہ سی ناصح صاحب کے ہانکی ہی اوسمین صاف لکہا ہی کہ جب اکثر لوگ مشرف باسلام ہوئے تو ابو العاص کہ شوہر ہتا زینب بنت
رسولِ خداؐ کا وہ مسلمان نہوا اور آنحضرتؐ نی بسبب مغلوبیت اور ضعف اسلام کی ارادہ فسخ نکاح کا نہ فرمایا یہ ہی خلاصہ کلام مورخ
مذکور کا غرض ناصح صاحب نی مضمون الضرورات تبیح المحذورات بہی کسیسی کتب اصول و فقہ مین نہین سُنا ہی بالجملہ یہان تو نائج
مظہر الاسلام اور مدعی ایمان بہی ہتا اور تبعی وسیلہ اور معہذا امر واضح ہی کہ استبداد و انکار و استنکاف جناب مولای مومنین
کا منشاء باعث فتنہ و فساد و مفسدہ عظیم اور سبب نقصان نفوس و اموال خویش و اقارب و ہوا خواہان و دوستان و محبین باایمان
کیسا کچہہ متیقن ہتا اور بموجب احکام ظاہر شریعت غرا حسب مصرحہ حالت مسطورہ کوئی قباحت ظاہری نہین اور انبیا و اوصیا
ایسی تکلیفات شرعیہ مین صرف علم باطنی سی کاربندی کی مامور نہین کہ کتب تفاسیر و حدیث شاہد ہین چنانچہ ازبس واضح ہی کہ منافقین
امت امورات ظاہر شرع مین سب مسلمانونکا حکم رکہتی تہی تمام احکام اہل اسلام کی اونسی مرعی تہی حتی کہ بموجب تصریحات کتب کثیرہ
خود ناصح صاحب کی بارہ چودہ منافق لیلۃ العقبہ مین پیغمبر خداؐ کو دکہلائی گئی بلکہ آنحضرتؐ کی ساتہہ حذیفہ بن الیمانؓ اور عمار یاسرؓ
کو بہی یہ حال معلوم ہوا اور حذیفہؓ کو نام بنام بتلا دئی کہ تفصیل اوس قصہ کی اس جگہ موجب تطویل ہی دفتر اول روضۃ الاحباب
اور مدارج النبوۃ محقق دہلوی مین ہر شخص فارسی خوان بہی دیکہہ سکتا ہی اور صحیح مسلم اور مواہب الدنیہ وغیرہ کتب معتبرہ تو صب مین وہ
کیفیت اور تماشا اس قسم کا نمایان ہی کہ صاحب مذاقِ سلیم اوسکو بہی دیکہی تو کیفیت حقیقت خاص خلیفہ عادل ناصح صاحب کی
اوسہی واضح لکہتا ہی کہ جناب عدالت مآب حذیفہؓ سی ہمیشہ تازندگی پوچہتی رہی کہ مجہی تو پیغمبر خداؐ نی منافقین مین نہین شمار کیا
اور حذیفہ بسبب رازداری فرمودۂ رسول خداؐ کے نام کسیکا زبان پر لاتی تہی چنانچہ مواہب الدنیہ مین ہی کہ ایک روز پوچہا عمر ابن
الخطاب نی حذیفہ سی کہ ہل ذکرنی رسول اللہ مع المنافقین یعنی آیا ذکر کیا رسول خداؐ نی میرا ساتہہ منافقین کی اور ایک روایت مین یون ہے
کہ انشدک باللہ ہل عدنی رسول اللہ فی المنافقین یعنی قسم دیتا ہون مین تجہکو کہ آیا رسول خداؐ نی شمار کیا تہا منافقین مین مجہکو
غرض صحیح مسلم وغیرہا مین بطریق متعددہ یہہ روایت ہی اور جواب جو حذیفہ رضی دیا قابل تماشا ہی کہ جواب مین کبہی تو یہہ کہا
کہ انت اعلم بنفسک یعنی تو جاننی والا زیادہ تر اپنی نفس کا اور کبہی صرف اتنا ہی کہا کہ مین افشای راز پیغمبر خداؐ نہین کرسکتا ناصح
صاحب ذرا ان رواتیونکو کہ حذرا الطوالۃ مختصراً مختصراً اشارہ اونکا اس جگہ لکہا گیا ہی کتب محولہ مین دیکہکر اپنی گریبان مین

مونہہ ضالین ایسی خلیفہ کی خلافت کا دم بھرتے چھوڑ دین اور اسی جواب حذیفہؓ سی غور کرکی دم بھر فکر کرین کہ کیا ہویدا ہی بر عاقل
و منصف غور کرسکتا ہی کہ چونکہ حذیفہؓ رازدار ان حضرت کی تھی اور مامور تھی تو نام نہ بتلا سکی تعیین نکرسکی لیکن انکار انکی شمار
کرنیکا بھی نہین کیا ورنہ ظاہر ہی انکی نہ شمار کرنیکی اظہار مین مخالفت ارشاد رسول مقبولؐ نہین تھی تو ظاہر ہی کہ یہہ حضرت
بھی معدود تھی نہین تو صاف حذیفہؓ کہتی کہ تمہین نہین شمار کیا علاوہ اسکی حدیث جو محقق دہلوی مدارج مین لکھتا ہی بعد
ملاحظہ اور خیال اس مضمون کی اوسکی دیکھنی سی اور بھی کیفیت اوٹھتی ہے عبارت اوسکی صاف فارسی ہی بعینہا بلا ترجمہ کافی ہی
عمر سوال می کرد از حدیث فتنہ و سوال می کرد از علامات نفاق می گویند یکبار پرسید وی از حذیفہ کہ آیا چیزی می بینی تو از
نفاق در من گفت نمی بینم لیکن شنیدہ ام کہ بر سفرۂ طعام تو الوان میباشد انتہی موضع الحاجۃ علاوہ اسکی واقعات قریب وفات
جناب سرور کائنات مین جو شیخ عبد الحق دہلوی مدارج مین لکھتا ہی حقیقت حال اونکی اوس جگہ بھی عقیل فہیم اور منصف سلیم دریافت
کرسکتا ہی بعینہا عبارت شیخ مذکور لکھی جاتی ہی فرمودہ ایہا الناس ہر کس کہ بر وے حقی بود باید کہ آنرا از گردن خود ادا کند
و نگوید از فضیحت میترسم بدانید و آگاہ باشید کہ فضیحت دنیا آسانتر از فضیحت عاقبت ست پس مردے برخاست و گفت سہ درم از مال غنیمت
خیانت کردہ بودم و بر گردن من ست فرمود چرا خیانت کردہ بودی گفت یا رسول اللہ محتاج بودم فرمود ای فضل از وی بستان
آنگاہ گفت ای گروہ مردم ہر کس کہ در وے صفتے ہست و از ان بدمی برد باید کہ برخیزد تا برای وی دعا کنم مردی برخاست و گفت
یا رسول اللہ من کذاب و فحش گوی بسیار خوابم فرمود بار خدایا وی را صدق روزی کن و خواب از وی ببر تا وقتے کہ بیدار
خواہد مردے دیگر برخاست و گفت یا رسول اللہ من کذاب و منافق ام و ہیچ بدی نیست کہ از من در وجود نیامد عمر ابن الخطاب گفت
کہ ای مرد خود را فضیحت ساختی پیغمبر خداؐ گفت فضیحت دنیا اہون ست از فضیحت آخرت و فرمود بار خدایا وی را صدق و راستی
و ایمان روزی گردان و دل او را از بدی دور دار و بہ نیکی مایل گردان انتہی موضع الحاجۃ ہرچند اسکی بعد شیخ ممدوح بہت
صناعت اور شفاعت خلیفۂ عادل کو کام فرماتی ہین لیکن عقیل فہیم حقیقت فاروقی کو غور کرسکتا ہی کہ پیغمبر خداؐ تو اول خطبہ
مین فرماوین کہ فضیحت دنیا سی کوئی نہ ڈری اور جناب فاروق پھر بھی مظہر نفاق کو ملامت فرماوین الحق سچ فرما گئی ہین
الاناء یترشح بما فیہ اور درست ہی کہ ما اضمر احد شیئا الا وقد ظہر فی فلتات لسانہ چنانچہ علی بن برہان الدین شافعی کتاب انسان العیون مین
بلا آمیغ ایسی صنعت کاری کی صاف لکھتا ہی اس مقام مین انہ قال فی خطبتہ ہذہ ایہا الناس من احس فی نفسہ شیئا فلیقم ادع اللہ
فقام الیہ رجل فقال یا رسول اللہ انی منافق وانی لکذوب وانی لنئوم فقال لہ عمر بن الخطاب ویحک ایہا الرجل لقد ستر
اللہ لو سترت علی نفسک فقال رسول اللہ یا ابن خطاب فضوح الدنیا اہون من فضوح الآخرۃ اللہم ارزقہ صدقا و ایمانا واذہب
عنہ النوم اذا شاء مقام غور کا ہی ایک نکتہ اور بھی خیال کیا چاہئی کہ درہم کی خیانت کا کو بھی عدالت پناہ نی کچہہ نہ فرمایا فحش
کاری ظاہر کرنیوالی کو بھی کچہہ نہ فرمایا مگر کذب و نفاق کی مظہر اور خواستگار دعا پر بی تحاشا غصہ ہوکر بول اوٹھی فافہم و تدبر سبحان اللہ
سبحان اللہ بالجملہ بارہ باجودہ اصحاب تھین سی پیغمبر خداؐ کی منافق تھی لیکن کہانا پینا مخالطت مناکحت صحبت اکل و شرب خاص
پیغمبر خداؐ اور سب مومنین سے ساری مسلمانون کی طرح یعنی بسبب مظہر الاسلام ہونیکی اور بجالانی احکام ظاہری شرایع اسلام کی ظاہر مین
تحت احکام شریعت اسلام تھی جیسی کہ ابن ابی سلول منافق کے نماز آنحضرتؐ نی پڑہی کہ جناب خلیفۂ عادل پیغمبر کا دامن اس حرکت

پر بہی کہینچنی لگی تہی اور آنحضرتؐ پر ایسی بات بہی اعتراض کرتی تہی ابو سفیان کہف المنافقین پدر بزرگوار انکی خلیفہ پنجم کا کہ اکثر
تقسیم غنایم مین خاص پیغمبر خداؐ کو معاذ اللہ ظاہر ہی نا منصف و غیر عادل تک مثل ذو الخویصرہ تمیمی کہہ اوٹہتا تہا چنانچہ ابن عبد البر
لعہ صاحب استیعاب جسکی حق مین لکہتا ہی وطایفۃ تروی انہ کان کہف المنافقین منذ اسلم یعنی وہ پشت پناہ منافقونکا تہا جبسے
اسلام لایا بلکہ یہی حال ناصح صاحب کے انہین خلیفہ عادل کا تہا کہ یہہ بہی ایسی کلمات تقسیم غنایم مین کہہ اوٹہتی تہی کہ حدیث سلیمان بن ربیعہ
قابل تماشا ہی صحیح مسلم مین موجود ہی انہین کی زبانی روایت کرتا ہی قال عمر بن الخطاب قسم رسول اللہ الحدیث لیکن سب پر
حکم اہل اسلام جاری تہا یہ معتقدی صاحب انکی بہی اگر ایسی باب بین باب مدینۃ العلم وصی رسول پر معترض ہون تو کچہہ نئی بات نہین
ادر علاوہ اسکی جب ظاہر ہو چکا ہی کہ انبیا نسبت بیٹیون کی کفار سی کرلی تہی اور مخالطت کرتی ہی تو ایک ایسی بات منظہر الاسلام سے بہی
بحیثیت و حالت اضطرار کذائی مقام قدح و شناعت نہین چنانچہ دفتر اول روضۃ الاحباب مین لکہا ہی صحیح مسلم سی کہ مسلم از طریق عمار
یاسر روایت کردہ کہ گفت حذیفہ مرا خبر داد کہ آنحضرت فرمودہ در میان اصحاب من دوازدہ منافق اند کہ روی بہشت نخواہند دید و بوے
آن نخواہند شمید تا زمانیکہ شتر در سوراخ سوزن در رود و ہشت از ایشان بزحمۃ دبیلہ گرفتار خواہند شد یعنی شعلہ در دلہاے ایشان
ظاہر شود و از سینہ ہاشان سر برزند و ازین جہت اصحاب رسول در شان حذیفہ می گفتند صاحب السر الذی لا یعلمہ غیرہ
دحضرت کا ہی کہ فضایل اصحاب بیان کردی فرمودی اعلمہم بشان المنافقین الحذیفۃ انتہی بموضع الحاجۃ ناصح صاحب ذرا شرم کرین
یہ تو حدیث مسلم سی دیکہا اب حدیث بخاری وغیرہ اپنی صحاح کی اور دیکہین بخاری سی ہی سیجاء من امتی فیؤخذ بہم ذات الشمال فاقول
اصیحابی اصیحابی فیقال انک لا تدری ما احدثوا بعدک فاقول کما قال العبد الصالح وکنت علیہم شہیدا ما دمت فیہم فلما توفیتنی
کنت انت الرقیب علیہم وانت علی کل شیء شہید فیقال انہم لن یزالوا مرتدین علی اعقابہم منذ فارقتہم انتہی الحاصل کہ بہتیری
اصحاب مومنین سی اہل جہنم ہونگی اور پیغمبر خداؐ روز قیامت کو بہتر الشبیب شفقت عام اور لطف ذاتی کی اور رحم دلی کی عرض کرینگی کہ یہ میرے
اصحاب ہین لیکن حکم ہوگا کہ یہ مرتد ہوگئی بعد مفارقت یعنی بعد وفات پیغمبر خداؐ کی اور یہ حدیث مسلم اور بخاری بطریق متعددہ
بتواتر لکہتی ہین علاوہ اسکی حدیث موجودہ سنن ابو داؤد وصحیح موطا عن زید ابن خالد ان رجلا من اصحاب الرسول توفی
یوم خیبر فذکروا الرسول اللہ فقال علی صاحبکم فتغیرت وجوہ الناس لذلک فقال ان صاحبکم غل فی سبیل اللہ ففتشنا متاعہ
فوجدنا خرزا من خرز الیہود لا یساوی درہمین رواہ مالک وابو داؤد اور حدیث موجودہ مشکوۃ صحیح مسلم کی عن عباس قال حدثنی
عمر قال لما کان یوم خیبر اقبل نفر من صحابۃ النبی فقالوا فلان شہید وفلان شہید حتی مروا علی رجل فقالوا فلان شہید فقال
رسول اللہ کلا انی رایتہ فی النار فی بردۃ غلہا او عباءۃ الحدیث ذرا ناصح صاحب کسی عالم سی پڑہوائین تب معلوم ہووے کہ ہان ایسے
ایسی اصحاب بہی خاص بیعت رضوان والی تہی جنکا حال ظاہر ہی تنبیہ اس جگہ سی صداقت وضع و ظہور صناعت حدیث مصنوعہ
نواصب الصحابۃ کلہم عدول اور اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم وغیرہ بہی یعنی علی السبیل الکلیۃ عقیل و منصف پر ہویدا
ہوتی ہی ناصح صاحب اس حدیث و صحیح بخاری و صحیح مسلم کو کہ اصح کتب بعد کتاب اللہ انکی عقیدہ مین ہی اگر صحیح اور مسلم رکہین تو عدالت عمومی
وکلی ہر عمر و بکر صحابہ سی ہاتہہ اوٹہاوین یا عقیدہ صحت کتاب سی رجعت کرین جسکو اصح کتب بعد کتاب اللہ سمجہتے ہین ناصح صاحب
ذرا مضمون حدیث سیجاء من امتی مرقومۃ الصدر الی آخرہ غور و فکر سی ملاحظہ فرماکی صحیح موطا مین اس حدیث کو ملاحظہ فرماوین تو

دیکہیں کیا قدرت الہی کا تماشا ظاہر ہوتا ہی کہ صاحب لکہتا ہی عن ابی النضر قال النبی لشہدا احد فقال اللہم اشہد علیہم فقال
ابو بکر السنا باخوانہم یا رسول اللہ اسلمنا کما اسلموا وجاہدنا کما جاہدوا فقال رسول اللہ بلی ولکن لا ادری ما تحدثون بعدی
فبکی ابو بکر ثم بکی ثم قال وانا لکائنون بعدک یعنی گذری آنحضرتؐ شہدائے احد پر پس کہا کہ ای پروردگار گواہی دیتا ہون
مین اوپر اونکی یعنی اونکی ایمان پر پس کہا ابو بکر نی کہ یا رسول اللہ کیا ہم نہین ہین بہائی اونکی اسلام لائے ہم جیسی کہ وہ اسلام لائے
اور جہاد کیا ہمنی جیسی کہ اونہون نی جہاد کیا فرمایا پیغمبر خداؐ نی کہ ہان لیکن نہین جانتا مین کہ کیا احداث کروگی تم بعد میرے پس رو دیا
ابو بکر اور پہر رو یا پہر کہا کہ تحقیق ہم البتہ ایسی ہی ہونیوالے ہین بعد تیرے اور صاحب جامع الاصول بہی اسی لکہتا ہی اسمین بہی ناصح صاحب
تو خیر دیکہین لیکن کوئی منصف اس ارشاد پیغمبر خداؐ کو جو خطاب مین ان صدیق صاحب کے بلکہ معہ اونکی اور سب ہمکیشونکی فرمایا
ہی غور کری اور اگر یہہ کہیں کہ تعظیما صرف بصیغہ جمع آنحضرتؐ فرماتی ہین لا ادری ما تحدثون بعدی تو حدیث سیجاء امتی مین ارشاد
پروردگار عالم ملاحظہ فرماوین جو درحق ایسی صحابہ کی خطاب مین اپنی پیغمبرؐ کے فرمایا ہی گا کہ انک لا تدری ما احدثوا بعدک تب حقیقت
جناب صدیق معہ ہمکیشان و رفیقان اور حال اسلام وجہاد ظاہر ہو علاوہ اسکی ذرا انجام حدیث ملاحظہ کرین جس سے حقیقت عمری بکری وعثمانی
وغیرہم تمام انکی ہمکیشونکی ظاہر ہوتی ہی کہ صاحب جامع الاصول حرف نون مین لکہتا ہی عن الاسود قال کنا فی حلقۃ عبد اللہ بن عمر فجاء
حذیفۃ حتی قام علینا فعلم ثم قال لقد انزل النفاق علی قوم خیر منکم فقلنا سبحان اللہ ان اللہ عز وجل یقول ان المنافقین فی الدرک
الاسفل من النار فتبسم عبد اللہ وجلس حذیفۃ فی ناحیۃ المسجد فلما قام عبد اللہ وتفرق اصحابہ رمانی بالحصاء فاتیتہ فقال عجبت من
ضحکہ وقد عرفت ما قلت الحدیث الحاصل کہ اسود سے ہی کہ ہم بہت لوگ حلقہ عبد اللہ بن عمر مین بیٹہی تہی کہ حذیفہؓ آئی اور کہڑی ہوئی
سلام علیک کی اور کہا کہ تحقیق نفاق نازل ہوا اوپر قوم کی کہ تہی بہتر تم سی پس ہمنی کہا کہ سبحان اللہ پروردگار عالم فرماتا ہی کہ تحقیق
منافقین بیچ انتہائے دوزخ کی ہین پس مسکرایا عبد اللہ اور حذیفہ ایک کونہ مین مسجد کی بیٹہہ گئی پس جبکہ کہڑا ہو گیا عبد اللہ بن عمر ساتہہ
اوسکی متفرق ہوگئی تو حذیفہ نی اشارہ کیا مجہی کنکر مار کی تب مین آیا حذیفہ پاس تو کہنی لگا کہ تعجب کیا تونی عبد اللہ کی ہنسی سی اور
تحقیق پہچانا تو نی جو کچہہ کہ کہا ہمنی ناصح صاحب ذرا غور کرین دلمین کہ حذیفہؓ نی کیا کہا اور خلف رشید خلیفہ ثانی اونکی کیون زہرخند
ہوکی اوٹہہ گئی اور پاس اسود کے کیا اشارہ کیا حذیفہؓ نے اور ازبس ظاہر ہی کہ بسبب منافق اکل و شرب لینا دینا صحبت ومناکحت مخالطت
سے مومنین صحابہ اور خاص رسول خداؐ سی کہتی تہی ایسی کوئی بات منع نہین تہی بسبب اظہار ایمان و اسلام کے ناصح حال اشعث بن قیس شرح
شرح نخبۃ الفکر ملا علی قاری سی بہی دریافت کرین کہ جو مرتد ہوگیا تہا اور امام اعظم اونکا صاحب کہتا ہی کہ ان الردۃ محبطۃ للعمل حسب
میان ابو بکر صاحب پاس مظہر الاسلام ہوا تو خلافت پناہ نی ہمشیرہ اپنی حوالہ کردی اور حال اظہار اسلام وایمان یہ کہ جو کچہہ جناب
مولا مومنین سے شقی نی ایام خلافت مسلمہ ناصح صاحب مین بہی کیا کتب تاریخ شاہد حال ہین حتی کہ ہمراہ ہو کر پہر عداوت اوسکی با جناب
مولی اظہر من الشمس ہے اور حدیث یا علی لا یبغضک الا منافق موجود صحاح کہ بکرات محول ہی مسلم ناصح صاحب جسکی بیٹی نی امام حسنؑ کو
زہر دیا ناصح صاحب ذرا مہربانی کرکی کتاب الایمان مشکوۃ مین ایمان سی بغور دیکہین حدیث حذیفہ قال انما النفاق علی عہد رسول اللہ
الحدیث جسکی فایدہ مین اونکی پیر عزیز کی ذریت خاص سی لکہتی ہین کہ یعنی حضرتؐ کی زمانہ مین منافقونکو مسلمانونکی حکم مین رکہتی تہے
اور پردہ پوشی کرتی تہی بسبب چند مصلحتونکی انتہی موضع الحاجۃ بالجملہ غرض استدلال سے اس جگہ مضمون اول ہی تو یہ ہی کہ ایسی محبوط العمل

مبتغض نفس رسول یعنی منافق سے صداقت پناہ خلافت دستگاہ صدیق ناصح صاحب نے اپنی ہمشیرہ کا نکاح کر دیا اور حجت یہی مظہر الاسلام ہوا اور دوسرے مضمون سے یہ مطلب ہے کہ زمانہ آنحضرت میں اقرار ذریت خاص عزیزیہ ملاحظہ کرلیں کہ حضرات منافقین ہر حکم اسلام اور پردہ پوشی بسبب چند در چند مصلحتوں کے تھا الحاصل کہ بہتیرے اصحاب منافق تھے فافہم وتدبر الحق الحق ابلج والباطل لجلج ان اللہ یحق الحق ویبطل الباطل ولو کرہ الکافرون اور علاوہ ان تمام باتوں کے حقیر ایک اور تقریر سے کہتا ہے جو کہ انکی اپنی روایات مصرح سے متضرع ہے کہ قابل اونکی خود انکی سرگروہ میں عقیل فہیم بے تعصب واعتساف ارے انصاف کی آنکھیں کے روایات مرقومہ کو جنہیں کہ بمقتدا انکی صحیح الاسناد فرماتے ہیں دیکھیں اور غور کریں تو صاف واضح ہے کہ یہہ دعوی عامیانہ انکا جو کہتے ہیں کہ جب مناکحت واقع ہوئی تو صحبت زن شوئی بھی عادۃً واقع ہوئی اور ایسے شخص میں اور معصومہ میں جس شخص کو کہ منافق تصور کرتے ہوں سوائے مومنین اور سب مومنین سب کرتے ہیں خود بموجب روایات حضرات نوہت کے ہباء منثورا ہے کیونکہ بمذاق انہیں کے مرویات کے ہویدا ہے کہ وصلت وقربت اور صحبت دار دیگر مراتب زن وشوئی جو غایت مناکحت ہے وہ بیشک یہاں مفقود ومعدوم تھی بلکہ خلافت پناہ ناصح صاحب کو کہ شیخ فانی خود انہیں کے روایات میں معتبر میں کچھ صحبت اور مواصلت کے جو کہ غایت ہے مناکحت کی بجز رنج دہی اور ایذا رسانی نفس رسول مقبول کی کوئی غرض اور غایت نہیں مقصود تھی اور ابتغا وسیلہ کا بھی محض بہانہ واسطے بہکانے عوام کی بیچ میں لانا تھا کیونکہ دعوی ابتغای وسیلہ کا حسب مصرحہ بالا ظہور آثار ما بعد آرا اور دوستی پیغمبر میں ہو سکتا ہے نہ آثار اذیت اور ناراضی میں اور حصول نسبت سمدہیانہ کہیے تو خلافت پناہ کی صاحبزادی کیا پیغمبر کی بی بی نہیں تھیں مگر حقیقت میں سوائے اذیت دہی کی اور انتہا کی حرمت ظاہری کی اصلاً ومطلقاً کچھہ مقصود نہیں تھا توضیح مقام یہ ہے کہ اگرچہ ہمارے ہاں کی یہہ روایات نہیں لیکن بفرض وتقدیر چونکہ اونکے محققین خود دیکھتے ہیں اور صحیح الاسناد انہیں تعبیر کرتے ہیں تو اول تو منصف خبیر انکی صحیح الاسناد روایتوں کا حال غور کرے دوسرے غور کرے کہ انہیں کی روایات صحیح الاسناد مرقومہ کہ کچھہ ہماری طرف سے نہیں ہیں خود ببانگ بلند گواہی دیتی ہیں کہ جناب معصومہ بہت صغیر سن تھیں حتی کہ تصریح چار برس کی عمر کی بھی شرح ہے اور عمر شیخ فانی کی ساٹھہ برس کی حتی کہ کتب تاریخ تمام نواصب کی شاہد ہیں کہ مرنا شیخ فانی موصوف کا اسی پینسٹھہ برس کی عمر میں ہوا اور بعضی روایتوں میں ترسٹھہ برس کے عمر میں ہوا اور اقرار اونکی معروف فاروق عادل کا مکرر ظاہر ہے کہ میں ناقابل صحبت نہیں کیونکہ خاص حدیث منقولہ صواعق محرقہ ابن حجر متعصب میں انتفای باءۃ موجود ہے جملہ اردت الباءۃ یاد کرنا چاہیے کہ باءۃ بمعنے جماع ہے اور یہی مکرر ہویدا ہے کہ عادل حضرات خود علت شیخوخیت اور اقرار عدم غایت صحبت دارے اور استغفای حاجت طرف اسکی یعنی بیکار ہونا رجولیت کے متواتر ظاہر کرتی تھی کہ ناصح صاحب کو جہٹلانا اونکا مجوز لعن ہوگا اور وہ اونکو موجب عقیدہ اونکی کافر کریگا تو آیا کالشمس فی وسط النہار ظاہر وہویدا ہے کہ ایسی صغیر سن معصومہ کا نکاح ایسے شخص مظہر الاسلام اور مظہر معتبر کلام مرقومہ سے قربت ووصلت کا بھی مفید نہیں صرف ظہور حیا شیخ فانی تھا اور اذیت رسانی اور مضطر کرنا اور بظاہر ہتک یونہی نفس رسول کو اور مظہر اتمام حجت اور ثبوت غلبہ غالب کل غالب تھا نفس رسول اگرچہ درحقیقت قربت معصومہ ظاہرہ یعنی وقوع اتصال وموصلت جو کہ ظاہر میں غایت مناکحت ہے موجب قرار شیخ فانی اور بسبب صغیرہ ہونے معصومہ کی ممتنع الوجود یقینی تھا اور باعتبار ظاہر کی بہی اور باعتبار باطن کے امام باطنی کی بہی حضرت مولی پر خود تھا اور مظہر الاسلام بظاہر مقرر رسالت وشرایع رسول انام سے قطع نظر اسکی بہی مناکحت ممنوع شرعی نہیں تھی لیکن باعتبار ظاہر خیال منظر خواص وعوام البتہ کمال انتہا کی حرمت ولی خدا ظاہر کہ ایک بزرگ بیٹی ایسی صغیرہ کا باوصف دامادی اور ابن عمی رسول اور لقب

ہوئی ساتھ نفس رسول صلعم کی اور خیبر گیر اور غالب کل غالب ہونیکی اور مخاطب بہ لافتا الا علی لاسیف الا ذوالفقار ہونیکی ایک
شیخ فانی سے نکاح کرنا اور باوجود درشتی ہسقدر اعتلال و تکرار کے ایسے سید عرب و عجم امیرالمومنین کہ اس لقب کے خود صدیق و فاروق
و صدیقہ تو امصنف تک گواہ ہین لوگونکی نظر مین ایک شیخ نومسلم ظاہرے مغلوب دکھلائی دین اور مجبور کیا اور جنکی بیٹی حوالہ کر دین کہ
نفس کشی کسی بشر کا ہرگز باوصف ظہور علت اباحت شرعی کے بہی اس حد تک کو نہین گوارا کر سکتا سوائے انبیا و اوصیا کی کہ صبر و رضائے
حضرات علیہم التحیۃ والبرکات بعطائے حضرت کبریا اونہین پرختم ہے کہ باوصف عطائے قوت و معجزہ صبر و تحمل بہی ایسا ہی انکو عطا ہے کہ یہ استعداد اور
حوصلہ کسی اور بشر کو نہین حاصل کہ نفس پر اتنا غلبہ ہوسکے کہ انتہائے مرتبہ اور نہایت کمال ہی غالب کل غالب ہونیکا یا ناصح صاحب معارج النبوۃ
وغیرہ کتب تواریخ اور نیز سیر و حدیث مین حال حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا دیکھیں تو کیفیت معلوم ہو کہ نمرود شقی نے آگ مین ڈالدیا
اور دم نمارا لیکن جنکو پروردگار آنکہین دیتا ہے ہدایت کرتا ہے اونہین سوجہہ بوجہہ ہوتی ہے اور جو کور باطن ہین وہ کیا جانین الحق
من لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور حال رعضہ خاتون دختر نمرود شقی کو تو ناصح صاحب دیکہکر ایمان درست کرین کہ اس شقی
نے تو آگ مین ڈالا حضرت ابراہیم کو کہ اگر ناصح صاحب جیسے بزرگوار اس وقت بہی ہوتے تو حضرت ابراہیم کو عاجز اور مغلوب جانکر برگشتہ اور منکر نبوت
ہوجاتی جیسے کہ نمرود تہا مگر ایک رعضہ خاتون تہی کہ اسی سانحہ پر ایمان لائی اور خود دیکہا کیا رنج و صعوبت کہینچی آنکہین کہولکے دیکہین
ناصح جو معارج مین کس تفصیل سے یہ حال اور حال آئندہ بہی ہے علاوہ اسکی تفسیر عزیزی سے ایک اور مختصر مضمون مقام حاجت ہم لکہتے
ہین زیادہ تفصیل تفسیر کور مین وہ دیکہہ سکتے ہین کہ اونکی پیر عزیز کی ہے المختصر کہ سارا بی بی حضرت ابراہیم کے کہ بہت خوبصورت
تہین بسبب ظلم و جور اشقیا کی اپنی خاوند حضرت ابراہیم کی ساتھہ سر بصحرا نکلین جب مصر مین پونہچین تو وہانکا بادشاہ نہایت
جبار تہا اوسکی عادت تہی کہ جو عورت خوش رو ہوتی تہی اوسکی خاوند کو مار ڈالتا تہا اور بہائی بند ہوتا تو اوس سے چہین لیتا تہا غرض
انپر بہی یہی نوبت پونہچی کہ پیادے ظالم کی حضرت پاس آئے اور پوچہا کہ یہ عورت تمہاری کون ہے حضرت نے کہا کہ بہن ہے یعنی مراد حضرت کی
دلمین یہ تہی کہ دینی بہن ہے اور اولاد آدم منصف فہیم اس جگہ سے طریقہ تقیہ اور شعار انبیا ایسے مقام مجبوری و اضطرار مین خیال کر سکتا
ہے کہ اوصیا کو اسوہ و اقتدا انبیا ہوتی ہے اور مومنین کو اسوہ اونسے تو ناصح صاحب کو اگر کچھہ بہی قوت منفعلہ ہو تو سوچین اور
شرم کرین کہ انکی پیر عزیز خود کیا لکہتے ہین غرض پیادگان شاہ مذکور نے ابراہیم کو تو چہوڑ دیا اور حضرت سارا خاتون کو زبردستی لیگئے حضرت
ابراہیم نے جب یہ حال دیکہا تو نماز و دعا مین مشغول ہوئے اور حضرت سارا جب اوس شقی کی پاس پونہچین وہ شقی عاشق ہوگیا اور چاہا کہ بے
ادبی کری بالجملہ حضرت سارا نے دعا کی کہ اوسکا حال یہ ہوا کہ دونو ہاتہہ خشک ہوگئے بدحال ہوا انجام کو حضرت سارا نے دعا کی اچہا
ہوگیا پہر بدذاتی کی پہر وہی حال ہوا غرض تیسرے دفعہ حضرت سارا کو رخصت کیا اور ہاجرہ حوالہ کین علاوہ اسکی ناصح صاحب مدارج النبوۃ شیخ
عبد الحق دہلوی وغیرہ اپنی کتب صحاح آنکہین کہولکر تو دیکہین حالات قریب ان وفات مین کیا لکہتا ہے شیخ کے عبارت تو صاف
فارسی ہے پڑہ بہی سکین گے با فاطمہ فرمود پسران خود را پیش آر فاطمہ حسن و حسین را علیہم التحیۃ والرضوان پیش آنحضرت صلعم آورد چون اورا
بدان دیدند گریہ آغاز کردند و چنان گریہ و زاری کردند کہ از گریہ ایشان ہر کہ در خانہ بود بگریست آنحضرت ایشان را ببوسید و ببوئید و در باب
تعظیم و احترام و محبت ایشان صحابہ و تمام امت را وصیت فرمود و در روایتی آمدہ کہ آنہا کہ بر در حجرہ بودند نیز گریستند چون آواز گریہ ایشان
بگوش آنحضرت رسید نیز گریست ام سلمہ گفت یا رسول اللہ گناہان گذشتہ و آیندہ تو مغفور گشتہ موجب چیست فرمود گریہ من برای رحم و شفقت برامت

مصائب حضرت ابراہیم

قصہ سارا زوجہ حضرت ابراہیم

گریہ و وصیت آنحضرت برای مصائب اہلبیت و وصیت بازواج

ست کہ آیا بعد از من حالِ ایشان بکجا خواہد رسید بعد ازان عائشہ پیش رفت وگفت یا رسول اللہ چشم بکشائی و در من نگاہی کن وصیتی
برا حضرت چشم بکشاد و فرمود ای عائشہ بمن نزدیک شو و فرمود دیروز کہ وصیت کردم ہمان وصیت است باید بموجب آن عمل کنی ترجمہ
واضح ہو کہ یہ جو حوالہ وصیت دیروزہ کی تعمیل کا پیغمبر خدا نے فرمایا وہ وصیت دو ورق پہلی عبارت مرقومہ سے کتاب مذکور میں
یہ ہی کہ جو شیخ مذکور لکہتا ہی صحاح سے نصیحت کرد بازواج مطہرات وگفت برشما باد کہ در گوشہ خانہ خود را نگاہ دارید وخود از نامحرم
مستور دارید و خواند این آیہ وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن تبرج الجاہلیۃ یعنی ٹہیرو بیچ گہرون اپنے کے اور مت آراستہ ہو آراستہ
ہونا جاہلیت کا یعنی زمانہ جاہلیت اولی میں عورتین بناؤ کرکے باہر نکلتی تہین اور لڑائی بہی چڑہتی تہین چنانچہ اکثر تفاسیر میں
ہی کہ ایک بی بی حضرت موسیٰ کی حضرت یوشعؑ اونکی وصی سی لڑی تہی اور لشکر کشی کی کہ بیشک یہ اشارہ ممانعت کا اوسیطرح ہی علاوہ
اسکی جامع الاصول میں بخاری اور ترمذی اور نسائی تینون صحاح کی حدیث ہی ابی بکرہ سی ہیچ حرف خاکی قال لما بلغ رسول اللہ
ان اہل فارس ملکوا علیہم بنت کسری قال لن یفلح قوم ولوا امرہم امرأۃ الحاصل کہ جب خبر پونہچی پیغمبر خداؐ کو کہ بیٹی کسری کی اہل
فارس پر حاکم ہوئی ہی تو فرمایا کہ اوس قوم کی لئی فلاح نہین جس قوم کی لئی حکمران اور امیر عورت ہو سبحان اللہ مگر یہ حدیث
مجتہدہ صاحبہ ذی حافظہ بہول گئین تہین اور آیت بہی یاد نہ رہی تہی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم یہ وصیت اور نصیحت رسولؐ تو
بموجب فرمودۂ خدا اور نفس رسولؐ سی اونٹ پر چڑہ کی یہ لڑنیکو جاوین اور خود جانتی تہین کہ حرب علیؑ کو حضرتؐ نی اپنی لڑائی فرمائی
ہی کہ کتب حدیث وتاریخ خود انکی اس مضمون سے بہری پڑی ہین احتیاج ایک دو کی گواہی کی نہین العیاذ باللہ لطف یہ ہی حدیث
متفق علیہ ہی بخاری ومسلم کی مشکوۃ مین خود انہین مجتہدہ سے کہ فرماتی ہین استاذنت النبی فی الجہاد فقال جہادکن الحج یعنی پروانگی
مانگی مینی جہاد کی پیغمبر خداؐ سی فرمایا جہاد تمہارا حج ہی سبحان اللہ کفار تک سی لڑنیکو تو باوصف استجازت منع فرمایا پیغمبر خداؐ نے
او نفس رسولؐ سی لڑنیکو طیار ہون جہان ہزارہا اہل سنجرہ ماری جاوین غرض مزاج محاربہ پسند بہت تہا جناب ام المومنین کا کیونکہ
ابن ماجہ کی ہان بہی حدیث ہی کہ جہاد کو اور طرح سی بہی انہین نی پوچہا تہا وہان بہی جواب پایا تہا اور تیسیر بہی یہ محاربہ اعوذ
باللہ من الشیطان الرجیم علاوہ اسکی سنن ابو داؤد سی جامع الاصول مین حدیث ہی عن ابی واقد اللیثی قال سمعت النبی
یقول لازواجہ فی حجۃ الوداع ہذہ ثم ظہور الحصر اخرجہ ابو داؤد اور صاحب تیسیر بعد اسکی لکہتا ہی الحصر جمع حصیر والمراد لا تخرجن
من بیوتکن بعد ہذہ الحجۃ الحاصل کہ کہا ابی واقد لیثی نی کہ سنا مینی پیغمبر خداؐ کو بیچ دن حجۃ الوداع کی کہ فرماتی ہین اپنی بیبیون کو
کہ مت نکلو گہرون اپنی سی بعد اس حج کے سبحان اللہ پیغمبر اور خداوند تو یہانتک ممانعت فرماوین اور یہان یہ نوبت اور حدیث ممانعت
خروج بی اجازت شوہر موجودہ صحاح علاوہ اسکی بالا تر اور پہر یہ دلہ اور مجتہدہ اور انکا کہنا حضرات کو فایق از قول رسولؐ اور
انکی پیرو مین اور اقتدا مین دعوی نجات وفلاح کا اور اکثر ان محاربہ کو بہی امیر المومنین تعبیر کرتی ہین الحق لعب حمیر اخبار کہ وجہ
کو اسی نظر کر بموجب علم باطنی کے آنحضرتؐ نی عطا کیا تہا کہ آپکو معلوم تہا کہ یہ فوج کشی کرینگی اور ہزارون کے خون سی مونہہ لعل
کرینگی کیونکہ حمیرہ تصغیر ہی حمرا کی اور حمرا مونث ہی احمر کے احمر سرخ رنگ اور مرد سپاہی بے ہتیار کو بہی کہتے ہین سو یہی
ہوا کہ یہ بی ہتیار سپاہی بنکی نفس رسولؐ کے محاربہ کو چڑہین اور فرزندونکی خون سی گویا مونہہ لعل کیا سبحان اللہ اچہی طبیعہ
خدا ورسول واجب الاطاعت امیر حضرات مدعیان سنت وجماعت جامہ "انسوں مین ہیچ حرف خاکی اور تیسیر الوصول

مین کتاب الخلافہ کی پانچوین فصل مین بیچ وجوب اطاعت امیر کے صحیح بخاری سے ہی عن انس قال قال رسول اللہ اسمعوا واطیعوا ان استعمل علیکم
عبد حبشی الحدیث یعنی فرمایا پیغمبر خداؐ نی سنو اور اطاعت کرو جو حاکم حکم کری تمپر گو کہ غلام حبشی ہو اور اسی فصل مین ہی عن ابی ہریرۃ قال
قال رسول اللہ من اطاعنی فقد اطاع اللہ ومن عصانی فقد عصی اللہ ومن یطع الامیر فقد اطاعنی ومن یعص الامیر فقد
عصانی اخرجہ الشیخان والنسائی یعنی فرمایا پیغمبر خداؐ نی جسنے میری اطاعت کی اوسنی خدا کی اطاعت کی اور جسنے میری نافرمانی کی اوسنے
خدا کی نافرمانی کی اور جسنی اطاعت کی امیر کی پس تحقیق میری اطاعت کی اور جسنی نافرمانی کی امیر کی اوسنی میری نافرمانی کی اور
اسی فصل مین ابی ہریرہ سے صحیح بخاری اور مسلم اور نسائی کی طویل طویل حدیثین ہین خلاصہ مضمون سبکا یہی ہی کہ جسنے خروج کیا امیر پر
اور خارج ہوا اطاعت میر سے مراد وہ مرنا کفار کا اور ابی بکرہ سے صحیح ترمذی کی حدیث ہی قال رسول اللہ من اہان سلطان اللہ
فی الارض اہانہ اللہ یعنی جو شخص اہانت کری امیر کی کہ خدا کیطرف سے ہی بیچ زمین کی تو اہانت کریگا خدا اوسکی اس جگہ سے بہی
عقیل منصف خیال کر سکتا ہی کہ امیر سلطان دین یعنی خلیفہ رسول سلطان اللہ ہی یعنی خدا کی طرف سے نہ یہ کہ دس بیس بقالی
حجام مزارع مل کر کو خلیفہ بنا لین چنانچہ آیہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم مین اولی الامر سوائے اولی الامر المامورین
عند اللہ ورسولہ خیال کرنا بموجب اس حدیث صحیح ترمذی کی بہی مخالفہ ہی خدا و رسول کی کیونکہ اگر اجماع کثیر پر تقرر خلیفہ ہو تو
یزید کو بہی مثل حضرات ثلثہ حضرات سنت جماعت مثل قاضی علی الاعلان کیون نہین فرماتی کما صرح فی تاریخ الخلفا جلال الدین
السیوطی المختصر کہ وقت محاربہ مجتہدہ حضرات تو بالاتفاق بموجب عقیدہ اونکی بہی جناب امیرؑ امیر اور خلیفہ تہی پہر خدا خروج اور
عصیان اور اہانت اور نافرمانی محاربہ اور مقاتلہ سے زیادہ اور کونسی بات اور کون امر ہی کہ معتقد ایمان اور معتقد احضرات
سے رہ گئی یا رہ گیا یا اس مان محاربہ کی خلیفہ تہی والد ماجد جناب صدیقہ تہی یا عم بزرگوار اونکی یا اونکی وراثت فرضیہ کا طلب
واجب تہا سب کوئی جانتا ہی کہ بعد قتل عثمانی تو خلافت مولائے مومنین بموجب اصول عقاید حضرات سنت جماعت بہی مسلمات سے ہی
تو اب ان جناب کو جو باعث خروج اور مفارق جماعت ہوئین نسبت امیر اور خلیفہ کی اور اہانت کی سلطان اللہ فی الارض کی کیا
کہنا چاہیی یاد رہی کہ حضرات مخدومات گو ہاتہ پاؤن مارین حرکت مذبوحی کو کام فرماوین لیکن بجز جواب مرقومہ مخدومہ
ہذا من قدر اللہ دوسرا کلمہ ہونہ سی نہین کہہ سکتی سوا کلمہ من یضلل اللہ فما لہ من ہاد کی غرض پہر شیخ مذکور لکہتا ہی وحفصہ
بیش رفت و بادستوریکہ با عائشہ مکالمہ نمودہ با حفصہ نیز گفت وتمام ازواج مطہرہ را وصیت کرد وبعد ازان فرمود ادعوا
من علی را بیارید علی بیامد و بر بالین آنحضرت بنشست و سر مبارکش بر زانوی خویش نہاد و آن سرور فرمود ای علی فلان یہود
پیش من چندین مبلغ دارد کہ ازوی برای تجہیز لشکر اسامہ بقرض گرفتہ بودم زینہار کہ حق او را از ذمہ من ادا کنی و فرمود
ای علی تو اول کسی خواہی بود کہ در لب حوض کوثر بمن برسی و بعد از من مکروہات بتو خواہد رسید باید کہ دلتنگ نشوی و صبر کنی و
چون بہبینی کہ مردم دنیا را اختیار کنند باید کہ تو آخرت را اختیار کنی اور روضۃ الاحباب کے دفتر اول مین بہی یہی مضمون موجود ہی
کہ دونو محدث کتب صحاح لکہتی ہین خدا را کوئی پوچہی ان صاحب شرم و حیا سی کہ یہ جو پیغمبر خداؐ نی فرمایا کہ یا علی بعد میرے مکروہات تجہی
پہنچین گی تو دل تنگ ہونا اور صبر کرنا وہ کونسی مکروہات ہین سوائے غصب فدک ہی اور حبس خمس وغیرہ بدعات کی جنپر صبر کیا جناب
علی ابن ابیطالب نی اور وہ کون وقت آیا جناب امیرؑ کو سوائے غصب خلافت کی کہ بموجب تصریح روضۃ الاحباب وغیرہ ہویدا ہے کہ فرمائی ہی

تہی سلطنت محمدؐ کو اوسکی گہر سی باہر نہ لیجاؤ کہ اوسوقت لوگون نی دنیا اختیار کی اور آپنی آخرت اختیار کی یعنی صبر و
رضائی الہی مین گوشہ نشین ہی اور تلوار نہ کہینچی لشکر کشی نکی او کیا مصداق و مآل ہی اوس ارشاد اور گریہ بکائی پیغمبر خدا کا کہ
فرمایا گریہ میرا واسطی رحمت اور شفقت کی ہی امت پر کہ بعد میرے حال انکا کہانتک پونہچیگا کہ بمجرد وفات بی تغسیل و تکفین رسول
امین حب ریاست مین پڑگئی اور سلطان ہتدسی برگشتہ ہوگئی کہ لفظ سلطنت تطبیق رکہتا ہی اوسی لفظ سلطان ہتدسی کہ حدیث
صحیح ترمذی مین ظاہر ہوا ہیہ مقام گنجایش اوس طول کلام کی نہین رکہتا جو کہ بمجرد وفات سرور کائنات پیش آیا جیسی دیکہنا
ہو کتب حدیث و تفسیر و تواریخ انہین حضرات کی دیکہی تو حقیقت ظلم و ستم اور زیادتی انکی مقتداؤنکی ہویدا ہو حرز اللطوالت اس
جگہ دو تین بیتو نپر دیوان جناب امیرؑ کی اکتفا ہی کہ مقولہ حضرتؑ ہی صاحب فواتح میبذی ہندی کا سرگروہ لکہتا ہی شرح مین
عرفتم حقنا وجحدتموہ کما عرف السواد من البیاض کتاب اللہ شاہدنا علیکم وقاضینا الالہ فنعم قاضی حاصل اکا یہ ہی کہ
جانتی ہو تم حق ہمارا اور جان بوجہہ کر انکار کیا اوسکا اور ایسا جانتی ہو جیسی سیاہی اور سفیدی مین خوب فرق اور تمیز ہے
اب ہمارا حق جانتی ہو کتاب خدا گواہ تم پر ہی ہمارے لئی اور حاکم ہمارا خداتعالی ہی اچہا حاکم ایضا صاحب فواتح لکہتا
ہی کہ امام احمد غزالی ابن احمد واحدی از ابوہریرہ روایت کند کہ مرتضیؑ این ابیات در حضور ابوبکر و عمر و عثمان و طلحہ و زبیر و عبد الرحمن
فرمود فویل ثم ویل ثم ویل لمن یلقی الالہ غدا بظلمی وویل ثم ویل ثم ویل لجاحد طاعتی ومرید ہضمی وویل للذی یشقی سفاہا
یرید عداوتی من غیر جرمی ہضم از حق کسی کم کردن میفرماید پس وای پس وای پس وای مر آنکس راکہ ببیند خدا را فردا ستم کردن
بامن و وای پس وای پس وای مرا انکار کنندہ فرمان بردار مرا و خواہندہ کم کردن حق مرا و وای مر آنکس راکہ بدبخت شود از بہر
خواہد دشمنی من بغیر گناہ یعنی من ہیچ جرم او نکردم و دشمنی من کند اور عقیل فہیم مضمون ارشاد پیغمبر خداؐ سی کہ واسطی ادائے دین
یہودی جناب امیرؑ کو ارشاد ہی اگر ذہن سلیم اور انصاف طبع مستقیم ہو تو غور کری کہ آپ نی تصریح سیاست کی فرمادی ہی کہ قرضہ
اوسکا بابت تجہیز جیش الاسامہ کی ہی اس جگہ سی بہی صاحب ایمان و ایقان نکتہ فہم فایدہ اوٹھا سکتا ہی اگر ناصح صاحب اور انکی
نوصب اہل مناصب کو شرم ہو تو عرق مین ڈوب جاوین غور کرین کہ زر قرضہ جیش اسامہ واسطی اوسی کام کی حضرت نی
لیا تہا کہ ادا اوسکا زر بیت المال مین سے ہوتا نہ خاص خانگی اہل و عیال کی صرف مین آیا ہوا تہا تو قطع نظر اور احادیث و روایات
نص خلافت جناب مولا مومنینؑ کی اس جگہ سی بہی ہویدا ہی کہ خلیفہ رسولؐ قابل تصرف زر بیت المال وصی برحق کو واسطی
ادائی قرض ہذا کی تصریح مرقومہ اخیر وقت بہی واسطی اتمام حجت کی یعنی بتوضیح نام قرضہ کہ تجہیز جیش اسامہ کی لئی ہی وصیت
فرمائی کیونکہ سوائے وصی خلیفہ رسولؐ متصرف بیت المال کوئی اور عمر و بکر نہین ہو سکتا لیکن جب لوگون نے دنیا اختیار
کی تو آپنی بعد اتمام حجت ہائی متواترہ لاچار گوشہ نشینی اختیار کی اور نصیحت و وصیت رسول مقبولؐ پر عمل کیا مصابرہ اور
نفس کشی کو کام فرمایا کہ مومنین خاص اور اوصیائے انبیا کو اسوۂ و اقتدا ہی ساتہہ انبیا کی چنانچہ حدیث ہی سنن ابو داؤد مین
کہ کہی ابوذر غفاریؓ سی بہی وصیت ہی پیغمبر خداؐ کی کہ ایسی اوقات مین فتنونکی فرمایا علیک بالصبر و تلزم بیتک اور مقداد سی ہی سنن
مذکور مین ان السعید لمن جنب الفتن ولمن ابتلی فصبر فواہا اور اس قسم کی احادیث متواترہ ہین صحاح ستہ مین ناصح صاحب کے
باب الفتن مین جو شخص دیکہی تو ماہیت ظاہر ہو بعضے نقا تو ہین سی سنی صاحبونکی سنی گئی کہ باتباع قیاس حنفی فرماتی

ہین قیاس ہندن چاہتا کہ مولینا فلان وفلان بہد ان پیرزادونتک کی سب مرید تو اونکی مرنیکی بعد اثر ہدایت اور
فیضان صحبت سی صراط مستقیم مرشد پر قایم رہین اور اپنی پیر جیو کی تبعیت نہ چہوڑین آور مجرد وفات سرور کائنات وہ گروہ
کثیر کہ سالہا سال خدمت بابرکت مین رہی ہون سوای چند معدودین کی بلقلم مرتد ہو جاوین اور خلیفہ منصوص کا ساتہ نہ دیوین
یعنی غرض اس وسوسہ اور سفسطہ سی یہ ہی کہ معاذ اللہ جناب مولای مومنین ع خلیفہ منصوص نہ تہی اور بڑی غایت اس سے یہ کہ عوام
بیچارہ دہوکی مین پڑین سو قطع نظر نصوص و آیات و احادیث خلافت خلیفہ برحق کہ خود حضرات کی تفاسیر مین اور کتب حدیث
مین مصرح ہین کہ کچہہ بطریق مشتی نمونہ از خروارے اپنی محل پر یہان بہی بیان ہونگی اتنی التماس یہان ہی کہ حضرات سعد لیت آیات کا قیاس
اول تو قیاس مع الفارق ہی وہان کا منصوصی رحمانی یعنی اولی الامر من عند اللہ والرسول آمر بمعروف ناہی عن المنکر یہان
شمول شیطانی یعنی آمر بغنا ورقص سرود و معازف اور امرد پرستی وغیرہا منہیات ببین تفاوت رہ از کجا ست تا بکجا دوسری
وہان خلیفہ منصوص شخص واحد جسکی صدہا حاسد و معاند طامع منصب حارص امارت یہان صدہا خلیفہ کوئی پاک پٹن کی ولایت
کوئی دکہن کوئی مالوہ مین وقس علے ہذا ایک کہین ایک کہین نامزد بالجملہ جسکو ذرا ادہر تا ہوا ذی عزم وطامع دیکہا یا جس
یا اوسکو خلیفہ بنا دیا غرض جتنی مناسب اور مصلحت وقت دیکہی خلیفہ کردئی تو پہر منازع اور حریص کون رہا تیسرے قطع نظر
برگشتگی امت اگلی پیغمبرونکی کیا بعد وفات کیا حال حین حیات مین کہ کتب تاریخ و تفاسیر سے از بس ہویدا ہی ذرا خاص قرآن مرتبہ
عثمانی اور احادیث مروانی دیکہین کہ یہان کسیطرحکی بدگمانی شیوخ کتب اربعہ پر بہی نہین کرسکتی اور کوئی تاویل بہی نہین
بنا سکتی چنانچہ آیہ فہل عسیتم ان تولیتم الآیہ ہی یعنی قریب ہی کہ برگشتہ ہو جاؤ تم تا آخر کہ قریب زمان وفات بہی آنحضرت ص نی
سر منبر فرمایا مجمع عام مین اور آیہ افان مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ہی کہ جناب صدیق حضرات نی بروقت وفات سرور
کائنات علیہ الف الاف الصلوۃ والتحیات خاص فاروقیت مآب کو غصہ سی سنایا اور پتہ اوسکا یہ ہی کہ یہ جناب فرمانی لگی تہی
کہ پیغمبر نہین مرتا بلکہ یہانتک کہتی تہی کہ جو شخص کہیگا کہ پیغمبر مرگیا تو مین اوسی جانسی مارڈالونگا جسکا کہ صاحب تحفہ تک اقرار
بہ تجواسی کر کی کلنک مٹانا چاہتی ہین اور امثال ان آیتونکی ہین کہ اونسی ارتداد و امکان ارتداد اسی طرح بالصراحۃ ظاہر
ہی قرآن مین ملاحظہ فرماوین اور احادیث مفسر الصدر اور مفصلہ الذیل کہ قریب بیان ہوتی ہین اپنی صحاح ستہ کی دیکہین
او مضمون آیہ ان بعض الظن اثم یاد کرین اور وسوسہ کو لاحول پڑہ کر دل سی دور کرین اور سورہ قل اعوذ برب الناس ورد کرین
اور یہ خیال فرماوین کہ برگشتگی برگشتہ بختونکی یعنی مرتدونکی عین مظہر صدق ارشاد پروردگار ہی نہین تو صاف منکر ہونگی آیات
محکمہ کے اور جو کلام الہی سی شفا نہو کہ وہ شفا اور رحمۃ ہی واسطی مومنین کے تو اپنی محقق محدث دہلوی کی کلام و بیان سے
دیکہین جو بموجب احادیث صحاح ستہ کی لکہا ہی کہ اوپر بیان ہوا اسمین صاف یہ تصریح ہی کہ بمخاطبہ مولای مومنین فرمایا جناب
خاتم المرسلین ص نی کہ میری بعد تمکو بہت رنج پہونچینگے تم دل تنگ نہونا اور صبر کرنا اور جب دیکہو کہ لوگون نی دنیا اختیار کیے
تو چاہیے کہ تم آخرۃ اختیار کرو چنانچہ بعینہا عبارت شیخ یہہ ہی کہ بعد من مکروہات کثیر بتو خواہد رسید باید کہ دل تنگ نشوی و
وصبر کنی وچون بینی کہ مردم دنیا اختیار کردند باید کہ تو آخرت اختیار کنی اور جو اس سے بہی تسکین وتسلی نہو تو خاص بخاری ومسلم
اپنی صحیح ومسلم کتاب بعد کتاب اللہ متفق علیہ حدیث کو کہ مشارق الانوار مین بہی اسوقت لکہی جاتی ہی آنکہین کہول کر غور

غور سی دل لگاکی دیکہین یاکسی سی پڑہو اگر گوش ہوش و دل سی سنین عن ابی سعید لتتبعن سنن من کان قبلکم
شبرا بشبر و ذراعا بذراع حتی لو دخلوا جحر ضب اتبعتموہ قلنا یا رسول اللہ الیہود والنصاری قال فمن متفق علیہ صاحب تحفۃ الاخیار
ترجمہ و تشریح مین اسکی لکہتی ہین کہ بخاری اور مسلم مین ابو سعید سے روایت ہی کہ آنحضرتؐ نی مخاطبہ اصحاب فرمایا کہ البتہ تم چلوگی اگلی لوگونکی
چالو نپر بالشت بالشت بہر اور ہاتہہ ہاتہہ بہر یہانتک کہ اگر وہ سوسمار کی سوراخین گہسی ہونگی تو تم بہی اونکی پیروی کروگی
ہمنی کہا یا رسول اللہؐ کیا یہود و نصاریٰ کی چال پر چلین گی حضرت نی فرمایا کہ اگر یہی نہین تو اور کون یعنی یہود اور نصاریٰ
ہی مراد ہین انہین کی چال پر چلوگی علاوہ اسکی صحیح ترمذی سی مشکوٰۃ مین ہی عن عبد اللہ بن عمر قال قال رسول اللہ لیاتین
علی امتی کما اتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل حتی ان کان منہم اتی امہ علانیۃ لکان فی امتی من یصنع بذلک یعنی روایت ہی
خاص خلیفہ زادۂ حضرات سنت جماعت عبد اللہ بن عمر سی کہ فرمایا پیغمبر خداؐ نی کہ البتہ آویگا میری امت پر یعنی زمانہ جیسی کہ آیا
بنی اسرائیل پر مانند تطابق پاپوش کے پاپوش سی یہانتک کہ اگر اونمین سی تہا کوئی شخص کہ آیا تہا اپنی ماپر یعنی بد فعلی کی تہی
ماسی ظاہر بلا اخفا تو البتہ ہوگا میری امت مین وہ شخص کہ کریگا یہی علاوہ اسکی دیکہین حدیث ان تستخلفوا علیا و ما اراکم
فاعلین تجدوہ ہادیا مہدیا یعنی اگر علیؑ کو خلیفہ کروگی تو پاوگی اوسی ہادی اور مہدی حال آنکہ نہین دیکہتا مین کہ تم اسکو
خلیفہ کرنیوالی ہو کہ یہہ حدیث طویل ہی اور بیہقی فضایل صحابہ مین اور احمد حنبل مسند مین اور ابو نعیم حلیہ مین لکہتی ہین کہ مخاطبہ
مین گروہ کثیر اور جماعۃ غفیر صحابہ مین فرمائی علاوہ اسکی حدیث موجودہ جامع الاصول کہ بمخاطبہ گروہ کثیر صحابہ ہی ملاحظہ کرین
کہ فرمایا پیغمبر خداؐ نی ستحرصون علی الامارۃ وستکون لکم ندامۃ یعنی قریب ہی کہ تم حرص کروگی خلافت کی اور قریب ہوگی
تمہارے لئی ندامت مقتبس صاحب دیکہین جامع الاصول مین کہ اونکی خاص احادیث صحاح ستہ سی یہ حدیث ہی علاوہ اسکی
سنن ابی داؤد سی مشکوٰۃ مین دیکہین عن حذیفہ قال قلت یا رسول اللہؐ ایکون بعد ہذا الخیر شر کما کان قبلہ قال نعم
الحدیث یعنی حذیفہ رحمہ کہتی ہین کہ مینی کہا یا رسول اللہ کیا ہوگی بعد اس خیر یعنی اسلام کی شر فرمایا ہان علاوہ اسکی ملاحظہ
کرین حدیث صحیح مسلم عن حذیفہؓ قال قال رسول اللہؐ یکون بعدی ائمۃ لا یہتدون بہدای ولا یستنون بسنتی وسیقوم
فیہم رجال قلوبہم قلوب الشیاطین فی جثمان انس قال حذیفہؓ قلت کیف اصنع یا رسول اللہؐ ان ادرکت ذلک قال تسمع
وتطیع الامیر وان ضرب ظہرک واخذ مالک فاسمع واطع یعنی فرمایا پیغمبر خداؐ نی کہ ہونگی بعد میرے امام ایسے کہ نہین چلینگے
میری سیدہی راہ پر اور نہین عمل کرینگی میری سنت پر اور اوٹہینگے بیچ اونکی لوگ کہ دل اونکی دل شیطانونکی سی ہونگے
یعنی ظلمت مین اور قساوۃ مین اور وسوسہ اور فریب دہی اور عقلون کاسدہ اور خواہشون فاسدہ مین بیچ بدن آدمی
کی یعنی صورت ظاہری تو اونکی عمر و بکر وغیرہا جیسے یعنی ظاہر مین تو بنی نوع انسانیین سی اور باطن مین سیرت شیطان کی سی
حذیفہ کہتی ہین کہ مینی عرض کیا کہ یا حضرتؐ مین اوسوقت کیا کرون فرمایا کہ سن اور فرمان برداری کر امیرؓ کی یعنی اطاعت
امیر سی باہر نہو اگرچہ پیٹہ پر تیرے مار پڑی اور مال تیرا چہینا جاوے بس تو ہر طرح تابعدار رہ کر تنبیہ آپ از راہ انصاف کی بے
تعصب و اعتساف اور قطع نظر پر ورش سخن اور پیروی دین آبائی کے غور سی دیکہین کہ وہ کونسی عمر و بکر بصورت انسان ہی
جو بعد پیغمبر خدا امام بنی اور خلاف سنت نبوی مرتکب ہوے کہ قلب اونکی قلب شیطان کی کہا چاہیین جنہونے باوصف

استماع حدیث انی تارک فیکم الثقلین اور حدیث علی بمنزلتی اور حدیث من کنت مولیہ فعلی مولیہ اور حدیث من کنت ولیہ
فعلی ولیہ بعدی امیر و ولی و مولائی مومنین کو گھٹایا اور ارشاد خاتم المرسلین کو ہذیان بتلایا اور اونکی وقت
مین حذیفہ جیسی تابعان رسول ایزد سبحانی یعنی مثلاً عمار یاسر سلمان فارسی اباذر غفاری وغیرہم جیسی صحابہ تابعین
ثقلین نے مارتک کہائی اور حقوق اونکی چہینی گئے اور درحقیقت اتباع امیر برحق کو نہ چہوڑا یاد رہی کہ سکوت غالب کل
غالب یہانتک کہ گلا تک بند ہوا نا اور غصب حقوق پر صبر کرنا بموجب ارشاد اور رضا مین اس قسم کی احادیث کی تہا کہ
انتہای اتباع فرمان رسول مقبول تہا اور اخیر خلافت عثمانی مین یا چند روز بعد مری اونکی خاص وفات حذیفہ بقیہ تمام
کتب رجال سی ظاہر اور باہر ہی یعنی کسی طرح کی تاویل اور گنجایش اغوای حضرات توابع خلفاء [illegible] صبین وغیر مہتدین
واسطی عوام کی باقی نہین کہ حدیث مذکور کی ائمہ غیر مہتدین کو یزید وغیرہ امراء بنی امیہ ظاہر کرسکین بلکہ وصیت حذیفہ
کی اپنی فرزندونکو واسطی بیعت جناب مولای مومنین کے بروقت ظہور خلافت ظاہری امیر برحق کی مصنف محدثین مغتنم صاحب سے روشن و
آشکارا کالشمس فی وسط النہار ہی چنانچہ محدث دہلوی مدارج مین لکہتا ہی حال حذیفہ مات سنہ خمس وثلثین وقیل ست
وثلثین بعد از قتل عثمان بچند شب در اول خلافت علی و در نیافت جمل را وکشتہ شدند صفوان وسعید پسران حذیفہ در صفین
ومبایعت کردند علی را بوصیت پدر مر ایشان را بدان علاوہ اسکی ملاحظہ فرماوین صحیح مسلم سی مشکواۃ مین عن ابی بکرہ قال
رسول اللہ ستکون فتن الا ثم فتن الا ثم فتنۃ القاعد فیہا خیر من الساعی الیہا الحدیث الی قولہ ویکون من اصحاب النار
کہ حدیث طویل ہی الحاصل کہ فرمایا رسولخدا نی کہ نزدیک ہی جو پیدا ہوں فتنہای کثیرہ آگاہ ہو کہ پہر بہت سی فتنہ خبردار — حدیث فتن
ہو کہ پہر پایا جاویگا فتنہ کہ بیٹہنی والا اوسمین بہتر ہوگا چلنی والی سی اور چلنی والا اوسمین بہتر ہوگا دوڑنیوالی سی طرف
اوسکی تا آخر حدیث یہانتک کہ فرمایا قاتل اور ظالم ہوگا اصحاب دوزخ سی علاوہ اسکی دیکہین حدیث انس بن مالک مودات سید علی
ہمدانی شافعی مین کہ انس بن مالک وغیرہ اصحاب سلمہ کا اونکی قول ہی کہ کہتی ہین لما سوینا التراب علی قبر محمد انکرت قلوبنا یعنی
جبکہ خاک ڈالی ہمنی اوپر قبر محمد کی یعنی برابر کیا ہمنی قبر پر خاک کو تو دل ہمارے منکر ہوگئی علاوہ اسکی ملاحظہ کرین روضۃ الاحباب
جمال الدین محدث مین کہ خود صدیق اونکی فرماتی تہی بعد وفات پیغمبر خدا کی کہ قست قلوبنا بلکہ ہم بعینہا عبارت محدث مذکور معہ قول
اونکی صدیق صاحب کے لکہدیتی ہین وہو ہذہ در عہد خلیفہ اول دہ کس از یمن آمدند نزد وی وچون کلام اللہ شنیدند رقتی در — قساوت صدیقی
دلہای ایشان پدید گشت و بگریستند ابو بکر گفت کنا ہکذا ثم قست قلوبنا بودیم ما پیش ازین در زمان رسول ہمچنین یعنی
رقیق القلب بودیم بعد ازین دلہا سخت شد آپ مقیس صاحب از راہ مہربانی کی ذرا تکلیف فرماوین اور آیہ ثم قست قلوبکم من بعد
ذلک فہی کالحجارۃ او اشد قسوۃ قرآن مین ملاحظہ فرماکر مضمون تصحیح صدیقی کو کہ کچہہ حالت مناجات بارگاہ قاضی الحاجات یا
کلام عجز و دعائے نہین ہی تطبیق دیوین مضمون آیہ مذکورہ سی اور بغور تامل انصاف سے بلا اعتساف دیکہین مشکواۃ مین حدیث اپنی بخاری کی
کہ فرمایا پیغمبر خدا نی ان ابعد الناس من اللہ القلب القاسی یعنی بعید ترین آدمیونکا خدا تعالے سے قاسی القلب آدمی ہی اور بغور ملاحظہ کرین
کہ کلام صدیق صاحب اخبار اپنی ہم کیشونسی ہی اگر بالفرض عالم مناجات اور دعا مین خاص اپنی نفس کے ہوتا تو عجز و کسر نفسی علی الحضور
حضور بارگاہ خدای ذو الجلال مین اس سے بڑہ کر کیا ہی مذنب او گنہگار اور قاسی اپنی تئین بیان کرتے تو سزاوار او عذر مقبول

Presented by Ziaraat.Com

ہی ہوتا لیکن یہان وہ بات مفقود ہی کہ وہ طریقہ ادیہ انبیاء اوصیاء اور اوصیاء ہر از روی کسر نفسی اور تعلیم امت کی فافہموا و تدبروا
علاوہ اسکی ملاحظہ کرین قول اپنی خلیفۂ عادل کا کہ حدیث ابی بردہ مین بگواہی واقرار اونکی صاحبزادہ کی خاص صحیح بخاری
مین ہی والذی نفس عمر بیدہ لوددت ان ذلک بردلنا وان کل شی عملناہ بعدہ جسکی فائدہ مین بیچ مظاہر حق کی خاص ذریعہ
عزیزیہ سی لکہتی ہین کہ حضرت عمر نی کہا کہ قسم ہی اوس ذات کی کہ جان عمر اوسکی ہاتہہ مین ہی البتہ دوست رکہتا ہون یہہ کہ وہ عمل
جو کہ ساتہہ آنحضرتؐ کی کئی ہین ہمنی ثابت اور باقی رہین واسطی ہمارے اور یہہ جو کچہہ کہ کیا ہی بعد آنحضرتؐ کی نجات پاوین اونسے
برابر سرابر اور برابر سرابر یہہ کہ نہ نفع اوسکا ہمکو پہونچی نہ نقصان و ضرر اسکا ہمپر پڑی نہ موجب ثواب کا ہو نہ سبب عذاب کا
یعنی اگر موجب ثواب کا نہو بارے سبب عذاب کا بہی نہو طاعت ناقص ما موجب عصیان نشود راضیم گر مدد علت عصیان
نشود اور اگر وہ عمل کہ بیچ سایۂ تربیت اور نورانیت صحبت آنحضرتؐ کی کئی ہمنی اور گمان اونکی قبولیت کا رکہتی ہین باقی
رہین تو زہی سعادت اور وہ عمل کہ بعد آنحضرتؐ کی کئی ہین وہ خالی خرابی سی نہین اگر سرسر گذری تو بہی غنیمت ہی اور یہہ
اس سبب سی ہی کہ تابع سیر متبوع کا ہی صحت مین اور فساد مین بیچ اعتقاد اور اخلاص کی علم و عمل مین کیا نہین دیکہا ہے
تو نی کہ صحت بنای نماز مقتدی کی اوپر صحت نماز امام کی ہی اور اسیطرح فساد اسکا اور نہین شک ہی بیچ وصول کمال کی اور
حصول صحت اعمال کی بیچ حالت ملازمت آنحضرتؐ کی اور بعد آنحضرتؐ کی کہ ہمنی ہاتہہ اپنی مٹی سی جہاڑے تہی اور ہنوز دفن ہی مین
مشغول تہی کہ اپنی دلونکو برا پایا یعنی بسبب ظلمت اور تاریکی کی کہ پیدا ہوئی جسمین سے آفتاب وجود آنحضرتؐ کی پس بڑے
غنیمت ہی کہ یہہ برابر سرابر رہین طاعات و سیآت مین اور یہہ بات نسبت جلیل القدر صحابہ کی تہی اور جو کہ بعد اونکی ہین پس
طاعات اونکی کہ زیادہ پہری ہوے عجب اور غرور اور ریا وغیرہا مین ہین انکا کیا ٹہکانا ہی انتہی کلامہ علاوہ اسکی ملاحظہ فرماؤ
مشکوٰۃ مین حدیث ہی صحیح مسلم سی عن ابی ہریرہ قال قال رسول اللہ بادروا بالاعمال فتنا کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل
مومنا ویمسی کافرا ویمسی مومنا ویصبح کافرا یبیع دینہ بعرض من الدنیا جسکا ترجمہ مع فائدہ خاص مظاہر حق سی یہہ
ہی یعنی جلدی کرو ساتہہ اعمال نیک کی اون فتنون پر کہ مانند ٹکڑون اندہیری رات کی ہونگی کہ معلوم نہین کرسکینگے
سبب اسکا اور راہ نہین ہوگی خلاصی کی اونسی یعنی پہلی اسکے کہ ایسی فتنہ پیش آوین کام نیک کرو کہ اوسوقت مین
میسر نہونگی اور بیچ محنت اور بلا دینی کی گرفتار ہونگی اور حال لوگونکا اوسوقت مین ایسا ہوگا کہ صبح کریگا شخص مومن
یعنی موصوف ہوگا ساتہہ اصل ایمان کی یا کمال اسکی کی اور شام کریگا کافر یعنی حقیقۃً یا کفران نعمت کرنیوالا ہوگا
یا مشابہ ہوگا کافرونکی یا عمل کرنیوالا ہوگا کافرونکا اور شام کریگا مومن اور صبح کریگا کافر اور کہا بعضون نی کہ معنی
یہ ہین کہ صبح کریگا اس حالمین کہ حرام جانتا ہوگا اوس چیز کو کہ حرام کیا اوسکو اللہ نی اور شام کریگا اس حالمین کہ حلال
جانتا ہوگا اوسکو اور بالعکس اور حاصل یہہ کہ مذبذب ہوگا امر دین مین اور اتباع سے ہوگا امراء دنیا کی انتہی کلامہ اب
مقتبس صاحب ہر ایک حدیث مذکورہ کے مضمونکو کہ خود اون کی اصح اصح کتاب کی ہی بغور ملاحظہ کرین اور مضمون حدیث
یا علی انت منی بمنزلۃ ہارون من موسی الا انہ لا نبی بعدی بہی صحیح مسلم مین دیکہین اور حال امت حضرت موسیٰ قرآن اور
تفاسیر مین بیچ تفسیر آیہ واتخذ قوم موسی من بعدہ الآیہ کی ملاحظہ فرماوین کہ کسقدر لوگ قوم موسیٰ سی صحبت یافتہ

وفات آنحضرت کی صبح

ہدایت اندوختہ تہی جو زندگی موسی پیغمبر مین صرف غیبت پر باوجود موجود ہونی حضرت ہارونؑ کی جو کہ جانشین
موسیٰ تہی ہزارہا برگشتہ ہوگئی کہ قرآن جسکی گواہی دیتا ہی کہ حضرت ہارونؑ نی حضرت موسیٰ سی اپنا ضعف ظاہر کیا
یعنی قال یا ابن ام ان القوم استضعفونی وکادوا ان یقتلوننی یعنی کہا ہارون نی ای بہائی قوم نی مجہی ضعیف جانا
اور نزدیک ہوئی میری ہلاکت کی مقتبس صاحب کو لازم ہی کہ اپنی پیر عزیز کی تفسیر عزیزیہ کو ملاحظہ کرین اور حال بنی اسرائیل
کا ملاحظہ فرماوین کہ بمجرد تشریف لیجانی حضرت موسیٰ کے حقیقت کیا گذری ہی اوسمین بہی تمام حال اغوای سامری کا اور
گوسالہ پرستی قوم صحبت یافتہ موسی پیغمبرؑ بتفصیل تمام لکہا ہی حرزاً للطوالہ نقل تمام حالات کی اس جگہ نہین لکہی گئی صرف
مختصراً واسطی نشان اور بینہ کی کافی ہی کہ قریب ہشتاد ہزار کس از بنی اسرائیل باغوای سامری عبادۃ گوسالہ شروع کردند
وبحکم مثل مشہور کہ انچہ آدم می کند بوزینہ ہم گرداگرد ان گوسالہ معتکف شدند وسامری خیمہ کلانی بالای ان گوسالہ
ایستادہ کردہ وفروش ورخت مکلف درانجا اندخت وگرد آن خیمہ نوبت نوازی آغاز کرد وبحضور آن گوسالہ لا یعقل
سرود ورباب وچنگ بنیاد نہاد ومرد وزن برای تماشا دویدند وبازار شیطان گرم شد ودرانجا حضرت را روز دہم
ذی حجہ وقت صبح دوازدہ لوح زبرجد کہ بران توریت منقوش بود عطا شد وکلام مشتمل بر مواعظ وحکم بایشان درمیان آمد
وبعد ازان ارشاد شد کہ قوم تو بعد از تو عجب کفران نعمت ورزیدہ اند وانچہ فرعون از ایشان درخواست می کرد کہ مرا سجدہ بکنید
بدتر ازان باغوای سامری بر خود لازم گرفتہ اند زیرا کہ التعظیم بادشاہ صاحب اقتدار کہ مالک نفع وضر باشد فی الجملہ معقولیت
دارد گوسالہ لا یعقل کہ در بلادت وحمق ضرب المثل است بہیچ وجہ شایان التعظیم نیست حضرت موسیٰ لشنیدن این خبر وحشت اثری
اختیار لشکر روانہ شدند واول باحضرت ہارون خشونت آغاز نہادند کہ شما چرا این حرکت شنیعہ را تجویز کردید حضرت ہارون
فرمودند کہ من بارہا ایشان را ازین فعل شنیع منع کردہ بودم لیکن ایشان گفتند لن نبرح علیہ عاکفین حتی یرجع الینا موسی یعنی ہرگز
اعتکاف خود را برین گوسالہ قطع نخواہیم کرد تا آنکہ حضرت موسیٰ پیش ما بیاید وحسن وقبح این فعل را بما باز نماید بعد ازان حضرت
موسیٰ بسوی آن گوسالہ متوجہ شدند وآنرا در آتش سوختند وخاکستر اورا در دریا پرانیدند وگوسالہ پرستان خفیہ خفیہ پیر فتند
وآن آب را بطریق تبرک می آوردند ومیخوردند گویند کہ فرقہ بنی اسرائیل در مقدمہ این گوسالہ سہ گروہ شدہ بودند یک گروہ
آنانکہ باغوای سامری فریفتہ شدہ عبادتش بجا آوردند وگروہ دیگر ہمراہ حضرت ہارونؑ وظیفہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر بجا آوردند
وگروہ سیوم ساکت ومتوقف بودند نہ انکار میکردند ونہ این کار گروہ اول وگروہ سیوم ہردو در پایۂ عتاب آمدند وگروہ دوم
سالم ماند انتہی موضع الحاجۃ اب مقتبس صاحب بعد وفات ہارون خود موسی پیغمبرؑ کی حالات کو غور کرین اور پہر حضرت موسیٰ
کی وفات کی بعد جو صحبت یافتہ ہدایت اندوختہ گروہا گروہ باوصف فہمایش اور وصیت موسیٰ اور باوجود عہود موثقہ اونکی
حضرت یوشعؑ وصی موسیٰ سے برگشتہ ہوگئی حتی کہ تہمت قتل موسیٰ کی لگانی لگی تمام تفاسیر وتواریخ مبسوطہ مین ملاحظہ فرماوین کہ
مفصل موجود ہی کچہ احتیاج تخصیص کسی کتاب کی نہین بالجملہ حضرت ہارون کی وفات پر بہی امت برگشتہ ہوگئی اور کہا کہ تونی ہارون
کو مار ڈالا ہی آخر جب حضرت موسیٰ نی دعا کی ہارون پہر زندہ ہوئی اور فرمایا کہ موسی بیگناہ ہین تب جہگڑا حضرت موسیٰ
کا ہوا اور حضرت موسی نی قریب اپنی وفات کی مجلس ترتیب دی اور فرمایا کہ نزدیک ہی کہ مین دنیا سی رحلت کرون سو یوشع

یوشع کو مین اپنا وصی کرتا ہون وہ میرا خلیفہ ہی صفات حسنہ اوسمین ہین تم سبکو محبت اوسکی اور اتباع اوسکا لازم ہے
تم خلاف اسکا اور خلاف پسران ہرون کا ہرگز نکرنا کہ خلاف انکا موجب غضب الہی ہوگا اور تمام بنی اسرائیل نی یہ باتین
قبول کین اور عہد موثق کیا جبکہ حضرت موسیٰ نی باہر جاکی کہ حضرت یوشع بہی اونکی ساتہہ تہی وفات پائی آور حضرت
یوشع نی قوم مین آکی ظاہر کیا تو باوصف عہد موثق او صحبت وہدایت یافتگی مدتہای مدیدہ سب اسبی برگشتہ ہوگئی کہ حضرت
یوشع پیر برخلاف نصیحت ووصیت اتباع موسیٰؑ کی خونکا دعوی کرنی لگی آور یوشع کو قید کرلیا اور آخر کو بہتری پشیمان
ہوئی مقام انصاف ہی فرماوین وہ صاحب قیاس کہ یہ قیاس اونکا چاہتا ہی کہ موسیٰ پیغمبر کی ہدایت اور فیضان صحبت
کا اتنا ہی اثر نہ ہتا جیسی مولینا فخر الدین وغیرہ پیرزادونکا اسیطرح دیکہا چاہیی حضرت عیسیٰ کی امت کا حال اور قصہ پولس جہود
امت عیسیٰ کا کہ تین شخص وہان جیسی اغوا شیطانی سی باعث تخریب واختلال امت عیسی ہوئے اسیطرح یہان حضرات ثلثہ ناصح
صاحب ہوئے فرماوین مقبس صاحب کہ ہدایت عیسیٰ کا اثر مثل پولس و مولانای مقبس صاحب بہی نہ ہتا اسیطرح غور کرنا چاہیی حال
ہمارے پیغمبر خداؐ اور اونکی امت صحبت یافتونکا خود اپنی بخاریین مین ہی کہ عروہ بن زبیر روایت کرتا ہی اور مروان و زبیر عثمانی
اور مسور بن مخرمہ دشمن نام علی عمرانی کہ یہ دونو زیادہ تر معتمد اور واجب التعظیم حضرات سنت جماعت کی ہین یہہ بہی مصدق
اور راوی ہین اس حدیث کی کہ غزوۂ حدیبیہ مین صاحب جامع الاصول بیچ حرف عین کے صحیح بخاری اور سنن ابو داؤد سی لکہا
ہی یہ حدیث طویل ہی حرزاً للطوالت عبارت صرف مقام حاجت کی واسطی صفراشکنی اور تشفی مقبس صاحب کے لکہی جاتی ہی اگر زیادہ
تشفی چاہین تو اس نشان اور بتی سی اصل کتاب مین ملاحظہ فرمالین کہ کیفیت مضمون شبراً بشبر وذراعاً بذراع وحذو النعل
بالنعل بخوبی ہویدا ہوگی جنسی صاف ہویدا ہوتا ہی کہ زمان جناب سرور کائنات مین بہی مثل امت موسیٰ حضرات کذائی برگشتہ
ہوگئی تہی کہ سرسید اور سرگروہ جنکی جناب فاروقیت انتساب حضرات علیا جناب تہی کہ نبوت تک کا انکار کرنی لگی اور
پیغمبر خداؐ کو جہٹلاتی تہی چنانچہ خود فرماتی ہین کہ مدتون اوسکی مکافات مین اعمال کئی مینی المختصر کہ بعد تفصیل طویل قصہ
ابو جندل ابن سہیل اور تکرار سہیل بن عمرو با جناب پیغمبر خداؐ اور تحریر صلحنامہ لکہا ہی فقال عمر ابن الخطاب فاتیت نبی
فقلت الست نبی اللہ قال بلی قلت السنا علی الحق وعدونا علی الباطل قال بلی قلت فلم نعطی الدنیۃ فی دیننا اذن قال انی
رسول اللہ ولست اعصیہ وہو ناصری قلت اولیس تحدثنا سنا تی البیت ولنطوف بہ قال بلی فاخبرتک انک تاتیہ العام
قلت لا قال فانک آتیہ ومطوف بہ قال فاتیت ابا بکر فقلت الیس ہذا نبی اللہ حقا قال بلی آہہی موضع الحاجۃ الی اسل کہ
جب ابو جندل کا معرکہ ہوچکا تو خود خلیفہ عادل حضرات کہتی ہین کہ مین آیا پیغمبر خداؐ کی پاس اور کہا مینی کہ یا رسول اللہ
کیا تو نہین ہے نبی خداؐ کا سچا کہا پیغمبر خداؐ نی کہ ہون مینی کہا کیا ہم حق پر نہین ہین اور دشمن ہمارے باطل پر کہا کہ ہان ہم حق
پر ہین اور دشمن باطل پر مینی کہا کہ پہر تو کیون دنیت کو ہمارے دین مین راہ دیتا ہی تب کہا پیغمبر خداؐ نی کہ مین رسول ہون
اوسکا اور نہین ہوتین کہ نافرمانی کرونین اوسکی اور وہ مددگار ہی میرا مینی کہا کہ تو نہین کہتا ہتا کہ ہم جلد آوینگی اور طواف
کرینگی خانہ کعبہ کو فرمایا کہ ہان مینی بیشک خبر دی تہی کہ تو آویگا اس برس مین مینی کہا کہ نہین فرمایا کہ تحقیق تو آنیوالا ہی
اور طواف کرنیوالا اوسکا پہر کہتی ہین خلافت پناہ کہ مین ابو بکر کے پاس آیا اور کہا مینی کہ ای ابو بکر آیا یہ نبی خدا کا نہین ہے

عبارت بخاری
عبارت ابن اثیر
از جامع الاصول

برحق کہا اوسنی کہ ہان یعنی ہی بالجملہ مضمون مقولہ جناب ابابکر بیان کرکے راوی کہتا ہی کہ قال عمر فعلت لذلک
اعمالا یاد رہی کہ یہ ایک بعد مدت کی بات ہی کہ یہ قول ان حضرت کا ہی کہ پہر عمل کیا مینی واسطی یعنی اسکی مکافات مین بہت
عمل کرتا رہا چنانچہ جمال الدین محدث صاحب روضۃ الاحباب دفتر اول مین اسی غزوہ حدیبیہ مین انکی حال مین لکہا
ہی کہ عبارت فارسی صاف یعنیہا لکہی جاتی ہی مرویست از عمر خطاب کہ دران روز امر عظیم در دل من پیدا شد و مراجعت
کردم باحضرت مراجعتی کہ ہرگز مثل آن نکردہ بودم اور پہر ایک مقام مین محدث مذکور لکہتا ہی کہ میگفت وی کہ از وسوسہ
شیطان وکید نفس کہ در آن روز بخاطر من گذشتہ بود استغفار میکنم و باعمال صوم و صلوۃ و اعتاق و تصدقات توسل
میجویم تا کہ کفارہ آن جرأت من گردد بہہ تو خاص حال تہا ان حضرت کا اب اور حضرات کذائی و اہل ابتدای کذائی کا
حال حدیث مذکور مین دیکہنی سی ہویدا ہوتا ہی کہ کسقدر برگشتہ ہو گئی تہی اور ذرا کہنا آن حضرت کا نمانا یہانتک کہ حضرت
غصہ ہوکر تشریف دولتخانی مین لیگئی اور کلام تک ترک کیا یہانتک کہ انجام کو آیت نازل ہوئی کہ تفصیل اسکی
طویل ہی روضۃ الاحباب مدارج وغیرہ کتب تاریخ شاہد حال مین چنانچہ بعد عبارت قول عمری اور فہمایش صدیقی کے
اس حدیث مین بہی لکہا ہی فلما فرغ من قضیۃ الکتاب قال رسول اللہ لاصحابہ قوموا فانحروا ثم احلقوا قال فو اللہ
ما قام منہم رجل حتی قال ذلک ثلث مرات فلما لم یقم منہم احد دخل علی ام سلمۃ فذکر لہا مالقی من الناس انتہی موضع الحاجۃ
الحاصل کہ جب فارغ ہوئی آنحضرت قضیہ نوشت وخواند سی تو کہا آپنی واسطی اصحاب اپنی کی کہ کہڑی ہو اور قربانی کرو پہر
سر منڈواؤ قسم ہی خدا کی کہ کوئی اونمین سی نہ اوٹہا یہانتک کہ فرمایا آپنی اسبات کو تین دفعہ پس جبکہ کوئی نہ اوٹہا اونمین سے
تو آپ ام سلمہ کے مکان مین تشریف لیگئی اور اونسی ذکر کیا جو کچہہ کہ ان لوگون سی دیکہا یاد رہی کہ اس مضمون پر صرف حضرات کے
اس حدیث سی احتجاجا اکتفا ہی ورنہ راویان حضرات نی خیانت بہی اسمین فرمائی ہی کیونکہ ظاہر ہی کہ راوی اسمین کون کون
بزرگوار مین کہ غش وخیانت جنکا جوہر ذاتی ہی ایک تو وہ کہ بموجب خود انکی اقرار کی بجائی فبلوا اقتلوا لکہی وا بعنی مروان
بن حکم کہ مع پدر بزرگوار مطرود رسول مقبول دوسرے مسور بن مخزمہ جسکی دشمنی نفس رسول واہلبیت طاہرین سے انکی کتب رجال
مین موجود اور کتب حقہ دیکہنی سے اوس جگہ کی بہی قلعی حضرات کی کہلتی ہی کہ مخلصین صحابہ مثل سلمان و ابوذر و مقداد وغیرہم
جب بہی انکی اس حرکت مین شریک نہی اور رہا اہلبیت رسول تابع رسول تہی اور قول وفعل رسول اونکو بجان ودل مقبول
تہا بلکہ بموجب تحریرات انکی خود پیشواؤنکی بہی ہویدا ہی کہ مقداد کہڑی ہوگئی اور حضور آنحضرت مین دست بستہ عرض کیا کہ یا
رسول اللہ تم اگر ہمین پانی مین غرق کرو تو ہمین غرق ہونا منظور اور جو پہاڑ پر چڑہاؤ تو وہ قبول غرض جہان بٹہلاؤ
وہان اسی طرح سی خوش ہین تابعدار یکو حاضر مین جو کہو حاضر ہین تب حضرت عدالت پناہی جیسی سب پشیمان ہوئی چنانچہ
علی بن برہان الدین شافعی محدث کتاب انسان العیون مین عن عرائس سی نقل کرتا ہی عقیل صاحب مذاق کیفیت اوٹہائیگا
حذرا للطوالت صرف عبارت مقام حاجت لکہی جاتی ہی فقال مقداد بن اسود اما واللہ ما نقول لک کما قال قوم موسی لموسی
فاذہب انت وربک الآیہ واللہ لو خضت بحرا لخضناہ معک ولو علوت جبلا لعلوناہ معک ولو ذہبت بنا برک الغماد لمضینا معک
فلما سمع اصحاب الرسول ذلک تابعوہ قال ابن مسعود فاشرق عند ذلک وجہ رسول اللہ انتہی علاوہ اسکی مشکوۃ مین

حدیث خاص ام المومنین حمید لغیہ ناصبہ صاحب سی صحیح مسلم کی یہی فرماتی ہین قدم رسول اللہ لاربع مضین من ذی الحجۃ او خمس فدخل
علی وہو غضبان فقلت ومن اغضبک یارسول اللہ ادخلہ النار قال او ماشعرت انی امرت الناس بامر فاذا ہم یترددون
ولو انی استقبلت من امری ما استدبرت ما سقت الہدی معی حتی اشتریہ ثم احل کما حلوا روا مسلم یعنی رسول خداؐ چوتھی تاریخ
گذری ہتی ذیحجہ سی یا پانچوین پس آئی میرے پاس اس حالت مین کہ غصہ تہی پس کہا مینی کہ کس نے غصہ دلایا آپکو یا رسول اللہ
داخل کری اللہ اوسکو آگ مین فرمایا کیا نہین جانتی تو تحقیق مینی حکم کیا لوگونکو یعنی بعضونکو ساتہہ ایک امر کے یعنی تو ڑنے
حج کی ساتہہ عمرہ کی پہر وہ تردد کرتی ہین اور اگر تحقیق مین پہلی سی جانتا کام اپنی سی اوس چیز کو کہ پیچہی جانی مینی نہ لاتا
مین ہدی اپنی ساتہہ یہانتک کہ خرید تا مین اوسکو یعنی مکہ مین پہر حلال کرتا جیسی کہ حلال کیا اونہون نی انتہی ترجمہ
تحفۃ العزیزیہ یاد رکہین مقبس صاحب کہ یہ بعض باس جو مترجم صاحب لکہتی ہین سوا اون صاحب حجت و سواس جیسونکی
اور ناس نہین خیال کئی جا سکتی اور کسی نادانکی قیاس مین بہی سوا ان جیسونکی نہین آسکتی فتذکروا وتدبروا بالجملہ ظہور
معجزہ اور مظہر مصداق فرمودۂ مخبر صادق شبرا بشبر و ذراعا بذراع اور حذو النعل بالنعل اظہر من الشمس تصور کرنا چاہئے
کہ زمانہ حیات پیغمبر خداؐ مین بہی لوگونسی مثل زمانہ موسیؑ وقوع مین آیا اور حین قریب وفات بہی جیسا کہ موسیؑ نی یوشع
اور فرزندانِ ہارون اپنی وصی اور خلیفہ کی لئی مجمع عام مین وصیت اور فہمایش کی تہی اور بعد اونکی باوصف اقرار عہد
لوگون نی شکستِ عہد کیا اور پہر رجوع کی ہی پیغمبر خداؐ نی مجمع عام مین مقام غدیر خم مین بہی عہد لیا کہ صحاح ستہ مین تمام قصہ
پہرا پڑا ہی اور قریب وفات بہی خاص مسجد مین بیچ مجمع عام کے بعد وعظ و نصیحت اور وعد و وعید کی کہ وہ خطبہ طویل صحیح
مسلم مین زید بن ارقم سی موجود ہی جسکی ابتدا یہ ہی اما بعد الا یا ایہا الناس الحدیث اور فرمایا انی تارک فیکم الثقلین
اولہما کتاب اللہ فیہ النور و الہدی فخذوا بکتاب اللہ واستمسکوا بہ واہلبیتی اذکرکم اللہ فی اہلبیتی اذکرکم اللہ فی اہلبیتی المختصر
ظاہر ہی کہ تین دفعہ اہلبیتؑ کی باب مین یاد دلایا اور تاکید فرمائی اور یہہ حدیث بہی بطریق مختلفہ متواتر ہی اور کئی دفعہ
فرمائی ہی کبہی ان لفظونسی فرمایا کبہی اسکی بعد فرمایا لن یفترقا حتی یردا علی الحوض فانظروا کیف تخلفونی فیہما عرض
خلاصہ سبکا یہ ہی کہ کتاب خدا و اہلبیتؑ کی تابعداری کی نہایت تاکید اور فرمایا کہ یہ دونو کبہی جدا نہین ہوتی ہین یعنی
اہلبیت طاہرۂ خلاف قرآن کبہی نہین کہتی اور قرآن مین خلافِ قول و فعل انکی کبہی نہ پاوگی جو یہ جانتی مین تم نہین جانتے
انپر تقدیم مت کرنا اور اونکی تابعداری کرنا تو خود پیغمبر خداؐ نی فرما دیا تہا کہ یاد رکہو کیسی میرے مخالفت تم کروگی سو ظاہر ہے
کیسی مخالفت کی بعد پیغمبر خداؐ کی اور بہتیرون نے پہر رجوع کے تو برگشتگی حضرات کذائی کو موجب مصرحۂ پیر عزیز اپنی کے کہ حال بنی
اسرائیل مین مرقوم ہوا کمال ظہور اثر حدیث اور معجزۂ انطباقِ خبر آیندہ شبرا بشبر قیاس کرنا چاہئی چہ جائیکہ خلافِ
قیاس کہنا سو وہ مقبس صاحب تابع قیاسِ اول من قاس اپنی عقل و قیاس کو تطبیق فرمودۂ رسول مقبولؐ معقول کرین اور
برگشتگی مرتدین کو ظہور معجزہ اور صدق خبر مخبر صادق جانین اور آیہ ان بعض الظن اثم تلاوت فرما کی اپنی ظن و قیاس
مخالف حدیث کو ترک کرین تبعیت حنفی سے توبہ کرین اور حدیث سیحاً امتی الحدیث اور حدیث سیحاً اصحابی وغیرہا مذکورہ
التصدر کہ بخاری وغیرہ صحاح مین بطریق متعددہ موجود ہین اور حدیث موطا مالک جسمین خاص جناب صدیقِ حضرات کے

مخاطبہ مین فرمایا لا ادری ما تحدثون بعدی فبکی ابوبکر ثم بکی ثم قال وانا لکائنون بعدک کہ بحوالہ سند باترجمہ ہر ایک اوپر
لکھی گئی ہی مکرر ملاحظہ فرمادین اور حدیث ستحرصون علی الامارۃ فرمودۂ مخبر صادق یاد کرین اور وسوسۂ عدم بقای
اثر ہدایت رسولؐ کو بتلاوتِ آیاتِ وافیۃ الہدایات لست علیہم بمصیطر اور ان تطیعوہ تہتدوا وما علی الرسول الا
البلاغ اور وما ارسلنا من رسول الا لیطاع باذن اللہ اور ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ ومن تولی فما ارسلناک
علیہم حفیظا اور انما علی رسولنا البلاغ المبین اور آیہ لیس علیک ہدیہم ولکن اللہ یہدی من یشاء اور آیہ فمن اہتدی فلنفسہ ومن
ضل فانما یضل علیہا وما انت علیہم بوکیل اور آیہ انا ارسلناک بالحق بشیراً ونذیراً ولا تسئل عن اصحاب الجحیم اور یہدی اللہ
اور فمن یضلل اللہ فلا ہادی لہ وغیرہا اور آیات کثیرہ واحادیثِ حبطِ اعمال بعدمِ اطاعت خدا و رسول متعالؐ استعاذہ بخدا
و رسولؐ دفع کرین اور دیکھین مودات سید علی ہمدانی مین کہ حضرت یوشعؑ وصی موسیٰؑ سے کیسی تشبیہ و اسوت کی تصریح پیغمبر خداؐ
نی واسطی مولا امومنینؑ کی فرمائی ہی حدیث عن سلمانؓ فارس کہ حدیث طویل کتاب مذکور مین ہی ملاحظہ فرماوین اور مضمون
من البصر فلنفسہ ومن عمی فعلیہا یاد کرین وہ صاحب قیاس ذرا تکلیف فرما کی مدارج النبوۃ مین بھی قریب زمان اخیر کی واقعات
کو دیکھین صاف عبارت اوسکی فارسی ہی بستر بر آمد صلعم بر منبر و گفت من پیش رو شما ام و شہید م بر شما و موعد شما حوض
است و من نظر میکنم بسوی حوض ہم درینجا کہ ایستادہ ام و بدرستی کہ دادہ شدم کلید خزینہای زمین را و این بشارت
است بفتح بلاد و ردی زمین و بدست آمدن خزاین ولہذا فرمود نمی ترسم بر شما کہ مشرک شوید بعد از من ولیکن میترسم
دنیا را کہ رغبت کنید دران و در فتنہ افتید و ہلاک شوید چنانکہ ہلاک شدند آن کسانیکہ پیش از شما بودند اور سواسکی ایک
رات نصف شب کو آنحضرتؐ خوابگاہ سے اٹھ کر قبرستان بقیع مین تشریف لیگئے وہان دیکھیں کیا کچھ فرمایا چنانچہ شیخ مذکور
لکھتا ہی سلام بر شما باد ای اہل قبور گوارا باد بتان آن نعمت و حالت کہ صبح کردید و ہستید در آن و دور بید از آن فتنہا کہ ہستند
مردم دران و بخات دادہ است خدا تعالی شما را ازان تحقیق روی آوردہ است بمردم فتنہا ہمچو قطعہای شب تاریک متصل آخر
از اول آن انتہی موضع الحاجۃ وہ معتقدین صاحب تسلیمہ حضرات مرتدین کو مصداق مضمون ہدایت مشحون آیہ ومن الناس من
یقول آمنا باللہ والیوم الآخر وما ہم بمومنین یخادعون اللہ والذین آمنوا وما یخدعون الا انفسہم وما یشعرون فی قلوبہم
مرض فزادہم اللہ مرضا ولہم عذاب الیم بما کانوا یکذبون تصور فرماوین اور کچھ بھو کا وسوسہ مہاجرت اور جہاد کا دل مین آوی
تو حدیث موجودہ مشکوۃ و جامع الاصول صحیح مسلم اور صحیح بخاری اور سنن ابوداؤد اور صحیح نسائی کی ملاحظہ فرماوین صاف لکھا
ہی عن عبد اللہ ابن عمر قال قال رسول اللہ المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ والمہاجر من ہجر ما نہی اللہ عنہ یعنی فرمایا
پیغمبر خداؐ نی کہ مسلمان وہ ہی کہ سلامت رہین مسلمان زبان اوسکی سی یعنی مسلمانونکو برا نہ کہی غیبت نکری اور ہاتھ سی
اذیت نہ دیوی اور مہاجر وہ ہی جسنی چھوڑ دی وہ چیز کہ منع کیا ہی اللہ نی اوس سے اور حدیث طویل ابوداؤد مین جملہ من ہجر
ما حرم اللہ علیہ یعنی ہجرت اگرچہ بمعنی نکلنی کے دار الکفر سی طرف دار الایمان کی ہی لیکن چھوڑنا حرام چیزونکا درحقیقت افضل ہجرت ہی
اور ملاحظہ فرماوین حدیث موجودۂ جامع الاصول عن ابی ہریرۃ ان رجلا قال یا رسول اللہ رجل یرید الجہاد فی سبیل اللہ
وہو یبتغی عرضا من الدنیا فقال لا اجر لہ فاعاد علیہ ثلثا کل ذلک یقول لا اجر لہ اخرجہ ابوداؤد یعنی ایک شخص نے کہا کہ یا

Presented by Ziaraat.Com

یا رسول اللہ ایک شخص ارادہ رکہتا ہی جہاد کا حال آنکہ وہ چاہتا ہی مال و اسباب مال و اسباب دنیا سی پس فرمایا حضرت نے
نہین ثواب واسطی اسکی پس تین دفعہ تکرار سی کہا اوس شخص کو ہر دفعہ یہی کہ نہین اجر واسطی اسکی اور دیکہین حدیث صحیح مسلم کے
عن ابی قتادہ ان رسول اللہ قام فیہم فذکر لہم ان الجہاد فی سبیل اللہ الی قولہ وانت صابر محتسب مقبل غیر مدبر الحاصل کہ جہاد
فی سبیل اللہ وہ ہی کہ آدمی لڑی یا مارا جاوے خالصۃ للہ دران حالیکہ نیت خالص ہو اور صبر کری دشمنونکی مقابلہ مین اور
طالب ثواب کا ہو اور متوجہ ہو مقابلہ کو سامنی ہو ہون دشمنونکی نہ یہ کہ پیٹہ دینی والا ہو یعنی بہگوڑا ہووے لڑائی سی جناب
مقیس صاحب اپنی مجاہدین صاحبونکو غور فرماوین کہ کیا صابر او مقبل اور غیر مدبر ہتی اور سوا اسکی حدیث مرویہ صحیح دارمی کہ
عتبہ بن عبد السلمی سے مشکوۃ مین موجود ہی ملاحظہ فرماوین کہ مجاہدین مین کیسی کیسی حضرات ہوتی تہی کہ لڑتی بلکہ ماری بہی
جاتی تہی اور بسبب نفاق باطنی کی اور خبث طینت کے کچہہ مفید نہین ہوتا تہا چنانچہ زبان مبارک سی خود پیغمبر خدا
نی فرمایا ایسی مجاہد منافق کے لئی کہ جاہد بنفسہ و مالہ فاذا لقی العدو قاتل حتی یقتل فذاک فی النار ان السیف لا یمحو النفاق
المختصر حاصل مضمون تمام حدیث کا یہ ہی کہ تلوار خطاؤنکو البتہ محو کرتی ہی لیکن نفاق کو محو نہین کرتی ہی یعنی جہاد مین
قتل ہو جانی تک بہی تو منافق کو چہٹکارا نہین نار سی چہ جائیکہ فراریان جہاد و معاندان اہلبیت رسول کردگار مقصد ثا
لث الجہاد مشکوۃ و جامع الاصول وغیرہا مین اپنی جیبون صحاح مین صدہا حدیثین اس قسم کی ملاحظہ فرمالین اور آیۃ یا ایہا الذین
امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول ولا تبطلوا اعمالکم بہی علاوہ انکی ملاحظہ فرماوین اور غور کرین کہ اطاعت خدا و رسول کا
حکم مومنین کے خطاب مین ہی اور صاف ہدایت ہی کہ اطاعت سی باہر ہونمین اعمال حبط ہوتی ہین یعنی بالفرض اگر ایک وقت
مین مومن اور مجاہد بہی کوئی ہو اور پہر اطاعت خدا و رسول سی باہر ہو تو سب اعمال سابقہ حبط ہین بلکہ دیکہین حدیث
معاذ موطاء مالک اور صحیح نسائی اور ابو داؤد کی قال رسول اللہ الغزو غزوان الی قولہ وعصی الامام وافسد فی الارض
فانہ لم یرجع بالکفاف الحاصل کہ کوئی شخص کیسا ہی جہاد مین لڑی لیکن اگر عصیان امام اور فساد کری بیچ زمین کے
تو نہین بخشی جائیگی گناہ اوسکی علاوہ ان سبکی حدیث مرویہ سنن ابو داؤد اپنی صحاح ستہ سی مشکوۃ مین دیکہین
عن سہل بن معاذ عن ابیہ قال غزونا مع النبی فضیق الناس المنازل وقطعوا الطریق فبعث رسول اللہ منادیا ینادی
فی الناس ان من ضیق منزلا او قطع طریقا فلا جہاد لہ رواہ ابو داؤد اور ترجمہ بہی اوسکا ذریعۂ عزیزیہ سی خاص دیکہین
کہ مظاہر حق مین ہی روایت ہی سہل بن معاذ سی کہ نقل کی اپنی باپ سی کہ کہا جہاد کیا ہمنی ساتہہ رسول خدا کی پس
تنگ کیا لوگون نی منزلونکو یعنی بعضون نی بلا حاجت یا زیادہ حاجت سی مکان روک لئی بسبب اسکی تنگ کی جگہ اور دوسرون
اور قطع کیا اونہون نی راہ کو یعنی بسبب تنگ کرنے اسکی گذرنی والونپر پس بہیجا نبی نی پکارنیوالیکو کہ آواز کری لوگو
مین یہ کہ جو شخص تنگ کری منزل کو قطع کری راہ کو پس نہین ثواب جہاد اوسکی لئی یعنی بسبب ضرر اور اذیت پونہچنی کے
لوگونکو نقل کیے یہ ابو داؤد نی اب مقیس صاحب اسے دو فائدہ غور کرین ایک تو یہ کہ یہ مجاہد ہدایت یافتہ سامنی پیغمبر خدا
کے یہ استعداد و مادہ اذیت رسانی مومنین کا رکہتی تہے تو بعد کا کیا پوچہنا دوسرے حبط ہو جانا تمام ثواب جہاد
کا صرف عام لوگونکی ضرر اور اذیت سی تو وای بر حال اونکے جو معاذ اللہ خاص ذریت رسول اور آل طاہرہ کو اذیت

دین اور خاص بضعۂ رسولؐ کو اتنا ناراض کریں کہ مرتے دم تک وہ ناراض جاویں اور بات نکریں اور جنازہ تک
آنیکی روادار نہوویں کہ اذیتِ بضعۂ رسولؐ و زوجِ بتولؑ و نفسِ رسولؐ اذیتِ رسولؐ ہے اور اذیتِ رسولؐ اذیتِ خدا
ہے آپ بقیں صاحب آیہ ان الذین یؤذون اللہ و رسولہ الآیہ تفسیرِ بیضاوی میں ملاحظہ فرماویں کہ وہ محققِ مفسرین کا اس
آیت کی تفسیر میں کیا لکھتا ہے کہ ہمنے بھی اوسکا اشارہ مقامِ ضرورت پر کردیا ہے الحاصل کہ خود بموجب حدیثوں صحاحِ حضرات
کے ہویدا ہے کہ مہاجرت اوسی مہاجر کی مقبول ہے کہ مہاجرت کرے محرماتِ خدا و رسولؐ سے قلباً او عملاً اور جہاد بھی اوس
مجاہد کا کہ جہد کرے از روے نفس کے ممنوعاتِ خدا و رسولؐ سے اور جہاد فی سبیل اللہ ہولے شائبۂ ریا و مفادِ دنیائے کما
یشہد بہ القرآن والاحادیث من الصحاح الستہ تعجب ہے کہ یہہ صاحب قیاس برگشتگیِ مرتدین علی اعقابہم کو معجزۂ انطباقِ اخبارِ
مذکورہ کیونکر نہیں قیاس کرتے اور کمال العجب العجاب یہ ہے کہ باوصف اسکے کہ خود حضرات کی ہاں موجود ہے کہ حضرت ابو طالبؑ
عم مرتاض اور محبِّ رسولؐ مقبولؐ تھے جنہوں نے مرتے دم تک صرف حمایت اور جانفدائی اور رفاقتِ پیغمبرِ خدا میں صرف
زندگانی کی چنانچہ علی بن برہان الدین شافعی محدثِ حضرات انسان العیون میں بعد ذکر مختفی ہونے آنحضرتؐ کی شعب میں اور
بعد ذکر تحریرِ صحیفۂ قریش کے بعہد موثقہ منعِ بیع و شرا و وصلت با رسولِ ہدیٰ جو حال حضرت ابو طالبؑ لکھا ہے تہوڑے
عبارت مقام حاجت کی لکھی جاتی ہے لکھتا ہے وکان ابو طالبؑ فی کل لیلۃ یامر رسول اللہؐ ان یاتی فراشہ ویضطجع بہ فاذا نام
الناس اقامہ وامر احد بنیہ وغیرہم ای من اخوانہ او بنی عمہ ان یضطجع مکانہ خوفاً علیہ ان یغتالہ احد ممن یرید بہ السوء اور
ہرچند حالات اعلان شہادتین جناب مولائے مومنین اسوقت سے کہ ہنوز شکمِ مادر میں تھے شہرۂ آفاق اور مندرج کتب اہلِ خلاف
و نفاق ہیں کہ کلمہ گویاں اور معجزہ نمایاں ہوئے لیکن نظر بر تمام بحث وہ خود بھی صاحبزادہ کو اور سبکو تعلیم و وصیتِ دینِ محمدیؐ
کی تاکید فرماتے رہے اور تا دمِ مرگ صحبتِ با برکتِ مصطفویؐ میں بسر اور رات دن ہدایت پاتے چنانچہ محدث دہلوی مدارج
میں لکھتا ہے کہ ابو طالب در وقتِ موتِ خود طلبید بنی عبد المطلب را و گفت ہمیشہ بر خیر و نیکوئی خواہید بود اگر سخنِ محمدؐ شنوید
و اتباعِ امرِ وی کنید و اعانت و امدادِ وی نمائید و نصرت دہید او را تا فلاح و رشد یابید و در مواہبِ لدنیہ از ہشام بن
سائب آوردہ کہ گفت چون حاضر شد ابو طالبؑ وفات جمع کرد بسوی خود قریش و اکابرِ ایشانرا ایشانرا وصیت کرد مر ایشان را
و گفت ای معشرِ قریش شما برگزیدہ ہای خدائید از میان خلق من وصیت میکنم شما را بمحمدؐ بخیر زیرا کہ وی امین است در قریش و صدیق
است در عرب و وی جامع است ہر چیز را کہ وصیت میکنم بدان و تحقیق آمدہ است امری کہ قبول کردہ است آنرا دلہا و انکار
کردہ است زبانہا از جہت ترس ملامت الی قولہ ای معشرِ قریش باشید مر او را دوستان و مر کردہ او را حمایت کنندگان
بخدا سوگند کہ مسلوک نکند ہیچ راہ متابعت او را مگر رشد یابد و کار او با مان گردد و نگیرد ہیچ یکی سیرت او را مگر آنکہ نیک بخت
شود و اگر ہستی مرا مدتی و اجل مرا تاخیری ہر آئینہ باز دارم آفات را و دفع کنم از وی حوادث را این بگفت و از عالم رحلت
و بالجملہ اعانت و امداد و حمایت و رعایت و مدح و ثناء ابو طالبؑ مر آنحضرتؐ را و اعلای شان و رفعِ مکان وی در اشعار و اخبار
بسیار است و با وجود آن میگویند کہ ایمان نیاورد اور بھی محدثِ مذکور لکھتا ہے کہ در روایت ابن اسحق آمدہ کہ وی اسلام آوردہ
نزدیک بوقتِ موت و گفتہ کہ چون قریب شد موتِ وی نظر کرد عباسؓ بسوی وی و دید کہ می جنبانید لبہائے خود را پس گوش

عبارت انسان العیون

فی کل حمایت و رعایت ابو طالب با رسول خدا

عبارت مدارج النبوۃ

گوش نہاد وعباسؓ بسوی او و گفت بآنحضرت یا ابن اخی واللہ بتحقیق گفت برادر من کلمہ را کہ امر کردی تو او را بدان کلمہ یہہ محدث مذکور ایک جگہہ لکہتا ہی واین نیز گفت صلعم غفر اللہ لہ ورحمہ ونیز آوردہ کہ سید عالم ہمراہ جنازۂ ابو طالب میرفت ومیگفت ای عم من صلۂ رحم بجا آوردی و در حق من تقصیر نکردی خدا ایتعالی ترا اجزای خیر دہاد اور ترجمہ تاریخ ابو الفدا مین ہی کہ اور حضرت عباسؓ سی ہی کہ بروقت وفات کی ابو طالبؑ ہونٹ ہلاتا تہا حضرت عباسؓ فرماتی ہین کہ مینی کان لگا کر سنا اور اوسنی کہا کہ قسم خدا کی ای بہتیجی وہ کلمہ جسکی کہنی کی واسطی تو مجہکو کہتا تہا مینی کہہ لیا اوسوقت رسولخدا نی اللہ کی حمد کی اور فرمایا کہ حمد ہی خدا کو جسنی ای چچا تجہکو ہدایت نصیب کی اور باینہمہ خلف حضرت عباسؓ یہہ کتاب مذکور میں لکہتا ہی کہ یہہ روایت حضرت عباسؓ سی منقول ہی مگر مشہور یہہ ہی کہ معاذ اللہ وہ کافر موئی اور یہہ خود لکہا ہی کہ مگر چند اشعار ابو طالبؑ یہہ دریافت ہوتا ہی کہ اونہونی رسول اللہ کی تصدیق کی ہی اون اشعار کا ترجمہ یہہ ہی ہدایت کی تو نی مجہکو او مینی جان لیا کہ تو سچا ہی امین ہی اور جانا مینی کہ دین محمدیؐ تمام دینونسی بہتر ہی قسم ہی خدا کی نہ پہنچین سب طرف تیری جب تک کہ گاڑی نہ جاوین مٹی مین اور ابو طالبؑ کی کچہہ اوپر اسی برس کی تہی عمر آور علی بن برہان الدین شافعی انسان العیون مین لکہتا ہی عن مقاتل ان اباطالبؑ قال عند موتہ یا معشر بنی ہاشم اطیعوا محمدا وصدقوا ترشدوا الخ یہہ بہی مقام مین تہوڑی دور پر ہی لما تقارب من ابیطالبؑ الموت نظر العباسؓ الیہ یحرک شفتہ فاصغی الیہ باذنہ فقال یا ابن اخی واللہ لقد قال اخی الکلمۃ التی امرتہ بہا انتہی موضع الحاجۃ اور بیہقی نی بہی روایت کی اور اسی کتاب مین یہہ بہی ہی ان علیا کرم اللہ وجہہ غسلہ بامر النبیؐ الحدیث اور آنکی ہاشمی ثقۃ الحفاظ ابو الکرام میان عبد السلام بن محمد بن حسن کہ کمال معتمد وسلم مین صاف لکہتی ہین ثقات روایات سی کہ اتفق ائمہ اہل البیت ان اباطالبؑ مات مسلما وخلاف اہل البیت فی الاسلام خلاف غیر معتبر تو باینہمہ تصریحات او صحبت وہدایت اون مقیس صاحب کی قیاس مین معاذ اللہ کیونکر آتا ہی کہ اعتقادات کفر مندرجہ کتب عقاید حضرات نسبت بجناب حضرت ابو طالبؑ درست ہونگی درانحالیکہ سید عالم اونکی جنازہ پر روو ہین بہی اور حضرت عباسؓ قسم سی گواہی اسلام بہی دیں اور خود مضمون اشعار ابو طالبؑ او نصیحت قریش حقیت خاتم الرسالتؐ پر صاف ظاہر ہووی اور اہل بیت طاہرہ احد الثقلین متفق ہون اونکی اسلام پر یہان نہین قیاس فرماتی کہ مولوی فخر الدین صاحب کی صحبت یافتہ او نصیحت اندوختہ خدام سی بہی معاذ اللہ پیغمبر کے حامی مددگار ملازمت وموصلت پیشہ تا دم مرگ دونی عم بزرگ کا باوصف موجود ہونی پیغمبرؐ کے بہی یہہ رتبہ ہو کہ بپاس خلیفہ پنجم بافترا دکذب احادیث موضوعہ وہ خیال کرتی ہین اور کتب اعتقادیہ مین ضروریات دین سی جانتی ہین الحق حب الشی یعمی ویصم وبیکم کے معنی ایسی جگہ بخوبی ظاہر ہوتی ہین وہان وہ قیاس مختل الاساس اور یہان یہہ وسواس الخناس نفس الامر مین بات صرف اتنی ہی کہ خلیفہ پنجم انکا معاذ اللہ جیسی جناب مولای مومنینؑ کو نسبت ابداع واحداث کی اور ترکہ دین مصطفویؐ کی دیتا تہا اور ابو ہریرہ وعمرو عاص او مغیرہ بن شعبہ جیسیون سی حدیثین وضع کروا تا تہا اسیطرح بسبب عداوت جناب مولیؑ کی اونکی جناب والد ماجد کے لئی بہی احادیث مخالف ایمان وضع کروا مین کہ درحقیقت یہہ بہی ایک اسوہ ہی اونکو ساتہہ پیغمبر خداؐ کے اور اوسکو اسوہ ہی اپنی بزرگون سی کہ بزرگ اوسکی پیغمبر خداؐ کو ساحر اور کذاب کہتی تہی چنانچہ قرآن عظیم اسپر ناطق ہی قال الکافرون ہذا ساحر کذاب ناصح صاحب اور اونکی اہل نحلہ کو اسوہ واقتدا ہی اپنی خلیفہ پنجم سے کہ یہہ جناب مجتہد العصر کو کہ ذریت اہلبیت رسولؐ مین اور اور شیوخ کتب اربعہ وغیرہ کو

اور دعای مغفرت بہی دیوین اور رحمۃ چاہین القدسی اور غسل دیوین اونکو جناب امیر ع

عبارت ترجمہ تاریخ ابو الفدا

عبارت انسان العیون علی بن برہان الدین شافعی

عبارت ثقۃ الحفاظ ابو الکرام عبد السلام ... اتفاق ائمہ بر اسلام حضرت ابو طالبؑ

سادات و شیعیان کو کہ آل رسول ہیں نسبت کذب و افترا کی دیویں الحق یہ اثر عداوت و نفاق ہی کہ از راہ مخاصمت نسبت کفر
و کذب مومنین آل یاسین کو لگاتی ہیں اور مصداق اذا خاصم فجر ہوتی ہیں اور قطع نظر ان تمام امور کی ایک نمونہ عداوت
دعوی حضرات سنت جماعت کا باتباع اہلبیت طاہرہ کہ بالاتفاق احد الثقلین ہیں یہ ہی کہ باوصفیکہ دعوی تو اتباع اہل بیت کا
اور خود لکھتی ہیں کہ مذہب اہل بیت اور اتفاق ائمہ اہل بیت ہی کہ ان ابا طالب مات مسلما و خلاف اہل البیت خلاف غیر معتبر اور
پہر شرم و حیا یہ کہ کتب اعتقادیہ میں تعلیم ہی معاذ اللہ اعتقاد عدم اسلام حضرت ابی طالب کی الحق اذا لم تستحی فاصنع ما
شئت فی المختصر کہ وہ مفتیص صاحب آیہ واما ثمود فہدیناہم فاستحبوا العمی جو کہ خود پروردگار عالم فرماتا ہی کہ اپنی قوم ثمود کو
پس ہدایت کی ہمنی پس دوست رکہا اونہوں نی اندہا ہونیکو نابینائی کو یعنی گمراہی کو وہ مفتیص صاحب اگر ہدایت کریکا حق
کی قوم ثمود کو انکار کرینگی تو ظاہر ہی کہ خدا کو جہٹلا اور نہیں تو پیغمبر خدا کی ہدایت پر بقیاس ہدایت اپنی تو لینا کی تعجب
عبث ہی بلکہ جیسا کہ پیغمبر کے لئی تعجب کرتی تہی اب خدا کی لئی تعجب کریں اور اگر بالفرض کچھ اراءۃ الطریق و ایصال الی المط
کا وہاں حرف زبان پر لاوینگی تو یہاں بہی وہی حرف گلوگیر ہوگا اور وہ ہی آتش در کاسہ موجود فافہم و تدبر بالجملہ انبیا و
اوصیا سابقین سے وصی خاتم الانبیا کو اسوہ و اقتدا ہی چنانچہ چند آیات قرآنی کہ خاص وصی رسول سبحانی کی تصریح صاحب احتجاج
عالم ایمانی احتجاجاً بالقرآن جواب میں بعضی مستفسرین بسبب عزلت کی کہ باہمہ قوت خیبر گیری کیوں نہ قوت ظاہر اظہار اسوت
انبیا میں خود ارشاد فرمائی ہیں مناسب مقام کلام مرقومہ معلوم ہوتی ہیں مختصر تقریر سی لکہی جاتی ہیں کہ اہل ایمان کا ایمان بفحوائ
آیہ اذا تلیت علیہم آیاتہ زادتہم ایمانا زیادہ ترقی پکڑی اور منافق سوخت و کباب ہوں فرماتی ہیں کہ مجہی سات نبیوں سے اقتدا
ہی کہ پہلا اونکا حضرت نوح پیغمبر ہے کہ پروردگار عالم خبر دیتا ہی حال نوح سی کہ کہا رب انی مغلوب فانتصر یعنی جب بہت
اذیت دیکہی او ستم دیکہی تو کہا کہ ای پروردگار میں مغلوب ہوں پس مدد کر تو اگر یہ کہو کہ نوح پیغمبر مغلوب نہ تہی تو قرآن کو جہٹلا(یا)
اور یہی حال تہا تو علی ابن ابیطالب معذور تہی اور دوسرے ابراہیم خلیل اللہ ہیں کہ کہا و اعتزلکم وما تدعون من دون اللہ یعنی عزلت
گزین ہوتا ہوں میں تمسی اور اوس چیز سی کہ پکارتی ہو تم سوا خدا کی پس اگر کہوگی کہ عزلت کی ابراہیم نے بغیر مکروہ باتوں کی تو کفر
کروگی اور جو کہوگی کہ ان مکروہات دیکہیں لوگوں سی تو وصی معذور تہی تیسرے لوط پیغمبر کہ خدا فرماتا ہی قال لقومہ لو ان
لی بکم قوۃ یعنی کہا لوط نی واسطی قوم اپنی کی کاش کہ ہوتی واسطی میرے تم پر قوۃ پس اگر کہو کہ لوط کو قوۃ ظاہری تہی تو کفر کیا تمنی
اور اگر نہیں اور کنارہ کش ہوئے بلکہ بیٹیاں عرض کیں تو وصی معذور تہی چوتہی یوسف کہ آیہ ہی اونکی باب میں قال رب
السجن احب الی مما یدعوننی الیہ یعنی کہا یوسف نی کہ پروردگار میرے قید خانہ بہت پیارا ہی مجہی اوس چیز سی کہ بلاتی ہیں مجہی طرف
اوس چیز کے پس اگر کہو کہ نہیں بلایا گیا یوسف طرف اوس چیز کے کہ بیزار کرتی ہی اللہ کو تو تو کافر ہو اور نہیں تو وصی معذور تہی
پانچوین موسی پیغمبر ہیں کہ آیت ہی قرآن میں ففررت منکم لما خفتکم فوہب لی ربی حکما وجعلنی من المرسلین یعنی حضرت موسی
نی کہا کہ پس بہاگا میں تم سی جب ڈرا میں تم سی پس بخشا میری لئی پروردگار نی حکم اور گردانا مجہی پیغمبر ولیسے چہٹی ہارون پیغمبر
ہمارے ناصح صاحب بعینہ یکسان مرقوم ہین اور یہ حرکت کذب آمیز اونکی مظہر اثر ہی حدیث ماثورہ مسطورہ کا واضح ہو
کہ وہان کلام ہی قطع و یقین اور قوت و ضعف اور رجحان و غیر رجحان مین نسبت ایک دوسری کی کہ غیبت امامؑ مین بی
رجوع اور تحقیق حال رجال رُوات اور رعایت مرجحات اور قراین کی حسب وسع طاقت ذی لیاقت عالم اکمل کے ہرگز
چارہ نہین ہی اور ہر وقت مین جرح و تعدیل محتاج الیہ و درکار ہے چنانچہ اسی فائدہ مین فرماتی ہین از ینجاست کہ شیخ اجل
شیخ ابو جعفر طوسی علیہ الرحمہ کہ مصنف دو کتاب است از کتب اربعہ حدیث در تہذیب الاحکام جابجا در روایات مختلفہ احتمال
وہم راوی را ذکر فرمودہ و بر متتبع خبیر آن مواضع پوشیدہ نخواہد بود من شاء فلیرجع الیہ علاوہ بر سہو و وہم احتمال خطا در
فہم ہم در ہر راوی متطرق است و تجویز نقل بالمعنی در احادیث وارد است و چون رواۃ معصوم نبودہ اند وقوع خلل
از انہا ممتنع نیست پس چگونہ مقطوع الصدور توانند بود آری در زمان غیبت بغیر از رجوع بروایات ائمہ ہداۃ علیہم السلام
والصلوٰۃ بعد تحقیق حال رواۃ در رعایت مرجحات و قراین بحسب وسع طاقت چارۂ دیگر نیست پس تحقیق و تنقید بر ہر کس
کہ لیاقت آن دارد لازم است و لہذا علمای اعلام تحقیق حال رواۃ اہتمام تمام بکار بردہ اند وقس علی ہذا اسی قسم کی مضامین
کہ خود ناصح صاحب کے کتابون مین علماء و معتقد آپ کی اس سے بڑہ کر لکہتی ہین موجود ہین کہ تصریح اونکی قریب ذکر ہوتی ہی جنکو ناصح
صاحب بنمایش افترائی کذائی بر ہم و کار لاتی ہین سو یا متجاہلانہ یا بمقصود افترا و اغوای جاہلان یا بسنت وارث مصرحۂ
بالا یا بسبب جہالت اور عدم بلوغ مقصود و مرام علمای کرام کے ہی جو ناصح صاحب بسنت عزیزیہ بنمایش کذائی پیش آتی ہین جواب
مین ایسی راست باز نصیحت گار کی بجز کلمہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین دوسری بات موہنہ سی کیا نکالی جای سبحان اللہ دہ کتابین جہان
احتمال وہم راوی تک بہی روایات مختلفہ مین مبین ہین اور خود حدیثین اس مضمون کی موجود کہ حدیث کو جب قبول کرو جب یہ
صفتین موجود ہون اور خود شیوخ کتب اربعہ تصریح اسکی کرین معاذ اللہ پہر ان شیوخ کو وضاع و کذاب کہنا اور اپنی شیوخ
کذاب و غدار جیسا ظاہر کرنا صرف سنت ہی اپنی شیخونکی اور سر خروئی دنیا و آخرت کی حاصل کرنی ہی اور داخل ہونا ہی نیچے
مضمون آیہ والذین یؤذون المؤمنین والمؤمنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بہتانا و اثما مبینا کی یہ عقل کی دشمن شیوخ کتب
اربعہ کو ایسی نسبت دیتی ہوئے اتنی تمیز بہی نہین کرتے اور خیال نہین کرتے کہ راوی حدیث کی وہم وضاعی و کذب سی جامع اور ہو
کو بہی کوئی بہلا مانس کاذب اور وضاع کہہ سکتا ہی جو کہ خود اتنی محتاط کہ خود تصریح اور تاکید اس بات کی بہی فرماوین بلکہ
کمال احتیاط و اہتمام اور ثقاہت ہونا واضح ہوتا ہی نہ کہ بی اعتباری لا حول و لا قوۃ الا باللہ آنکہین کہولکر دیکہین اور
تصریح منقولہ شیخ الطائفہ و غیرہ سے کہ ابہی لکہی گئی ہی ناصح صاحب نصیحت پکڑین اب سنین ناصح صاحب کہ راوی کی سقم و صحت
اور جرح و تعدیل سے اگر بی اعتباری اوس کتاب حدیث کی جسمین ایسی راویون سی روایت ہو لازم آتی ہی تو حضرت کے
صحاح ستہ بموجب تصریح خود آپ کی علمای ذوی الاکرام کی بی اعتبار ہوگئی چاہئین کہ خود تہذیب الکمال وغیرہ کتب رجال شاہد حال
ہین ذرا آنکہین کہولکر شرح سفر السعادۃ شیخ محقق دہلوی کو تو دیکہین کہ فارسی عبارت اوسکا یہ ہی کی ہو بہت صاف ما یقرء ہے

ہی اور اسپر بہی نہ سمجہین تو کسی پڑہی لکہی سی سمجہین آور ذرا اپنی دلمین متنبہ ہوں ہم ناصح صاحب کو متنبہ کر دیتی ہین کہ
دسوین صفحہ سی اٹہارہوین صفحہ تک ملاحظہ فرما دین تو واضح ہووے کہ کیا قدرت الہی کا تماشا ظاہر ہوتا ہی کام تابعین بایہ بیۃ العلم
کا دہوکی بازی اور غلط اندازی اور جہالت شعار اور بازاری پن نہین کہ نواصب کیطرح اصل مضمون و عبارت مین تغلیب
کر جاوین اور غلط کاریونسی دہوکا دیوین اور افترا ہر کرین بیہ اسوت و تبعیت کسی غادر او خائن سی نہین کہتی تابع اوس
مولی کی ہین جسکی حق مین باقرار ابن حجر وغیرہ مخالفین بہی واضح ہی کہ مخبر صادق نی فرمایا ہی کہ انا منذر وانت الہادی ہم
بعینہا نقل عبارت اونکی تحقیق کے تمام تمام مطلب ضروری کی اس جگہ لکہدیتی ہین اور اگرچہ وہ ہمارے تنبیہ کو تو کب سنتی ہین کیونکہ
ظاہر ہی کہ تابعین حضرات ختم اللہ علی قلوبہم و علی ابصارہم غشاوۃ مین سی ہین لیکن اپنی شیخ و محقق کی تنبیہ سی تو متنبہ ہووین
نہین تو اپنی عقیدہ بموجب بہی فارق جماعت ہونگی کیونکہ وہ بتصریح تمام اونکی ائمہ اور سرداران جماعت سی لکہتا ہی اول
وہ دیکہین صفحہ دسوین مین وصل وجوہ طعن در راوی وغیرہ مرتب اقسام حدیث کہ نقل اوسکے کہ صفحات کثیرہ مین باعث
طوالت لاطائل ہی بہتوں لیسی ضرور عبارت نقل ہوتی ہی اوسکی پتہ سی سارے فصل عقیل فہیم وہان بہی دیکہہ سکتا ہی آور ناصح صاحب
کہ مدعی ہین ملاحظہ روضۃ الاحکام کی بیان اتنی ہی عبارت مین اگر غیرت ہو تو عرق شرم مین ڈوب سکتی ہین کہ اس قسم کی ارشاد
مین اونکی بعد سفر السعادۃ مین وصل تیرہوین ہی اما وجوہ طعن متعلق بعدالت پنج قسم است اول از جہت کذب راوی دویم اتہام
وی بکذب سیوم فسق چہارم جہالت پنجم بدعت و متعلق بضبط نیز پنج قسم است اول از جہت فرط غفلت دویم کثرت غلط سیوم
مخالفت ثقات چہارم وہم پنجم سوء حفظ واما کذب راوی مراد بوی آنست کہ ثابت شدہ باشد کذب وی در حدیث نبوی روایت
از وی چیزی کہ نگفتہ و حدیثی را کہ مطعون است راوی وی بکذب موضوع خوانند و ہرگاہ ثابت شد از وی تعمد کذب در حدیث
نبوی دیگر ہرگز از وی حدیث مقبول نبود اگرچہ وقوع آن در تمام عمر یکبار بود و اگرچہ توبہ کند بخلاف شاہد زور چون
توبہ کند و شیخ محمد جوینی تعمد کذب را بر آنحضرت داخل کفر دانستہ و مراد بحدیث موضوع در اصطلاح اہل حدیث این است نہ آنکہ البتہ
ثابت شود وضع و کذب در خصوص این حدیث و باید دانست کہ حکم بوضع و افترا بحکم ظن غالب است نہ بقطع و یقین فان الکذوب
قد یصدق و تتمہ این بحث در خاتمہ کتاب بیاید انشاء اللہ تعالی ناصح جیو خبر لین اپنی صحاح کی میان ابوہریرہ کی وضاع ہونیکے
اونکی خلیفہ عادل کے صاحبزادہ قائل ہین او رصدیقہ اور علی ہذا القیاس معاویہ اور عمرو عاص اور سمرہ بن جندب وغیرہم
کے کہ بعض کے کذابی کی خود اونکی ابوحنیفہ بعض کے شافعی قائل ہین اور بخاری و مسلم وغیرہما صحاح اونسی بہری پڑی
ہین غرض کلام طویل اس باب مین بیانتک ہی کہ بارہوین صفحہ مین انجام کو لکہتا ہی کہ بالجملہ علمای حدیث مختلف اند در اخذ
حدیث از اہل بدع و ارباب مذاہب زائغہ در جامع الاصول می گوید اخذ کردہ اند جماعۃ از ائمہ حدیث از فرقہ خوارج و انتساب
کہ منسوب اند بقدر و تحملہا ذکر سوہم و اپنی صفر اشکنی حضرات نواصب کی عبارت جامع الاصول بہی بعینہا اس مقام کی جامع الاصول
سی لکہدیتی ہین کہ وہ بہی حاضر ہی الطبقۃ وہی اعظم انواع الجرح و خبث طبقات المجروحین الکذب علی رسول اللہ قد
ارتکبہا جماعۃ کثیرۃ اختلف اغراضہم و مقاصدہم الخ پہر تیرے سطر سی صفحہ اٹہارہوین مین لفظ تنبیہ سی ملاحظہ فرماوین
اور متنبہ ہوں تنبیہ مارا کہ نظر باین تحقیقات و ابحاث گفتہ است محقق حنفیہ شیخ کمال الدین ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ کہ این

ترتیب که محدثین در صحت احادیث و تقدیم صحیح بخاری و مسلم قرار داده اند تحکم است و جائز نیست در وی تقلید زیرا که
اصحیت نیست مگر از جهت اشتمال رواة بر شروطی که اعتبار کرده اند آنرا بخاری و مسلم و چون فرض کرده شود وجود آن شروط در
رواة حدیث غیر کتابین حکم باصحیت آنچه درین کتابین است عین تحکم و مکابره بود و شک نیست که بحکم بخاری و مسلم باستجماع راوی
معین آن شروط را جزم و قطع نمیتوان کرد بمطابقت این حکم مر واقع را و جائز است که واقع خلاف آن باشد و وجود دلیل
قاطع بر صحت حکم ایشان و جزم مدار ان محل منع است تنبیه ہمارا بہت بہت آداب نیاز ناصح صاحب کے خدمت بابرکت مین قبول
ہووے اب کوئی دلیل قاطع والی کتاب احادیث کی کسی ملک جوار کی کہیتی مین سے تلاش کرکے نکالین بخاری و مسلم تو بموجب انکی
مذاق عقیدہ و اعتراض کے بارہ گئین بعدہ لکہتا ہی و بہ تحقیق اخراج کردہ است مسلم در کتاب خود از بسیارے در رواة که سالم نیستند
از غوائل جرح و ہمچنین از کتاب بخاری جماعہ اند که تکلم کردہ شدہ است در ایشان پس مدار کار در حق رواة بر اجتہاد علماء و صوابدید
ایشان باشد انتہی موضع الحاجة اور بیسوین صفحہ مین وصل کے شروع مین دیکہین محقق مذکور لکہتا ہی کتب ستہ که مشہور اند در اسلام
گفته اند که در انجا اقسام حدیث از صحاح و حسن و ضعیف ہمہ موجود است و نقاد و حذاق فن آنرا تمیز کردہ اند و تسمیہ آنہا بصحاح ستہ
بطریق تغلب است انتہی موضع الحاجة حقیر نے حذرا للطوالة صرف اسیقدر عبارت پر اکتفا کیا ہی ناصح صاحب اس تنبیہ سے متنبہ
ہوکر اسکی اول کی تنبیہات اور اصل و نقل ملاحظہ فرمادین تو زیادہ متنبہ ہونگی اور ذرا غور سے اس ارشاد شیخ کو اور لطافت
کلام کو دیکہین کہ کس صفائی سے حق بر زبان جاری ہوگیا کہ کہتا ہی تسمیہ صحاح بطریق تغلب است اور مضمون ابن ہمام کو خوب ملاحظہ
کرین کہ وہ صاف لکہتا ہی کہ حکم ساتہہ اصحیت انکی صحیحین کے عین تحکم ہی اور مکابرہ ہی اور صاف کہتا ہی کہ بیشک ان دونون کی حکم
جزم و قطع نہین چاہیئے بلکہ جائز ہی کہ واقع مین خلاف اسکی ہو اور دلیل قاطع انکی صحت پر ممنوع ہی اور دونون کی راویون مین
غوائل جرح اور کلام کہتا ہی یاد رہی کہ غوائل جمع ہی غائلہ کی قاموس منتہی الارب وغیرہ مین دیکہہ لین جسکی معنی صاف کینہ پوشیدہ اور
شر و بدی اور ہلاکت کے ہین اور صاف لکہتا ہی کہ اسیطرح گروہ رواة بخاری مین کلام ہی تو صاف اقرار سے ناصح صاحب کی ائمہ فقہ
و حدیث کی واضح ہوگیا کہ خاص احادیث صحیحین کہ انکی عقیدہ مین اصح کتب بعد کتاب اللہ ہین انکی ایسی راویونکی موضوعہ مین
کہ کینہ پوشیدہ اور شر و بدی رکہتی تہی اور ہلاکت مین تہی قول ناصح صاحب جو بعد بڑی لن ترانی اور غلاظت لسانیکی ہی
کہ اپنی کتب اربعہ پر عمل چہوڑ دو اور ہمارے صحیحین پر عمل کرو کہ وہ ہماری عقیدہ مین بعد کتاب اللہ سب سے اول مرتبہ رکہتی ہین سو
اب ذرا شرم کرین دیکہہ لیا حال انکا اپنی محققین کے اقرار سے راوی وہ ہالک ہین وہ جنکی حقیقت اوپر بطریق نمونہ ظاہر
ہوئی آگی خود اقرار ائمہ صاحبو نکا یہ کچہہ اور پہر آپ بہ تبعیت ائمة یدعون الی النار اہل حق کو دعوت کرین طرف ہلاکت کی لا حول
ولا قوة الا باللہ ناصح جی صفحہ ۴۲۵ مین اور بہی ذرا آنکہین کہولکر دیکہین کہ کیا قدرت حق کا تماشا ظاہر ہی اور خود شیخ مذکور
اونکا کیا لکہتا ہی جو کہ مآل و انجام ہی مضمون جناب مجتہد العصر دام ظلہ کا بدانکہ معنی حدیث موضوع و اقسام و مراتب آن سابقاً
در مقدمہ معلوم شد و نیز معلوم شد کہ حکم بوضع و افترا نیست مگر بظن غالب و تخمین و جزم و یقین درین باب صورت نہ بندد و چگونہ صورت
بندد فان الکذوب قد یصدق یعنی گاہی بود که دروغگو راست ہم گوید پس احتمال دارد کہ در خصوص این حدیث صادق آمدہ باشد
ہرچند دروغگو باشد ہمچنانکہ راست گو نیز بامکان عقلی محتمل است کہ دروغ گوید بنای این باب و مدار این کار بر ظن غالب است

ت و می گویند که مراہل حدیث را و مہرہ این شان را ملکۂ خاص و تمیزی مخصوص و آشنای تمام بکلام نبوت علی مصدرہ الصلوۃ
نتیجہ پیدا میشود که بدان صحیح را از سقیم می شناسند و جدا می کنند ہر چند سبب آن را تعیین و تنقیح نتوانند نمود و اینکار کسی است از
ان الشان که اطلاع و قوی بہاردی تمام و ذہن و کاتب و قریحۂ وی جید و درک و فہم وی سلیم و معرفت و حذاقت وی بقراین آلہ بران راسخ
و متمکن باشد اینکار ہر کس نیست انتہی موضع الحاجۃ اور صفحہ ۲۲۶ مین لکہا ہی بعض خبرہاست که در حکم اقرار بوضع است چنانکہ
علم بتاریخ ولادت راوی یا وفات شیخ و امثال آن از انچه اجتماع راوی و مروی عنہ و سماع از و با وجود آن امکان نداشته باشد
و در بعض صور اگر علم بقرینۂ مذکورہ یقینی بود حکم بوضع نیز قطعی گردد و گاہی قرینہ واضحه در حال راوی پیدا گردد که دلالت کند بر
وضع مثل قصہ غیاث با مہدی خلیفه در حدیث لا سبق اور بعد کلام طویل کی اسی مقام مین لکہا ہی که قراین دیگر مثل مخالفت نص
قرآن و سنت متواترہ و اجماع قطعی و صریح عقل که در انجا تاویل و توجیه و تطبیق را راہ نبود قوی تر از انست انتہی موضع الحاجۃ
بعضی تناقض جو نسبت بکلام مصرحہ مقدمہ اس کلام شیخ مذکور مین پائی جاتی ہین اور قابل جرح ہین باعث طول تحریر مین
حذرا للطوالۃ اونسی اس جگہ تعرض نہین کیا جاتا غرض اصلی صرف اس مقام پر اتنی ہی که جو امور که جناب قبلہ و کعبہ حضرت مجتہد العصر
دام برکاته فی اس مقام مین کتاب محولۂ ناصح صاحب یعنی روضۃ الاحکام مین مع حال تیات وغیرہ مراتب ارشاد فرمائی ہین
تصدیق کلام جناب مختشم الیه اور مقصود و مرام جناب ممدوح خود کلام شیخ محقق ناصح صاحب مین موجود ہین جو شخص دونو کتابو
کو سامنی رکہکی مطابقت دیوی تو کیفیت افترا و کذب بیانی ناصح صاحب ہویدا ہو علاوہ اسکی ہم ایک اور تقریر کہتے ہین
یہ ناصح صاحب اعرابی تو کیا سمجہین گے مگر اور اہل عقل صاحبان ذہن سلیم کیفیت اٹہا سکتے ہین مگر واضح ہی که داخل
ہونی کسی روایت غیر قطعی و متیقن الصدور راوی مجروح یا مخالف کی کتاب مین بی اعتمادی تمام کتاب کی اور حکم وضع و
افترا مولف پر کوئی عقیل نہین کہہ سکتا علی الخصوص اس حالت پر که مولفین اسکی تصریح اور تعلیم فرما دین اور طریقہ تمیز
و تنظیف بتحقیق ہی ہدایت کر دین اور علمای نقاد و قاد کتب قبلکو کام فرما کی صحت اور سقم اور صدق و کذب کو مثل دود اور
پانی کی علاحدہ کر دین ناصح صاحب تو کہین که اگر کوئی کاتب اونکی حضرت عثمان کی برادر رضاعی یعنی عبد اللہ بن ... جیسا
یا حکم بن العاص یا مروان بن حکم جیسا یا اونکی خلیفه عادل فاروقیت مآب یا اونکی امیر صدیقه جیسی جنابات
کے فرمانیسی قرآن مین کوئی کاتب مثلا ابو یونس مولائے ام المومنین عائشه یا عمرو بن نافع وغیرہما کی مانند قرآن مین یون
لکہہ دیوی حافظوا علی الصلوۃ والصلوۃ الوسطی و صلوۃ العصر اور سند اسکی صحاح سته مین بہی دیو اور اہل صحاح
روایت کرین که ام المومنین سے اسطرح صحت معہ ہی یا کوئی شخص کہی یا لکہدی قرآن مین الشیخ والشیخة اذا زنیا
فارجموہما اور کہوی که جناب خلیفه عادل فاروق یونہین فرماتی تہی اور سند اسکی موطا مالک اور کتاب مسنو تالیف والد
ماجد پیر عزیز ناصح صاحب کے کوئی بتلا دیوی یا کوئی مروان و حکم جیسا بجای آل عمران آل مروان قرآن مین لکہہ دیوی و
قس علیہ ہذا اسی طرح کام کری یا سہوا کوئی کاتب قرآن مین کوئی جملہ چہوڑ جاوی یا کوئی کلمہ زیادہ بمقتضای بشریت بفحوا
مضمون الکاتب کالحمار یا کوئی طویل القامت عقلمند بجای عصی آدم عصی موسی اور بجای خر موسی خر عیسی لکہہ جاوی
اور وقت صحت و تحقیق علمای محدثین و حفاظ صحت و غلطی ظاہر ہو جاوی اور صحت پر عمل کیا جاوی تو پہر ناصح صاحب جیسی عقلا

معاذ اللہ تمام قرآن کی حق مین اوجامع قرآن کے لئی کیا ارشاد فرماوینگی ایا وہان حکم عدم صحت کل کتاب اللہ مثل کافی وغیرہ
کتب اربعہ جاری کرینگی اوریہی جامع صاحبکو وہ کلمات فرماوینگی جو محمد بن یعقوب کلینی وغیرہ مشایخ کی حق مین فرماتی ہین اور
راویان مسئلہ کی حق مین وہی کلمات لکہینگی جو رواۃ کتب اربعہ کی حق مین فرماتی ہین فالجواب الجواب یہ جو ناصح صاحب
بعد مضمون تراشی اور نمائش ارشاد قول جناب مجتہد العصر دام برکاتہ اور مسخ وفسخ ترجمہ عبارت جناب ممدوح کے فرماگئی ہین کہ عمل اپنے
کتابونپر چہوڑدو الی آخرہ اگر کچہہ بہی انصاف کو کام فرماوین تو اون کلمات کو کہ اسطرح خطاب کئی ہین اپنی حق مین واجب
جانین گروہ تعینا اولی جاتی ہین مع ازدیادی ضروریکی یعنی جب تمہارے محقق علما متکلمین بس فقہا ومجتہدین علامی فہامی فرید
وحید العصر زبدۃ الافاضل نخبۃ الاماثل مثل ابن ہمام ومحقق دہلوی وغیرہما جیسے اپنی زبان مبارک سی ارشاد فرماوین کہ
صحیت تمہاری ایسی مشہور صحیح کتابونکی ممنوع ہی اور تسمیہ اونکا بصحاح تغلیبی ہی جنہین تم اصح کتب بعد کتاب اللہ لکہتی ہو وہ راویان
لکین پر غوایل کی ہین اور مطابق واقع کی قطعی نہین تو تم پر وجب اور لازم ہوا کہ عمل کرنا اونپر چہوڑ دو اور مخترعات مفتریات
جو اونہون نی لکہدی ہین اونسی باز آو اور چلنا سیدہی راہ کا اختیار کرو اور ہمکو دعا دو کہ تم غافلونکو غفلت سی جگادیا اور
سوتونکو بیدار کردیا اور عذاب قیامت سے بچادیا اور تمہارے بزرگونکی اقوال پر تنبہ کردیا اب لازم ہی کہ تمام صحاح ستہ اور سنن
اور مسانید کو دریا مین ڈبودو یا مثل احراق قرآن بسنت عثمانی کام فرماؤ ناصح صاحب کو نسبت اختراع وابداع کی شیوخ
کتب اربعہ اور علمای اتباع اہلبیت طاہرہ کو دیتی ہوے شرم نہین آتی جو کہ متمسک ہین اہلبیت کی اور منسوب کرتی ہین اپنی تئین
ساتہہ اعتصام اہلبیت کی اور روایت وحدیث جو لیتی ہین تو اہلبیت طاہرہ کی اگر بالفرض وہم راوی یا شک وشبہ
کسیطرحکا بہی ہوتا ہی تو اسکا اشارہ اور اوسکی توضیح کرتی ہین یا کوئی منافق تم جیسا یا باطل و ہالک راوی ظاہر ہوجاتا
ہی تو بعد تحقیق وتدقیق اور رجوع ورد طرف آیات اور احادیث متواترہ کی طرح کر ڈالتی ہین کتب رجال مین اعتبار و
بی اعتباری اسکی تصریح کرتی ہین اور ہرگز مخالف اہلبیت کی روایت پر عمل نہین کرتے اور ناصح صاحب جو بعد زبان درازی اور فلطات
وغلاطت مورو ثی فاروقی کی فرماتی ہین کہ کافی لشیعتنا کا ہونا واسطی کافی کی غلط جانا چاہیئی سو بفحوای المنافق اذا
خاصم فجر محض کلام مستدرک اور لغو ظاہر ہوگیا بلکہ بنظر ارشادات مصرحہ صدر اور احادیث منطبقہ کتاب مذکورہ کہ بعد اثبات
اون احادیث کی صحت وسقم ہر ایک حدیث کا واضح ہوتا ہی اور اصول وفروع سب موجود تو بیشک کمال کفایت واسطی
شیعیان اہل بیت طاہرہ کی ثابت ومتحقق ہی چہ جای عدم کفایت مگر جیسے کہ قرآن شفا اور رحمۃ وہدایت ہی واسطی مومنین
کے اور زحمت ہی واسطی کافرین کے یہی حال ہی کافی کا کہ کافی ہی واسطی مومنین باصفا توابع ائمہ ہدا کی اور غیر کافی واسطے
تابعان ائمہ نار کی ناصح جیو نہین دیکہتے کہ اصل ماخذ اونکا ائمہ اطہار سی ہی جو احد الثقلین ہین احیانا اگر حرکات رواۃ
سے کچہہ غائلہ نقل وغیرہ مین ہو یا روایت مخالف قرآن ہو مثلا مضمون حدیث لانرث ولانورث کہ صاف مخالف آیہ وورث
سلیمان داؤد الآیہ ہی تو وہ بفحوای ارشاد آیہ فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ ورسولہ اور بمصداق حدیث ائمہ
معصومین اذا جاءکم حدیث فاعرضوہ الی کتاب اللہ فما وافق الی کتاب اللہ فخذوہ وما خالف کتاب اللہ فدعوہ بیشک وہ بعد
تحقیق علمای کمل یعنی مجتہدین اتباع اہلبیت طاہرہ اور رد وتطبیق باکلام ہدایت انجام ملک علام حسب فرمودہ اہلبیت منقول

رسولِ انام جہان لیتی ہین اور راوی کو نامقبول اور کاذب جانتی ہین یا اگر راوی معتمد ہی اور روایت اوسکی مخالف تواتر
اور اعمالِ ائمہ اطہار ظاہر ہوا اور عند التحقیق مقام تقیہ کے متحقق ہو تو تقیہ پر حمل کرتی ہین تو موافق و مطابق ثقلین شیعیان
اہلبیت طاہرہ اتباعِ شجرہ طیبہ کا عمل ہوا یا اتباعِ شجرہ ملعونہ کا تم کہو کہ دہر سری بگڑی ہوئے کہ جہر ان ابتدا سی انتہا تک مقتدا
اور مقتدا تمہارے سب مخالفِ رسول و اہلبیت رسول بڑی پیشوا تمہارے وہ حضرت جو رد کرین فرمانِ رسول کو اور اختراع کرین اپنی
طرف سی اور بڑے معتمد تمہارے صاحب بخاری کہ بی شمولِ خوارج و نواصب کی اہلبیت سی حدیث نہ قبول لین معاذ اللہ سا بین اور لاعنین
اور مداحِ قاتلینِ نفسِ سید المرسلین کو صادق اللہجہ لکہین کہ تصریح ان تمام باتونکی کرمانی اور فتح الباری شرح بخاری مین بروی علم دیکہ
سکتا ہی بڑی مجتہدہ امیر المومنین آپکی وہ ام المومنین جو بسبب شدت بغض و عداوت کی نام نیک تک نفس رسول کا زبان پر نہ لاتی
تہین محب طبری کہ اشد نواصب ہی جنکی حق مین لکہتا ہی لا تقدر علی ان تذکرہ بخیر اور شارح بخاری لکہتا ہی لا تطیب نفسا
ان تذکرہ بخیر حالانکہ جامع الاصول بین جمع بین الصحیحین مین صاف حدیث ہی کہ پیغمبر خدا نی فرمایا جناب نفس رسول کو کہ لا یحبک الا
مومن و لا یبغضک الا منافق سبحان اللہ یہی مدعی ایمان جنکی یہ معظمہ امیر و مجتہد اور انکی روایات سے صحاح بہر ہوئے ہین ذرا
تکلیف کرکے تاریخ الخلفاء جلال الدین سیوطی کو تو ملاحظہ فرماؤ فصل اولیات عمر کو دیکہو اور شرم و خدا سی نہین ڈرتی خدا کو
حاضر ناظر نہین جانتی تو لوگونکی آنکہہ کی تو شرم چاہیی ہم تہوڑسی باتین فصل مذکور مین سے تمہین یاد دلاتی مین اصل
کتاب سی تطبیق دی لو دیکہو وہ صاف لکہتا ہی فصل اولیات عمر مین اول من سمی امیر المومنین و اول من سن قیام شہر
رمضان و اول من حرم المتعۃ و اول من نہی عن بیع امہات الولد و اول من جمع الناس فی صلوۃ الجنازۃ علی اربع
تکبیرات و قس علی ہذا بہتیری اختراعات اور مخالفتین ہین ان جناب کی با رسول و نفس رسول کہ درحقیقت وہ منجر ہوتی ہین بمخالفت
خدا سبحان اللہ انہین کا معتقد حافظ ابو بکر ابن مردویہ بریدہ سی روایت کری مناقب مین کہ قال امرنا رسول اللہ ان نسلم علی
علی بامیر المومنین یعنی بریدہ نی کہا کہ حکم کیا پیغمبر خدا نی ہمکو کہ سلام کرین ہم اوپر علی کی ساتہہ امیر المومنین کی اور سالم سی
روایت کرین قال کنت مع علی فی الارض لہ یحجر نہا حتی جاء ابو بکر و عمر فقالا السلام علیک یا امیر المومنین و رحمۃ اللہ و برکاتہ فقیل
کنتم تقولون فی حیات رسول اللہ ذلک فقال عمر ہو امرنا یعنی سالم نی کہا کہ تہا مین ساتہہ علی کی بیچ ایک زمین کی کہ وہ
کہیتی کرتی تہی اوسمین حتی کہ آئی ابو بکر و عمر پس کہا دونون نی سلام تجہپر اے امیر المومنین اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی
پس کہا گیا ابو بکر و عمر کو کہ تم زندگی مین پیغمبر خدا کی یو نہین کہتی تہی تب عمر نی کہا کہ اوسنی حکم دیا تہا ہمکو اور دیلمی مسند فردوس
مین روایت کری کہ قال لو یعلم الناس متی سمی علی بامیر المومنین ما انکروا فضلہ و سمی بذلک و آدم بین الروح و الجسد و حین
قال اللہ الست بربکم و قالوا بلی فقال تعالی انا ربکم و محمد نبیکم و علی امیرکم یعنی فرمایا پیغمبر خدا نی کہ اگر جانین لوگ کہ کب نام رکہا گیا
علی ساتہہ امیر المومنین کے تو انکار نکرین بزرگی اوسکی کو اور نام رکہا گیا وہ ساتہہ اسکی اوس حال مین کہ آدم درمیان
روح او جسد کی تہا کہا پروردگار نی آیا نہین ہون مین رب تمہارا اور کہا اونہون نی کہ ہان پس کہا خدا نے مین ہون رب تمہارا
اور محمد نبی تمہارا اور علی امیر تمہارا اور خطیب اپنی تاریخ مین لکہتی کہ فرمایا رسول خدا نی ہذا علی ابن ابیطالب امیر المومنین و
امام المتقین اور خلیفہ عادل ناصح صاحب بر و قسط و صدور حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ بخ بخ لک یا علی ابن ابیطالب اصبحت مولای
و مولی کل مومن و مومنۃ خود بہی فرمادین کہ تفسیر کبیر فخر رازی وغیرہ تفاسیر اور کتب صحاح مین انکی موجود ہی کہ خود حیات پیغمبر

مین یہ فرمادین اور ظاہر ہوگیا کہ کہیت مین جنگل مین تخلیہ مین بعد وفات بہی بلفظ امیرالمومنین مولای مومنین کو خطاب
کرین اور اپنی خلافت مین اپنی لئی یہہ لفظ اختراع کہ اختراع بہی ہی او افترا بہی کہ غصب لقب نفس رسول بہی ظاہر اور بر
مخالفت خدا و رسول بہی ہویدا دیکہین کہ شہر رمضان کا قیام یعنی تراویح بہی عدالت پناہ کا اختراع ہی جسی اونہین کی زبا
بخاری نعمۃ البدعۃ تصریح کرتاہی یعنی خود عدالت پناہ فرماتی تہی کہ کیا اچہی بدعت ہی دیکہیہ لین آنکہین کہولکر کہ کلمہ اول من
حرم المتعہ کیا حقیقت خلیفہ ثانی ناصح صاحب ظاہر کرتاہی کہ یہان قول حسبنا کتاب اللہ بہی مثل رجوع از نبوۃ صاف رجوع ظاہر ہے
سبحان اللہ قرآن مین تو پروردگار حلال کری متعہ کو اور پیغمبر حکم جاری کرین پیغمبر کے عہد مین تہی انکی اپنی خلیفہ صدیق صاحب
کی عہد مین بہی بلکہ خود انکی اپنی عہد مین بہی جاری رہی یہ ایسی ناسخ قرآن پیدا ہوئی کہ فرمادین کہ مین حرام کرتاہون اور کیا مستحکم
اعتقاد ہی احزاب ناصح صاحب پیروان عمری کا کہ خدا و رسول سی موںہہ موڑین لیکن انکی بدعت کو نہ چہوڑین جو شخص آیۃ وما
استمتعتم بہ منہن فاتوہن اجورہن فریضۃ قرآن مین دیکہہ لی اور تفسیر نیشاپوری اور تفسیر کبیر وغیرہ ملاحظہ کری اور جامع الاصول
مین حدیث ابن مسعود بخاری و مسلم کی دیکہی کہ صاف ہی عن ابن مسعود قال کنا نغزو مع رسول اللہ ولیس معنا نساء فقلنا الا نختصی
فنہانا عن ذلک ثم رخص لنا ان نستمتع فکان احدنا ینکح المراۃ بالثوب الی اجل اخرجہ الشیخان وعن جابر قال کنا نستمتع بالقبضۃ
من التمر والدقیق الایام علی عہد رسول اللہ وابی بکر حتی نہی عنہ عمر اخرجہ مسلم کہ زیادہ قیل و قال اسمین ابحث تضییع اوقات ہی
کیونکہ خود اونکی حدیث صحیحین مین سے یہانتک واضح ہی کہ قطع نظر رسول مقبول کی عہد ابوبکر میں بلکہ مدتون خاص عہد عمر مین بہی جاری
رہا یہانتک کہ منع کیا عمر نے یعنی اب یہانا نسخ کا عہد آنحضرت مین مطلقا نہ تہا فافہموا و تدبروا ناصح صاحب یا حرمت متعہ سی دست
بردار ہون یا صحیحین کو مفتریات و موضوع کہین یا اپنی قایل انا احرمہما کو ناحق کہین حلال بخاری مین بیع امہات ولد کا کتب
فقہ حنفیہ وغیرہ مین ہی کہ جناب امیر فتوی بیع ام ولد کا دیتی تہی فصل مرقومہ مین دیکہلو کہ منع کیا عدالت پناہ نی اور کیا شرم و حیا
ہی ناصح صاحب کی پیروی پیروونکی کہ پہر اپنی تئین متمسک باہلبیت ظاہر کرین اور عمل کرین اختراع و منع عمری پر صلوۃ جنازہ
کی چار تکبیرین دیکہین ناصح صاحب کہ اختراع عمری مین ذرا شرم کرین کہ اہل حق کو اسی حقیقت پر طرف بدعت کی بلاتی ہین اور
قول آیندہ مین پانچ تکبیر کے ترک کی نصیحت فرماتی ہین کہ ہاتہہ نہ اوٹہاؤ یعنی رفع یدین نہ کرو اور کہتی ہین کہ پانچ تکبیر جنازہ
مین شیوخ کتب اربعہ کی وضاعی سی ہی الا لعنۃ اللہ علی الکاذبین الحق کافر ہمہ را بکیش خود می پندارد اپنی شیخ کی نسبت ہمارے
شیوخ سے نسبت فرمائی عین علامت فقدان حیا و ایمانی ہی بلکہ سوای اس مقولہ نجملہ جلال الدین کی تاریخ ابو الفدا مین دیکہین
تو او آنکہین کہلین کہ وہان صاف نسبت چار تکبیر جنازہ کی یون لکہتاہی کہ پہلی اس سے زیادہ تہین چار ایجاد عمری ہی یعنی چار
انہون نی سکہلائین لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور شرح سفر السعادۃ مین محدث دہلوی حالات نماز میت مین فتح الباری سی
جو لکہتاہی صفحہ ۴۲۹ مین آنکہین کہولکر ملاحظہ کرین کہ خاص صحیح مسلم سی روایتین لکہی ہین جسکو اصح کتب بعد کتاب اللہ اپنی
انہین در قوتین مخدوم لکہتی ہین روایت کرد صحیح مسلم از زید بن ارقم کہ وی پنج تکبیر میگفت و رفع میکرد این را بآنحضرت و از ابن
مسعود روایت شدہ کہ وی نماز بگذارد بر جنازہ مردی از بنی اسد و پنج تکبیر گفت اور بعد بیان اختلافات کثیرہ کی صفحہ ۴۳۴
مین لکہتاہی کہ در مبسوط حنفیہ مذکور است کہ ابو یوسف پنج تکبیر میگفت و از احمد نیز روایتی ہست و بکر بن عبداللہ مزنی بر آن رفتہ

رفتہ کہ کم از سہ نباید گفت و نہ زیادہ بر هفت انتہی کلام فتح الباری و شمنی می گوید کہ امام محمد در آثار از ابو حنیفہ از حماد از
ابراہیم نخعی می آرد کہ صحابہ تکبیر میگفتند بر جنازہ چہار و پنج و شش و در روایتی پنج و شش و بیشتر ازان در زمان رحلت پیغمبر خدا
ہمچنین در ولایت ابو بکر و چون ولایت بعمر فاروق رسید ہمچنین می کرد پس گفت عمر الخ انتہی موضع الحاجہ مشکوۃ مین بیچ
باب المشی بالجنازۃ والصلوۃ کی یہ حدیث صحیح مسلم عن عبد الرحمن ابن ابی لیلی قال کان زید ابن ارقم یکبر علی جنائزنا اربعا
وانہ کبر علی جنازۃ خمسا فقال کان رسول اللہ یکبرہا یعنی کہا یہہ عبد الرحمن نے کہ زید بن ارقم تکبیر کہتا تہا جنازون پر ہمارے چار
دفعہ اور تحقیق تکبیرین کہین ایک جنازہ پر پانچ پس پوچہا ہمنی اوس سے یعنے چار کہا کرتی تہی پانچ کیون کہین تو جواب دیا زید بن
ارقم نی کہ پیغمبر خدا پانچ تکبیرین کہتی تہی تنبیہ عقیل فہیم پاسکتا ہی نکتہ اور لطافت جو جواب زید بن ارقم مین ظاہر ہی اور کیفیت
قرار واقعی حاصل ہو سکتی ہی اگر ذہن سلیم اور عقل مستقیم اور نظر ہو کتب تاریخ پر کہ حالات زمان حکومت جائرین وغاصبین
او نمین مین کیونکہ صاف واضح ہی تصریحات جلال الدین سیوطی اور ابو الفدا اور محقق دہلوی وغیرہم محدثین و مورخین سے کہ استبداد و
استقرار چار تکبیرات پر احداث و اختراع عمری ہی تو زید بن ارقم وغیرہ بیچارے کیا مقدور رکہتی تہی کہ خلاف خلافت پناہ کی کار بند
ہو سکتی سو چار کہنی زید بن ارقم کی خلافت عمری کی زمان احداث مین تہین جب وہ علت دفع ہوئی یعنی خود وہ محدث و مستبد
نہ رہی تب زید بن ارقم نی پہر بموجب قول و فعل رسول مقبول کی پانچ تکبیرین کہین چنانچہ جواب سوال مین ظاہر کر دیا چنانچہ
تصریح اس قسم کے امور کی جناب سید برکت علی صاحب کی رسالہ مین کہ مفید العوام نام ہی بہت تفصیل سی ہی من شاء فلیرجع الیہا ومن
لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور نصیحت پناہ فرماتی ہین کہ رفع یدین چہوڑ دو یعنی ہاتہہ اوٹہانا تکبیر پر اور نصیحت شعاری ہی کہ
اسی بہی مفتریات کتب اربعہ غلامان خمسہ طاہرہ ظاہر فرماتی ہین اور شرم و حیا کو طاق نسیان پر رکہدیا ہی زیادہ تفصیل ایسے
صاحب خرافات کی خطاب مین کیا لکہی جاوی اس مختصر دو کلمہ پر اکتفا ہی کہ یہہ پہلی بالنس اگر علم و عقل سی بی بہرہ مین کتب
مبسوطہ عربیہ پر نظر اور غور نہین تو ایسی بی ڈہنگے بہتان بندیون سے کیا مفاد ہی شرح سفر السعادۃ کو کہ صاف و سہل فارسی عبارت
ہی دیکہین اور شرم کرین خدا و رسول اور لوگون سی دیکہیں شرح مذکور مین حدیث ہی عمر اور ابن عمر اور ابن عباس اور زید بن ثابت
کی رفع یدین مین اور مذہب شافعی یہی ہی چنانچہ متن مین مجد الدین فیروز آبادی لکہتا ہی کہ حضرت دستہا در تکبیر بر داشتی اور شارح
مذکور کہتا ہی کہ مذہب شافعی و احمد ہمینست و مروی است از فعل عمر و ابن عمر و ابن عباس و زید تا آخر کہین آپ رد پہ قنوت کو بہی مفتریات
کتب اربعہ شیعہ ظاہر کرتی ہین اور نصیحت کرتی ہین ترک کی حالانکہ مشکوۃ کی باب الصلوۃ کی دوسرے فصل مین پہلی حدیث ہی عن ابن عباس
قال قنت رسول اللہ شہرا متتابعا فی الظہر والعصر والمغرب والعشاء وصلوۃ الصبح الحدیث اور پہلی فصل مین متفق علیہ بخاری
و مسلم سی عن عاصم الاحول قال سالت انس بن مالک عن القنوت فی الصلواۃ کان قبل الرکوع او بعدہ قال قبلہ انما قنت رسول
اللہ بعد الرکوع شہرا الحدیث جس سے عقیل منصف پر ناصح صاحب کی صحیحین سے صاف ظاہر ہی کہ ہمیشہ تو قبل از رکوع آنحضرت قنوت پڑہتی
تہی اور ایک مہینے پہر بعد رکوع کی پڑہا تو اب کیسی ہی صناعی اور وضاعی کو کام کرین لیکن بفحوای مضمون الحق یعلو ولا یعلی حق
بر زبان خود بخود جاری ہو جاتا ہی اور اصل حقیقت انہین کے ہاتہ سے کہل جاتی ہی مگر زیادہ سوختگی در باب قنوت نصیحت مآب کو
یہ ہی کہ جناب مولائے مومنین اُنکی خلیفہ پنجم اور اونکی اعوان پر چند مدت قنوت مین نفرین فرمایا کئے ہین جیسے کہ رسول مقبول

فرماتی تہی فتنکِ قرا، پر سمجھو اونکی حسن ظن مین یہ متصور ہے کہ شیعیان مولای مومنین ہمیشہ ہر وقت قنوت مین یہی بات کرتی
ہین یا قنوت کی نام سی وہ نفرین انکی دلمین کہٹکتے ہی کہ آپنے اسکی بالکل ممانعت فرمائی اور فقرات تبلایا ذرا دیکہین مشکوٰۃ
کو اور شرم کرین اہل حق کی سامنی لب ہلادین کہ خود فضیحت ہونا ہی کہین آپ فرماتی ہین کہ تین غسل مردہ کی چہوڑدو کہ
تمہارے چاردن کتابونمین ہی حالانکہ صاحب فتح الباری شارح صحیح بخاری شرح حدیث غسل میت مین صاف لکہتاہی و استحب
ثلثۃ یعنی تین غسل میت کی مستحب ہین اور ام عطیہ سی حدیث متفق علیہ بخاری ومسلم ہی جو کہ شروع فصل مین اول باب غسل میت
مین بیچ مشکوٰۃ کی حدیث طویل ہی قالت دخل علینا رسول اللہ ونحن نغسل ابنتہ فقال اغسلنہا ثلثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رأیتن
ذلک بماء وسدر واجعلن فی الاخرۃ کافورا الحدیث الحاصل روایت ہی ام عطیہ سی کہ آئی ہمارے پاس پیغمبر خدا اور ہم اونکی
بیٹی کو نہلاتی تہین یعنی حضرت زینب کو پس کہا کہ نہلاؤ اسکو تین بار یا پانچ بار یا زیادہ اس سے اگر ضرورت دیکہو تم
غرض نہلاؤ تم ساتہہ پانیکی اور بیری کی اور اخیر مین غسل کافور کا کرنا چاہیی اور مظاہر حق مین کہ ترجمہ با فواید خاص
ذریعہ عزیزی ہی فائدہ مین صاف لکہتاہی کہ لفظ آو کا اسمین ترتیب کے لئی ہی نہ تخییر کے لئی اسلئی اگر پاک ہوجاوی پہلی
غسل مین تو مستحب ہی تین بار نہلانا انتہی موضع الحاجۃ ہرچند مستحب کہنا تین غسل کا مستدرک محض ہے بلکہ وجوب خود حدیث
سے انکی ہان ہویدا ہی کیونکہ اغسلنہا ثلثا ہی اور تردید زاید علیحدہ پہر استحباب تین غسل کا کہنا یعنی چہ لیکن بطریق تنزل تین
غسل تو مستحب خود ان پیروان ثلثہ کی عمل و اقرار ہی موجود مین آب خالص و سدر اور کافور کے پہر اغسال ثلثہ پر کیون
سوختہ ہو کے مکرانی؛ تہون اپنی فضیحت ظاہر کروانی اگر مانند اپنی خلیفہ عادل کی ارشاد رسول مقبول پر عمل نہین اور چون
وچرا اور ہذیان سرائی پر استبداد و اصرار ہی تو قول و فعل اپنی ہانی ہوئی عادل اصحاب نکا تو دیکہین اور اپنی محدثین کے تحریر
بتصریح دیکہین اوس سے کیا کیفیت ظاہر ہی اور کچہہ بہی شرم اختیار کرین تو عرق شرم مین ڈوب جاوین اور نہاوین جس سے صاف
بالتصریح کالشمس فی وسط النہار روشن و آشکار ہی کہ خاص پیغمبر خدا کو بہی تین غسل دی گئی جسکی گواہی بہی خاص اونکی صدیقہ
دیتی ہین چنانچہ علی بن برہان الدین محدث شافعی انسان العیون مین احادیث صحاح سے لکہتاہی عن عائشہ وغسل ثلاث غسلات
واحدۃ بالماء القراح وواحدۃ بالماء والسدر وواحدۃ بالماء والکافور اور محدث مذکور بعد حدیث مسطور لکہتاہی ای
والغسلۃ التی کانت بالماء القراح کانت بعد الغسلۃ التی بالسدر فہی المزیلۃ وفی کلام ابن الجوزی فغسل رسول اللہ فی المرۃ الاولی بالماء
القراح وفی الثانیۃ بالماء والسدر وفی الثالثۃ بالماء والکافور الخ اور اسی کتاب مین تہوڑی عبارت کی بعد حال تکفین ہونے
مین دیکہین کہ بعد تفصیل وجوب اثواب ثلثہ وکم وزیادہ لکہاہی کہ پیغمبر خدا کو سات پارچہ کا کفن دیا گیا جس سے کہ ناصح صاحب
تبرا اور تحاشی ظاہر کرتی ہین چنانچہ یہ ہی عبارت محدث مذکور کی وفی روایۃ کفن فی سبعۃ اثواب وبعد تکفینہ وذلک یوم الثلثا
وضع علی سریرہ الخ نہین معلوم ناصح صاحب کس نیند سوتی ہین مگر اتباع باب مدینۃ العلم کو گم جانا ان گم نام ناصح صاحب نے
بہہ اپنی دیہات وقصبات مین شاید ملاجیو ہو کو جیو ہو کو صاحب دہاقین سفہا مین جو کہلانی لگی تو سچ مچ ملا ہی اپنی تئین
جاننی لگی اور عالم ہی سمجہنے لگی کہ علمای ذوی الاکرام اور محدثین اہلبیت رسول انام علیہم الصلوۃ والسلام کے خدمت مین
فظاظت وغلاظت سی پیش آنی لگی حال آنکہ ظاہر ہی کہ کتنی انمین سادات اولاد رسول مقبول ہین اگر بالفرض گراہ بہی

جانتی تو قیام سنت کا دعوی رکہتی ہو ہدایت وارشاد فرماتی ہو سب وشتم یعنی جہ حب سے کہ تحاشا اور انکار پر صغار وکبار مین
ہی اور خاصہ مذہب عالی متعالی کا مشہور کر رکہا ہی اگر برا ہی جانتی ہو اور رسولؐ کو مانتی ہو تو اپنی ہان خود دیکہی کتاب
مودت شیخ دولت آبادی مین حدیث موجود ہی کہ فرمایا پیغمبر خداؐ نی الصالحون للہ والطالحون لی پہر اوسپر بہی کچہہ خیال نہین
تو سنت سنیہ ہی اپنی عادل خلیفہ صاحب کی بخاری مین جنکی حق مین خطاب افظ اغلظ ہی اور موجود ہی کہ بارشاد کلمہ بدزبانی
ظاہر مانی ہوئی پیغمبرؐ کے جناب مین پیش آئی تو یہہ مقتدی اونکی آل و احبای پیغمبرؐ کے حق مین جو چاہین سو فرمائین اجر ہم علی اللہ
غرض یہ ناصح صاحب عجیب نسخہ اور تحفہ معجون معلوم ہوتی ہین جنکی قول و اقوال و حقیقت حال کا کچہہ ٹہکانا نہین معلوم نہین کہ برد
مین سینو نکی کون صاحب قال پیدا ہوئی ہین جنکی مقال و احوال بموجب تصریحات انکی محدثین ومحققین رجال کے بموجب احادیث
اپنی صحاح کی ماصدق علیہ دجال کی ہین کہ بہتیری باتین جو خود کتب صحاح ستہ مین اہنین کی مصرح وموجود ہین جناب ممدوح
اونکی بہی منکر معلوم ہوتے ہین الحق صدق رسول اللہ یکون فی آخر الزمان دجالون کذابون الحدیث اگر سنی ہین تو اونکی
کتب پر عمل چاہیی آپ کو یہ پردہ عصبیت کا ہی کہ کوئی بات جو شیعہ اہلبیتؑ ظاہر کرتی ہون یا کہتی ہون گو کہ اپنی کتابون مین وہ
بات موجود ہو لیکن اونکو بی محابا منع کرنا اور وضع افترا وکذب واختراع کہدینا ضرور معلوم نہین کہ بجز سبق الفاظ وضع
واختراع اور کذب وافترا اور کلمہ کلام بہی انہین یاد ہی یا نہین یا مشق مین اور زبان زد آپ کی یہی کلمات ہین یا یہی
مرغوب طبع ہین کہ کوئی بات فرماوین ترجیع بند اوسکا یہی ہی اور نہین جانتی کہ یہ علامت نفاق کی ہی اون دہقانیصاحب
کو اپنی بخاری ومسلم کی حدیث جو خود انکی خلیفہ زادی عبد اللہ ابن عمر سی ہی یا نہین اپنی خلیفہ صاحب کو دیکہین کہ لوگونسی کو جو
پہر لی تہی کہ اس شخص مین کونسی علامت نفاق کی ہی چنانچہ اوپر مذکور ہو چکا یاد کرین کہ حذیفہؓ نی وجود اوان پر سفرہ
طعام جناب ممدوح کو نشان دیتہ بہی بتلایا اور جس جس طرحکی تقریر کے سب اوپر لکہی گئی اونکی نسبت تو اوسی یاد کرنا چاہیے
اور خود اہلسنت سنیہ اونکی کسی سے اپنا حال حقیقت بہی دریافت کرین اور جو شاید نہ دریافت کرین تو ہم ہی پوچہی جناب کو ہدایت
کردیتی ہین کہ اس حدیث کو اپنی ہانکی مشارق مین دیکہین متفق علیہ بخاری ومسلم کی ہی اور خود عبد اللہ بن عمر سی ہی کہ علامات
نفاق وتقسیم منافقین اوس سے ظاہر ہوتی ہی فرمایا پیغمبر خداؐ نی اربع من کن فیہ کان منافقاً خالصاً ومن کانت فیہ خصلۃ
منہن کانت فیہ خصلۃ من النفاق حتی یدعہا اذا اؤتمن خان واذا حدث کذب واذا عاہد غدر واذا خاصم فجر یعنی چار چیزین
ہین کہ جسمین وہ چارون ہون تو نرا منافق ہی اور جسمین ایک خصلت ہو اونمین سی تو اوسمین ایک خصلت ہی نفاق مین سے
یہانتک کہ اوسکو چہوڑ دیوے ایک یہ کہ جب امانت دار کیا جاوے تو خیانت کری ایک یہ کہ جب حدیث کری یعنی کچہہ بات کہی روایت کری تو
جہوٹ بولی ایک یہ کہ جب قول واقرار کری وعدہ کری عہد کری تو اسکی خلاف کری ایک یہ کہ جب کچہہ گفتگو منازعت کی خصومت
کی کری تو فسق اور بہتان کام مین لاوے ناصح صاحب اب غور کرین کہ یہہ علامات حضرات اور حضرات کی حضرات مین ہین یا نہین سو
اونکی تو اللہ سی جو نبی سو حشر کو آپ ہی اونکی علم کے نیچی دیکہ لین گے اور ہم بہی لواء قسیم النار والجنۃ کے سایہ مین تماشا دیکہین
گے مگر آپ بہی غور کرین کہ امانت نفیس بیش بہاے رسول کبریا مین جسکو کہ پیغمبرؐ ثقلین فرما گئی تہی بعد وفات سرور کائناتؐ
کیا امانت داریکو کام فرمایا اور کیا عہد رسول مقبولؐ سی تحت شجرہ کیا اور جنگ حنین وغیرہ مین کسطرح شکست کو کام فرمایا

علامات نفاق

Presented by Ziaraat.Com

اور اصحاب البقر اور اصحاب الشجرہ پکاری گئی کہ سرگروہ اونکی حضرات ثلثہ مقتدای ناصح صاحب کتب تواریخ مین موجود ہین
اور روز غدیر خم بیعت خلیفہ منصوص سے کی اور مبارکباد تک دی بلکہ مودات سید علی ہمدانی شافعی مین حدیث ہی خود جناب عمر
بن الخطاب سی کہ خود فرماتی ہین کہ اوس روز ایک گبرو جوان خوبصورت مجمع مین میرے پاس کہڑا تہا بہت پاکیزہ خوشبو اور کہا
کہ جو شخص اس بیعت کو توڑیگا وہ منافق ہی چنانچہ جب یہ نقل عدالت مآب نی جناب پیغمبر خدا سی خود بیان کی تو حضرت نی فرمایا
کہ وہ کہنی والا جبرئیل تہا ای عمر اوسنے چاہا کہ تاکید کری تم پر اس بات کی جو کہ مینی کہی ہے درباب علی کے یہ حدیث طویل ہے
حرزاً للطوالۃ حاصل مضمون حقیر نے لکہدیا ہی ناصح صاحب بغور اسکو تطبیق دین حدیث موجودہ کتاب مودات سید علی ہمدانی
سی کہ مولوی رشید الدین خانصاحب تک اس کتاب کی توثیق فرماتی ہین حدیث کا سرا بہی سہولت تلاش کے لئی لکہدیا جاتا ہی
یہ ہی عن عمر ابن الخطاب قال نصب رسول اللہ علیا الحدیث پہر ناصح صاحب حال سقیفہ بنی ساعدہ مین دیکہین کہ اول اس
عہد بیعت کو باوصف تاکید جبرئیل و رسول مقبول کسنے توڑا اور بہتیرون نی مثل طلحہ و زبیر جو عشرہ مبشرہ ناصح صاحب مین شمار
کئی جاتی ہین بحضور اور بیعت جماعت مہاجر و انصار عہد مقبولۃ الخلافت ناصح صاحب یعنے عہد بیعت خلیفہ ظاہری و باطنی مین
عہد بیعت منعقد کی اور پہر شکست و غدر کو کام فرمایا چنانچہ خود عبداللہ بن عمر خلیفہ زادہ ناصح صاحب دونو کو ملامت کرتی تہی
کہ علی بن برہان الدین شافعی محدث فضیحت کاری انکی اپنی کتاب انسان العیون مین ظاہر کرتا ہی کہ یہ مقولہ عبداللہ بن عمر ہی بخطاب
طلحہ و زبیر انکثتما بایعتما و نکثتما اور بہتیری حدیثین مثل حدیث مسح خفین اور غسل رجلین وغیرہا پیغمبر پر بنا لین کہ کتب احادیث
اور کتب رجال سی توضیح و تنقیح ان امور کے عقیل و منصف محقق پر ظاہر ہوتی ہی اور مخاصمت مین کیا کیا فظاظت و غلاظت کو کام
فرمایا کہ یہ تمام حالات کتب عقاید و تاریخ و حدیث حضرات سی خود مقتدایان حضرات کی تصریح سی نمایان ہین کہ علامہ تفتازانی
خود محقق جناب کی شرح مقاصد مین سوائے غدر و اضلال حسن ظنی علما دوسرا کلمہ نہین کہہ سکتی چنانچہ جو شخص مفصل دیکہنا چاہی وہان
دیکہی حقیر حرزاً للطوالۃ تہوڑیسی عبارت اونکی ضرور بطریق نمونہ اس جگہ بہی لکہدیتا ہی ما وقع بین الصحابۃ من المحاربات والمشاجرات
علی الوجہ المسطور فی کتب التواریخ والذکر علی السنۃ الثقات یدل بظاہرہ علی ان بعضہم قد حاد عن طریق الحق وبلغ حد الظلم
والفسق وکان الباعث علیہ الحقد والعناد والحسد واللداد وطلب الملک والریاسات والمیل الی اللذات والشہوات اذ لیس
کل صحابی معصوما ولا کل من لقی النبی بالخیر موسوما الا ان العلماء لحسن ظنہم باصحاب رسول اللہ ذکروا لہا محامل وتاویلات
بالیق بہم وذہبوا الی انہم محفوظون عما یوجب التضلیل والتفسیق انتہی موضع الحاجۃ ماحصل تحریر علامہ یہ ہی کہ صحابہ سی
جو محاربات اور منازعات وقوع مین آئی کتب تاریخ مین ہین اور ثقات سی مذکور ہین صریح اور ظاہر دال ہین کہ بعضے صحابہ
ہین کہ طریق حق سی گذر گئی اور حد ظلم و فسق کو پہونچی اور باعث اس فسق و ظلم اور برگشتگی کا کینہ اور عناد اور حسد تہا اور
شدت خصومت اور طلب ملک و ریاست اور میل طرف لذات اور شہوات نفسانیکی کیونکہ ہر صحابی معصوم نہین تہا اور ہر شخص
جسنے پیغمبر سی ملاقات کی موسوم بخیر نہین ہی یعنی بہتیری فاسق فاجر منافق بہی تہی مگر علمانی بسبب اپنی حسن ظن کے ساتہہ
اصحاب رسول کے محامل و تاویلات ذکر کئی ہین موافق اونکی لیاقت کی اور محفوظ کیا ہی تفسیق و تضلیل سی اب ناصح صاحب اپنی
ہانکی خود تواریخ و حدیث دیکہین کہ سرگروہ اون مشاجرات کی کون کون صاحب تہی یہانتک کہ لکڑیان لیکر خانۂ بنت رسول

رسول کے جلانیکو کون صاحب گئی کہ قطع نظر احادیث جمع بین الصحیحین اور جمع الجوامع وغیرہا کہ محتوی لکڑیان لیجانی خلیفۂ ثانی دل
ناصح کے ہین واسطے جلانی دولت سرای بضعۂ رسول کی کہ حرم رسول مقبول تہا خاص اقرار او رعذر بدتر از گناہ پیر عزیز ناصح
صاحب کا تحفہ مین بہی موجود ہی کہ باب مطاعن مین لکہتی ہین کہ وگفتن اینکہ کہ من خواہم سوخت وجہش اینست کہ این بتہدید وتخویف
الی قولہ خانہ را بر شما خواہم سوخت ناصح صاحب. ذرا دیکہین تحفہ مین اور گریبان مین مونہہ ڈالین المختصر دیکہین ناصح صاحب کہ وہ کون
صاحب تہی نفس رسول پر کیا کیا شدتین کین حدیث بخاری اوپر دیکہہ چکی ہین یاد کرین کہ چہہ مہینی بعد وفات رسول کی بعد وفات
بضعۂ رسول بسبب انصراف وجوہ ناس کی نفس رسول خواہان مصالحہ ہوئی اور بموجب تصریح بخاری کی روادار آنی اون علیہا السلام
کی ہنوئی بسبب اون شدتون اور مکروہات کی جو اوسسے پہنچی تہین اور باقی تمام اس قسم کے حالات کہ طول وطویل ہین جنسے
کتابین بہری پڑی ہین ہر صاحب ہوش دیکہہ سکتا ہی یہ مختصر گنجایش اونکی نہین رکہتا ہی یہہ تو حال ہی مقتدایان ناصح صاحب
کا جنہین کلہم عدول تصور فرماتی ہین اب ناصح صاحب اپنا حال خود اپنی دل مین غور کرلین کہ کیا کیا سچی باتین بولتی ہین اور کیا
عہد کیا شروع تحریر مین راست بازی کا اور خود فرمایا ہی کہ ازراہ عجز کے کہتا ہون نہ ازراہ تکبر اور خودنمائی کی جسکی بدلی مین
سادات اور سواد اران اولاد فاطمہ بضعۂ رسول مقبول پر بہتان بندیان اور بدکلامیان اور خودنمائیان کلام عاشی طاہر
اور باہر ہین اور کبر وغرور اور کذب وزور خصومت کی بہری ہوئی ہونکی مرتکب ہوئے ہین لازم ہی کہ بواسطہ رسول وآل رسول
پروردگار عالم سی دعا کرین کہ یہ علامتین نفاق کی حق تعالی اونسی رفع کری ہرچند حسب مصرحہ صدر مقتدا اونکی اوس شخص
کو ملامت فرماتی تہی اور فضیحت کرتی تہی جسنے پیغمبر خدا سی اسکی دفع کی دعا چاہی تہی تو ناصح صاحب ہماری نصیحت ونکی فضیحت کیے
آگی کاہی کو سنینگے لیکن نظر باتباع اور اسوۂ صحابہ انت منہ ردلکل قوم ہاد کہ تصریح اسکی اونکی صاحب صواعق کی تحریر سے
ہویدا ہو چکی ہی بتقاضی اسکی کہ مومنین کو مولائے مومنین کے ساتہہ اسوہ واقتدا ہی ہمنی اپنی طرف سی خالصۃ للہ جتا دیا آگی
وہ جانین اور اونکا کام قال جل جلالہ ومن نزالہ من البصر فلنفسہ ومن عمی فعلیہا سبحان اللہ آپ فرماتی ہین کہ لازم ہوا پہر کہ ادعا بارہ
اماموں کی سی ایک کی پیچہی ایک کی معصوم ہونیکی اونکی اور ہونی علی کرم اللہ وجہہ کی خلیفہ بلافصل اور غایب ہونی امام مہدی علیہ السلام کی
جواہین کتابون مین تمہاری ہین باز آؤ التماس تالیم باب مدینۃ العلم نہین معلوم پر تالیم فاروقی کیا کلمات ہذیانی نشۂ نبیذ
فاروقی مین بکار اونہی ہین بعض تعجب نا واقف حال نبیذ نوشی فاروقی سی جسوقت کلمہ نبیذ فاروقی کسی اہل حق کی زبان سی
سنتی ہین تو بہت تر بہر اور نیلی پیلی با چشم خون آلودہ فی اختیار پشت دست کو آمادہ ہو جاتی ہین بات اصل مین یہہ ہی کہ خود
تو کتاب دیکہتی نہین کبہی کہائی سنی سنائی بات پر عمل ہی اور اکثر سنی مسلمان اسلئی حقیر نے تشریح حدیث موجودہ صحاح ستہ مین کا
جو کہ صاف تصریح کرتا ہی نبیذ نوشی پیر اون جناب کی تا بوقت مرگ آنکی اس جگہ لکہدیتا ہی جامع الاصول مین حدیث بخاری سے
عن عمرو بن میمون بیچ حرف خ کے ملاحظہ کرین کہ بعد زخمی ہونی عدالت پناہ کی لکہا ہی وقائل یقول اخاف علیہ وقائل یقول
لا باس بہ فاتی بنبیذ فشربہ فخرج من جوفہ ثم اتی بلبن فشربہ فخرج من جوفہ فعرفوا انہ میت انتہی لازم ہی کہ ناصح جیو ہوش مین
آوین اور اپنی کتابون کو آنکہین کہولکے دیکہین نہین تو اون سبکو جلاکر اپنی خواہش بموجب ایک مجموعہ صحاح جدید اختراع
فرماوین جب ایسا کلمہ مونہہ سی نکالنا زیبا ہوگا یعنی نسبت نبیذ نوشی اونکی ہاتہہ کی صرف طرف کتب حقہ کی تب جائی تہی جب اپنی صحاح

مین یہہ باتین ہنوتین اگر صحاح ستہ اور اور کتب صحاح و سنن وغیرہ کتب عربیہ پر عبور ہنین ہو نہین بہ تبعیت جاہلین و قائلین
لولا علی لہلک عمر کی ملا یا ملا زادہ بن بیٹہی ہین تو معارج النبوۃ شواہد النبوۃ وغیرہ تو صاف فارسی عبارتکی کتابین ہین اور
اونسی نہ سمجہین تو وہ مخزن حکیم نصر اللہ خان حنفی قادری کی تو اردو زبان مین ہی ذرا آنکہین کہولکر دیکہین اور
ناصح صاحب کی جو نصیحت یافتہ اور ہم کیش ہین اونہین لازم ہی کہ اونہین دیکہکر کلمات ضلالت آیات ناصح صاحبکو ہذیان تصور
کرین اگرچہ تمام کتب نصیحت مآب واسطی فضیحت اونکی ادعاکی خود بہرے پڑی ہین کہ نقل و اعادہ اونکا تمامہ متعذر ہی مگر واسطے
بیدار اونکی خواب غفلت سی کچہہ تہوڑیسی حدیثین اہنین مین کے یہان بہی لکہی جاتی ہین کہ واسطی صفر اشکنی توابع ان بقائے
صاحب کی کافی و وافی ہین جنمین کچہہ دقت اور تاویل کو بہی راہ نہین ہوسکتی حدیث معتبر صحیح ترمذی مین ہی عمران بن حصین سے
کہ فرمایا رسول خدا نے ماتریدون فی علی انہ منی و انا منہ وہو ولی کل مومن بعدی یعنی کیا چاہتی ہو درباب علیؑ کے تحقیق علےؑ
مجہسے ہے اور مین علیؑ سی اور وہ ولی ہر مومن کا ہی بعد میرے اور قصہ صدور اس کلام معجز نظام کا مختصر آیہ ہی کہ جناب امیرؑ کو پیغمبر خدا نے
امیر کرکے لڑائی پر بہیجا تہا سو ایک لونڈی پر حضرت امیرؑ نے تصرف کیا اور چار آدمیونے پیغمبر خدا سی شکایت کی آپ غضب ہوے
اور تین دفعہ فرمایا ماتریدون فی علی انہ منی الحدیث جسمین صاف اولی بالتصرف ہونا یعنے خلیفہ ہونا جناب امیرؑ کا بعد جناب پیغمبر خدا
بلا فصل ظاہر ہی اور یہ حدیث خاص صحیح ترمذی کی ہی کہ مقید بقید لفظ بعدی ہی سو حقیر نے یہی حدیث اسلئے لکہی کہ میان عبد العزیز
پیرو مرشد ان ناصح صاحب کے حدیث من کنت مولاہ وغیرہ مین خواہان لفظ بعد کے اپنی تحفہ مین ہوے ہین اور فرماگئی ہین کہ اگر لفظ
بعد ہوتا تو مفید خلافت بلا فصل ہوتا سو عنایت الہی یہ ہی کہ خاص صحاح ستہ کے صحیح مین یہ حدیث بہی موجود ہی اور محل
صدور کلام موصوف بجز اولی بالتصرف ہونیکی معنی دوستی کی ہرگز اس جگہ ہنین قرار دینی دیتا کیونکہ شکایت تصرف کی ہوے
ہتی کہ اسکا انکار خود صاحب تحفہ تک ہنین کرسکتی اور جو بعد اسکی ہذیان سرائی کو کام فرماوین تو صحیح ترمذی وغیرہ صحاح
صحاح اپنی کو جہٹلانا ہی اور کہلکر مرجانا ہوگا نسخہای کہنہ صحیح ترمذی موجود ہین علی الخصوص نسخہ مطبوعہ مطبع نواب صاحب
کہ نسخہای معتبر و معتمد سی بہت صحت سی چہاپا اوسکا ظاہر کرتی ہین اور ابہی دہلی مین چہپا ہی جو شخص چاہی دیکہہ لی بلکہ محمد خاوند
شاہ روضۃ الصفا مین بدین عبارت بتصریح لکہتا ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے یا بریدۃ القطع فی رجل لاولی الناس ثم بعدی
یعنی ای بریدہ کیا قطع کرتا ہی تو خویشی کو بیچ ایسی مرد کی کہ ہر آئینہ وہ سزاوارتر لوگونکا ہی بعد میرے یعنے اولی بالتصرف
صاف موجود اور ظاہر ہی بے کہسر اور تفسیر زاہدی مین آیہ نجوی کے تفسیر مین ذرا آنکہونکو کہولکر دیکہین کہ جسوقت مولا مومنین
نے سوال کیا ہی پیغمبر خدا سی کہ ما الحق یعنی کیا ہی حق تو جواب دیا آپ نے کہ الحق اذا انتہی الولایۃ الیک یعنی حق وہ ہی کہ
جسوقت منتہی ہو خلافت طرف تیری کہ بیان اونکی پیر عزیز تک کو کوئی تاویل نہین کیونکہ دوستی کے معنے کلمہ انتہی ہرگز
ہنین جمنی دیتا اسی جگہ سی ہی کہ صاحب روضۃ الاحباب وغیرہا سرگروہ عزیزیہ روز جلوس جناب مولا مومنین کا بعد قتل
خلیفہ ثالث جو حال لکہتا ہی تو صاف لکہتا ہی دیکہین کہ پہلا خطبہ جو جناب مولا مومنینؑ نے ارشاد کیا شروع اوسکی یہ ہے
الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق علی مکانہ یعنے شکر خدا اوپر احسان اوسکی تحقیق رجوع کیے حق نے اوپر مکان اپنی کی اسی جگہ سی
کہ خواجہ معین الدین چشتی پیر پیران عزیزیہ و احزاب عزیزیہ صاف کہتے ہین اپنی دیوان مین یہ الست شہ مخفی کہ در روز الست

Presented by Ziaraat.Com

داد ندجہانیان بہ بیمالش دست برتختِ نبیؐ تا کہ علیؑ پا نگذاشت میدان یقین کہ حق بکرسی نہ نشست اسی جگہ سی ہی مولانا
روم سرگروہِ ملایان ناصح صاحب درباب مولاے مومنین دیکہہ لین مثنوی مین بی تحاشا کیا کہہ اوٹہا ہی تو تاریکی علی را دیدہ
زان سبب غیری بر دبگزیدہ مناقب ابوبکر ابن مردویہ مین ناصح صاحب دیکہین کہ ہمنام اور ہمکمالِ تابعانِ خلیفہِ اول ناصح
صاحب سی ہی ابی سعید خدریؓ سی لکہتا ہی کہ بعد ماجرای بیعت غدیر خم اور ذکر حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ حسان بن
ثابت نی عرض کی رسولخداؐ سی کہ اس باب مین مین کچہہ ابیات کہون اور اجازت پائی تو ایک قصیدہ کہا یہ شعر اسمین
کا لکہا جاتا ہی فقال لہ قم یا علی فاننی رضیتک من بعدی اماما وہادیا یعنی پس کہا رسول خداؐ نی کہ کہڑا ہو ای علی تحقیق
مین راضی ہون تیری لئی کہ بعد میرے تو ہادی اور امام ہی اور یہی ابوسعید خدری سی احمد بن نزار حسینے حسکانی سرگروہ ناصح صاحب
کا لکہتا ہی کہ جب آیہ الیوم اکملت لکم دینکم نازل ہوئے تو فرمایا پیغمبر خداؐ نی الحمد للہ علی اکمال الدین واتمام النعمۃ ورضا
برسالتی وولایۃ علی بعدی یعنی شکر کرتا ہون مین خدا کا اوپر کامل کرنے دین کے اور تمام کرنے نعمت اور رضا اوسکی ساتہہ نبوت
میری کی اور ولایت علیؑ کے بعد میرے چنانچہ اسی جگہ سی ہے کہ سعد شیرازی بی تحاشا آخر کہہ اوٹہا سعدیا آخر زمن تا چند می پرسی بگو
نیست بعد از مصطفےٰ مولاے ما الا علیؑ ناصح جیو بغور دیکہین کہ یہی شیخ ایک جگہ منقبت مین مولاے مومنینؑ کے کہتے کہتے بی ساختہ
بول اوٹہا ہی ہزار بار ترا پیش گفتم ای ناصح کہ جانشین رسول خدا علی ولی است اور شیخ فرید الدین عطار بزبان نصا
حال روزِ بیعتِ سقیفہ مین صاف لکہتا ہی کہ بنی ہاشم او بعض انصار کا یہی مقولہ رہا ز مشرق تا بمغرب گر امام است علی و آل او
ما را تمام است ذرا کتاب مظہر العجائب شیخ مذکور کو تو ناصح صاحب دیکہین کہ بموجب احادیث صحاح ناصح صاحب صاف فارسی
زبان مین کیا ہی کہہ لکہتا ہی کتب کلامیہ مبسوطہ مین صدہا احادیث اور آیات بنص خلافتِ مولای مومنینؑ خاص
ناصح صاحب کے صحاح ستہ او تفاسیر سے بہری پڑی ہین ذرا آنکہین کہولکر دیکہین حرز اللطوالۃ صرف دو حدیثون پر یہان
اکتفا ہوا سفینۃ النجات فارسی عبارت مین مختصر سی کتاب ہی قریب اکیسو کتاب حدیث و تفسیر ناصح صاحب کی کتب سی اسمین
احادیث ثبوتِ خلافتِ بلا فصل مولاے مومنین بصراحت ہین ناصح جیو اوسی دیکہین اور شرماوین اور اپنی خلیفہ عادل کی
مبارکباد دینی اور امیر المومنین کہنے کو یاد کرین اور گریہ دبکا اور برأت اختیار کرین کہ وہ اونکی جہٹلانی کا ہی ہیچ نہ
ہین ناصح جیو پہر ایسا کلمہ موہنہ سی نہ نکالین یا اپنی کتابونکو پایہ صحت و اعتبار سی ساقط کرین اور درباب توضیح ائمہ اثنا عشر
صحیح بخاری مین جابر بن سمرہ سی ہی کہ قال رسول اللہ یکون بعدی اثنا عشر امیرا الی الحاصل کہ فرمایا رسولخداؐ نی کہ بعد
میرے بارہ پیشوا ہونگی صحیح مسلم مین ہی کہ فرمایا لا یزال الدین قائما حتی یقوم الساعۃ وعلیہم اثنا عشر خلیفۃ یعنی ہمیشہ دین قایم
اور برپا رہیگا قیام قیامت تک یہانتک کہ اونپر بارہ خلیفہ ہونگی صحیح ترمذی اور جامع الاصول مین یون لفظ ہین
لا یزال ہذا الدین قائما حتی یکون علیکم اثنا عشر خلیفۃ مودات سید علی ہمدانی شافعی مین ہی کہ فرمایا رسولخداؐ نی بعدی
اثنا عشر خلیفۃ من بنی ہاشم یعنے میرے بعد بارہ خلیفہ ہین اور سب بنی ہاشم ہین اور ایک جگہ مودات مذکور مین سلیم بن قیس سے
ہی عن سلمانؓ قال دخلت علی النبی فاذا الحسین علی فخذیہ وہو یقبل عینیہ ویقبل فاہ ویقول انت سید ابن سید و اخو سید
امام ابن امام واخ امام حجۃ ابن حجۃ ابو حجج تسعۃ تاسعہم قائمہم الحاصل سلمان فارسیؓ کہتے ہین کہ مین حاضر ہوا بیچ خدمت

صحیح بخاری
صحیح مسلم
صحیح ترمذی
کتاب مودات ہمدانی

پیغمبر خدا کی اوسوقت کہ حضرت امام حسینؑ دونون زانو و نپر بیٹھی تھی اور آنحضرتؐ دونون آنکھین اونکی چومتی تھی اور ہونٹ
مبارک کو اونکی بوسہ دیتی تھی اور فرماتی تھی کہ تو امام بیٹا امام کا ہی اور حجت بیٹا حجت خدا کا اور باپ نو حجت خدا کا ہی کہ نوان
اونمین کا قایم اونکا ہی یعنی صاحب العصر والزمان کہ انہین قایم آل محمد کہتی ہین اور یہی حدیث بعینہا مناقب خطب خوارزم مین
بھی ہی اور سنی شیعہ سبکی ہان قایم حضرت امام مہدی آخر الزمان کو کہتی ہین چنانچہ صواعق محرقہ ابن حجر مین تصریح اس بات کی ہی مشکواۃ
مین ہی صحیح ترمذی سی عن ابی سعید قال قال رسول اللہ لعلی لا یحل لاحد یجنب فی ہذا المسجد غیری وغیرک قال علی بن المنذر فقلت
لضرار بن صرد ما معنی ہذا الحدیث قال لا یحل لاحد یستطرقہ جنبا غیری وغیرک اور محقق دہلوی کتاب ترجمہ مین جو تصریح کرتا ہی لکہی جاتی
ہی گفت ابو سعید خدری گفت آنحضرت مر علی را یا علی ای علی روا نیست مر ہیچ یکی را کہ جنب بگذرد درین مسجد جز من و جز تو اتفاقا
در آنحضرت و در علی مرتضی و مر ایشان در مسجد واقع شدہ بود و جایز است مر کسی را کہ در راہی کہ از ان راہ می گذرد وی بی مسجد
واقع شود و اگرچہ جنب باشد از مسجد بگذرد و لہذا قید کرد و فرمود در این مسجد یعنی درین مسجد کہ مر واقع شد و ضرورست مر دو را این خلاف
سائر مساجد گفت علی بن منذر پس گفتم ضرار ابن صرد را چیست معنی این حدیث گفت ضرار بن صرد یعنی روا نیست مر ہیچ یکی را کہ راہ سازد
او را در حالت جنابت جز من و جز تو علاوہ اسکی اسی مضمون کی حدیث بعینہا مناقب ابن مغازلی شافعی مین معہ نام حسنینؑ کی ہی سمجھ
جسکو کچہہ بھی بصیرت ایمانی اور طہارت قلبی ہو تو جانینگی کہ مطہر و معصوم ایسی تہی کہ جہان اور ونکو بی طہارت جانا منع ہی وہ
مجاز ہین اور ہمیشہ حکم طہارت ہی اور ابن عباس سے مودت مین یہہ حدیث ہی قال رسول اللہ انا و علی و الحسن و الحسین و تسعۃ من ولد الحسین
معصومون یعنی فرمایا پیغمبر خدا نی کہ مین اور علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ اور نو اولاد حسینؑ سی مطہر و معصوم ہین فصل الخطاب خواجہ محمد پارسا
معتقد متعصب ناصبی صاحب کہ تا در شدید التعصب صلب ہین لکہتی ہین فی نوادر الاصول عن ایاس بن سلمہ بن الاکوع عن ابیہ
قال قال رسول اللہ النجوم امان لاہل السماء و اہل بیتی امان لامتی قال الشیخ ابو عبد اللہ فان اہل بیتہ من خلفہ من بعدہ علی
منہاجہ و ہم الصدیقون بہم یدفع المکارہ من اہل الارض و البلایا من الناس و بہم یمطرون و یرزقون لا یموت الرجل منہم حتی یکون
اللہ قد اتی من یخلفہ فہم خلفاء من الانبیاء قوم اصطفاہم اللہ سبحانہ و تعالی لنفسہ و استخلصہ بعلمہ لنفسہ یبدل اللہ اخلاقہم مطیبا و طہرہم
و صفاہ کلمات رجل اہل اللہ مکانہ مثلہ انتہی الحاصل کہ ایاس بن سلمہ اپنی باپ سی روایت کرتا ہی کہ کہا اوسنی کہ فرمایا پیغمبرؐ خدا
نی کہ ستاری امان مین واسطی اہل آسمان کی اور اہلبیت میری امان ہین واسطی امت میری کی اور کہتا ہی کہ کہا شیخ ابو عبد اللہ نی
تحقیق اہلبیت پیغمبرؐ کے وہ ہین کہ بعد اوسکی کے ہین اور وہ صدیق ہین کہ بسبب اونکی دفع ہوتی ہین مکارہ اہل زمین سے اور
بلائین لوگونسی اور بسبب اونکی لوگ مینہ برسائے جاتی ہین اور رزق دئی جاتی ہین نہین مرتا کوئی شخص اونمین سے یہانتک پیدا
کری خدا تعالی اوس شخص کو کہ خلیفہ ہو اوسکا پس وہ خلفا ہین انبیا کی اور وہ قوم ہین کہ برگزیدہ کیا اونکو خدا تعالی نی اور
خالص کیا ہی اونکو ساتہہ علم اپنی کے تبدیل کی خدا تعالی نے اخلاق اونکی پس پاک کیا ہی اور طاہر کیا ہی اونکو اور صاف کیا اونکو
جسوقت کہ مر جاتا ہی کوئی شخص یعنی اہلبیت ممدوح مین سے تو بدل دیتا ہی خدا تعالی مکان اوسکی کو ساتہہ مثل اوسکی کے یعنی جب ایک
امام اس جہان سے اوٹہہ جاتا ہی تو دوسرا امام اوسکی جگہ قایم ہوتا ہی اور مودات مذکور مین ہی عن علیؑ کہ قال رسول من احب ان یرکب
سفینۃ النجات و یستمسک بالعروۃ الوثقی و یعتصم بحبل اللہ المتین فلیوال علیا بعدی و لیعاد اعداہ ثم بالائمۃ الہداۃ من ولدہ

نوادر الاصول

فانہم خلفائی واوصیائی وحجج اللہ علی خلقہ بعدی وسادۃ امتی وقادۃ الاتقیاء الی الجنۃ حزبہم حزبی وحزبی حزب اللہ وحزب
اعدائہم حزب الشیطان یعنی جو شخص دوست رکہتا ہی اس بات کو کہ سوار ہو کشتیے نجات پر اور تمسک پکڑی ساتہہ رسّی مستحکم کے اور
جنگل مارے ساتہہ رسّی یا عہد اور امان ہوستکے خدا تعالے کے تو چاہئے کہ دوستی اور ہوستکی اور پیروی یعنی مابعد آگری علیؑ کے
بعد میرے اور دشمن رکہی دشمنِ علیؑ کو پس پیچہی ہوستگی کری ساتہہ اماموںکی جو ہدایت کرنی والے ہین اولادِ علیؑ سی پس تحقیق وہ خلیفہ
میری ہین اور وصی میرے ہین اور حجت خدا ہین اوسکی خلق پر بعد میرے اور سردار ہین امت میرکی اور لیجانی والے ہین متقیون کے
طرف جنت کی گروہ اونکی گروہ میری ہی اور گروہ میرے گروہ خدا کے ہے اور گروہ اونکی دشمنونکی گروہِ شیطان ہی اور جو اخطب خوارزم
کی حدیث مرویہ سی بسبب اضلال اور دہوکہ بازی اپنی پیر عزیز کے ناصح صاحب کچہہ سرتابی کرینگی یا اوسپر کچہہ چون وچرا کو کام
فرماوینگی تو ابن حجر صاحب صواعق محرقہ کو کہ وہ پیر و مرشد عزیزیہ و بزرگانِ عزیزیہ سی مسلم ہی بلکہ خود میان ولی اللہ پدر بزرگوار
عزیزیہ وغیرہما اپنی بڑی بڑی سرگروہونکو بہی اعتماد کہنا اختیار کرینگی کیونکہ میان ولی اللہ خود توثیق و مدح سی اخطب کو یاد کرتے
ہین اور صواعق وغیرہ احادیث اخطب سی بہرے پڑی ہین اور قطع نظر اسکی موید حدیث مرویہ اخطب صدہا اور محققین سے اونکی
مرویات موجود ہین اور شیخ محی الدین عربے صاحب فتوحات کہ اولیاے کبار اور اعاظمِ فضلاے روزگار سی ناصح صاحب کے ہانکا ہی
تین سو چہیاسٹہویں باب مین لکہتا ہی واعلموا انہ لابد من خروج المہدی لکن لایخرج حتی یملاء اللہ الارض ظلما وجورا فیملاءہا
ہی تو ظاہر ہی کہ استعمال مین اسی لفظ کی درباب طبیب و منشی و غیرہم کوئی شخص نسبت شرک و کفر اس مستعین و مستمد کو نہین دی سکتا بلکہ
معنی موی زہار ستردن کے نہین سمجھہ سکتا پھر تعجب کے بات ہی کہ رسولؐ و نفس رسولؐ و شہدائے آل طاہرہ کی استعمال مین کونسی
ہی کہ مستعین بالذات سمجھنے کے تہمت لگائی جاوے اور شرک و کفر کے نسبت لگائی جاوے بجز اظہار اپنی جہالت و دہقانیت اور لوگوں
اہل بیت طاہرہؑ اور اثبات اپنی عدم بصیرت کی محاورہ کلام عرب سی کیا چشم بصیرت کور ہو گئی ہے والتحیر احد مین شدید کیا

جو دیغمبر خدا نے بموجب حکم پروردگار کسطرح خطاب کیا جناب مولای مومنین سے یاد کرو تحریر محدث دہلوی اور ملا حسین میبذی جو صاف لکھتے ہین کہ آنحضرت صلعم فرمود یا علی بہ دار عز از شر دشمنان و نصرت بکار آر اور لکھتا ہے حکم ناد علیا مظہر العجائب خدا کی طرف سے نازل ہوا یعنی حدیث قدسی ہے تو درحقیقت پکارنا جناب مولیٰ کو مین تعمیل ارشاد الہی ہے کہ وہ فرماتا ہے پکار تو علی کو وہ علی کہ مظہر العجائب ہے تجدہ عونا لک فی النوایب یعنی پاویگا اوسکو مددگار مصیبتون مین یاد کرین ناصح اپنی پیر عزیز کی تحریر کہ کیا لکھتا ہے کہ اگر اعتماد بجانب حق است و او را مظاہر عون دانسته الی قوله دور از عرفان نخواہد بود اور یہی یاد کرین تحریر عزیزیہ کہ استمداد از اولیا چنانکہ در زندگی ایشان میکنند ہمچنین بعد ممات ایشان بکنند جایز است فتدبر اور یاد رہے کہ اسمین معضولیت پیغمبر کے نہین لازم آتی بلکہ مظہر اثر دعای پیغمبر خدا ہے کہ جیسے حضرت موسیٰ پیغمبر نے پروردگار عالم سے درخواست کی تھی کہ ہارون کو میرا مددگار کر اسی طرح ہماری پیغمبر خدا نے دعا کی تھی کہ میرے اہل مین سے میرا بھی مددگار اور جانشین مقرر کر چنانچہ آیہ قال رب انی قتلت منہم نفسا فاخاف ان یقتلون واخی ہرون افصح منی لسانا فارسلہ معی ردءا یصدقنی انی اخاف ان یکذبون قال سنشد عضدک باخیک الآیہ اور آیہ واجعل لی وزیرا من اہلی ہرون اخی اشدد بہ ازری واشرکہ فی امری الآیہ اور ارشاد پروردگار قد اوتیت سؤلک یا موسی مصدق مین درخواست موسیٰ کی اور اجابت پروردگار کی اور حدیث ابا ذر غفاری رض وغیرہ احادیث مندرجہ تفسیر ثعلبی و مناقب ابن مغازلی شافعی وغیرہا مصداق دعای پیغمبر خدا ہے عن ابی ذر علی قاید البررۃ و قاتل الکفرۃ منصور من نصرہ و مخذول من خذلہ الحدیث کہ حاصل تمام حدیث کا یہ ہے کہ ہمارے پیغمبر خدا نے بھی ایک روز بعد نماز دعا کی جناب باری مین کہ پروردگارا میری بہائی موسیٰ نے تجہہ سے سوال کیا کہ پروردگار میرے دلکو کہولدے اور آسان کردے میرے لئے کام میرا اور کہولدے گرہ زبان میری سے اور میری واسطے وزیر کر اہل میری سے ہارون بہائی میری کو اور مستحکم کر ساتہ اوسکی پیٹہ میرے اور شریک کر تو اوسے بیچ کام میرے کی پس نازل کیا ہے تونے قرآن کہ اس بات پر ناطق ہے کہ درخواست اوسکی تونے قبول فرمائی اللہم انا محمد نبیک و صفیک فاشرح لی صدری و یسر لی امری واجعل لی وزیرا من اہلی علیا اشدد بہ ظہری یعنی پروردگار مین محمد نبی تیرا اور برگزیدہ تیرا ہون پس کہولدے تو دل میرا اور آسان کر میری لئے کام میرا اور کر واسطے میری وزیر میری اہل مین سے علی کو اور مستحکم کر ساتہہ اوسکی پشت میری چنانچہ ابا ذر غفاری رض کہتے ہین کہ ابہی یہ کلمہ تمام نہین ہوا تہا کہ جبریل امین آیہ انما ولیکم اللہ و رسولہ لیکر نازل ہوئی چنانچہ پہر تمام قصہ تصدق انگشتری کا کہ مولای مومنین نے حالت رکوع مین سایل کو دی تہی طول و طویل ہے بیان کیا کہ وہ اپنی محل پر مفصل مبین ہے چنانچہ علاوہ اسکے جنگ بدر اور احد مین فرشتون نے بہی بموجب حکم خدا آکی مدد کی تہی تو اس سے پیغمبر خدا کے معضولیۃ نہین خیال کیجا سکتی بلکہ تمام انصار مددگار رسول کہلاتے تہے بالجملہ جسکی مدد کو حق تعالے فرمادے تو اوسکو مظہر عون پروردگار جاننا اور اوس سے مدد چاہنی درحقیقت تعمیل حکم خدا ہے اور علاوہ ازین ہر چہ صدر منصف بالبصر و بصیرت اسی خیال کر سکتا ہے کہ بموجب حدیث علی منی بمنزلہ ہارون من موسیٰ مددگاری مولای ما علی ابن ابیطالب ع با رسول مقبول ص بہ تطبیق و توفیق حال مددگاری ہرون بموسیٰ حسب الارشاد حق جل و علی زیادہ حسبان و زیبا اور مطابق واقع بلکہ تطبیق اوسکی شبر اشبر و ذراعا بذراع خیال کرنی چاہیے ناصح جیو ذرا مفاتح میبذی شرح دیوان شاہ مردان تو دیکہین کیا لکہا ہے کہ خاص جناب مولیٰ کا کلام ہے حرف میم کی ردیف مین بعد ذکر آیہ انما

انما ولیکم اللہ وغیرہ مراتب یا ویکی اللہ اکرمنا بنصرتہ وبنا اقام دعائم الاسلام وبنا اعزنبیہ وکتابہ واعزنا بالنصر الاتم

یعنی پیغمبر ما ید خدا بزرگ گردانید ما را بیاری کردن پیغمبر او وبما قایم گردانید ستون اسلام را وبما عزیز کرد پیغمبر خود را وکتاب خود را

وعزیز کرد ما را بیاری دادن وبہ پیش رفتن در جنگ اور یہی وقت مراجعت از جنگ احد لکہا ہی کہ بعد فتح آپکی جناب سیدہ دوجہان

سی خطاب فرمایا ہی افاطم قد ابلیت فی نصر احمد ومرضات ربی بالعباد رحیم یعنی ای فاطمہ بتحقیق جنگ سخت کردم در یاری کردن

احمد و خوشنودی پروردگار کہ بہ بندگان مہربان است ہر چند اشعار ان دونون میں اور بہی ہیں اور تعرض طرف اوس مرات

کی فائدہ مند لیکن اس مقام میں غرض اور احتجاج کلام نصرت پر ہی اسواسطی حذرا للطوالۃ دوسرے طرف سی ملی کشیح مناسب

ہی علاوہ اسکی ناصح جیو اور احزاب اونکی دیکہیں مقام شہید جناب سید الشہدا کربلا میں کلام جناب جگر گوشہ رسول آخر

وقت اتمام حجت مخالفت کیشوں سے جو اکثر ناصح صاحب کی ہانکی مقتدا اور مقبول راوی ہیں تمام کتب میں حتی کہ تصریح

پیر عزیز ناصح صاحب سی بہی ہویدا ہی کہ کن الفاظ سی فرمایا مشتی نمونہ از خروار یہ ہی کہ فرماتی تہی اما من مغیث یغیثنا اما من

ذاب یذب عن حرم رسول اللہ کہ بمجرد سماعت اس کلام کی حر بن یزید ریاحی آیا اور کہا کہ یا ابن رسول اللہ یہ شخص وہ ہی کہ پہلے

آیا تیری اوپر اب میں تیری گروہ میں ہون حکم دی تو میں مارا جاؤن تیری مددگاریمیں چنانچہ کہتا ہی فمر فی ان اکون

مقتولا فی نصرتک اور بعد شہادت جناب سید الشہدا ذریت طاہرہ جو پکارتی تہی یا رسول اللہ یا علی مرتضی یا فاطمہ

زہرا یا حسن مجتبی بالفاظ انظر والینا انصرونا وغیرہا وامثالہا کما فی تاریخ الواقدی واعثم الکوفی وغیرہا من المقاتل

علاوہ اسکی قرآن سی استعمال دیکہا اور دیکہیں قرآن میں زبانی ذوالقرنین کے کہ اپنی لوگونکو کہا فاعینونی بقوۃ

اجعل بینکم وبینہم ردما اور خود پروردگار عالم حکم فرماتا ہی وتعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان

ایک جگہ فرماتا ہی یا ایہا الذین آمنوا کونوا انصار اللہ ایک جگہ یا ایہا الذین امنوا ان تنصروا اللہ ینصرکم اور ایک

جگہ فرماتا ہی والذین آووا ونصروا اولئک بعضہم اولیاء بعض بات یہ ہی کہ استعمال سی ان لفظونکی کفر و شرک نہین

لازم آسکتا نہ یہ لفظ موہم شرک و کفر ہین البتہ جو لفظ موہم تشبیہ و تفویض بہی ہوان تو اونکی استعمال کو اہل حق جہان تک

ممانعت رکہتی ہین بلکہ اوسی روضۃ الاحکام میں جسکا بڑا دعوی دیکہنی کا ناصح صاحب رکہتی ہین صرف لفظ موہم تشبیہ

وتفویض کے موہنہ سی نکالنی پر وہ فضیحت وملامت اور تکفیر قم ملبین کی ہی کہ باید وشاید ناصح جیو اوسی نہین

دیکہتی حقیقۃ یہ ہی کہ یہ کلمات ایسی مشترک المعانی جاری اور عادی الاستعمال واسطی عباد کی بہی ہو رہی ہین کہ انمین

توہم تشبیہ و شرک اصلا ومطلقا نہین آسکتا جو کہ کلام الہی میں زبان انبیا میں عباد کی نسبت بہی صدہا جگہ مستعمل ہین اور

روز مرہ کی محاورۂ عباد میں جاری رہی ہین اور جاری ہین بالجملہ جب استعانۃ خدا تعالے سی ہی تو وہ معین بالذات غیر

محتاج الی امداد اور مستقل بذاتہ اعانۃ و مدد میں عطا حاجت میں مقصود ہی اور جب مخلوق سی ہی تو وہ سب محتاج الی اللہ

ہین تو ان معین مقصود ہین دعا کرنی میں شفاعت میں یا جو جس رتبہ اور کام کا ہی ہر شخص تا عامل خوان بہی جان سکتا ہی

کہ حروف جارہ میں حرف با مثلا واسطی استعانۃ کی بہی ہی تو جب حقیقت کوئی کہتا ہی کتبت بالقلم تو معنے یہ ہوتی ہین کہ لکہا

میں باستعانۃ قلم و قس علے ہذا صدہا اس قسم کے امور ہین کہ حضرات کذائی معاذ اللہ نقل کفر کفر نباشد سکی لئی قایل

از کتب شیعہ و سنی و بعضی تواریخ نصب مثل واقدی و اعثم کوفی

آیات قرآنی نیز استعمال این الفاظ

حاصل مطلب

بلکہ یہ شرک و کفر ہو نگی اور معاذ اللہ کیا کیا سنگین گی پروردگار عالم کی جناب مین انبیا کی جناب مین خاص ارشاد و تعلیم جناب محمد خدا
خاتم الانبیا کی جناب مین جنکی زبانی سی وایاک نستعین سے جانا اور اونہین سے اعینونی یا عباد اللہ اور استعانۃ جنگ احد
وغیرہ مین بکرات و مرات حدیث کرتی ہین یہہ عقل کے دشمن انصار رسول مقبول کی لئی کوئی اور لفظ تجویز کرین اور قرآن
سی بہی جہان ذکر حوارین و عیسی علی نبینا و علیہ السلام مین ہے مثلا آیہ فلما احس عیسی منہم الکفر قال من انصاری الی اللہ
قال الحواریون نحن انصار اللہ اور اسیطرح سی یا ایہا الذین آمنوا کونوا انصار اللہ کما قال عیسی ابن مریم للحوارین من
انصاری الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ اور حدیث متفق علیہ بخاری و مسلم کی ہی مشکوۃ مین عن انس قال
قال رسول اللہ انصر اخاک الحدیث یعنی مددگاری اور اعانت کر تو بہائی اپنی کو تا آخر حدیث اور حدیث من کنت
مولیہ فعلی مولیہ مین جملہ اللہم انصر من نصرہ واخذل من خذلہ صحاح مین موجود ہی نکالڈالین بہلا پیغمبر کے فرمان سے
منکر ہین تو اپنی عتبہ بن ابی سفیان خداوند نعمت و مقتدای دین و ایمان کا کلام سنین کہ محمد خاوندشاہ وغیرہ مورخ و محدثین
مقدمات پیشین جنگ صفین مین لکہتی ہین کہ جب خلیفہ نجم ناصح صاحب جناب مولی یعنی مولای مومنین علی ابن ابیطالب غالب کل غالب
کی ہیبت سی دست و پاچہ ہوا تو لوگون سی مشورہ اور تدبیرین جوڑ توڑ شکست و لبست کی کرنی لگا اور عتبہ مذکور سی استشارہ
کیا اوسنی جواب مین جو کہا بعینہ عبارت محمد خاوندشاہ اوسکی ترجمہ کے یہ ہی رای من آنست کہ در امر خود استعانۃ بعمرو عاص نمائی
علاوہ اسکی قصہ خولہ بنت ثعلبہ مین حدیث ہی کہ بعد نزول آیہ قد سمع اللہ قول التی تجادلک الایہ صحاح ستہ مین موجود ہی قصہ
طویل ہی المختصر کہ خود مادر مہربان صدیقہ ذی شان فرماتی ہین اور راویان متعدد بیان کرتی ہین کہ بعد نزول آیہ خولہ کو
جب فرمایا کہ شوہر اوسکا یعنی اوس بن صامت یا دو مہینی کے روزی برابر رکہی یا ساٹہہ مسکین کہلاوے اور یہ بات بسبب
عدم استطاعت کی متعذر رہے انجام یہ کہ اتم منذر بن قیس پاس بہیجا کہ وہ کچہہ اعانت کری یہانتک کہ جب اوسی حسب ارشاد عمل
کیا تو اوس مقام مین صاف آنحضرت کی زبانی ارشاد ہی سا عینہ بعرق من تمر یعنے فرمایا مین اعانت کرتا ہون ساتہہ
ایک پیمانہ کہجور کے جو سولہ رطل کا ہوتا ہی اور اوسکی جواب مین اوسنی یہین کلمات عرض کیا کہ یا رسول اللہ انا سا عینہ
بعرق آخر یعنی یا رسول اللہ مین جلد اعانت کرتی ہون اوسکی ساتہہ دوسرے پیمانہ کی فقال قد اصبت و احسنت فرمایا رسول
خدا نی تحقیق راضی ہوا مین اور راست و درست اور اچہا کام کیا تو نی بالجملہ کلام الہی کلام انبیای سلف و مومنین و مسلمین
وغیرہم حتی کہ زبان جناب خاتم الرسالت اور ائمہ ہدی اور مقتدایان ناصح صاحب تک باستعمال الفاظ مذکورہ گواہی دیتی
ہین اور مقتدایان ناصح صاحب اسکی قایل ہین پہر چون و چرا یعنی چہ بالجملہ تفاسیر و کتب حدیث مین جس جس جگہ سوای انتساب
حضرت رب الارباب کسی اور کے نسبت نصرت و اعانت مستند ہی سبکو اول ناصح جیو نکال ڈالین جب ایسی ہذیان سرائیان
زیب دیوین یہہ بیچاری قاعدہ مسلمہ علم معانی و بیان سی بہی واقف نہین یا در ہی کہ مسلمات سی ہی کہ لکل کلمۃ مع صاحبتہا
مقام لیس لغیرہا المختصر نہایت سہل و صاف بات یہ ہی کہ جب یہ کلمات مستند اور منتسب بجناب خالق جل جلالہ ہوتی ہین تو وہ معنی مین
مستقل بالذات جو کہ کر مصرح ہوئے اور جب دوسرے مقام مین ہین تو دوسرے جو کہ تصریح کی گئی نہین دیکہتی قرآن مین جہان تاب التبہ
ہی وہان معنی توبہ قبول کرنیکے ہین یا توفیق کے ہین جہان مثلا توبوا الی اللہ عباد کو خطاب ہی وہان بازگشت کی گناہ سی و

Presented by Ziaraat.Com

وقس علی ہذا ہزارہا لغۃ اضداد سی ہین اب تفصیل احتمالات موجودہ در باب ندای مطلق یعنی بی شمول لفظِ استشفاع یا استمداد
کے جو مثلا ہو یعنی یا رسول اللہ یا علیؑ یا حسینؑ کوئی کہہ اوٹھتا ہو تو اسپر نسبت شرک وکفر کی لگانی بہی محض زرازری دہقانت
ظاہر فرمانی ہی کیونکہ صریح ظاہر امر ہی کہ وہان تو کوئی لفظ بہی استمداد واستعانہ کا نہین کہ کوئی منکرِ استعانت علی الاطلاق
بہی دم مارسکی مگر ہان یہ پہلی اقرار نوشتی لکہدیجی کہ وہ شخص نام سی ذکر سی نبیؐ وعلیؑ کی جلتا ہی لیکن ظاہر ہی کہ اہل ایمان کو
اونکی جلنی سے کیا کام اگر کفار عبادت پروردگار اور شعائرِ اہل خیار سی نام رسول مختار سی مثلا جلین تو اونکا جلنا کوئی
کام کا نہین وہ خود آتش جہنم مین اپنا مقام بناتی ہین تفصیل اس اجمال کے یہ ہی کہ صاحبِ قلبِ سلیم او طبع مستقیم اسکے
کیفیت او مذاق کو جان سکتا ہی کہ اول تو بہ اوقات ظہورِ نام نامی صرف لسبب ذوق ومحبت اور یادِ قلبی کے بمضمونِ ما
احد اضمر شیئاً الا وقد ظہر من فلطات لسانہ اور بمقتضای مضمون من احب شیئاً اکثر ذکرہ بی ساختہ ضمیر سے زبان پر بہی ظاہر
ہوجانا اثر ہی یادِ قلبی کا اللہم ارزقنا وجمیع المومنین اور یہہ ہمیشہ بغیر کسی طرح کی خیالِ استدعای استعانت وشفاعت ودعا
وغیرہ مراتب کی ہوتا ہی بلکہ صرف بمقتضای مودۃِ قلبی کے بی تحاشا بلا ارادہ زبان پر جاری ہوجاتا ہی ولنعم ما قیل اعد ذکر نعمان
لنا ان ذکرہ ہو المسک ما کررتہ یتضوع کہ روشنی چشم او خنکی دل ہوتا ہی اہل ایمان کے لئی اور سوزشِ قلب واسطی منافقین کے
اور کبہی بسبب غلبۂ محبت کے اتنی بی اختیاری ہوتی ہی کہ بجای سانس لینے کے نام زبان سی انکا نکلتا ہی اور دنیا ومافیہا بلکہ
کسیے چیز کا بہی خیال نہین ہوتا اور خدا نخواستہ کوئی امر منکرِ ومحذور نہ منوی ہوتا ہی ملفوظ بلکہ اس تقریر پر ہمین ایک بات
انکی ہان کے یاد آگئی کہ اس جگہ قابلِ ذکر ہی خود مصرحات کتب ناصح صاحب سے کوئی شخص دیکہی مثل فصل الخطاب تعرف وشرح
تعرف وغیرہا انکی ہان کے تو کیفیت قرار واقعی اچہی طرح نمایان ہووے کہ اس غلبہ کی بناپر حکایات ہای ابی حامد اور ابو لبابہ
اور خاص خود خلیفہ عدالت پناہ اور ابو طیب حجام وغیرہم مفصل ہین تب حقیقتِ واقعی واضح ہو حذرا للطوالۃ صرف ایک اس مضمون
کی نقل پر فصل الخطاب سے اکتفا ہی کہ بعد کلام طویل کے لکہتا ہی ثم قال فی التعرف فہذہ وامثالہا کثیرۃ کلہا یدل علی ان حالۃ
الغلبۃ حالۃ صحیحۃ ویجوز فیہا ما لایجوز فی حالۃ السکون ناصح صاحب ذرا شرم کرین کہ وہان سی خود اونکی عدالت پناہ کا حال کیا
ہویدا ہی اوسی غور سی ملاحظہ کرین جس سے ظاہر ہی کہ خلیفہ عادل اونکی بنام نہاد غلبۂ محبتِ الٰہی خود جناب پیغمبر خدا سی جدال
وشقاق سی پیش آئی روز حدیبیہ کو اور بنام نہاد غلبہ محبت کے وفات پیغمبر خدا کا انکار کربیٹہی کما صرح سابقاً ایضاً اور طرہ
وہ محمود ومعذور گنی جاتی ہین چنانچہ صاحب فصل الخطاب جو بعد اس تمام حال کے لکہتا ہی بعینہا عبارۃ اوسکی یہہ ہی کہ عمر در مقام
علبہ واضطراب بود حیث قال حتی قمت فی مقابلتہ صورت اعتراض بود اگر حال غلبہ نبودی مذموم بودی تا یہانتک کہ
لکہتا ہی کہ عمر معذور بود اور بموجب تصریح صاحب تحفہ تک کے اوپر مرقوم ہی حالِ انکار وفات سرور کائنات مین کلمات منکرہ
وممنوعہ مکذبہ قرآنی کہنی پر کس کس طرحکی تربیت بلکہ حقانیت عدالت پناہ کی صاحب تحفہ وہ کچہہ ثابت کرتی ہین کہ معاذ اللہ
پہر اہل حق صرف نام نامی پیغمبرؐ واہل بیتؑ کا لینی سے معاذ اللہ مشرک او نصیری گنی جاوین بل ہذا الاعناد وشقاق دو سرے
لبسا او فات اگر بارادہ وقصد کہا جاتا ہی تو یہہ بہی کئی طرح سی ہوسکتا ہی کبہی تو یہہ کہ خود بخود اونکی محبت نی دلمین جوش
مارا اور دل مضطرب او بیچین ہوا بسبب غلبہ کے تو باستحصال تسکین واضطراب خاطر بایقانِ مضمون بہ ایۃ شجون عند

ذکر الابرار نیز الرحمۃ تمنای رحمت و سکون نام نامی انکا مذکور ہوتا ہی کہ جو سید ابرار نفس سید ابرار اہل بیت و ذریت سید
ابرار سر ابرار ہین کبہی یہ کہ ذکر و یاد انکی کہ اخیار عالم ہین ہے ہین نفس خیر المرسلین بمنزلہ جسم و جان خیر المرسلین ہین شجع
حسن مآب اور ثمر کشود ابواب جنت عند اولی الالباب ہی خاص و عام عقلا و اتقیا صاحبان ذوق سلیم خاص تعمیل ہدایت مضمون
ہدایت مشحون آیہ واذکر ابراہیم الی قولہ جل جلالہ واذکر اسمعیل والیسع وذا الکفل وکل من الاخیار ہذا ذکر للمتقین وان للمتقین
لحسن مآب جنات عدن مفتحۃ لہم الابواب خیال کر سکتی ہین یہ کہ اپنی شر نفس اور وساوس شیطانی سی بعد اوت نام آوری اہل
طاہرہ اور انکی ذاکرین و انصار انکو تہمت نصیریت لگائی جاوے الحاصل کہ ذکر ان اخیار کا بموجب امر حضرت کردگار ہمیشہ خیال
کرنا چاہیئی ایک یہ کہ جب دل مین سینہ مین یاد انکی اوٹہتی ہی تو بمقتضاے احادیث صحاح من صلی علی عند قبری سمعتہ ومن صلی نائیا ابلغتہ
اور ان اللہ ملائکۃ فی الارض یبلغون من امتی السلام اور من صلی علی واحدۃ صلی اللہ علیہ عشرا اور اولی الناس بی یوم القیمۃ
اکثرہم علی الصلوۃ اور ما من احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی حتی ارد علیہ السلام اور حدیث من سرہ ان یکتال بالمکیال الاوفی
اذا صلی علینا اہل البیت فلیقل اللہم صل علی محمد وآلہ الحدیث اور حدیث البخیل الذی ذکرت عندہ فلم یصل علی احادیث کثیرۃ
موجود مشکوۃ المصابیح وغیرہا اور بمدایۃ و مفاد آیہ ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی الایہ اور آیہ الذین اذا اصابتہم مصیبۃ
قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ انکی نام نامی پر صلوۃ و رحمت بہیجی جاتی ہی اور نام
انکا جو زبان پر جاری ہوتا ہی تو ہر شخص سامع بہی صلواۃ و سلام و رحمۃ بہیجتا ہی تو یہ قایل اول در حقیقت باعث اور دال
ہوتا ہی ان حسنات لی غایات کا والدال علی الخیر کفاعلہ لیکن سچ ہی ناصح صاحب جیسے مدعیان سنن کثرت درود کو کاہی کو
پسند رکہین گے جنکی بڑی امام ابو حنیفہ تمام عمر مین ایک دفعہ درود کہنی کو تعمیل مضمون آیہ ان اللہ و ملائکتہ الآیہ تجویز فرماوین
اور معہ اونکی امام مالک کی نماز بی وجود صلوۃ کی جایز رکہین کما فی الکتب المبسوطۃ الفقہیۃ وتفسیر ثناء اللہ وغیرہا من
الکتب الکثیرۃ الحنفیۃ ایک یہ کہ جب یاد انکی مصائب اور رنج اور ظلمونکی دلمین گذری تو بی تحاشا رنج و غم طاری ہوتا
ہی اور آرزو ہوتی ہی کہ ہم اوسوقت ہوتی تو شریک نصرت ہوتی اپنی جان نثار کرتی اور نام نامی جاری ہوتا ہی زبان پر
اور مقصود ہوتا ہی مضمون یالیتنی کنت معکم فافوز فوزا عظیما چنانچہ تفسیر آیہ قل کل یعمل علی شاکلتہ مین تفاسیر کثیرہ سی قاضی
شہاب الدین حنفی حال عمر بن ابی اللیث مین جو لکہتا ہی مضمون قابل ہدایت و نصیحت ہی حذرا للطوالۃ اسیقدر حوالہ و اشارہ
پر اکتفا ہی کہ وہ حنفی صاحب تک بہی مدعی ہین اوسکی نجات کی صرف اتنی بات پر کہ اپنی فوج و حشم دیکہکر مصیبت سبط رسول
مقبول یاد کرکے آرزومند شمول رکاب سعادت ہوا تہا اور اسی حسنہ پر مصیبت نار سی نجات پائی ایک یہ کہ جب یاد رسول
خدا دلمین اوٹہی اور خوش ہوئی دعائی رسول کی اور یاد آئی آیہ ان صلوتک سکن لہم واللہ سمیع علیم یا یاد آئی حدیث
متفق علیہ بخاری و مسلم ان اللہ یقضی علی لسان نبیہ ما شاء اور یا حدیث علی منی وانا منہ یا حدیث علی بمنزلتی من ربی
تو اوسیوقت استدعاء یا رسول اللہ یا یا علی کہا اور درود و سلام و رحمت بہیجی انپر اور واضح ہی کہ جب اودہر سی بہیجا جاوےگا
اودہر سی بہی دعا ہوگی اور بیشک وہ دعا تسکین بخشتی ہے ایک یہ کہ جب کچہہ رنج و صعوبت اور اذیت و مصیبت کسی
ظالم یا جور ورحیہ یا خویش و اقارب یا دوست دشمن خادم و اتباع سے یا یاد موت و خوف عقاب و عذاب وغیرہ مراتب

Presented by Ziaraat.Com

مراتب ناحقہ ہوتی ہین اور ان امور پر یا د مراتب مذکورہ لنسبت حضرات اہلبیت دلمین آتی ہی تو اوسوقت امر خیال
سی جاذکرتی ہین کہ یا حضرت ہماری رنج وصعوبات تمہاری رنج وصعوبات کی نسبت جو ظالمان بیدین سی غاصبان حقوق
سی تمہین پونہچی ہین کیا حقیقت رکہتی ہین جسطرح تم نے صبر اور راجع الی اللہ رہی ہو ہمارا کیا منہ ہی کیا حوصلہ یا دعوت یا خلق
الہی جو کہ ہر آن برلحظہ تمہین تہی تہی ہمارا کیا حقیقت ہی کہ ہمکو بہی تمہاری کثرت قیام وقعود سی پاؤن سوج جاتی تہی خوف الہی
اور ادوِ نماز اور حالت نماز مین رنگت تمہارے منہ کی ہوجاتی تہی چہرہ پر مردنی چہا جاتی تہی ظالمون سی ظلم وستم سہتے تہی اور
بہ خواہی تہی بلکہ احسان کرتی تہی اور اوسکی بدلی مین وہ اشقیا برا کرتی تہی اور اسپر بہی تمہین صبر اور نیک خواہی اونکی مقصود
رہتی تہی وہ ہم مین کہان اور ویسی مصیبتین ہم پر کاہی کوہین اور اس یاد سی انکی حالات کی ظاہر اور باہر ہی کہ انسے ہمکو
بار مصائب اپنی بہت ہلکی معلوم ہوتی ہین اور یہ یاد باعث تسکینِ وعبرت ہوتی ہی اور پہر زبان پر گذرنا نام نامی کا حسب حسنہ
صدر باعثِ حسنات درود و رحمۃ ہی اور بیگانگی کا ظاہر ایک یہ کہ ذاتِ بابرکات انکی نزدیک اہل ایمان کی نعمای عظیم
و آلائی جلیلہ و آیات بینہ وحجج ساطعہ نعمای الہی سی ہی تو یاد کرنا انکا مین عمل وادای مرتب مضامین آیہ واما بنعمۃ ربک
فحدث و امثال آیات کثیرہ واحادیث متواترہ جانا جاتا ہی سنین دیکہتی ناصح جیو اور اخراب اونکی حدیث ذکر علی عبادۃ موجودہ صحاح
و حب علی عبادۃ موجودہ تحفہ عزیزیہ کہ سوا مراتب مذکورہ جناب مولا مومنین کے ذکر کو پیغمبر خدا عبادت الہی فرماتی ہین اور
نیز یقین کی کتب صحاح سی ہی ایک یہ کہ جب کوئی بات معجزہ اور کرامات کی اونکی دلمین یاد آتی تو بی تحاشا یہ جی چاہا کہ ہم
اونکی وقت مین کیون نہ ہوئی ہم بچشم خود بہی دیکہتی انکی زیارت سی مشرف ہوتی تو نام نامی اس مقصود سے زبان آشنا ہوا
کہ یا حضرت کیا رتبہ عالی پروردگار نی تمہین دیا ہی کاش کہ ہم بہی دیکہتی مشرف ہوتی ایک یہ کہ کوئی حدیث قول یا انصاف
فیصلہ انکا کیا ہوا غرض ہزارہا انکی منتخب ومنتجب باتین مین دلمین یاد آجاتی ہین یا مثلاً حسن خلق انکا یا بدی کرنیوالون سے
نیکی کرنی بروقت مرض ومصیبت پہ شکر گذاری لور صبر و رضا بقضا اور خیر خواہی خویش و بیگانہ کی بالجملہ انواع واقسام کے
محاسن بعض دفعہ خود بخود بعضی دفعہ بروقت درپیش ہونی امور کے یاد آتی ہین یا صرف انکی وفات وشہادت یاد آجاتی
ہی تو زبان پر بہی ذکر آجاتا ہی اور درود وسلام انپر بہیجا جاتا ہی اور اونکی درجات عالیہ یاد کرتی ہین المختصر کہ بہتیری احتمال
تو ندا کرنی پر ان حضرات کی ایسی ظاہر ہوتی ہین اور طبع سلیم یقین کرتے ہی کہ وہان استمداد واستعانہ کسی طرح کا خیال بہی نہین
کیجائے جیسی کہ بموجب تصریح بخاری ونسائی موجود در جامع الاصول قول جناب سیدۃ النسا بتول عذرا فاطمہ زہرا کے بہی مفارقہ رسول
مقبول مین یا ابتاہ من جنۃ الفردوس ماواہ الحدیث اور بموجب تصریح ملا حسین میبذی کی یا ساکن البطحی علمتنی البکاء
وذکرک انسانی جمیع المصائب اور بموجب تصریح علی بن برہان الدین محدث شافعی کے کہ مطابق حدیث مرویہ ابن مسعود
کے ہی کہ قریب مفصل بیان ہوگی ارشادِ رسول خدا مفارقہ حمزہ سید الشہدا مین کہ پیغمبر خدا فرماتی تہی یا عم رسول اللہ واسد
اللہ واسد رسولہ یا حمزۃ یا فاعل الخیرات یا حمزۃ یا کاشف الکربات یا حمزہ یا ذاب یا مانع عن وجہ رسول اللہ یا جیسی پکارنا جناب
ام المومنین صدیقہ ناصح صاحب کا بروقت دفن اپنی عمہ صاحب کے کہ دست برسر نوحہ وزاری فرماتی تہین وانجداہ وا ابراہیماہ
جیسا کہ عمر جیسا نچہ صاحب روضۃ الاحباب اور محمد شاہ و... شاہ وغیرہ موضعین ومحدثین حال وفات اور دفن خلیفہ عادل صحیح

ناصح صاحب مین لکہتی ہین عبارت مقام حاجت تالیف محمد خاوند شاہ سی لکہی جاتی ہی کہ صاف فارسی ہی چون سر بریدہ
عمر بروز شنبہ و بموجب وصیت بدر حجرہ عائشہ آوردہ بار دیگر رخصت خواستند عائشہ فرمود کہ من از عطیہ خود ہرگز رجوع نکردہ
ام آنگاہ انگشتان خود مشبک کردہ دستہا بر سر نہاد و آواز برکشید وا محمداہ واہ ابوبکراہ دوست شما عمر بزیارت آمدہ رخصت
دخول می طلبد بیکبار فریاد از اہل مدینہ برخاستہ زلزلہ در زمین و زمان افتاد انتہی موضع الحاجۃ ناصح صاحب ذرا شرم کرین
اور کچہ بہی غور کرین اور طالبان حق بہی خیال کرین اس حرکت کو ام المومنین صاحبہ کے کہ سر پر ہاتہہ بہی چلا گیا اور بیتابی مین کیا
نوبت ہوئی اور کسطرح نوحہ فرماتی ہین اور اس جگہ کو یاد بہی رکہین کہ مقام ضرورت مین کام بہی آویگا سبحان اللہ اہل
حق یا علی کہنی سی اونکی غم مین رونیسی بدعتی کہی جاوین کفر کی نسبت دئی جاوین یہ ام المومنین وای وای ابوبکر کی کہنی سے
دست بر سر ہونیسی اور نعش مردہ کو نسبت دینی سی کہ رخصت طلب کرتاہی زیارت کو آیاہی اور فریاد و فغان برپا کرنیسی خاصی
صدیقہ کی صدیقہ ہل ہذا الا جدال و شقاق و عناد و نفاق قد جاء الحق و زہق الباطل ان الباطل کان زہوقا اب ناصح
جیو اپنی خواص و کمل فضلا و عرفا کی عقاید جلیلہ اور کلمات طیبہ اپنی کتب مسلمہ و معتمدہ سی تحریری اور نوشتی سنین اور دیکہین
کہ حضرات کی خواص و کمل کا یہ حال ہی ملاحظہ فرماوین کتاب مناقب غوثیہ مین اپنی بڑی پیر شیخ و سید اجل و اکمل کے منقبت
سادسہ فی الاحیا یکون اسمہ کالاسم الاعظم مین کہ خود زبانی جناب معظم الیہ کے ہی فرماتی ہین اسمی کالاسم الاعظم اور کتاب
اسرار السالکین مین فی باب احیاء اموات اور بہی مناقب غوثیہ مین فی منقبۃ الی مقام تنازع عیسیٰ و محمدی مین ہی کہ
حضرت روبسوی قبر آوردند و گفتند قم باذنی و مجرد گفتن این کلمات قبر شگافت و قوالی خوشحالی سرود گویان بیرون
آمد اور علاوہ اسکی کتاب مذکور مین مکرر بطرق کثیرہ لکہا ہی کہ ایسی ہی جہات کر آپ کو محی الدین بہی کہتی ہین کہ آپ محی ہوا
ہین علاوہ اسکی خود جناب ممدوح و سطی مناجات کی اپنی مریدونکو ہدایت فرماتی ہین کہ وقت حاجت یون پکارین یا شیخ عبد القادر
شیئاً للہ اور ہر روز چہارشنبہ کو قطع نظر عوام و جہلا کی علما و فضلای سنت جماعت کہ بیضۂ علم و فضل اونکی ہین بعد غسل مثل
التزام غسل جمعہ کے ختم پڑہتی ہین اور وہ ختم اونکی کتابونمین موجود ہی کہ یہ جملہ اہم مقاصد خاتمہ ختم ہی یعنی یا شیخ عبد القادر شیئاً
للہ یہان ناصح صاحب اور احزاب اونکی مضمون ایاک نستعین یاد فرماکی مضمون یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ کو غور نہین فرماتی
اور صرف یا علی کہنی پر ایسا چکراتی ہین اور نصیری کی سی حرکت بتلاتی ہین ارشاد کرین کہ یا شیخ شیئاً للہ مین کسطرح کی یاد
استعانت دعا و ذکر و استشفاع غرض کسی احتمال تاویل کو بہی راہ پا سکتی ہین بجز اسکی کہ قایل کو نرا مشرک فرمادین اب فکر کرین
ناصح جیو اور ہر شخص غیر بہی انصاف سی غور کری کہ سوای حضرت حی لا یموت کی دوسرے شخص کو محی اموات کہنا اسطرح سی اور بجای
قم باذن اللہ کہ انبیاء و اوصیا کی ہی سوا اس کلمہ کے مونہہ سی نہین نکالا قم باذنی اور یا فلان شیئاً یہ کہنا یا کہوانا منافی آیہ ایاک
نعبد و ایاک نستعین اور آیہ ان اللہ یحیی و یمیت ہی یا نہین بلکہ مدخل شرک ہی یا مخرج ایمان الحق ان اللہ یحق الحق بکلماتہ و لو کرہ
الکافرون غرض بات یہ ہی کہ از بسکہ جناب مولای مومنین اور ائمہ طاہرین کہ شہدای راہ خدا اور اولیاء اللہ مصداق مضمون
لا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا الایہ ہین اور ہمیشہ مظہر عون الہی ہین ہر شخص انسی رجوع کرتا ہی اور ناصح جیو کی عمر و بکر
کا نام بہی نہین لیتا ہی تو سوختگی اونکو اس بات کے ہی لیکن اونکی سوختگی سے یہ نام کب مٹتا ہی یریدون لیطفئوا نور اللہ

نور ہید و اللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون قول ناصح صاحب ہی کہ تم نذر مانتی ہو حال آنکہ اونکی شان کو اللہ صاحب نی فرمایا
دیوفون بالنذر ویخافون یوما کان شرہ مستطیرا ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا بلکہ بعضی تیز ذہنون تمہاری
نی معنون کو آیہ کلام اللہ سی اپنی نزدیک استنباط کیا ہی بلکہ حاشیہ قرآن مجید پر چہپا دیا ہی اور تحذیر الہی سی خوف نہین کیا
پس چہپانی کرانی والی اور چہاپہ کرنی والی سی ڈرنا چاہیی میترسم از کسی کہ نمی ترسد از خدا اور اپنی تئین ومن اظلم ممن افتری علی اللہ
الکذب وہو یدعی الی الاسلام واللہ لا یہدی القوم الظالمین کے مفہوم مین داخل کیا انتہی الجواب لغویت وافترائی مضمون تراشی

الجواب اول

اور مجروحیت کلام ناصح صاحب بچند وجہ ہویدا ہی اول تو ہر صاحب عقل و ہوش کو چاہیی کہ کتب مذہب حقہ اور قرآنہای مترجم
ومحشی چہاپہ اور غیر چہاپہ کی دیکہی تب معلوم ہو کہ کسی جگہ بہی نذر و عہد صوم و صلوۃ وغیرہ سوای پروردگار عالم کسی اہل
حقہ شیعہ اثنا عشریہ سی واسطی انبیا یا ائمہ و شہدا کے مثل نذر پروردگار عالم تجویز کی ہی یا کہین لکہی ہی یا کوئی کتاب ہی کتب
حدیث و فقہ موجود ہین جو شخص چاہی دیکہہ لی تب ان راست گو نصیحت پژوہ صاحب کا صدق و کذب ہویدا ہو اور پہر مدعی کاذب
کو بزمرہ کذابین تحت مضمون افاک اثیم ثبت کرین دوسری خاص قرآن مطبوعہ پر جو حاشیہ اس مقام مین لکہا ہی وہ بہی بعینہا

دوم

اول واسطی ملاحظہ اہل انصاف کی لکہہ دیا جاتا ہی تاکہ زیادہ تر راست کلامی ناصح جیو کی ظاہر ہو جاوی اور چونکہ قرآن دو چہاپہ
کے اس شہر مین مشہور ہین سو ہر دونو کا حاشیہ لکہتا ہی پہلی کا یہ ہی یوفون بالنذر یہ آیہ جناب امیر المومنین اور فاطمہ اور حسنین کے
حق مین نازل ہوئی ہی کہ حسنین کے بیمار ہین علی و فاطمہ نی نذر کے روزہ رکہنا اور انکی صحت کی وفا کے نذر پر روزی رکہی
اور حکایت اسکی مشہور ہے اور ازبسکہ اس وفای نذر مین مشقت جناب فاطمہ نی زیادہ کی اسی سبب سے خدای کریم نی بہشت
کی سب چیزونکا ذکر کیا اور ذکر نہ کیا حور کا اور ایک عداوت سنیونکی اہل بیت سی یہ ہی کہ یہ قرآن محشی مترجم لکہتی ہین اور
اوسمین یہ ذکر نہین اور خواہ مخواہ فضایل ابوبکر و عمر لکہتی چلی جاتی ہین انتہی اور دوسرا جو چہپا ہی اوسکا حاشیہ بتغیر
یسیر پہلی سی یہ ہی یہ آیت جناب امیر المومنین اور فاطمہ اور حسنین کے حق مین نازل ہوئی ہی کہ حسنین کے بیمار ہین علی اور فاطمہ
نی نذر کے روزہ رکہنا اور بعد انکی صحت کی وفای نذر پر اور روزی رکہی اور حکایت اسکی مشہور ہے اور ازبسکہ اس وفای
نذر مین مشقت جناب فاطمہ نی زیادہ کی اسی سبب سے خدای کریم نی بہشت کی سب چیزونکا ذکر کیا مگر حور کا ذکر نہین کیا اور ایک
عداوت سنیونکی اہل بیت سے یہ ہی کہ مولوی رفیع الدین اقربای مولوی عبد العزیز دہلوی نی زبان اردو مین قرآن مترجم لکہا ہی اوسمین
یہ ذکر نہین کیا اور خواہ مخواہ فضایل ابوبکر و عمر لکہتی چلی جاتی ہین اور ذکر اہل بیت نہین لکہتی گویا کہ انکی نزدیک فضیلت
اہل بیت مین کوئی آیت نہین نازل ہوئی ۱۲ انتہی اب منصف غیر متعسف کو لازم ہی کہ دونو حاشیونکو ملاحظہ کرکی تفاسیر خاص
سنیونکی دیکہین تب واضح ہو کہ مضمون شان نزول مندرجہ حاشیہ مطابق اونہین کی ہے یا نہین چنانچہ بدین تفصیل تفسیر بیضاوی
مین ہی عن ابن عباس رض ان الحسن والحسین مرضا فعادہما رسول اللہ فی ناس معہ فقالوا یا ابا الحسن لو نذرت علی ولدک فنذر علی وفاطمہ
وفضہ جاریۃ لہما صوم ثلثۃ ان بریا فشفیا وما معہم شیء فاستقرض علی من شمعون الخیبری ثلث اصوع من شعیر فطحنت فاطمہ صاعا
واختبزت خمسۃ اقراص فوضعوا بین ایدیہم لیفطروا فوقف علیہم مسکین فاثروہ وباتوا لم یذوقوا الا الماء واصبحوا صیاما فلما امسوا
ووضعوا الطعام بین ایدیہم وقف علیہم یتیم فاثروہ ثم وقف علیہم فی الثالث اسیر ففعلوا مثل ذالک فنزل جبریل بہذہ السورۃ

و قال خدا یا محمد ہنیاک اللہ فی اہل بیتک اور صاحب تفسیر زاہدی کی عبارت فارسی صاف ہی اسلئی ترجمہ عبارت مرقومہ
کا مستغنی عن البیان ہی سو عبارت تفسیر زاہدی کہ قریب اور مطابق اوسکی بلکہ عین تفسیر زاہدی ہی بعینہا لکہی جاتی ہی و ہو ہذا
و سبب این نذر آن بود کہ روزی رسول بخانہ علی درآمد یافت حسن و حسین را ضعیف و بیمار کہ از ضعیفی چنان بودند کہ رگہای
شان از زیر پوست می یافت رسول گفت علی و فاطمہ را این فرزندان شما نہ زندہ اند کہ شما را نفع فرزندی و نہ مردہ اند کہ شما
از رنج علت ایشان آسایشی بودی نذر کنید تا بو کہ ببرکت نذر شما خداوند ایشانرا شفا و عافیت دہد علی نذر کرد کہ سہ روز
دارد اگر خداوند شان عافیت دہد فاطمہ ہمچنین نذر کرد کنیزکی بود شان فضہ نام وی نیز نذر کرد و این نذر بروزہ آن
معنی کرد کہ بر مردم گرسنہ ہیچ دشوارتر از روزہ داشتن نبود خداوند تعالی شفا پدید آورد ہر دو بہتر شدند دیگر روز بروزہ
را خواستند ہر سہ تن طعام ساختہ شب نگاہ سہ قرص خواستند کہ دست بطعام دراز کنند آمد مسکین آواز برداشتہ بدر خانہ علی
مرتضی می گفت یا اہل بیت النبوۃ و الرحمۃ مسکین من مساکین المسلمین اطعمونی اطعمکم اللہ فی الجنۃ علی موائدہا و خداوندگان اول
بخانہ رسول و اہل بیت وی آمدندی چہ دانستندی اگر چیزی بود شان نومید نکنند علی مرتضی قرص خود را بمسکین داد و فاطمہ
موافقت کرد علی را ایشان دیگر روز روزہ دار خاستند و شب نگاہ کذلک طعام خواستند کہ دست بطعام دراز کنند آمد یتیمی
بدر خانہ بانگ کرد یا اہل بیت الوحی و النبوۃ یتیم من یتامی المسلمین اطعمونی اطعمکم اللہ فی الجنۃ علی موائدہا علی نصیب خود بداد
و فاطمہ و فضہ کذلک بدادند روز سیوم روزہ دار خاستند شبانگاہ را کذلک طعام ساختند علی طعام بدہان بردہ بود کہ اسیر
بدر خانہ آمد زبان ملامت دراز کرد یا اہل بیت محمد انصفتمونی تاسرونا و لا تطعمونا اطعمونی اطعمکم اللہ فانا اسیر محمد علی لقمہ از
دہان بیفکند و نصیب خویش باسیر داد و ایشان نیز نصیب خود بدادند و این چنان بود کہ حکم کافران کہ اسیر گرفتندی شان
رسول را بودی بند کردی شان و در مدینہ بداشتی تا رای وی بچہ قرار گردی یا باز فروختی یا جزیہ بروی نہادی یا بہ بندگی بداشتی
انتہی موضع الحاجۃ طرفہ یہ کہو کہ ناصح جیو کو غیظ و غضب عصبیت اپنی اخوان دینی عزیز کے فضیحت پر زیادہ تر اتنا لاحق ہوا کہ صریح
کی عاری کذب کے مرتکب ہوئے اپنی دلمین شرم تو کرین حاشیہ مذکور مین کیا غلط بات لکھی ہی دیکھیہ لین حاشیہ قرآن مترجم خاندان عزیزیہ
کا کہ با وجودیکہ تفسیر بیضاوی تک مین تو لکھا ہی کہ تمام سورہ اہل بیت طاہرہ کی حق مین ہی سبحان اللہ جبرئیل امین تو از طرف پروردگار
عالمین تہنیت دیوے اور ان نیک آئین کو موت آتی تہی کہ صدہا حاشیہ عمر و بکر کے لئے تو بناوے اور اہل بیت کی حق کی آیہ مین خیانت
کر ڈالی ہی بہتیں اب منصف کو چاہئے کہ غور کری کہ حاشیہ کی معنون جو موافق تفاسیر فریقین ہی کونسی چالاکی اہل حق کی ہے
کہ ناصح صاحب عوام کی بہکانیکو تہمت افترا لگاکی آیہ فمن اظلم ممن افتری لاتے ہین اب لازم ہی کہ وہ تمام مقولہ ناصح صاحب بازیادتی
جملہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین و جو دہ قرآن مبین او نہین کے لئے ثبت کیا جاوے اب فرماوین کہ مصرعہ موزون میر سیم از کسی کہ نمی ترسد
از خدا کس کا مصداق آیا الحق بصدق رسول اللہ جو نفرین کہ غیر مستحق پر کوئی کرے آمین کرے اوسکا مفہوم خود وہ آپ ہو تا ہی پس یہہ
حال ہی ان حضرات کا تمام امور دین کی نسبت کہ لوگون سی شرم خوام کے بہکانیکو کذب و افترا کی سوا کچہہ کام نہین ہرچند انکی
ہم جنس شہر و نکی کارستانیات بہی کم نہین لیکن یہ اثر صحبت بالاتری اونسی بہی کا اتی زیادتی کذب دلفریبی بالکل بی شرم و حیا
بی جراتی سی سر حافظہ قرآنی حضرت کا یہ اثر ہے کہ یو فون بالنذر یہ حرف واو بڑہا دیا جسی اطفال مکتب جو لین سی جان

[illegible]

جان سکتی ہین دیکہہ سکتی ہین کہ کسی قرآن مین کسی قرأۃ مین و یہ قول نہ پا مین گے نہین معلوم ازدیاد حرف واو مین
کیا علت اور غرض ہے ناصح صاحب کی مگر ظاہرا جبر و مکافات حرکت خلیفۂ عادل کہا چاہیے تو زیبا ہی کیونکہ ماہرین تفاسیر پر
ہویدا ہوگا کہ جناب عدالت مآب نی آیہ والذین اتبعوا باحسان مین سی واو کو دور کرڈالا تہا تفصیل اس اجمال کی یہ ہے
کہ صاحب تفسیر ثعلبی لکہتا ہی کہ جناب عدالت مآب ایکروز آیہ السابقون الاولون من المہاجرین والانصار والذین اتبعوا باحسان
پڑہ رہی تہی اور الذین پر سی واو کو دور کرڈالا تہا یعنی فرماتی تہی والانصار الذین اتبعوا باحسان سو ابی بن کعب نے
تین دفعہ منع کیا یہ خلافت پناہ کب مانتی تہی ہرگز اثر پذیر نہوئی غرض جب نمانا تب ابی بن کعب نے قسم کہا کر کہا کہ مینی
پیغمبر خدا سی معہ واو کی اوسوقت سنا ہی کہ تو عاقر قرا بیچتا تہا تب آپ طیش کہا کر بولی کہ ہان سچ کہا تو نی یاد رکہا اور
ہم بہول گئی تو متوجہ تہا اور ہم مشغول تو حاضر تہا اور ہم غایب انتہی خلاصۃ کلامہ ظاہر جناب عدالت مآب کی نئی علۃ
حذف مین جواز حذف حرف علۃ بعصدے ابی محل فرما سکتے ہین اور اپنی لئی جیسے نقصان اوس علۃ کا فاعتبروا یا اولی الابصار
ہی قایل حسبنا کتاب اللہ اور نہ ہی یہہ معتقد اور مقتدی اونکی وہ اس علم و حافظہ پر تصرف و خیانت پر حسبنا کتاب اللہ فرماگئی
یہہ اس زیادتی و حافظہ پر مدعی نصیحت کی جو بہی لانا آیہ مذکورہ کا اس دعوی پر محض بیفایدہ مثل بانگ بی محل ہے بجز نمایش
استدلال بآیہ قرآنی واسطی بہکانی عوام و دہاقین کے کسی بات کا مفید نہین کیونکہ دعوی آپکا یہ ہی کہ تم اماموں کی نذر نہ
ہو اور دلیل ممانعت مین یہ آیت جسکا مضمون یہ کہ وہ وفای نذر کرتی تہی صریح ظاہر ہی کہ اگر اعتراض یہ ہوتا کہ تم نذر
کے وفا نہین کرتی یا نذر جداے کے سنکر ہو یا طعام وار بہ حب خدا نہین کرتے مسکین و یتیم و اسیر کو نہین دیتی تب البتہ یہہ آیت
لانی زیبا تہی والا صریح تقریب ناتمام ہی کما لا یخفی علی الفطن اللبیب اور طعام دادن بنام فاتحہ و نیاز رسول و آل طاہرہ کہ خاص
محبوب خدا ہین از بس ظاہر ہی کہ محض بپاس محبت خدا ہی یا کچہ ہین چونکہ خاصہ ہی ناصح صاحب کا کہ عوام اور گانو گنوی
کی دہاقین و جہلا کی حرکات جاہلیت کو بہی اصول مذہب اور کل اہل مذہب حقہ کی طرف منسوب فرماتی ہین اسی طرح اس جگہ بہی
اور بعد اسکی بہی واسطی تنفیر اور دہوکی عوام کے کام فرماتی ہین بعضی جو فاتحہ نیاز رسول و آل رسول کو بلفظ نذر و نیاز
تعبیر کرتے ہین اوسکو آپ روپ گرفت کرکے عوام کی بہکانیکو ایک بڑا اعتراض بناکی بر روی کار لاتی ہین عقل کے دوست نادان
یہ نہین جانتی کہ عوام تو اونکی طرف اہل ادب خواص علما و فضلا فریقین مین مستعمل اور جاری اور ساری ہی کہ جو چیز کوئی اعلی کسی
ادنی کو دیتا ہی اوسی بخشش و عطا وغیرہ الفاظ سی تعبیر کرتی ہین اور مساوی المرتبہ کو دیوی تو ہدیہ وغیرہ تعبیر
کرتے ہین اور جو ادنی اعلی کو دیوی تو نذر پیشکش وغیرہ کر کی تعبیر کرتی ہین بعضے الفاظ مین کہ سب جگہ مستعمل ہین مثلا
تحفہ و امثالہا چنانچہ سلاطین و حکام کے حضور مین جو چیز پیش کیجاتی ہی اوسی نذر کہتی ہین اور یہ پیشی خواہ معمولی ہو مثلا
ششماہی سالانہ وغیرہ ایام مقرر کی ہو یا خواہ غیر معہود و غیر معمولی بروقت جب جی چاہی غرض اس سب کو نذر کہتی ہین لیکن
ظاہر ہی کہ نہ بمعنی اوس عہد و نذر کے جو واسطی معبود برحق کے معہود ہے اور تعبیر پر اس نذر کی واسطی سلاطین و حکام وغیرہ اعلی
کے کوئی مشرک نہین کہا جاتا کسی فرقہ مین مولوی رشید الدین خان رشید عزیز ناصح جو کلام طویل اس باب مین لکہتے مین جناب
نیاز مین جو لکہتے ہین نقل اوسکے مظاہر حق مین بہی موجود ہے بغور ملاحظہ کرین و ہو ہذا نیاز لفظ فارسی ہی اسکے معنی

ہی معنی ہین ازانجملہ ایک معنی اوسکی ہین تحفہ درویشان کذا فی البرہان قاطع اور پہر اوسی مقام مین بعد کلام طویل لکہا ہی
کہ وہ یہ جملہ ہی پس اگر کوئی کسی بزرگ زندہ کو کچہہ بطریق نیاز یعنی بروصلہ اور تحفہ کی دیوی تو وہ نیاز جائز اور اوس بزرگ
کو کہنا اوس چیز کا جائز اسی طرح اگر نیاز کسی بزرگ مردہ کی کرے کہ بمعنی فاتحہ اور پہونچانی ثواب کی اسچیز کے اوسکی لئی ہے
تو یہہ نیاز بہی جائز بالجملہ یہ منحصر ہی اور منحصر ہی اصطلاح اہل زبان پر ولامناقشۃ فی الاصطلاح بہتیری الفاظ مین کہ اہل عرب
کی ہان اور معنی مین مستعمل اور اہل عجم و ہند وغیرہم کے ہان اور معنی مین مستعمل اور لفظ ایک مثلاً ایک لفظ لیس کہ عربی مین بمعنی نفی ہے
اور ایک لفظ ہی توس کہ عربی مین کہا نیکی چکہنے کے معنو نہین ہے اور مصدر ہے اور یہان افواج مین جو سپاہی کچہہ عہدہ پاتا ہے
اوسکی لئی ایک علامت مقرر کیجاتی ہی اوسی توس یا لیس کہتی ہین یا مثلاً لفظ لا ہی بمعنی نفی ہی عربی مین اور ہندی
مین امر لانیکا یا مثلاً لفظ بس بس ہے کہ عربی مین واسطی بلانی گوسپند و ناقہ کی ہی اور اہل ہند کی ہان سب جانتی ہین کہ کہان
اور کسلئی مستعمل ہے بلکہ صرف ایک لفظ اور معنی متعدد ہوتی ہین کما صرح سابقاً بالتفصیل البلیغ لیکن معنی حسب استعمال محل و
موقع اور قصد معتبر مقصود ہوتی ہین کما بین ان لکل کلمۃ مع صاحبہا مقام لیس بغیرہا وانما الاعمال بالنیات انما المرء
علی مانوی اور یہ ظاہر ہی کہ نذر جو کہ مخصوص واسطی پروردگار معبود کی ہی عمل اوسکا بعد عہد کے ہوتا ہی اور اسکی معنی بہی عہد
کرنیکے ہین کہ بعد عہد اور حصول مقصود ایفا اوسکا عمل مین آتا ہی اور نیاز و فاتحہ پیغمبر و ائمہ ہدی شہداء و اوصیاء کی خواہ
پہلی خدا سی عہد کیا ہو خواہ یونہین کچہہ فاتحہ دلوای یعنی بی عہد ہی فاتحہ دی تو بطریق عجز و نیاز بپاس ادب بہ نیاز
و نذر تعبیر کرتی ہین کہ شرعاً یا عرفاً کسیطرح کوئی بات ممنوع و محظور اسمین نہین علاوہ اسکی خصوصیت اس تعبیر کے بہی
کچہہ شیعونکی لئی نہین بلکہ خاص و عام اخراب ناصح صاحب کی ہان جارو ساری ہی پہر ایراد خاص شیعونکی حق مین محض فضیحت
اپنی کروانی ہی چنانچہ خاص اپنی سلاطین حنفیہ وغیرہا اور علماء و مشائخ ائمہ اربعہ کی لئی کلمات و ملفوظات کیا کتب تاریخ وغیرہا
کیا زبانی خواص و عوام مین برقت تعبیر سے ان لفظون کی دیکہہ سکتی ہین ناصح صاحب اگر کچہہ بہی عقل رکہتی ہین تو متنبہ
ہونگی بلکہ اونہین کے دیس مین گانو نمین قصبہ مین ہولی دیوالی دسہرہ کو جو رعایا زمیندار تحصیلدار حاکم وجود ہری کے
لئے یا خود ناصح صاحب اگر میانجی گری ہی کرتی ہین تو خاص اونکی لئی بہی شاگرد اور مرید اونکی کچہہ عید بقرعید وغیرہ
کو پیش کرتی ہین تو سچ سچ اپنی ایمان سی فرمادین کہ نذر کہتی ہین یا بخشش و عطا اور آپ خود لیتی اور کہواتی ہین یا نہین
بلکہ ہر واقف و ماہر جانتا ہی کہ زمیندارہ مین سب بہینٹ کہتی ہین نہ یہ خیرات تو آپ بہینٹ کہو کے لیتے ہین یا یہ خیرات اور
یہ ظاہر ہی کہ حاکم یا خود ناصح جیو کوئی دیبی بہوانی یا میران شیخ سدو نہین کہ بہینٹ اون معنو نمین مقصود ہوگی جو معنی
نذر کے اونکی ہان ہی بلکہ صرف یہان نذر ہی بمعنی تحفہ و پیشکش کہ واسطی تعظیم کے نذر بہینٹ بہی مصطلح اور مستعمل ہی بالجملہ
نذر مخلوق کے واسطی وہ ممنوع ہے معاذ اللہ جو مثل نذر خدا معہود ہو اور اوس مخلوق کو شریک یا ضد و ند یا کفو اولاد خدا
تصور کیا جاوے چہ جائیکہ بی عہد جو چیز اعلی کے لئی ہی اوسی نذر کہتی ہین سو یہی عوام اور جو ناصح صاحب ہمارے اس التماس کو بیہودگون
پر تمیز ذہنی اور لسانی ظاہر کرین اور وہ ہو کی باز یان اپنی مریدون مین بیٹہہ کر کام مین لا دین تو ہم خاص اونکی پیر رفیع
عزیزیہ کے تحریر مطابق اور موید اپنی مصرحات کے نقل کردیتی ہین کہ کسیطرح کے جای گریز اونکو اور محل گفتگو نرہی اونکی

نقل عبارت مولوی رفیع الدین

اونکی مولوی رفیع الدین نی خاص اس نذر کی باب مین کتاب لکہی ہی اور مزا یہ ہی کہ وہ اپنی بزرگیسے مشایخ تکی نسبت گو یا لکہتی ہین ناصح جیو کو لازم ہی کہ شرم کرین اور عہد کرین کہ اہل حق کی سامنی کبہی لب نہ ہلاوین گے چونکہ عبارت مولانا فارسی ہی سو بعینہا لکہی جاتی ہی کہ بعد حمد و نعت شروع ہی مین ہی می گو ید بندۂ مسکین محمد رفیع الدین الحقہ اللہ بسلفہ الصالحین این کلماتی ست در باب نذور یکہ بمزارات اولیا می آرند مشتمل بر چند مسئلہ اول آنکہ لفظ نذر کہ اینجا مستعمل میشود نہ بر معنی شرعی ست کہ ایجاب غیر واجب ست از جنس عبادات مقصودہ بطریق تقرب الی اللہ بلکہ عرفی ست چہ عرف آنست کہ آنچہ پیش بزرگان می برند نذر و نیاز می گویند آری نذر شرعی قسمی ازان گاہی می باشد و حکم آن نذر این ست کہ بتحقیق محض برائے اولیا است حرام ست کہ وارد شدہ ست لا نذر لغیر اللہ و نیز قضائے حاجت باستقلال از کسی خواستن و اورا مالک نفع و ضرر خود اعتقاد کردن نوعی از شرک است و اگر بصورۃ ست نہ در نیت و حقیقت و در واقع بریکی از وجوہ مباح است وجہ اول آنکہ خالص برائے خدا تعالی است و ایشان مصرف محض اند گویا می گوید الہی اگر این مراد من حاصل شود نذر بو یہ مزار خدام الصالح رسانم وجہ دویم آنکہ ایشان را شفیع سازد گویا می گوید یا حضرت در جناب الہی برائے این مشکل دعا کنید اگر این مراد حاصل شود از طرف شما در جناب الہی اینقدر طعام یا نقد رسانم تا ثواب آن عاید شما شود و این معنی جواز دارد چرا کہ جناب ختم نبوت مر حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ وصیت فرمودند کہ تا زندہ باشی از طرف من قربانی کردہ باشی و سعد بن عبادہ فرمودند چاہی بنا کن و بگو ہذہ لام سعد وجہ سیوم آنکہ این بزرگ را در جناب الہی وسیلہ و شفیع سازد گویا می گوید الہی ببرکت فلان بزرگ و بحق عنایت و مہربانی خود و اوستان کہ عمر خود در بندگی و رضا جوئی تو گذرانیدہ اگر مشکل من آسان کنی اینقدر مال بہم دو ثواب آن تحفہ او بروح آن بزرگ سازم تا از تبرک و احسان آن بزرگ خوشنود شوی این ہم جایز ست کہ مذہب ابو حنیفہ ست لان الانسان ان یجعل ثواب نافلتہ لمن شاء، المختصر کہ تمام کتاب مین جو فاتحہ نیاز کسی اونکی اولیای ممنوع کی بہی ہے معتبرہ نذر ہی اور تصریح تمام جواز تینون صورتہائے مرقومہ سی ظاہر و باہر ہی ناصح جیو یا تو اپنی شک و ریب جہالت کو تشفی سے دفع کرین یا اعتقاد اپنا اپنی پیر عزیزہ در رتبہ سی مرتفع فرماوین کیونکہ اس کتاب مرقومہ کو بہی خاص اعتقاد عزیزیہ اور تصنیفات عزیزیہ سے جانین کہ اونکی شاکرت و مشاورت سے ہے ناصح صاحب ایسی سفسطہائی مزخرف سی دایرۂ نقض و اعتراضات فرقہ یہود و نصاری وغیرہا قرآن و احادیث کی لئی وسیع کرتی ہین کچہ بہی تمیز اور ہوش کو کام نہین فرماتی ہر عقیل و فہیم خیال کر سکتا ہی کہ قرآن مین تو یہ خطاب خاص پروردگار اپنی حبیب مخیر صلعم کو کہ قل ہو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد و لم یولد و لم یکن لہ کفوا احد الحاصل کہ وہ ایک ہی یگانہ ہی بی نیاز بی احتیاج ہی نہ جنا نہ جنا گیا نہ اوسکی مانند نہ مثل نہ گوت نہ قبیلہ نہ ہم جنس غرض نہ فرزند نہ جورو نہ بچہ اور حدیث ہی مشکوٰۃ مین عنہ و عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ الخلق عیال اللہ فاحب الخلق الی اللہ من احسن الی عیالہ رواہ البیہقی فی شعب الایمان جسکا ترجمہ خاص فرزند عزیز ناصح جیو لکہتے ہین کہ خلق کنبہ اللہ کا ہی پس بہترین خلق کا طرف اللہ کے وہ شخص ہے کہ احسان کری طرف کنبہ اللہ کی ظاہر ہی کہ جیسے بحث و عذر حقیقت و مجاز کا بیان ہوگا وہی اطلاق استعانت اور نذر مین بہی گلوگیر ہوگا ناصح جیو کو کچہ اپنی ہانکی احادیث کی بہی خبر نہین یا حافظہ نہین خدا محفوظ رکہی بربلا اسی حدیث عثمان بن حنیف جو کہ ترمذی و نسائی و حاکم و ابن ماجہ نی روایت کی ہی اور حصن حصین مین بموجب اسی حدیث کی بعد ادائی وضو اور دو رکعت نماز حاجت کی دعا طویل مذکور ہی جسکا اشارہ ذکر استعانہ مین اوپر بہی گذرا ہی یہ مضمون مصرح ہے صاف اور یہہ لفظ ہین یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی فی حاجتی ہذہ لتقضی لی فشفعہ فی کہ ملا علی قاری

فائدہ تحقیق

فائدہ حدیث ترمذی و نسائی و حاکم و ابن ماجہ

شرح مین حصن حصین کے تصریح کرتا ہی کہ روایت مین لتقضی بصیغہ حاضر جو آیا ہی یعنی تا کہ قضا کری تو ای محمد حاجت میری پس
اسناد قضاے حاجت کی آنحضرت کی طرف مجازی ہی اور طبرانی معجم کبیر مین عثمان بن حنیف سی روایت کرتا ہی کہ اوسنی خلافۃ عثمان
بن عفان مین ایک حاجت مند کو اِسکی تعلیم کے اور اوسنی عمل کیا اور حاجت برآئی اب ہم مذاق پر برقیع وغیرہا احزاب ناصح جیو کے
بطریق تنزل کہتی ہین کہ اگر کوئی شخص نیاز و فاتحہ رسول و ائمہ عہد بہی کرتا ہو تو وہ نذر و عہد حقیقت مین خدا کی لئی ہی کہ فلانا
مقصود ہمارا حاصل ہو تو ہم اوسکی پیارے پیغمبر یا اِسکی نفس و آل کے لئی یہہ فاتحہ دین گی اور برارندہ حاجات مستقل بالذات ذات
پاک پروردگار ہیکو جانتی ہین خطاب ان بزرگونکی طرف عرف بمقتضاے و ابتغوا الیہ الوسیلۃ نظر بر قصد ابتغای وسیلہ ہی نہ بخواست

دعا اور اطلاق خطاب اونکی جناب مین مثل اطلاق اغناہم اللہ و رسولہ اور اغناکم اللہ و رسولہ اور یا محمد انی اتوجہ بک
الی ربی فی حاجتی ہذہ لتقضی لی فتشفعنی اور یتوفیکم ملک الموت الایہ اور توفتہ رسلنا الایہ اور اعینونی یا عباد اللہ مرقومۃ الصدر
اور حدیث ما انتجیتہ ولکن اللہ انتجی ہی کہ حدیث صحاح ترمذی سی مشکوۃ مین ہی بر حسب العقلا تکفیہم الاشارہ لیکن واسطے
سفر اشکنی ناصح صاحب جیسی خاص و عام کی ہم بتصریح تمام ترجمہ اشنین کی محقق دہلوی کا جو شرح حدیث ما انتجیتہ مین مرقوم ہے
معہ تمام حدیث لکہدیتی مین عن جابر قال دعا رسول اللہ علیا یوم الطائف فانتجاہ گفت جابر خواند آنحضرت علی را روز
غزوہ طایف پس راز گفت با وی فقال الناس لقد طال نجواہ مع ابن عمہ پس گفتند مردم ہر آئنہ بتحقیق دراز شد راز گفتن با پسر عم
خود فقال رسول اللہ ما انتجیتہ ولکن اللہ انتجاہ من راز نگفتہ ام باوے از پیش خود لیکن خداے تعالے راز گفتہ است باو یعنی امر کردہ
است مرا کہ راز گویم باوے پس راز گفتم من بجہت فرمان بردار کردن امر حق تعالے را و تواند کہ معنے آن باشد کہ من ابتدا در راز گفتن باوے
نکردہ ام ولیکن خداے تعالے راز می گوید باو و القای اسرار می کند در دل وی من راز می گویم باو از جہت موافقت و متابعت
فعل الہی تعالے رواہ الترمذی وجہ استدلال اس مضمون کی یہی ہی کہ جیسے انتجای رسول مقبول کا اطلاق در حقیقت اطلاق انتجاے
جناب باری اس جگہہ ہی ایسی ہی خطاب جناب رسول مقبول کیطرف طرف جناب باری ہوگا فافہم و تدبر علاوہ اسکی ذرا ناصح جیو
عقل و ہوش سیکہین غور کرین کہ اگر کوئی شخص خدا کے نذر کرتا ہی کہ اگر میرا فلانا مطلب حاصل ہووے تو مثلا بیس مومن کہلاؤنگا
تو آپ فرماوین کہ یہ ناذر ان بیس مومنونکی نذر اُنکی نزدیک کرتا ہی اور اُنکو خدا جانتا ہی یا شریک خدا یا نذر خدا کے ہی بلکہ
اگر ان مومنین سی یا ساکین سے خاص خطاب بہی کری کہ بہائیو یہی نذر ہماری ہے کہ بیس مومن مسکین بعد حصول فلانی مطلب کے
کہلاؤنگا یا خاص ناصح جیو کو معہ اونکی چند اخوان و اقران کے بلا کی درس وعظ کہو اکی اونکی خاص خدمت مین بہی التماس کوئی
کری تو ناصح صاحب اوسی مشرک اور کافر نہین فرماوینگی پہر کمال تعجب ہے کہ رسول و اہل بیت کی نام سی یہ عداوت کہ گویا انکے
کہلانیسے ناصح صاحب کو تلخی معلوم ہوتی ہی نہین دیکھتے کہ وہ عند بہم بیزرقون کی مرتبہ مین ہین خدا بخود نہین کہاتا اور
عباد و ساکین کو کہلانا اوسکو پہونچانا ہی اونکی فاتحہ دینی اونکی دوستونکو کہلانا انکا کہلانا ہی یعنے نذر خدا کی ہوئی کہ ہم پیارے
ان دوستونکو کہلاوینگے اور نذریہ بواسطہ اور وسیلہ انکی ہوئی تو عین تعمیل مضمون و ابتغوا الیہ الوسیلۃ ہوئی فافہم و تدبر
ناصح جیو ذرا شرم تو کرین قرآن مین صاف ہی واسطی سجدہ چاند سورج کے موجود ہی اور دیکہہ چکی کہ بڑی حنفی
مصاحب صاحب ابو حنیفہ امام اعظم ناصح جیو سجدہ چاند سورج کا تجویز فرماتے تہے اور لو الامر ناصح صاحب اور

بطبرانی

حدیث ما انتجیتہ

وجہ استدلال

Presented by Ziaraat.Com

اور کمل مشایخ و عرفای ناصح صاحب مثل اکبر اور قطب الاقطاب وغیرہ مرشدونکو سجدہ کرتی تھی اور اتباع مریدین سے سجدہ کا وقوع
تھی اگر تفصیل اور حوالجات ہر ایک کی خاص کتب ناصح جیو سی لکھی جاوین تو بہت طوالت متصور ہے اسلئے مختصر آ بطریق نشان دہی
اشارون پر اکتفا ہی اول تو شرح اشباہ و نظائر مین کہ نہایت معتبر کتاب ناصح صاحب کے ہانکی ہی صاف لکھا ہی قال اکثر ہم ہو ای
السجود علی وجوہ ان اراد العبادۃ یکفر وان اراد بہ التحیۃ لا یکفر ولا نلوم علیہ فی ذلک انتہی دوسرے کافی مین کہ نہایت معتبر کتاب
کتب فقہ حنفیہ مین سے ہی لکھا ہی ذکر الصدر الشہید انہ لا یکفر لہذا السجود لغیر اللہ لان یرید بہ التحیۃ دون العبادۃ انتہی تیسری
رسالہ حافظ مسعود مراد آبادی کہ اوسمین اکثر سوالات علما اور جوابات خاص ناصح جیو کی پیر عزیز کی مین ملاحظہ فرماوین کیا قدرت الہی
کا تماشا ظاہر ہوتا ہی ایک مضمون مسئلہ مختصر اوسمین کا یہ ہی کہ حاجی رفیع الدین خان فاروقی حنفی نی خط جناب عزیزیہ مین لکھا تھا مضمون
مضمون کہ در کتاب فوائد الفواید ملفوظات حضرت سلطان المشایخ حضرت نظام الدین چند جا مذکور ست کہ آیندگان پیش ایشان سر بر زمین
می نہادند و چون یکی ازین امر استبعاد نمود فرمودند میخواہم مردم منع کنم لیکن ازین جہت کہ پیش خواجہ قطب الدین و شیخ فرید الدین ہمچنین
میکردند نمی توانم منع نمود و دیگر فرمودند چیزیکہ فرض باشد چون فرضیت آن نسخ شود سنیت آن باقی ماند مثل صیام بیض و عاشورہ
و سجدہ آدم را مامور بود الکنون کہ تاکید آن منسوخ شد اباحت آن باقی ست درین چہ ارشاد می رود و چنانچہ پیر عزیز ناصح صاحب بعد کلام
طویل ذکر سجدہ آدم کے کہ تفسیر فتح العزیز مین تفصیل اوسکی ہے بحوالہ قصہ آدم جو لکھتی ہین مضمون مقام حاجت لکھا جاتا ہی ناصح جیو
دیکھین اور عبرت پکڑین متنبہ ہو وین آمدیم برآنکہ این بزرگواران را تجویز سجدہ چرا می کردند غایت توجیہ فعل این اکابر بعد تنقیح و تفتیش
بسیار چنین قرار دادہ کہ سجدہ را ایشان دو قسم می دانستند سجدہ عبادت و سجدہ تحیت سجدہ عبادت را خود کفر و حرام می دانستند و سجدہ
تحیت را تجویز میفرمودند و فرق میان سجدہ عبادت و سجدہ تحیت باوجود تغایر نیت و تعظیم باطنی در ہر یک بحسب ظاہر الامر آنست کہ عند الملاقات
و المحاضرہ بطریق تعظیم و تکریم زایدہ بر تحیہ مسنونہ واقع شود سجدہ تحیت ست و اگر بقصد تقرب و لو فی الغیب و تحصیل کیفیت نفسانیہ مطلوب
واقع شود این سجدہ عبادت ست چنانچہ سجدہ کفار بسوی اصنام ست و سجدہ ملائکہ برای آدم از قسم اول یعنی سجدہ تحیت می فہمیدہ
چنانچہ اکثر مفسرین بہمین رفتہ اند و جمعی قلیل گفتہ اند کہ سجدہ برای خدا بود و آدم را قبلہ کردن منظور بود بہر حال چون ملائکہ در مقابلہ
حق تعلیم اسما کہ از حضرت آدم بنسبت بایشان واقع شد مامور باین تحیت شدند مگر معلمان و مرشدان بطریق اولی بنسبت متعلمان و مرشدان
مامور گشتند قیاسا جلیا و چون این امر درین شریعت منسوخ ست از فرضیت بندبہ انتقال نمود انتہی موضع الحاجہ سبحان اللہ حال خلیفہ
عادل عزیزیہ قابل تذکر ہی اور تحریر تقریر عزیزیہ قابل یاد ہی یہان سلطان المشایخ کی مشیخت تھامنی کو ناصح صاحب کی پیر عزیز نی یہ
بانہ باندھا لیکن شیخ فانیکی عدالت کو کیونکر تھامین گے کہ پیغمبر جیسے پیر و مرشد کی حضور مین بجای سجدہ تعظیمی مرشدی کلمہ نہ بانی پیش آئی
اور پس رسول و جگر گوشہ رسول سی جو کچھ کیا اظہر من الشمس ہے فاعتبروا یا اولی الابصار تنبیہ ناصح صاحب اپنی پیر عزیز کے تحریر سی زیادہ
متنبہ ہو وین کہ اونہین پر آسیا جاتی ہین کیونکہ حضرت کی ہان جو تعظیم و تکریم معلم و مرشد کی سجدہ تک بہ نیت تعظیم اونکی ان پیر جیو
کی تصریح سی محکوم و مخبری ظاہری او فعل اونہی مشایخ کبار کا بلکہ بموجب مصرحہ مکررہ بالا سجدہ شمس و قمر تک معمول سبحان اللہ
اسپر فاتحہ و نیاز رسول و اہل بیت کو تعظیما نذر تعبیر کرنیوالا نصیری کہا جاوے آیا رتبہ رسول و اہل بیت استاد و معلم سی بہی کم ہی آیا تعظیم
نذر سجدہ سے بہی زیادہ ہے ناصح جیو کی نزدیک ادب رسول و آل رسول معلم و مرشد سی بہی کمتر ہے یا ناصح جیو پیغمبر و آل پیغمبر

کو مرشد نہین جانتی شیخ شہاب الدین دولت آبادی کی کتاب مودۃ دیکھین اور نصیحت پکڑین وہ کس کس رنگ سی کیسی کیسی تفصیل
سی لکھتا ہی کہ پیغمبر و آل پیغمبر کے حقوق کس کس درجہ کر ہین پیغمبر نے ہمین تعلیم کے تو حق اوسکا اوستاد و معلم کا ہی او اہل بیت کی تعظیم
اولاد اساتذہ جیسے چاہیی پیغمبر مرشد ہمارے آل کی تعظیم مرشد زادون جیسے پیغمبر بادشاہ دین و دنیا اور آل اوسکی کا رتبہ شاہزادون
جیسا غرض انواع و اقسام کی حقوق اور مراتب رسول و نفس رسول و آل رسول کی لکھی ہین کہ ادب و تعظیم انکی کتنی کتنی مراتب کر
اور کس درجہ کر چاہیی مگر ہماری ناصح صاحب دہقانی نہین معلوم نفس ادب بھی سیکھی ہین یا نہین او نہین لازم ہی کہ اول ادب سیکھین
پہر معلم اور مرشد اور اوستاد کی لئی جو باتین ادب کی درکار ہین وہ سیکھین جب استعمال الفاظ نذر و تحفہ و ہدیہ جانین گے نہین تو
بی مرشدی اور بی اوستادی کہلائین گی لیکن ناصح صاحب کیا ادب سیکھین گے اور کیا کام مین لاوینگی او نکی مرشد عماد ل قائل
حسبنا کتاب اللہ کا حال قصہ مشہورہ قرطاس اور نسبت لگانی ہذیان کی معاذ اللہ بجناب رسول مقبول اور کہو لنا مارنی ابی ہریرہ
معلن فرمان رسول حضرت سبحان وغیرہ مراتب کی ہر ایک ماہر و عاقل پر ہویدا ہی تو یہہ مقتدی اونکی کیا ادب و آداب رسول و نفس
رسول مرعی رکہین گے ولنعم ما قال الرومی فی مثنویہ ای مرا تو مصطفی من چون عمر از برای خدمت بستہ کمر از خدا جوئیم توفیق
ادب بی ادب محروم گشت از فضل رب بی ادب تنہا نہ خود را داشت بد بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد اور علاوہ اسکی ناصح جیو کو چاہیی کہ
ہوش سے سنین اور خواب خرگوش سے ہشیار ہون غور کرین کہ اگرچہ بعضی فدائیان و جان نثاران ائمہ ہدی جو کہ ادب آموختہ اور
دل سوختہ محبت جناب سید الشہدا دل و جان سی بتقاضی قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی و من یقترف حسنۃ نزد لہ فیہا حسنا
مصروف محبت بسبب جوش محبت اور کثرت ذوق و شوق اور انتقاش عظمت و تکریم ان آیات خاصگان بارگاہ حضرت ایزد کریم کے
بسماعت و تلاوت آیات رحمانی نقل ضریح مقدس باس بفحوای اذا تتلی علیہم آیات الرحمن خروا سجدا و بکیا موہنہ کی بل گرتی ہین یا
سجدہ تعظیمی مطابق مصرحہ پیران و مقتدایان ناصح صاحب بالفرض عمل مین بہی لی آئین یا سجدہ در حقیقت خدا تعالی کا بپاس آیات
عظیمہ و فوز عظیم شہدا عمل مین احیانا لائین یا بعضے بپاس ادب زمین بوسی کرتی ہین کہ سجدہ معلوم ہوتا ہی تو نظر بر صیانت عوام
و جہلا کہ مبادا وہ لوگ دہوکہ مین پڑین اور سجدہ عبادت لغیر اللہ بہی دہوکے جایز نجانین تو مجتہد و علما اس پر بہی ممانعت و فہمایش اور
وعظ و نصیحت بیش از بیش مرعی رکہتی ہین لیکن ناصح صاحب اور اونکی احزاب کو لازم ہی کہ وہ تو حسب مصرحہ عزیزیہ اور اپنی سلطان وغیرہ
کی اس باب مین لب بہی نہ ہلاوین ورنہ سرکے بل اونہی گرینگی اور رضا کینہ و عداوت و عناد اونکا اہل بیت رسول سی خورد و کلان شہری
و دہقانی پر روشن اور نمایان ہوگا علاوہ اسکی ناصح جیو غور کرین اور فرماوین کہ خود قرآن کی آیت اذ قال لصاحبہ اپنی وقت پر
اپنی خلیفہ صاحب کی صاحبی جتانیکو تو پیر عزیزیہ تک اونکی استدلال مین لاتی ہین اور اونکو اور اصحاب رسول کو بموجب محاورہ عرب
صاحب رسول کہتی ہین تو صاحب کا لفظ واسطی اصحاب رسول مقبول کی زبان عرب مین مستعمل ہی ناصح صاحب کو شرم نہین آتی
کہ ہنود و نصاری کے لئی بہی یہی لفظ استعمال مین لاتی ہین یعنی لالہ صاحب وغیرہ جو کہ اصحاب رسول مقبول کے واسطی مستعمل
ہی اور پہر مگر یہ بہی کہ اللہ صاحب کسی تفسیر و حدیث مین کسینے مستعمل نہ دیکھا ہوگا یہان تعظیم و تکریم کی لئی ہنود و مسلمان کی واسطی بلکہ
زیادہ تر آج کل نصاری کی لئی بیشک بہت مستعمل ہے سو خود ناصح صاحب جناب باری کی لئی اللہ صاحب فرماتی ہین اب فرماوین
کہ جسطرح صاحب جناب خلیفہ صاحب کی لئی بیشک بہت مستعمل ہی سو خود ناصح صاحب جناب باری کی لئی اللہ صاحب فرماتی ہین اور فرماوین

فرماوین کہ جسطرح صاحب جناب خلیفہ صاحب کے لئی استعمال فرماتی ہین وہی معنی لالہ صاحب وغیرہ مین بہی مقصود رکہتی مین
اور جو لالہ صاحب مین مقصود رکہتی ہین وہی خلیفہ صاحب ممدوح مین مراد رکہتی ہین یا نہین اگر ہان اور او بیان اور
استعمالِ لفظِ نذر و استعانت مین بہی دم نہین مار سکتی اور جو دو نو جگہ ایکسا فرماوین گی تو اللہ صاحب کہنی مین نزا نری کا فر
ہی ہونا پڑیگا والجواب الجواب ناصح جیو اور ان جیسی باتین بیچارے ان مذاقونکو کیا سمجہین اور کیا جانین ہم ایک اور تقریر
سی بیان کرتی ہین کہ صاحبانِ طبعِ سلیم اوسکی کیفیت اوٹہاوین گی اور یاد رہی کہ یہ تقریرِ حقیر مطابق یا دینگی اپنی شیخ و
قاضی معتمد حنفی کے تصریحات کتاب المودہ سی واضح ہو کہ آیہ ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین امنوا صلوا
علیہ وسلموا تسلیما کہ بالاتفاق واسطی فرضیت صلوۃ کی پیغمبرؐ پر ہے ہر شخص جان سکتا ہی کہ صیغہ صلوا وسلموا جو ہی تو صیغہ امر ہے
یعنی حکم یہ ہی مومنین کو کہ صلوۃ وسلام بہیجو پیغمبرؐ پر اور درود جو تعلیم فرمائی پیغمبر خداؐ نی تو یون ہی کہ اللہم صلی علی محمد وآل
محمد الخ معنی اسکی بہی تہوڑا پڑہا لکہا آدمی جانتا ہی کہ درخواست ہی خدا سی کہ یا خدا تو صلوۃ بہیج پیغمبرؐ پر یا کہا جاتا ہی صلی اللہ
علیہ وآلہ غرض یہ کہ خدا تعالے سے درخواست ہوتی ہی کہ خدا صلوۃ بہیجی نہ یہہ خود اپنی طرف سی تو صاف بظاہر مخالف ہی
حکم کی لیکن نکتہ لطیف و پاکیزہ قابلِ قبول ذہنِ اہلِ ادب ہی کہ ذاتِ بابرکاتِ سیدِ ابرار سرورِ کائنات معصوم و مطہر نور کے
پیدا ایسی پاک لطیف ہے اور ہم لوگ یعنی امت نسبت اونکی کیا رتبہ رکہتی ہین ہمارا کیا موہنہ کہ ایسی اعلی پاک ذات پر ہم صلوۃ بہیجین
جسکی لئی پروردگارِ عالم مقامِ محمود عطا کری اور فرماوی ورفعنا لک ذکرک ہماری کیا جان اور کیا زبان ہی کہ کونسا بہترین
رتبہ اونکی لئی چاہین سو ہم پاک پروردگار ذوالجلال والاکرام سی درخواست کرتی ہین کہ تو صلوۃ وسلام بہیج اس پیغمبرؐ
بزرگ اور اوسکی آلِ ستہرگ پر کہ شان اونکی لایق اوسکی ہی کہ اونکی لئی جو تیری نزدیک بہترین تحفہ ہو تو عطا کر اور ظاہر رہے
کہ یہہ کچہہ خیالی تیز ذہنی کے بات نہین بلکہ تعلیم رسول کریمؐ یون ہی ہوئی ہی کہ یون کہو تاکہ رتبہ رسول مقبولؐ بلکہ رتبہ
آلِ رسولؐ بہی زیادہ تر خواص و عوام پر ظاہر ہو جاوے کیونکہ از بس ظاہر ہی کہ عند التعلیم نامِ نامی آلِ طاہرہؑ بہی ساتہہ ہی حضرتؐ
نی ارشاد کیا ناصح صاحب اپنی تمام کتب تفسیر و حدیث مین دیکہہ لیوین کہ کعب بن عجزہ رض سی روایت ہی کہ جب آیت مذکورہ نازل
ہوئی تو لوگون نی طریق تصلیہ و تسلیم پوچہا تب خود آنحضرتؐ نی یون سکہلایا چنانچہ فخر رازی بہی تفسیر کبیر ناصح صاحب تفسیر آیہ قربے
مین اپنی تفسیر کبیر مین جہان اور فضایلِ مخصوصہ و وجوبِ محبتِ آلِ طاہرہؑ لکہتا ہی اسکو بہی لکہتا ہی کہ یہ فضیلت خاص آلِ طاہرہؑ
کی لئی ہی کہ کسیکی لئی نہین یعنی کسی اور عمر و بکر کی لئی نہین کہ ان پر صلوۃ بشمول سرورِ کائناتؐ نماز مین بہی واجب ہی کہ
ہر شخص دیکہہ سکتا ہی اس جگہ سی بہی رتبہ اہلِ بیتِ طاہرہؑ کو ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور اب عقیل فہیم اس مضمونِ فخیم کو
منقوشِ طبعِ سلیم کرکے غور کر سکتا ہی کہ اگر کوئی شخص خاص اہلبیتؑ ان خیالون سی خطاب بہی کری واسطی درخواست کسی حاجت
کے تو مقصود یہ ہے کہ عطا کنندہ مستقل بالذات ذاتِ پاک پروردگار قاضی الحاجات اللہ جل جلالہ وعم نوالہ ہی یعنی ہمارا
کیا موہنہ کہ ہم بی واسطی اور وسیلی ان خاصانِ بارگاہ کی اوس سے درخواست کرین ان سی درخواست اس لئی ہی کہ دعا انکی مقبول
ہی اور یہ بہتر ہم سی ہماری بہتری جانتی ہین یہہ اعلی اور خاص بندگانِ خدا سی ہین ہم ادنی یہ واسطہ بیننا و بین اللہ ہین
ہم اونکی معرفت درخواست کرین تو عین مقتضای ادب ہی اور بفحوای مضامین آیات ہدایت آیات ان الذین یبایعونک انما

بیان لطیف و بے نظیر
مطابق تصریحات
شیخ شہاب الدین دولت آبادی
صلوۃ پیغمبر و فضیلت
ان اللہ وملائکتہ الآیہ

Presented by Ziaraat.Com

انما یبایعون اللہ یعنی تحقیق وہ لوگ جو بیعت کرتی ہین تجھہ سی ای محمدؐ وہ نہین بیعت کرتی مگر خدا کی اور من یطع الرسول فقد اطاع اللہ اور احادیث علی بمنزلتی وغیرہا مصرحہ صدر بہی خطاب انکی طرف مدخل شرک نہین ہو سکتا یعنی جیسے ظاہر مین بیعت پیغمبرؐ سے اور در حقیقت عین بیعت خدا ہے ایسی ہی ظاہر مین استمداد و درخواست پیغمبرؐ سے اور در حقیقت خدا سی ہے اور ایسی ہی جناب امیرؑ سی کہ پیغمبرؐ نے علیؑ کو بمنزلتی ارشاد کیا ہی ہان اگر معاذ اللہ کوئی شخص اتباع قائلین انا اللہ و نحن الاعظم سبحانی و اسمی کالاسم الاعظم وغیرہم احزاب ناصح صاحب خواہش و خطاب کری تو بیشک حکم شرک و کفر قایل ہوا ہی کیونکہ وہ اونکی اونکو جب خدا اور شریک خدا کہتی ہین تو بیان ان ہی احتمال قوی بلکہ یقین اونکی ضلالہ کا بیشک اور جو شخص تابع و مداح بہی اون قائلین کا ہووی اور تابع ثقلین ظاہر الاسلام والایمان پہر صرف ایسی خطاب پر باوصف اعتقاد مضامین اقوال فعل المسلم محمول علی الصحۃ کوئی بیوقوف سی بیوقوف بہی شرک قائلین کذائی کا قایل نہین ہو سکتا اور کلمہ کفر انکی حق مین زبان پر لانا محض وہابیت اور منافقیت اپنی آپ ظاہر کرنی ہی اور پہر اس حالت پر کہ جہان یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ تک وظیفہ و معمول خواص علما و فضلا اور معلم اس قول کے بڑی اعظم پیر و مرشد کامل احزاب ناصح صاحب کی فاعتبروا یا اولی الابصار ناصح صاحب فرماتی ہین کہ ستر خوان حضرت علیؑ کا کرتی ہو اور کبہی کونڈا جناب فاطمہؑ کا اور بیبا امام ضامنؑ کا عمل مین لاتی ہو الخ ہر چند یہہ اعتراضات عامیانہ وجاہلانہ لڑکون کے سی قابل التفات اہل علم نہین لیکن چونکہ کار با عوام ہی اور عوام بیچاری اغوا و تلبیس سے اہل تلبیس کے بیشتر مضطر اور حیران ہوتی ہین اسلئی کچہہ مختصر آخر گیری ایسی تلبیسونکی بہی ضرور ہی اول تو واضح ہو کہ یہ بات بالاتفاق سُنی شیعہ سبکی ہان از روی نص و حدیث ثابت و متحقق مسلمات سی ہی کہ ثواب عبادت بدنیکا فاتحہ درود کا صدقات نقد و جنس اطعمہ کا ارواح کو پہونچتا ہی اور چونکہ کتب حدیث و فقہ مین سبکے ہان ابواب اسباب مین مرتب ہین تو احتیاج کسی خاص سند کی ضرور نہین معلوم ہوتی اور اوپر تصریح رفیعہ سی واضح بہی ہو چکا پہر جاننا چاہیئی کہ سفرۂ اطعمہ بو قلمون مثلاً پلاو زردہ متنجن مزعفر وغیرہا خوردنی ہا ی انواع و اقسام پر فاتحہ نیاز مثلاً دلوانی یا ایک کالنہ یا کونڈا یا کسی ایک ظرف مین کچہہ تحفہ کہانیکی اقسام سی رکہنا کہ بموجب لغت و اصطلاح ہر ملک کی اوسکا ایک نام ہی اوسپر فاتحہ دینا یا کچہہ نقد و سعلی پوہنچنی ثواب کی نظر بر تقرب خدا ان خاصان خدا کی لئی صرف کرنا شرعاً یا عرفاً ممنوع و محظور نہین بلکہ صورت کمال تقرب خدا ہی اور پہر یہ بات مخصوص کچہہ شیعیان اہل بیت طاہرہؑ ہی کی لئی نہین ہی علما و فضلا و سلاطین حنفی مذہب قادری مشرب بیشتر سب یہ باتین بلکہ اور اکثر اس سے بڑہ کی تو شیخ عبد الحق اور دیگ خواجہ معین الدین چشتی اور کاک قطب صاحب اور کونڈی سید جلال بخاری اور مالیدہ مہندی بڑی پیر صاحب کے ناڑا ناریل حسین بندی ہوئے اور سمنی قلندر صاحب اور بہی مالیدہ مدار صاحب و قس علی ہذا ہزارہا ایسی قسم کی باتین مدار سلار وغیرہ کی فاتحہ مین کار فرما ہین انمین سی ایک کا ذکر بہی ناصح صاحب کی دہان مبارک سی نہین نکلا مگر یہ بات ہی کہ یزید و معاویہ وغیرہ خلفا و ائمہ ناصح صاحب کی نام کے جو کسی سکوری پر بہی البتہ فاتحہ کبہی نہین ہوتی تو اہل بیت طاہرہؑ کی نام سی سوخت و کباب بلکہ خاکستر ہوتی ہین ناصح صاحب شام یا بخارا مین تو کہان اتنی دور جا دین گے مگر جمنا پار اضلاع میرٹہہ وغیرہ مین تشریف لیجادین تو نہایت خنکی چشم اور ٹہنڈک اونکی دل و جگر کو حاصل ہو گے وہان خاص اونکی ہم کیش روز عاشورہ یزید کا گہڑا بہرتی ہین اور بہ نیت تہنیت خون شہدای کربلا جگر گوشگان مصطفٰی و مرتضٰی بسنت قاتلان جناب سید الشہداؑ علی الخصوص بسنت یزید و ابن زیاد سرمہ بہی لگاتی ہین کما قال السمہودی فی جواہر العقدین عن ابن الحنفیۃ ان یزید و ابن زیاد

زیاد التحمل بدم الحسین وقیل بالاثم لیقر عینہ بقتلہ اور یہہ جو ناصح صاحب فرماتی ہین کہ حاضری حضرت عباسؑ کے بجالاتی ہو
اور کہانی مین فحش زبانسی بکا تی ہو اس فحش صریح اور بیہودہ سرائی کا عقدہ نہ کہلا نہین معلوم کہ لغو ای المعنی فی بطن ابن عم
اسکا مطلب ناصح صاحب کے بطن مبارک مین کیا ہی خوب غور کیا گیا لیکن اصلا و مطلقا مقصود و مطلوب ناصح صاحب نہین ظاہر
ہوتا مگر جہان اور بہتان وافترا کو ناصح صاحب نے کام فرمایا ہی یہہ بہی ایک اونہین مین شمار کیا جاوے ہم نہین جانتی کہ اہل
حق کو کہاتی ہین کلمہ فحش بکا رنیکی نسبت دینی یعنی کچہ ہر شخص بہوڑا پڑا لکہا آدمی بہی کتب لغت مین دیکہہ سکتا ہی کہ فحش کے معنی مین
از حد درگذشتن چنانچہ منتہی الارب مین ہی فحش فحشا الفحش بالضم از حد گذشتن بدی و نیز فحش درگذشتن از حد در جواب
وستم کردن در ان ومنہ الحدیث لاتکونی فاحشۃ لعائشۃ یعنی نہو تو بیہودہ کہنی والے یعنی فرمایا آنحضرتؐ واسطی عائشہ کے ونیک
زفت شدن و بیہودہ گفتن ہم نہین دیکہتی کسیکو اہل حق مین سی کہ کہاتی ہوئی خصوص نیاز مین کوئی ذکور واناث مین فحش
گو ہووے اور ناصح صاحب کی دیہہ و دیہا تیونکی ہم کو خبر نہین بالفرض اگر وہ ہون بہی تو اونکی فحش گوئی پر کل اہل مذہب کو فحش گو کہنا
کذب فاحش اور محض بیہودہ سرائی اور ستم ہی اپنی نفس پر بلکہ داخل ہونا ہی نیچی مضمون فقد احتمل بہتانا و اثما مبینا کی اور چونکہ
عادت ناصح صاحب کی اتہمت یا افترا و بہتان ظاہر اور ہویدا ہی تو کچہ تعجب نہین کہ اونپر بہی بہتان و افترا ہووے اور کچہ
اور مطلب ناصح صاحب کا فحش سے اونکی دلمین ہو تو اوسکو صاف لکہنا تہا کہ کونسا کلمہ فحش کسکی حق مین کسطرح زبان سی بکار
ہین ناصح صاحب تصریح فرماتی اپنی فحش کے تو معلوم ہوتا اور مطابق اوسکی جواب ہوتا ظاہرا کہین حدیث مرقومہ یعنی لاتکونی فاحشۃ
لعائشۃ پر ناصح صاحب پیغمبر خدا سی ناراض ہوی یا جناب ام المومنین پر خفا ہوئی کہ ایسی کلام بیہودہ فرمانی لگی اور کلام بیہودہ
کی نسبت شیعیان رسولؐ و آل رسولؐ کو لگانی لگی ذرا انصاف کرین خدا سی ڈرین پنجتن سے شرم کرین کیونکہ اہل بیتؑ یا شیعیان
اہل بیت مین سے تو یہہ کلمہ نسبت بجناب ممدوحہ نہین کہا تہا یا روایت انکی کتاب مین داخل نہین کے بلکہ مجد الدین فیروزآبادی
وغیرہ نی حدیث لکہی ہی اونہین کے قاموس وغیرہا مین ہی کہ آنحضرتؐ نی ارشاد کیا جناب ممدوحہ کی حق مین لاتکونی فاحشۃ
سو وہان تو پیغمبر خداؐ نی فرمایا یہہ وہان کا غصہ شیعو نپر نکالنی لگی اور اپنی مقتداء کی بہین ہمکو لگانی لگی الحمد للہ علی احسانہ قد جعل
لنا فی رسول اللہ اسوۃ مقتدای ناصح صاحب پیغمبر خداؐ کو نسبت ہجر و ہجور دیتی تہی کما فی صحیح المسلم قال ہذا المرء لیہجر یعنی کہا عمر
ابن خطاب نے پیغمبر خداؐ کو کہ یہ شخص بیہودہ پریشان باتین حالت بیماری کی یعنی ہذیان معاذ اللہ کہتا ہی وفی الصراح ہجر پریشان
گفتن بیمار مہجور سخن پریشان ومنہ قولہ تعالی ان قومی اتخذوا ہذا القرآن مہجورا ای قالوا فیہ غیر الحق ہجر بالضم سخن بیہودہ ابجا
فحش و بیہودہ گفتن الحاصل کہ فحش اور ہجر دونوںکے معنی بیہودہ کے ہین سو وہان پیغمبر خداؐ کی شان مین جنکی لئی پروردگار عالم
ما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی فرمای مقتدای ناصح صاحب ایسی نسبت دیوین یہ مقتدی اونکی ہمارے تئین ایسی نسبت
دیوین یعنے وہ بلفظ ہجر متکلم ہون یہ بلفظ فحش کہ مآل دونونکا ایک ہی فان لکل واحد منہما نسبۃ و اسوۃ لمقتداہ اور اگر
لعن اعدائے دین و ظالمین کو ناصح صاحب بکلمہ فحش تعبیر کرتی ہین اور مراد یہ ہی کہ حاضری کہانی مین ایسا کہتی ہین تو زیادہ تر فضیحت
اپنی منہ پر بلفظ ظاہر فرمایی کیونکہ ادا تو کچہ خصوصیۃ حاضری کی نہین اہل حق جب طعام کہ نعمای الہی سی ہی کہاتی کہلاتی ہین شکر
نعمای پروردگار ہمیشہ بجالاتی ہین ابرار پر درود و سلام اور اشرار بدکردار دشمنان خدا و رسولؐ اہل بیت اطہارؑ پر تبعیت

منہ / زیادہ ... عباس ... ابن ... البحار
منہ / ... معنی ...
... زبان ... صحیح ... مسلم ...
عمری

مضمون آیہ لعنۃ اللہ علی الظالمین وغیرہا لعن بھیجتی ہین بلکہ جب اونہین یاد آجاتا ہی کہ رسولؐ و آل طاہرہؑ پر فلانی شخص نے یہ
اذیت پوہنچائی ہی کہ ہانا پانی بند کیا تو یہ ہمیشہ رسولؐ و اہل بیتؑ پر درود و سلام بھیجتے ہین اور ساتھی اعدا و ظالمین سے انکی
برأۃ ہی دوسری خاص ارشاد پیغمبر خدا ہی بموجب مصرحات کتب صحاح ناصح صاحب کہ فرماتی تھی انی سلم لمن سالمکم وحرب لمن
حاربکم لعن اعدائے اہل بیتؑ کہ حرب زبانی اور جہاد لسانی ہی عین اسوۃ پر رسولؐ نیز دانی ہی اور خدا تعالی خود فرماتا ہی
ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ وغیرہا آیات کثیرہ کہ قرآن مین موجود ہین تو اس لعن کو جابجا
پروردگار عالم بکرات و مرات فرماتا ہی تعبیر بکلمہ فحش کرنا عین داد دہی کفر و نفاق ہی ناصح صاحب فرماتی ہین کہ امام زین العابدینؑ
صحیفہ کاملہ مین درود بھیجین اصحاب محمدؐ پر عام اور خاص سب پر اور تم اونکی شان مین بی ادبی سی پیش آتے ہو الخ نہین معلوم
کہ ناصح صاحب نی سوائے کذب و افترا اور دہوکہ بازی کچھ اور بھی تعلیم پائی شیوخ اربعہ اور تمام اتباع ائمہ پر بہتان لیتی
لیتی اب خاص امامؑ پر بھی بہتان و افترا کو کام فرمانی لگی مگر ہان یہ کونسی تعجب کی بات ہی جب خاص خدا و رسول خداؐ پر افترا مین
درگذر نہین تو امامؑ تو نایب ہین رسولؐ کے ناصح صاحب مضمون لعنۃ اللہ علی الکاذبین سے بھی نہین اندیشہ کرتی اتنی شرم
نہین کہ صحیفہ کاملہ کوئی نادر الوجود کتاب نہین ہر جگہہ موجود ہی ہر شخص دیکھہ سکتا ہی خدارا کوئی شخص شروع سے اخیر تک بغور
مطالعہ کری اور دیکھی کہ کہین بھی عمومیت مدعوۂ ناصح جیو پائی جاتی ہی بلکہ خاص وہ دعا کہ بیچ صلوۃ کے اوپر اتباع رسل اور
مصدقین رسل کے کتاب مذکور مین ہی خاص ملفظ خاصۃ و حسن الصحابۃ و حقایق ایمان وغیرہا مراتب مصرح ہی چہ جائیکہ عمومیت
ہر فاسق و فاجر و معاند اہل بیت طاہرہ جسکی علی الرغم یہہ صدق نا خاص و عام سبکا دعوی کرتی ہین حقیر و سطی بہ اون شان کے
خاص عبارت بھی مقام حاجت کی لکھہ دیتا ہی تاکہ صدق و کذب ہر خاص و عام پر ہمارا اور ناصح صاحب کا ظاہر ہو جاوے ناصح صاحب
جیو اور اور جسکا جی چاہی آنکھین کہولکر دعائے مذکور مین دیکھہ لی صاف لکھا ہی اللہم و اصحاب محمد خاصۃ الذین احسنوا الصحابۃ والذین
ابلوا البلاء الحسن فی نصرہ الخ بالجملہ حذرا عن الطوالۃ تمام دعا نہین لکھی جاتی کہ مطلب اتنی سی حاصل ہی مگر اتنا یاد رہی کہ جمیع اصحاب مین
لدن آدم الی محمدؐ صلوۃ مین جتنے شامل ہین تقیید بمضمون و کلمہ حقایق الایمان ساتہہ لگی ہوئی ہے بتلا دین وہ صدق نا کہ
عمومیت کہان سی اونہون نے نکالی یا نکال سکتے ہین جہان نہ لفظ عموم کل بر و فاجر پایا جاوے نہ معنی حاصل اگر سچی تھی تو ناصح
صاحب نی وہ فقرہ خاص مفید عموم درج کیون نہ فرمادیا منصف کو چاہیے کہ دعائے مذکور کو بچشم خود بغور ملاحظہ کری اور قیود مصرحہ
ملتمسہ حقایق ایمان و خصوصیۃ حسن صحابۃ و دعاۃ الی اللہ وغیرہ مراتب آنکھین کہولکر ناصح صاحب کے تئین دکہلا دیوے اور اونکو
اتنا کہدی کہ حضرت اپنی تحریر پر تو تنزیہ پاس حاشیہ پر جملہ لعنت اللہ علی الکاذبین بھی ثبت فرمادیجیے یا استغفار و انابۃ کذب بیانی
سی عمل مین لائی یاد رہی کہ شیعیان ائمہ طاہرہؑ حسب فرمودۂ امام علیہ السلام ہمیشہ عامل ہین یعنی جو اصحاب کہ حسن صحابۃ و نصرت خدا و رسولؐ
و اہل بیت طاہرہؑ متصف رہی اور داعی الی الحق فیہ باغیۃ مین نہین ہین مخالفت خدا و رسولؐ کے مرتکب نہین ہوئے اور جو احیانا مدلت
زلات مین مبتلا ہوئے لیکن پھر تایب ہوے حقایق ایمان پر خاتمہ ہوا اتباع ائمہؑ مین رہے سو بتقاضی آیہ فمن تاب بعد ظلمہ فاصلح فان اللہ
یتوب علیہ بیشک شیعیان ائمہؑ باتباع ائمہؑ اونکو بہ درود و سلام یاد کرتی ہین اور ناصح جیو دیکھین کہ اوس دعای مرقومہ کو شیعیان
ائمہؑ بطور وظیفہ پڑہتے ہین ہان جو لوگ کہ مرتد ہو گئی اور تا دم مرگ تایب نہوی اور جنکا کہ اشارہ خاص صحیح بخاری وغیرہ صحاح

الجواب

صحاح ناصح صاحب مین بہی ہی کہ اصحاب شمال یعنی اصحاب نار ہین جو کہ حوضِ کوثر سے پہیرے جاوینگی جسکے تفصیل سابق مین گذر چکی ہے
اور بموجب فیرمودۂ خدا و رسولؐ بمتقاضی آیہ اِن الّذین یؤذون اللّٰہ و رسولہ لعنہم اللّٰہ فی الدنیا والاخرۃ واعدّلہم عذابا مہینا اور آیہ الّذین
ینقضون عہد اللّٰہ من بعد میثاقہ ویقطعون ما امر اللّٰہ بہ ان یوصل ویفسدون فی الارض اولٰئک لہم اللعنۃ ولہم سوء الدار اور آیہ
واتبعوا فی ہذہ الدنیا لعنۃ ویوم القیمۃ اور آیہ کیف یہدی اللّٰہ قوما کفروا بعد ایمانہم وشہدوا ان الرسول حق وجاءہم البینات واللّٰہ
لا یہدی القوم الظالمین اولٰئک جزاءہم ان علیہم لعنۃ اللّٰہ والملائکۃ والناس اجمعین اور بتبیہ مضمون آیہ الا لعنۃ اللّٰہ علی الظالمین
وغیرہا آیات کثیرہ اور احادیث الفاطمۃ بضعۃ منی من اذاہا فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی اللّٰہ اور من اذی علیا فقد اذانی
الحدیث اور من سب علیا فقد سبنی اور لعن اللّٰہ من تخلف عن جیش الاسامۃ الحدیث وغیرہا احادیث و آیات کثیرہ کہ عموما موذیان خدا و رسول
ونفس رسول و جگر گوشگان رسولؐ کے لئے لعن سے البتہ یاد کرتی ہین بالجملہ ارشادِ امامؑ کی مطابق اصحاب جنۃ کو جنتی فائزین اور
مستحق درود و سلام اور رحمۃ و رضوان اور اصحاب نار کو ناری اور مورد لعن و ملام جانتی ہین بیشک جنتی اور ناری انکو بسا وہنین جانتے
اور ارشاد امامؑ اور عمل اتباع امامؑ مین مطابق ارشادِ خدائے ذو الاکرام ہی کہ پروردگار خود فرماتا ہی لا یستوی اصحاب النار
واصحاب الجنۃ واصحاب الجنۃ ہم الفائزون چنانچہ تفصیل اسکی جو اصحاب شجرہ کی ذکر مین بیان ہوئی ہی ناصح صاحب مکرر بلا لحاظ
کرین اعادہ اوسکا تحصیل حاصل ہے اوسکی ملاحظہ سی وہ اپنی تمام وساوس کا جواب حاصل کرسکتی ہین تنبیہ بعض بعض اجزاء بر ناصح
صاحب جو عوام بیچارونکو دہوکا دیتی ہین کہ صاحب بُرا کہنے کو تو شیطان کی لئے بہی کہین حکم نہین چہ جای اصحاب پیغمبرؐ اور اس مولہ
بازی اور سخن پردازی سی بُرائی براءۃ کی عوام بیچارونکی ذہن نشین کرتی ہین یاد رہی کہ یہ سفسطہ اونکا بہی محض حیل و فریب
ساتہہ معیت شیطانی کی ہی غافل ہین آیات قرآنی سی اور ماصدق علیہ ہین مضمون آیہ افتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض کے
یا ماصدق علیہ ہین مضمون آیہ ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والہدی من بعد ما بیناہ للناس فی الکتاب اولٰئک یلعنہم اللّٰہ
ویلعنہم اللاعنون وغیرہ آیات کثیرہ کے توضیح مقام یہ ہی کہ اتباع ائمہ ہدیٰ کہ اتباع خدا و رسولؐ ہین قول و فعل انکا خاص مطابق اوامر
و نواہی خدا و رسولؐ ہی جسکو خدا تعالیٰ نی بصلوۃ و سلام و رحمۃ و رضوان یاد فرمایا اوسی طرح جسی ملعون برجم و ملام و بطلان
یاد فرمایا ہی اوسی طرح یاد کرتی ہین شیطان اور انسان اصحاب نار کی لعن کا انکار کرنا اور محکوم نہ ہونا ظاہر کرنا خاص اظہار
معیت شیطان و اصحاب نار کی استبداد ہی انکار تعمیل آیات محکمہ خدائے قہار پر اور رجحان بوجہہ کہ نتیجی مضمون ابی واستکبر وکان من الکافرین
کی داخل ہونا ہی کیونکہ لعن شیطان کو پروردگار عالم خود قرآن مین قبل از قرات قرآن تاکیدا امر فرماتا ہی اور عمل رسول مقبولؐ و عام
کثیرہ متفق علیہا فریقین سے ہویدا کہ نماز مین اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم قبل از بسم اللّٰہ پڑہتی تہی چنانچہ سابقا بہی تصریح
اسکی عمل مین آئی اور اب بہی آیہ اذا قرات القرآن فاستعذ باللّٰہ یاد دلائی جاتی ہی اب انصار و مددگار اور حمایتی حضرت
شیطان کی منبہ غفلت کو کان سے نکال کی سنین اور دیکہین کتب لغت قاموس وغیرہ مین ہی الرجم القتل والقذف والعیب واللعن
والشتم بالجملہ رجیم کو تہوڑا پڑہا لکہا آدمی بہی جان سکتا ہی کہ ملعون و مشتوم و معیوب ہی تو امر و حکم پروردگار عالم کی موافق
یہ بات ثابت ہی کہ قبل قرات قران کی استعاذہ بخدا ساتہہ لعن شیطان ملعون کی ماموروں محکوم ہی بلکہ از بسکہ ہر وقت
استعاذہ ضرور اور لازم ہی تو لعن شیطان بہی لا محالہ مستلزم کہ جزو ہی اسکا تو اب قول قائلین سفسطہ باز ہمراہیان

شیطان محتوی ادعای عدم ماموری لعن شیطان عائد بر صاحب ایمان قاری قرآن بر کالشمس فی وسط النہار روشن و آشکار ہی حضرات
حزب شیطان اگر قرآن مین نہین ملاحظہ فرماتی تو ہم سی سنین ہم اونہین یاد دلا دیتی ہین ملاحظہ فرماوین قرآن مین آیہ وان علیک
لعنتی الی یوم الدین اور ملاحظہ فرماوین حدیث معقل بن یسار مشکوۃ مین عن النبی من قال حین یمسی کان بتلک المنزلۃ المختصر کہ
بر صبح وشام اور قبل از قرات قرآن اور قبل از تسمیہ سورہ فاتحہ خاص نماز مین کلمات استعاذہ محتوی ومشتمل تصریح لعن شیطان
ملعون خود کتب صحاح حضرات مین موجود اور آداب تلاوت قرآن مین ہدایت اسکی مرقوم اور ہر صبح وشام کہنی پر اسکی مرتبہ ومنزلت
شہادۃ اور صلوۃ بہیجنے فرشتونکی اس مستعیذ ولاعن پر موعود پہر انکار اور امتناع اسکا ظاہر کرنا اور عوام بیچارون کو بہکانا
حمایت اور اعانت شیطانی ہے یا نہین اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم مگر ہان البتہ
ناصح صاحب اپنی امام مالک صاحب کے ارشاد پر ممانعت تعوذ کی اگر فرماوین تو زیبا ہی کہ ان شاء اللہ مخالفتہای ائمہ اربعہ ناصح صاحب
با قرآن و حدیث اخیر در تفصیل کچھہ لکہی جاوینگی تو حقیقت قرار واقعی اونپر ظاہر ہوگی اونکی مخالفتونکی مگر اس جگہہ بہی اتنا اشارہ
کافی ہی کہ جامع مہمات مالکیہ مین صاف موجود ہے کہ امام مالک انکا تعوذ نماز مین بدعت جانتا ہی اب ہم پر لعن اصحاب اہل نار
سو تصریح انکی بموجب آیات محولہ احادیث مصرحہ بالا بطریق نمونہ بیان ہوگئی اور لعن اونکی لئی بتصریح کلام ملک منان اولئک جزاہم
ان علیہم لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین خالدین فیہا الآیہ وغیرہا آیات مصرحہ سے ثابت اور ماموریت لعن ملعونان کلام باری کی
عین تعمیل احکام باری تصور کرنی چاہیے نہ کہ ابداع و احداث بالجملہ جیسے رحمۃ ورضوان بہیجنا اصحاب جنہ پر بموجب آیہ رضی اللہ عنہم چاہیے
ایسی ہی لعن اصحاب نار پر بموجب آیات لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرہ وغیرہا چاہیے یعنے جیسے وہ ماموربہ ہی ویسی ہی یہ کیونکہ دونو جگہہ
ان بصورت اخبار ہی اور احادیث متواترہ صحاح ستہ مین ناصح جیوکی صاف صاف مشعر لعن فرمانی پیغمبر خدا کی بعض بعض لائقین
قابل ومستحق لعن کے موجود ہیں اور اس باب مین ابواب وفصول علیحدہ ہین حرف لام مین کتاب اللعن جامع الاصول جامع صحاح وغیرہ
کو ملاحظہ فرماوین کہ سفر اشکنی قرار واقعی ناصح صاحب کی ہووے ہم یہان ایک حدیث اونکی صدیقہ صاحبہ کے زبانی اونکو
یاد دلاتی ہین کہ جلال الدین سیوطی کتاب احیاء اموات مین بہی لکہتا ہی صحیح ترمذی اور شعب الایمان بیہقی اور مسند حاکم سی
عن عائشہ قالت قال رسول اللہ ستۃ لعنتہم ولعنہم اللہ وکل نبی مجاب الدعوات الزائد فی کتاب اللہ والمکذب بقدر اللہ
والمتسلط بالجبروت فیعز بذلک من اذل اللہ ویذل من اعز اللہ والمستحل محارم اللہ والمستحل من عترتی ما حرم اللہ والتارک
لسنتی اب ناصح جیو دیکھہ لین کہ معنی حدیث کی صاف ہین احتیاج ترجمہ بہی نہین لازم ہی کہ پہر کسیکو دہوکا نہ دیوین کہ پیغمبر نے
کسی پر لعنت نہین کی بلکہ یاد رکہین کہ لعن ذلیل کنندہ عزیزان خدا وحلال کنندگان حرام خدا وحرام کنندگان حلال خدا
ومتخلفان کتاب وعترہ کہ بیشتر مقتدایان ناصح صاحب بصفات کذائی موصوف ہین غرض اب کوئی ہو لعن اوسکی
سنت خدا ورسول بلکہ جمیع انبیا ورسل ہی اور اسی مین یہہ بہی دیکہہ لین کہ آپنی تارک سنت پر بہی لعن فرمائی ہی تو اب ناصح
جیو اگر انکار لعن کرینگی اور اصرار ترک سنت رسول فرماوینگی تو خود ملعون ہونگی یا صدیقہ صاحبہ کی صداقت کی مکذب ہونگی
یا صحاح ستہ کی صحت سی استعفا دینگی علاوہ اسکی دیکہین آنکہین کہولکر کہ اونکی خود اکابر مین سے خطیب تاریخ مین اور حافظ ابو بکر
مسند فردوس مین اس حدیث کو لکہتے ہین کہ قال رسول اللہ رایت علی باب الجنۃ مکتوبا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی حبیب اللہ

یصبح ثلث مرات اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم الحدیث الی قولہ مات شہیدا ومن قال حین یمسی

وفاطمہ امت اللہ والحسن والحسین صفوتی اللہ وعلی باغضیہم لعنۃ اللہ یعنی فرمایا مخبر صادق نی کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ وحدہ
لاشریک کے اور محمدؐ پیغمبر اوسکا ہی اور علیؑ حبیب اوسکا ہی اور فاطمہؑ کنیز اسکی ہی اور حسنینؑ ہر ایک صفی اوسکا ہی اور اونکے دشمنون
اونکی لعنت خدا کے بلکہ دیکہین ناصح جیو جامع الاصول مین کہ پیغمبر خدا نے اصحابونکو وظیفہ کی لئی دعا کیا تعلیم فرمائی ہی کہ اونکی
صحاح ستہ مین کی ہی اوسمین کے کلمات ضروری المقام لکہدئی جاتی ہین اللہم من صلیت فعلیہ صلواتی ومن لعنتہ فعلیہ
لعنتی پہر ظاہر ہی کہ اگر ثواب اسمین نہوتا تو حضرت کسطرح تعلیم فرماتی علاوہ اسکی صحیح مسلم مین دیکہین عن ابی سلمہ انہ سمع
اباہریرۃ واللہ لاقربن لکم صلوۃ رسول اللہ فکان ابوہریرۃ یقنت فی الظہر والعشاء الاخرۃ ویدعو للمومنین و
یلعن للکافرین وفی روایۃ یلعن الکفار اور بہی مشکوۃ مین ہی ان رسول اللہؐ اذا اراد ان یدعو علی احد اویلعن قنت
بعد الرکوع وقس علی ہذا اس قبیل کے احادیث متکاثرہ ومتواترہ مین اور مستدرک حاکم مین بحق حکم بن العاص ہی کہ خاص
پیغمبر خداؐ نی فرمایا لعنۃ اللہ علیہ وعلی من یخرج من صلبہ اور استیعاب مین ہی خود صدیقہ ناصح جیو گواہی دیتی ہین یعنی بحق مروان
فرماتی ہین اشہدان رسول اللہؐ لعن اباک وانت فی صلبہ الی اصل کہ براءۃ از اعدائے دین وطوغیت وباطلین اخلاق ستودہ
بارئی تعالی ہی اور بفحوائی مضمون تخلقوا باخلاق اللہ کمال ضروریات ومقدمات دین سے ہی نہین دیکہتی کہ خود غزالی باوجود تعصب
وخروج مقتدائے حضرات سنت جماعت یعنی امام محمد غزالی اتنک توضیح وتصریح کلمہ توحید لا الہ الا اللہ مین کیا لکہتا ہی کہ ہزار
کری ہمارے تصریح مرقومہ سی بہی یعنی اول نفی ہی معبودان باطلہ کی پہر اثبات معبود برحق کا کہ اس سے یعنی سلب ونفی سے
زیادہ اور کونسا مرتبہ سب وشتم کا باقی رہا المختصر کہ سب اغیار یعنی اصحاب نار مقدم ہی اور نہایت سزاوار از جملہ عبادات مولی
پروردگار قہار ہی مانع ہونا لعن کا اون ملعونونکی جنکو خدا رسولؐ کے حکم موجب لعن کیجاوے عورتونکی سی باتین ہین اور
عورتین بہی وہ عورتین جو امر ونہی خدا ورسولؐ نہ سمجہین ناصح صاحب دعوی کرتی ہین نصیحت کا اور صحت کا اور عمل کا اپنی صحاح
پر تعجب ہی کہ حدیث متفق علیہ اپنی بخاری ومسلم کی بہی نہین ملاحظہ فرمائی کہ مشکوۃ مین بہی ہی عبد اللہ ابن مسعود سے ذرا آنکہین
کہولکر ملاحظہ فرمادین کہ ایک عورت نی بہی مثل ناصح صاحب منع کیا تہا لعن عورات متغیرات کو تو ابن مسعودؓ نی کیا آیہ
قرآنی سی تہپیڑا موہنہ پر مارا کہ ناصح صاحب کی طرح اپنا سا موہنہ لیکر رہ گئی حدیث طویل ہی عبارۃ مقام ضرورت کی واسطے
صرف اسلئے ناصح صاحب اور احزاب ناصح صاحب کے لکہدی جاتی ہی فجاءتہ وقالت انہ بلغنی انک لعنت کیت وکیت فقال
مالی لا العن من لعنہ رسول اللہؐ ومن ہو فی کتاب اللہ فقالت لقد قرأت ما بین اللوحین فما وجدت فیہ ما تقول قال
لئن کنت قراتیہ لقد وجدتیہ اما قرات ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نہیکم عنہ فانتہوا قالت بلی قال فانہ قد نہی عنہ انتہی ملخص
عبد اللہ ابن مسعودؓ لعن کہتی تہی اون عورتونکو جو واسطی حسن کے تغیر دیتی تہین اون چیزونکو جو خلق الہی یعنی پیدائش الہی سی ہین
سو ایک عورت ظاہرا اسی قسم کے یا حمایت کار اونکی مثل ناصح صاحب ابن مسعودؓ پاس آئی کہنی لگی مجہی خبر پونہچی ہی کہ تم لعنت
کرتی ہو اسطرح اور اسطرح تب عبد اللہ ابن مسعودؓ نی کہا کہ کیا ہی مجہکو کہ نہ لعنت کرون اوسکو کہ لعنت اوسکو رسولؐ نی کی
اور اسکو کہ وہ ملعون ہو بیچ کتاب خدا کی یعنی کیون نہ لعنت کرون ملعونان خدا ورسولؐ کو تب عورت نی کہا کہ تحقیق پڑہا مینی
قرآن جو کہ بیچ دونو دفتیون کے ہی یعنی تمام قرآن مگر نہین پائی مینی اسمین وہ بات جو تم کہتے ہو ابن مسعود نی کہا کہ اگر تو

پڑھتی تو اوس حکم کو پاتی کیا نہیں پڑھا تونی ما اتاکم الرسول الایہ یعنی جو دین تمہین رسول لیجذا لو اوسی یعنی جو حکم فرما دین
اوسپر عمل کرو اور جس چیز سے منع کرین پس باز رہو اوس سے تب کہا اوس عورت نی کہ ہان یہ آیت تو پڑہی ہی پس کہا
ابن مسعود نی کہ پیغمبر خدا نی منع فرمایا ہی اوس سے یعنے تغییر خلق خدا سے انتہی ہمارے ناصح صاحب اور اونکی احزاب کی مثال حمالۃ الحطب
کی سی ہی کہ جو اونکی حق مین پیغمبر خدا بموجب ارشاد پروردگار عالم فرماتی اور مومنین زبان پر لاتی یہ اوسی ہجو اور
بدکہا و کے حضرت کی طرف نسبت دیتی چنانچہ علی بن برہان الدین شافعی بڑا محقق انکا انسان العیون مین لکھتا ہی فی
الدر المنثور انہا اتت رسول اللہ و ہو جالس فی الملاء فقالت علام تہجونی قال واللہ ما ہجوتک ما ہجاک الا اللہ
قالت رایتنی احمل حطبا او رایت فی جیدی حبلا من مسد و ہذا ممن قالہ یوید بعض المفسرین ان الحطب عبارۃ عن
النمیمۃ یقال فلان یحطب علی ای نیم لدیہا کانت تمشی بین الناس بالنمیمۃ و تغری زوجہا وغیرہ بعداوتہ تبلغہم
عنہ احادیث لتحثہم بہا علی عداوتہ وان الحبل عبارۃ عن حبل من نار لحکم وعن عروۃ بن الزبیر مسد النار سلسلۃ من حدید
ذرعہا سبعون ذراعا واللہ اعلم اور ایک جگہ لکھتا ہی لما انزل اللہ سورۃ تبت یدا ابی لہب جاءت امراۃ ابی لہب
وہی ام جمیل واسمہا العوراء وقیل اسمہا الاروی بنت حرب اخت ابی سفیان ابن حرب ولہا ولولۃ وفی یدہا فہر ای
بکسر الفاء وسکون الہاء حجر یملا الکف فیہ طول تدق بہ فی الباذن الی النبی ومعہ ابوبکر فلما راہا قال یا رسول اللہ انہا
امراۃ بذیۃ ای تاتی بالفحش من القول فلو قمت لقد توذیک فقال انہا لن ترانی فجاءت فقالت یا ابابکر صاحبک
ہجانی وفی لفظ ما شان صاحبک ینشد فی الشعر قال لا و ما یقول الشعر وفی لفظ لا ورب ہذا البیت ما ہجاک واللہ ما صاحبی
بشاعر فقالت انہ لعندی تصدق وانصرفت انتہی موضع الحاجۃ جناب نصیحت ماب اور اونکی احزاب کو اپنی ہوی
کسی کتاب پر بہی عمل اور نظر نہین معلوم ہوتی خلاصہ مرام تمام اس کلام کا یہ ہی کہ حمالۃ الحطب زوجہ ابولہب کو بہی پیغمبر خدا نے
بموجب ارشاد پروردگار عالم جو کچھہ نفرین کیا تہا تو وہ بہی مثل ناصح جیو خود فعل ایجاد رسول سمجھے اور حضرت سے لڑنیکو
موجود ہوئے اوسی طرح اہل حق جو بموجب حکم وارشاد خدا و رسول کرتے ہین یہ اوسکو ایجاد اہل حق سمجھتے ہین اور
لڑنیکو مستعد ہی علی بن برہان الدین شافعی کتاب مذکور مین لکھتا ہی بیچ حال بنی قینقاع کے اوس سے صاف
ظاہر ہی کہ یہودیون کے ساتھہ عبد اللہ ابن ابی سلول پر بہی لعنت فرمائی کہ بظاہر کلمہ گو تہا لیکن درحقیقت منافق
تہا تو گو کہ حکم احکام اہل اسلام کے اوسپر جاری تہی لیکن اسپر بہی حضرت نی صاف لعنت فرمائی تو منافقین پر لعن مین
ادای سنت رسول ہی ذرا آنکہین کہولکی اس عبارت کو بہی کتاب مذکور مین ملاحظہ فرماوین لما نزلت بنو قینقاع
علی امر رسول اللہ امر ان یکتفوا فکتفوا فاراد قتلہم فکلمہ فیہم عبد اللہ بن ابی بن سلول والح علیہ ای فقال یا محمد احسن
فی موالی فاعرض عنہ فادخل یدہ فی جیب درع رسول اللہ من خلفہ وتلک الدرع ہی ذات الفضول فقال لہ رسول اللہ
ویحک ارسلنی وغضب رسول اللہ حتی راوا لوجہہ سمرۃ لشدۃ غضبہ ثم قال ویحک ارسلنی فقال واللہ لا ارسلک حتی تحسن
فی موالی فانہم عزتی وانا امرء اخشی الدوائر فقال رسول اللہ خلوہم لعنہم اللہ ولعنہ معہم وترکہم من القتل وقال لہ
خذہم لا بارک اللہ لک فیہم وامران یجلوا من المدینۃ انتہی موضع الحاجۃ عبارت بہت صاف بہت صاف ہے تمام ترجمہ

Presented by Ziaraat.Com

ترجمہ کے کچھہ ضرورت نہین اہل مذاق کیفیت حاصل کرسکتی ہین ناصح صاحب جیسونکی یہی اتنا لکھدینا بس ہی کہ ناصح جیو
سمجھہ لین کہ عبد اللہ بن ابی بن سلول ناصح جیو کی خلیفہ عادل کی طرح کلمہ گو تہا نماز روزہ سب کچھہ تہا لکن عدم ایمان
اور نفاق اور شقاق بارسول مقبول متحقق تہ خاص بزبان آنحضرت مورد لعن ہو انکا سومومنین کو اسوۃ ہی بارسول
رب العالمین صلواۃ اللہ وسلام علیہ وآلہ الطیبین ولعنۃ اللہ علی اعدائہم اجمعین ناصح جیو کو لازم ہی کہ انکا لعن ملعونین
خدا ورسول سیے توبہ وانابہ اختیار کرین اور دل سی تولی انکا ترک کرین اور سراً وجہراً دشمنان و عدوان خدا ورسول
سی تبرا کرین کہ سنت ابراہیم عین دین و ملت محمدی ہی بہت دعوی رکہتی ہین حافظہ قرآنی کا دیکھین آیہ وما کان
استغفار ابراہیم لابیہ عن موعدۃ وعدہا ایاہ فلما تبین لہ انہ عدو للہ فتبرء منہ ان ابراہیم لاواہ حلیم ناصح جیو اگر دعوی
رکہتی ہین عمل قرآنی کا تو موجب اپنی عقیدہ کی بغیر کسیطرح کی تاویل بیجا و ہیکے اونہین ضرور ہی گا کہ اونکی باپ چچا
بہی اگر عدو اہلبیت رسول ہون کہ درحقیقت عدو آل رسول عدو خدا ہی تو مثل ابراہیم تبرا کرین آیت کے معنے نہایت
صاف ہین دیکھہ لین ترجمہ قادری مین اور نقل علم اور رایت اور نقل تربت پر جو ناصح صاحب طعن و ملامت فرماتی ہین
اور فظاظت و غلاظت کو کام فرماتی ہین محض جہالت اونکی ہی اور علامت سوزش و التہاب قلب ہے ظاہرا آنکو
حدیث لاعطین الرایۃ غدا الحدیث اسکی ملاحظہ سی یاد آتی ہی اور فرار بار بار اپنی اصحاب کبار کا دلمین کہٹکتا
ہی کہ آپ چاہتی ہین نام ونشان بہی رایۃ و علم کا نہ سنا جاوی اور نہ دکہائی دیوی ناصح صاحب نی آیہ یریدون لیطفئوا
نور اللہ واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون قرآن مین نہین دیکھی اونہین معلوم نہین کہ اونکی متوکل و ولی صاحب
یعنے جلال الدین سیوطی جسکو اولیا اور عادلین مین مثل ابن خطاب صاحب عادل کے لکھتا ہی جسکا اشارہ ادہر
بہی گذر چکا ہی اصل قبر مطہر جگر گوشہ رسول مقبول کو اوکہیڑنا اور نام ونشان مٹانا چاہتے تہی تو کیا ہوا کہ
یہ نقل تربت و علم کے مٹانی مین سعی فرماتی نہین جانتی کہ انکی کراہیت اور سعی اطفاء و انہدام انوار و بنیان دین سے
کیا ہو سکتا ہی جس حالت مین کہ اللہ جل جلالہ متم نور اور حافظ ہی ناصح صاحب بقول اپنی ہی کیا کرین کہ دہر سی بگڑی ہی
ہی اونکی خلیفہ عادل اور خلیفہ زادی اونکی یعنی عبد اللہ ابن عمر بہی رشک و حسرت رایۃ خیبر مین مرگئی یعنی مرتی دم تک یہ داغ
جگر پر لیگئے صحیح مسلم و مسند احمد حنبل وغیرہا مین تمام قصہ موجود ہے حذراً للطوالۃ خلاصہ اوسکا لکھا جاتا ہی کہ عبد اللہ ابن عمر
خود فرماتی ہین کہ تین باتین جو علی ابن ابیطالب کے لئے ہین اگر ایک بہی ہمارے لئے ہوتی تو بڑی نعمت تہی یعنے ایک تو تزویج
جناب سیدۃ النساء با جناب مولی ایک تعمیل آیہ نجوی کہ سوا علی کی دوسرے شخص کو نہین میسر ہوے ایک عطای رایت روز خیبر
کہ فرمایا پیغمبر خدا نی لاعطین الرایۃ غدا رجلا یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ کرار غیر فرار سو ناصح صاحب علم کو دیکھہ
کر فضایل مولای مومنین اور فضایح اپنی حضرات فارین کے یاد کرتے ہین اور سوخت و کباب ہو کے غصہ فرماتے ہین اور
کچھہ بس تو نہین چلتا جہلا کر چاہتے ہین کہ نام ونشان علم و رایۃ کا نہ دکھلائی دیوی کہ اسطرح بہانہ شبیہ و تمثال کا ادا
دہو کے عوام کے برروے کار لاتی ہین ورنہ علم و رایۃ کے شبیہ و مثال کو خود ناصح صاحب کے کسے اہل علم مفسر و محدث نی کسے
جگہ ممنوع و محذور نہین کہا کیونکہ یہ شبیہ کسیطرح کی نہین نقل علم و رایۃ مثل تمثال بنات و اسپ ذی جناحین

نہین ہی ناصح جیو شرما دین اور یاد کرین قصۂ بنات ام المومنین بلکہ تمثال اسپ ذی جناحین کہ تفصیل اسکے سابق مشرح
لکہی گئی ہی اور اشارہ ساتہہ تنبیہ اس مقام کے بہی کردیا گیا ہی اور ہاتہہ کے یا موہنہ کے شبیہ جو ناصح صاحب لکہتے ہین اول تو
وہ اونکی دیہات مین ہوتی ہوگی کیونکہ ہر ماہر و فہیم ذی علم جانتا ہی کہ ہاتہہ کا اطلاق مطلقا پنجہ ہی شانہ تک ہی سو کسے
شہر مین یہ شبیہ تو ہاتہہ کی نہ دیکہی سُنے اور اچہا نامشابہ ساتہہ نشان پانچ انگلیون ہاتہہ کے کوئی علم و نشان دیکہہ
ناصح صاحب ششش و پنج مین پڑی ہین تو محض اونکا خلل دماغ ہی اور یہ خصوصیت کچہہ شیعیان اہل بیت طاہرہ ہی پر نہین
ہی بلکہ مخصوص اوس ہیئت کے علم خاص سنیونکی ہان ہوتی ہین شیعونکی ہان بیشتر برخلاف اسکی بلا مشابہتہ اس ہیئت و قطع
کے ہوتی ہین اور اگر اچہا نا اوس قطع کا بہی ہووے تو کس شیعہ سی ناصح صاحب کو سند پہونچی کہ وہ بارادہ و اقرار تمثال پنجہ قائل
ہو سند اوسکی لکہنی ضرور تہی بلکہ محتمل کہ جہان قطعین علم و رایۃ کی بسبب اختلاف روایات انواع و اقسام کی اور طرح طرح کی ہوتے
ہین اُس شخص کے نزدیک یعنی جو کہ اوس قطع کا بناتا ہی وہی قطع متحقق ہو یعنے وہ اسکو بقصد نقل علم و رایۃ بناتا ہی کہ غیر ذی
روح ہی نہ بقصد نقل پنجہ دست کہ ذی روح ہی انما المرء علی ما نوی و انما الاعمال بالنیات اور یہ امر اتفاقی ہی کہ ہیئت
اوسکی مشابہہ ہو پنجہ کے ناصح جیو نہین دیکہتے کہ بہتیری درخت پہول پہل پنجہ دست ہی یا شکل انسان وغیرہ سی مشابہہ ہوتی ہین
بلکہ ایک قسم کی گہانس کہ جب اوسی پانی مین ڈالو تو وہ بہیگ کر کُہل جاتی ہی اور ہیئت اوسکی پنجہ دست کی سی ہو جاتی
ہی اور جب پانی سے نکال لو تو خشک ہو کر مٹہی بندہی ہوئے معلوم ہوتی ہی اور اسکو پنجہ مریم بہی کہتی ہین و قس علی ہذا بہتیری
پہول پہل ہین کہ پنجہ اور موہنہ وغیرہ کے بعینہا شکل ہوتی ہین کما لا یخفی علی الماہر الفطن تو اگر کوئی شخص اوس گہانس
یا پہول پہل کے نقل بناوے تو کوئی بہی جاہل یا عالم اوسے ناقل کو مشرک و کافر نہین کہیگا اور نہ عند اللہ وہ شخص ماخوذ ہے
کیونکہ اللہ تعالی عالم ہی نیات کا خوب جانتا ہی کہ بقصد تمثال و شبیہ ذی روح ہی یا بقصد نقل برگ و ثمر و شجر اور اسمین
شک نہین کہ اگر کوئی شخص بقصد تمثال ذی روح بناتا ہی تو اوسی اہل حق ویسا ہی جانتی ہین جو کہ مرتکب اور پرستش
کنندہ کے لئی حکم خدا و رسول ہی اور علما و مجتہدین بقدر طاقت و استطاعت امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہمیشہ لائم اور
منذر و مفضح اوسکی اور ساعی ہین وعظ و نصیحت کے اور ماحی ہین منکرات کی لیکن یاد رہی کہ ناصح صاحب بیچارے نقل ذی روح
تک ہی دم نہین مار سکتی کیونکہ مرتب مصرحہ حالات بنات جناب ام المومنین دیکہکر تو جیسا کچہہ ناصح متنبہ ہونگے وہ تو ہونگے
مگر جو رانوان کید اپنی پیر عزیز کا اونکی تحفہ مین بہی ذرا دیکہین اور زیادہ تر شرما دین اور گریبان مین موہنہ ڈالین کہ خاص
تحریر اونکی فاضل تحریر کے ہے ذکر حدیث بنات عائشہ مین کہ تصویر ناتمام از جناب پیغمبر خدا نیز بنا بر افادہ حکمتی منقول شدہ
انتہی ناصح صاحب تو کیا غریب جواب ہی کو پہونچین گے لیکن اونکی پیر عزیز با تمیز ہوتی تو پوچہا جاتا کہ مخدوما اول تو حدیث
بنات عائشہ مین تصویر ناتمام کجا و دوسرے وہ حکمت کونسی ہی کہ فی البطن العزیز ہی اوسکی تصریح نہ فرمائی تیسرے باوصف
منقول شدن تصویر ناتمام کے صرف ایک جزو جزو تصویر یعنے صرف ایک لکڑی ہاتہہ پر اتنی کچہہ ہاتہہ پاؤن مارنی یعنی چہ
ہیہات ہیہات افسوس بلکہ صد ہزار افسوس لعبۃ بازی و تمثال سازی بنات عمر و بکر کے لئے تو وہ کچہہ ہٹہ بازیان اور
حکمت نمائیان اور جعل سازیان اور رسول و جگر گوشہ رسول مقبول کے نقل علم و رایت مین کہ غیر ذی روح کے ہی کچہہ

Presented by Ziaraat.Com

کچھہ سخن پردازیان حال انکہ خود مشکوۃ مین ہی ابن عباس سے بموجب تصریح بخاری اور مسلم دونونکی کہ فاصنع الشجر و
مالا روح فیہ یعنی پس بنا صورت درختونکی اور اون چیزونکی کہ نہین روح اونمین اور شرح مشارق الانوار مین ہے ہکذا جعل
فی تصویر لاروح مثل الاشجار ونحوہا الحاصل کہ رخصت دی گئی ہے بیچ تصویر غیر ذی روح کی مانند اشجار کے اور امثال ا
یعنے مانند در دیوار علم ضریح وغیرہ کی کہ غیر ذی روح ہین بلکہ ان سب سے بڑہ کر ناصح جیو کے بہتیری علما و مجتہدین خاص
ذی روح حیوان و انسان تک کے تصویر کو جایز اور حلال لکھتی ہین چنانچہ فضل بن روزبہان کتاب ابطال الباطل
مین لکہتا ہی ولا حرمۃ فی عمل اللعبۃ علی ہیئۃ الخیل یعنے نہین حرمت بیچ عمل کہلونیکے اوپر صورت گہوڑونکے سب جانتی ہین کہ علما
حصہ براق وغیرہ کے تمثال کے بہی ممانعت اور وعظ و نصیحت بقدر استطاعت کرتے ہین لیکن ناصح صاحب و احزاب ناصح
صاحب جمیع تصاویر تمثال ہیئت حیوانات کو بہی خصوص ذوالجناح کو ممانعت کرتے ہین اتباع جماعت مجتہدین سنت جما
علی الخصوص تبعیت جناب مجتہدہ صدیقہ سی باہر ہو با و یکہ شیخ عبدالحق دہلوی شرح مشکوۃ مین لکہتا ہی کہ در تصویر نباتات
رخصتی ہست اور ابن حجر فتح الباری مین کہ شرح ہی صحیح بخاری کی لکہتا ہی و فی الحدیث دلیل علی تحریم التصویر و حمل بعضہم
الوعید علی من کان فی ذلک الزمان لقرب العہد بعبدۃ الاوثان و اما الآن فلا یعنی اور بیچ حدیث کے دلیل ہے اوپر
تحریم تصویر کے اور حمل کیا ہی بعضون نی وعید اوپر اوس شخص کے کہ تہا اوس زمانہ مین بسبب نزدیکی زمانہ کی بت پرستون
سے اور لیکن اب پس نہین حرام ناصح جیو کو بت پرستی کی نسبت دیتی ہوئی تابعان مولا مومنین کے لئی شرم نہ آئی
جنکی مولی اور امام نی بموجب اونکی ہانکے احادیث صحاح کے ماکی بیٹ مین سی بت کو سجدہ نکرنی دیا وقت تولد کعبہ
مین جگہہ پائی بعد تولد خاک بتونکے پیشانیکو نہ لگانی دی کرم اللہ وجہہ آجتک ناصح جیو اسی لئی کہتے ہین اور اپنی
خلیفاؤن اور مولاؤن کے ناصح جیو فرماتے ہین کہ سالہا سال بت پرستی مین گذاری باوصف دعوی اسلام پہر ہی
بعضے تو مرتے دم تک بت گلی مین ڈالے ہوئی مری اور بعضے دلمین محبت اصنام کی لیگئے کہ آل رسول سے برگشتہ
رہی اور بعض کے محبت صنم پرستی باوصف اظہار اسلام بہی خود اونکی کتب معتبرہ و صحاح سی ہویدا ہوگئی علی الخصوص
بڑی عادل خلیفہ اونکی عمر صاحب کہ بموجب تصریح علی بن برہان الدین محدث شافعی ظاہر ہی کہ پیغمبر خدا نی ان صاحب
کو واسطی محو کرنے تصویرونکی روز فتح مکہ حکم فرمایا سوا نہون نی تصویرین ابراہیم و اسمعیل اور مریم اور ملائکہ کے
نہ محو کین چنانچہ بعد تمام حال کے صفحہ لکہا ہی کہ ان عمر ترک صورۃ ابراہیم صورۃ اسمعیل و مریم و صور الملائکۃ باوجود
پیغمبر خدا نی حکم موکد فرمایا ہوا تہا چنانچہ اوسی مقام سی واضح ہی کہ آنحضرت نی تنبیہ بہی میان عمر کو فرمائی کہ صاحب
محدث مذکور لکہتا ہی کہ فقال یا عمر الا امرتک ان لا تترک فیہا الحدیث یعنے ای عمر ایا نہین حکم کیا تہا مینے تجہکو یہ کہ
نہ چہوڑیو اسمین کوئی تصویر اور درباب نقل قبر جو روضہ منورہ سبط رسول اللہ جگر گوشہ بتول عذرا کو حیلے فرمائی طرح
طرح کے جعل سازیکو کام فرماتی ہین او جعل سازی قبر دون شیخین کو چہپاتی ہین ناصح جیو ذرا دلائل الخیرات کو دیکہیے تو نام ونشان
کہ پانچون وقت بعد نماز وظیفہ فضلا و عرفا و خدام و الا مقام مین رہتی ہی ہر شخص دیکہہ سکتا ہی کہ نقل مزار جناب
سید ابرار بلکہ اور دو قبرین دونو شیخ نزار صاحبون ناصح صاحب کے موجود ہین آنکہونسی لگانی جاتی ہین اور یہہ عبارۃ

نقل ہر قبر کی لکھی ہی جو شخص چاہی دیکھ لے ہذہ صفۃ الروضۃ المبارکۃ التی دفن فیہا رسول اللہ وصاحباہ ابوبکر
وعمر اور نقل شبیہ نعلین قدم مبارک آنحضرت روضۃ الاحباب وغیرہ مین موجود ہی علاوہ اسکی حال نقل قبر معہ اجازت تقبیل
اپنی کتب معتبرہ مثل مطالب المومنین وفتاوای عالمگیری وخزانۃ الروایۃ وغیرہا مین دیکھین اور شرماوین صاف
لکھا ہی لا باس بتقبیل قبر والدیہ لان رجلا جاء الی النبی فقال یا رسول اللہ انی حلفت ان اقبل عتبۃ باب الجنۃ وجبہۃ
حور العین فامران یقبل رجل الام وجبہۃ الاب قال یا رسول اللہ ان لم یکن ابوای حیین فقال قبل قبرہما قال فان لم
اعرف قبرہما قال خط خطین وانوان احدہما قبر الام والاخر قبر الاب یعنی نہین عذاب ساتھ بوسہ دینی قبر ماباپ کی اسواسطے
کہ ایک شخص آیا خدمت مین پیغمبرؐ کے پس کہا کہ یا رسول اللہ تحقیق مینی قسم کہائی ہی یہ کہ مین بوسہ دون پایہ باب
جنت کو اور پیشانیکو حورعین کے پس حکم کیا پیغمبر خداؐ نے یہ کہ بوسہ دیوی پانون کو ماکی اور پیشانیکو باپ کی اوسنے
عرض کیے یا رسول اللہ اگر نہون ماباپ میری زندہ پس فرمایا کہ بوسہ دی تو قبر کو اون دونونکے اوسنے کہا
پس اگر نہ پہچانتا ہون مین قبر دونونکے فرمایا دو خط کہنچ یعنی دونو قبرونکے دو نقلین خط سی کہنچ لی اور نیت کرے
کہ تحقیق ایک اون دونونمے قبر ماکے ہی اور دوسرے قبر باپ کے تو صریح ظاہر ہی کہ حدیث مذکورسی نقل کرنے قبر کے بموجب
ارشاد مخبر صادقؐ بلکہ بوسہ دینا مثل اصل کی حتی کہ خلاص ہونا حلف سی حاصل ہوتا ہی پہر ایسے فعل کو نسبت
بہ شرک وکفر دینی محض داد دہی ہی کفر ونفاق کے اور جدال وشقاق با رسول مقبولؐ ہی اور داخل ہونا ہی
نیچی مضمون آیہ ومن یشاقق اللہ ورسولہ کی علاوہ اسکی ناصح جیہ احادیث ماثورہ اور اپنی محدثین ومحققین کے اعمال
وافعال درباب نقل قبور وتمثال نعل شریف وحجرہ وقبور مواہب لدنیہ اور فجر منیر اور کتاب الاکتفا وفتح المتعال
وشفای قاضی عیاض وغیرہا ملاحظہ فرماوین اور شرماوین اور ایمان واعتقاد درست کرین ہم نقل عبارت کتاب
صیانۃ العوام واسطی انکشاف اس مرام کے اونکی صفر اشکلنے کے لئی لکھہ دیتی ہین کہ اونہین جیسے منکر معجزات وبرکات
سرور کائناتؐ کے جواب مین اونہین کے محقق واعظ مسجد جامع مولوی فرید الدین نی یہ کتاب لکھی ہی عبارت اوسکی
صاف اردو ہی کہ اخیر ورق مین بعد بیان احادیث ثبوت نقش قدم کی تنبیہ کرکے لکھتے ہین لازم ہی کہ ناصح
جیو متنبہ ہووین وہی ہذہ **تنبیہ** تعجب ہی منکر بہادر سی کہ عظمت اور فضایل ومدایح اور آثار برکات تمثال نعل مبارک
اور روضہ مبارکہ اور قبر مقدس حضرتؐ بلکہ صفات قبور مقدسہ بعض بعض اور خلفای راشدین کے جو جو کتب محدثین
مین بہری پڑی ہین منکر نے نظر سے نہین گذرین یا تجاہل منظور ہے ہم اگر تہوڑی تفصیل بہی انکی لکہین تو کتاب
طویل بڑی ساری مرتب ہو اسلئی ہم مختصر اشارہ کر دیتی ہین جس طالب حق کو تفصیل دیکھنی منظور ہو تو تمثال
نعل کا حال خاص مواہب لدنیہ معبولہ منکر اور فتح المتعال وغیرہا کتب مبسوطہ مین دیکھے اور زیادہ تفصیل وتصریح
جمیع امور مصرحہ تمثالہای مرقومہ تشریح اسمای محدثین سلف وخلف جنہون نے خاص صور قبور مقدسہ بنائین کتاب
فجر منیر شیخ تاج الدین فاکہانی اور تالیفات محدثین جلیل القدر مثل عثمان بن بسطاس واسحق بن عیسی وحافظ بن
زبالہ وحافظ زبیر وحافظ یحیی اور طاہر بن یحیی وابن فراس اور شیخ ومحدث سمہودی مین ملاحظہ کری کہ ان سب نے نقول

فتاوای عالمگیری وخزانۃ الروایۃ

نقل عبارت کتاب صیانۃ العوام

Presented by Ziaraat.Com

[illegible]

قبو مقدسہ بنا مین اور ابو زید بن شبیہ اور ابن شہر وحافظ یحیی وابن زبالہ وابن عساکر ومراغی وغیرہم نے صورت حجرہ شریفہ

بنائی المختصر کہ شیخ مرقوم تصدیر لکھتے ہین ومن فوایدہ ذلک الخ کہ نقل عبارت ضرورۃ الحاجت نظر بر تنبیہ منکر لکھی جاتی

ہی ومن فوایدہ ذلک ان یزور المثال من لم یتمکن من زیارۃ الروضۃ ولیشاہدہ مشتاقا ویلثمہ ویزداد فیہ حبا

وشوقا وقد استنابوا امثال النعل عن النعل وجعلوا من الاکرام والاحترام للمنوب عنہ وذکروا لہ خواص برکات وقد جربت

وقالوا فیہ اشعار الکثیرۃ والفوا فی صورتہ ورووا بالاسانید انتہی علاوہ اسکی کتاب الاکتفا فی مغازی المصطفی والثلاثۃ

الخلفا اور کتاب منتجۃ الحب الصمیم اور کتاب بر خدمۃ نعل القدم المحمدی اور فتح المتعال المسانی مین جسکے خاتمہ مین بکمال

بسط وتفصیل تحقیقات وثبوت تعظیم وتکریم وتبرک وتقبیل یعنی چومنا مثال نعل مکرم کا مثل سائر آثار علیہ صحابہ وتابعین

وائمہ وحفاظ محدثین وفقہاء عظام سے باسناد جیدہ ہی اور رد وساوس منکر جیسے حضرات کا بہی موجود ہی اور تفصیل صدہا

محدثین واحادیث صحیحہ کے مرقوم ہی ملاحظہ کرنے چاہئین اور جو منکر کو یا اور کسی شایق کو تیسر انکا متعسر ہو تو تالیفات

جناب فاضل اجل عارف اکمل نخبۃ الدوران مولوی حسن الزمان صاحب دام افاضاتہم سیما بحث قدم شریف احمدی مین دیکھکر مستفیض

او مستفیض ہونا چاہئے کہ ایک جگہہ بیشتر مجتمع مین منکر کو لازم ہی کہ اور کچہہ نہین تو مواہب لدنیہ ہی مقبولہ مین تو دیکھے کہ ثمادین

کہ کس تفصیل سے شرح موجود ہی کہ جن لوگونکو اصل نعل شریف نہین میسر ہوا ہی اونہون نی نقل نعل بنائی اور اسناد جیدہ اسپر

موجود ہین یہی صاحب مواہب لدنیہ بیچ مدح مثال نعل مبارک اور بیان فواید اور روایتون مین اوسکی جو تفصیل لکہی

ہین لازم ہی کہ منکر جیو دیکہین بسبب مختصر مقصود الاختصار گنجایش زیادہ تفصیل ونقل کے نہین رکہا صرف مختصر اتنا شافی

کافی ہی کہ دیکہلین مواہب مین موجود ہی کہ جو شخص مثال نعل مبارک رسول اپنی پاس رکہی تو امان ہی اوسکو بغی بغاوت سے

اور حرز ہی شیطان مارد سی اور عین حاسد سے اور بہت اقوال نظم ونثر محدثین واکابر امت کے مدح مثال مین جو نقل کئے

ایک انہین سے یہ ہی یا شبیہ نعل المصطفی روحی الفداء الخ قاضی عیاض وغیرہ محققین رح حالات مثال اوس نعل مبارک کے جو

حضرت عائشہ صدیقہ کی پاس اور پہر اونکی بہن ام کلثوم کے پاس تہے یا محمد بن جعفر ہیثمی کے پاس تہی جو لکہتے ہین منکر نے نہین

دیکہی ای عزیز مثال نعل کے تعظیم وتبرک سی عبرت پکڑ انتہی کلامہ **تنبیہ** اب ناصح جیو کو لازم ہی کہ شرما دین اور کبہی نام بہی

طعن کا نقل بیچ جگر گوشہ رسول مقبول کی لئی زبان پر نہ لاوین اور گذشتہ وپیوستہ کے اعمال سیئہ بد کلامی وطعن وتشنیع سے

توبۃ نصوحا عمل مین لاوین اور ناصح صاحب جو مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی اور گریہ وبکا اور سر یا سینہ پر ہاتہہ مارنے

کسی اہل درد مبتلا کے غم والم جگر گوشہ رسول مقبول مین طعن کرتے ہین اور بہانہ اشعار منع فرماتی ہین اور مخطوط بلاتی

ہین محض جہالت اور سراسر نادانی اونکی ہی اور نادفیت اپنی کتب حدیث سے یا اثر شدت عداوت جگر گوشہ گان حضرت

خاتم الرسالۃ سے ہی اللہم احفظنا بحرمۃ محمد والہ صلوۃ اللہ وسلامہ علیہم اجمعین انبیای سلف مین جناب حضرت ابو البشر

آدم صفی اللہ علی نبینا وعلیہ السلام وغیرہ اور سلف وخلف کے جو مرثیہ کہی ہوئے ہین اور گریہ وبکا وجزع وفزع یہانتک

کہ روتے روتے آنکہین سفید ہو جانی حضرت یعقوب پیغمبر کے کہ قرآن ایزد منان جسکے گواہی دیتا ہی قولہ تعالی قال یا

اسفا وابیضت عیناہ من الحزن وہو کظیم اور گریہ وبکای حضرت یوسف پیغمبر کا زندان مین بیچ مفارقت

[illegible]

اقارب واحباب کے کیا قبر پر والدۂ ماجدہ کے کہ کتب تفاسیر و حدیث و سیر خاصۂ و عامہ سی تفصیل اوسکی ہویدا ہی بر وقف
دماہر ہر کالشمس فی وسط السماء روشن و آشکار ہی اگر تفصیل ہر ایک کی مقولات و حالات کی لکھی جاوی تو موجب تطویل
ہی اسلئی خاص جناب پیغمبر خدا خاتم الانبیا اور ائمہ ہدی اور امہات مومنین اور صحابہ و تابعین کے حالات جو کہ ہر ایک ناصح جیو کے
نزدیک بہی صدیق و صدیقہ اور بہشتی مسلم و معروف ہین مختصر الطریق نمونہ لکہدئی جاتی ہین کہ راست بازی اور سخن پرداز
ناصح جیو کی خورد و کلان پر ہویدا ہو جاوے اول تو ناصح جیو سیر کر کے ذرا دیکھین و قایع سال ششم مولد پیغمبر خدا مین دیکھین
کہ مقام ابوا مین کہ درمیان مکہ اور مدینہ کی واقع ہی جناب والدۂ ماجدہ رسول مقبول کی نی وفات پائی اور مقام مذکور مین
مدفون ہوئین سو زمان حدیبیہ مین یعنی سال ششم ہجرت کی قریب چون برس بعد وفات کی جب حضرت اس جگہہ پونہچی تو بحکم
پروردگار عالم زیارت کی اور قبر درست کی اور بمقتضای رحمت و شفقت اور یاد مہر مادر بہت روئی اور سب اصحاب جو ساتہہ تہی کہ
ناصح جیو کے نزدیک کلہم اجمعون بحیثیت اصحاب شجرہ ساری کی ساری اہل بہشت کہا چاہیئے خوب روئے اور بہی مشکوۃ مین
صحیح مسلم سی حدیث ابو ہریرہ سی زار النبی قبر امہ فبکی وابکی من حولہ الحدیث یعنی زیارت کی پیغمبر خدا نی قبر ماں کی پس روئی اور
رولایا ہر کسیکو جو گرد حضرت کی تہا تا آخرہ یہ تو حال دیکھین ناصح جیو خاص رونی اور رولانی ذات بابرکات سرور کائنات
کا اتنی مدت بعد وفات والدۂ ماجدہ کی کہ کتنی مدت بعد حضرت قبر پر روئی اور پہر خیال کرین کہ اصحاب کو کتنا رولایا
اور پہر خیال کرین کہ حدیبیہ مین خلفای ثلثہ بہشتی ناصح صاحب کے ادنین موجود تہی وہ بہی روی یا نہین اور جو انکی ہونیکا
انکار کرین تو بیعت رضوانی ہاتہ اٹہا وین پہر دیکھین حال رونیکا حضرت کی وفات ابراہیم صاحبزادہ برادر عثمان بن مظعون
اور زوجہ عثمان بن عفان اور حمزہ و جعفر وغیرہم کے مرنے مین اپنی کتب صحاح سی مشکوۃ مین کہ کچہہ کچہہ قریب لکہا بہی جائیگا
بلاخطہ فرماکے شرما وین اور دیکہین کہ قسطلانی شارح صحیح بخاری شرح حدیث انس بن مالک مین کہ محتوی گریہ و بکا و فریاد
بکلمات یا ابتاہ وغیرہا مراتب زبانی جناب سیدۃ النساء یعنی حال وفات سید کائنات کی ہی کیا لکہتا ہی بلکہ لکہتا ہی کہ اس
حدیث کو ابن ماجہ نی جنایز مین لکہا ہی اور غور کرین ناصح جیو کہ حدیث مذکور اونکی خاص صحیح بخاری کی ہی بالجملہ شارح
مذکور بعد کلام طویل کے بعض بعض اشعار مرثیہ بہی لکہتا ہی چنانچہ جناب سیدہ کی زبانی ہی اغبرت آفاق السماء و کورت
شمس النہار و اظلم العصران والارض من بعد النبی کئیبۃ اسفا علیہ کثیرۃ الرجفان فلتبکہ شرق البلاد و غربہا ولتبکہ
مضر وکل یمان اور بہی شارح مذکور ابو ذویب الہذلی سی کہتی اور اشعار لکہتا ہی کہ ہاتف غیبی مرثیہ مین اشعار مرقومہ
کے ندا دیتا تہا علاوہ اسکی ارشاد جناب سیدہ دو جہان طلبہ کافیہ خوان تک جانتے ہین کہ ملا جامی وغیرہ شراح لکہتی
ہین صبت علی مصائب لو انہا صبت علی الایام صرن لیالیا ماذا علی من شم تربۃ احمد ان لا یشم مدی الزمان غوالیا
علاوہ اسکی جناب سیدہ فرماتی ہین اذا اشتد شوقی زرت قبرک باکیا انوح واشکو ما ارک مجاوبی فیا ساکن البطحا
علمتنی البکاء و ذکرک انسانی جمیع المصایب فان کنت عنی فی التراب مغیبا فما کنت عن قلب الحزین بغائب اور علی
بن برہان الدین شافعی کتاب انسان العیون مین لکہتا ہی لما قتل عبد اللہ بن زبیر ضجت مکہ بالبکاء اور خاص ام المومنین
جناب صدیقہ ناصح صاحب کے اشعار و مضامین مرثیہ جو پیغمبر خدا کے شان مین ہین سو تو ہین لیکن خاص اپنی بہائی عبد الرحمن کے

کی قبر پر بعد مدت از وفات جو مرثیہ خوانی کی ہی اور ہین فرمانی ہین جامع الاصول مین ہیچ حرف میم کے ملاحظہ فرما دین کہ ابن
ابی ملیکہ سی حدیث ہی صحیح ترمذی مین کی کہ صحاح ستہ مین سے ہی قال لما توفی عبد الرحمن بن ابی بکر بالحبشی وہو موضع فحمل الی مکۃ
فدفن بہا فلما قدمت عائشہ اتت قبرہ وجعلت تقول وکنا کندمانی جذیمۃ حقبۃ من الدہر حتی قیل لن یتصدعا فلما تفرقنا
کانی ومالکا لطول افتراق لم نبت لیلۃ معاً ثم قالت واللہ لو حضرتک ما دفنت الا حیث مت ولو شہدتک ما زرتک
اخرجہ الترمذی الحاصل کہ عبد الرحمن ابن ابی بکر موضع حبشی مین کہ قریب مکہ معظمہ کے ہی مرگئی تہی سو میت مکہ مین اوٹہا لائے
گئی چنانچہ بعد عرصہ کے جب ام المومنین حجکو آئین تو قبر پر بہائی کی گئین اور یہ اشعار مرقومہ مرثیہ کی پڑہی جنکی معنے
یہ ہین کہ ہم بہی مانند دو ہمنشینون جذیمہ کی کہ ایک بادشاہ تہا کہ کبہی جدا نہوتی تہی آپس مین زمانہ درازسی یہان تک
کہا گیا کہ ہرگز جدا نہونگی پس جب جدا ہوئی ہم تو گویا مین اور مالک بسبب درازی مفارقت کے ایسی ہین کہ نہین گذری
ایک شب اکٹہی پہر کہا عائشہ نی قسم ہی خدا کی اگر حاضر ہوتی مین تو نہ دفن کیا جاتا تو مگر اوسی جگہ کہ تو مرا تہا اور
اگر موجود ہوتے مین تیری پاس یعنے وقت موت تو نہ زیارت کرتی مین اب قبر پر روایت کی یہ ترمذی نی تنبیہ
حدیث کی نقل سے کئی فائدہ ہین اول تو مرثیہ خوانی جناب ام المومنین صدیقہ ناصح صاحب کی اتنی مدت بعد قبر پر دوسرے
بعد ایک مدت دراز کے موت سی قبر پر آنا اور ہین فرمانا تیسرے اجتہاد جناب مجتہدہ کا مقابلہ مین ارشاد جناب پیغمبر خدا کے
کہ ابو ہریرہ سے حدیث ہی بموجب مذاق ناصح صاحب صحاح ناصح صاحب مین لعن اللہ زوارات القبور یعنی فرمایا پیغمبر خدا
نی کہ لعنت کرتا ہی خدا تعالی عورتون زیارت کرنیوالیونکو قبرونکی اور اگر احیاناً وہ فرمادین کہ اسکی مان جائی بہائی
کی قبر تہی نامحرم کی نہین تہی تو قطع نظر عموم حدیث اور احتجاج اونکی بہ ما من عام الا وقد خص قبور اغیار موجودہ مقابر
وہان جان اور دامن گیر مجتہدہ و مقلدین موجود اور قطع نظر اسکے یہی کلام خاص مجتہدہ یعنے لو ما شہدتک ما زرتک
گلوگیر مقلدین بالاتر ہے کیونکہ شراح و مترجمین حضرات خود توجیہ اس قول کے فرماتی ہین کہ مراد اور غایت قول مذکور سے
یہ ہی کہ آنحضرتؐ نی لعنت کی ہی عورات زائرات قبور کو اسلئے جناب ممدوحہ نی فرمایا کہ از بسکہ تجہی مرتے ہوئے نہ دیکہا
اسلئے زیارت تیری قبر کے کی تا قایم مقام ملاقات کی ہو تو صریح واضح ہی کہ جناب حاربہ نفس رسولؐ نی اس جگہ بہی اجتہاد
کو کام فرمایا چوتہی مرثیہ غیر کا اپنی طرف منسوب کرنا کیونکہ ماہرین تواریخ و سیر پر ہویدا ہی کہ اشعار مذکورہ درحقیقت
تمیم یا متمم بن نویرہ کے ہین کہ اپنی بہائی مالک بن نویرہ کی شہید ہونی پر کہی تہی جسکو خالد بن ولید نی باشارہ صداقت
داؤد نی کہا ہی کہ مسح کرنیمین اور دہونیمین جمع واجب ہی یعنے دونو باتین چاہیین اور یہی قول ہے ناصر کا زیدیہ مین سے
اور حسن بصری اور محمد بن جریر طبری نی تخییر اختیار کی ہے یعنی چاہو مسح کرو چاہو دہوؤ یہانتک ترجمہ ہے تفسیر کبیر فخر رازی کا
اور یہی معالم التنزیل مین ایسا ہی کچھہ ہے اوسنی فقہا مین انکی ابو العالیہ کو بہی ساتھہ شعبی وغیرہ کے لکھا ہی کہ وہ بہی مسح پا
طرف گئی ہین اور ابو علی جبائی معتزلی اور اوسکی تابعدارونکو تخییر کیطرف اور حسن بصری اور ناصر کو طرف جمع کے مسح
اور غسل مین لکھا ہی شارح بخاری کی بہی سو قریب [illegible] ہوتا ہی چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ نے کہ ہمارے
علمای معتبر رحمہم اللہ مین سے ہین احقاق الحق مین بہت تفصیل سے لکھہ کر اس مقام مین علمای سنت کو پانی سی پتلا کیا ہی جس
شخص کو کچھہ شک و شبہ ہووے فوراً تفسیر کبیر اور معالم التنزیل کو دیکھہ لی اور علاوہ اسکی عینی شرح صحیح بخاری مین کہتا ہی کہ درباب
پاؤنکی چار مذہب ہین ایک تو مذہب چار اماموں کا سنت جماعت کے سو وہ تو دہونا پاؤنکا ہی ایک مذہب شیعہ امامیہ کا سو وہ
فرضیت مسح پاؤنکی تیسرا مذہب حسن بصری کا اور محمد بن جریر طبری اور ابو علی جبائی کا سو وہ تخییر ہے اور ایک ہی جمع یعنے
دہونا بہی اور مسح بہی سو یہ قول ہے حسن کا اور ابن عباس سے ہی کہ دو غسل اور دو مسح ہین وضو مین اور یہی ابن عباس
سے ہی کہ خدا نی کہا ہی ساتھہ مسح کے لیکن لوگون نی انکار کیا ہی مگر دہونیکو اختیار کیا اور ایک روز حجاج نے خطبہ پڑہا اور
ذکر کیا وضو کا اور آیت مذکور پڑہی اور کہا بنی آدم مین کوئی چیز قریب تر خبث سے اوسکی نہین جو دونو پانو اوسکی ہین
پس پاؤنکو ظاہر اور باطن کو دہوؤ چنانچہ انس بن مالک نے یہ بات سُنے تو کہا کہ خدا سچا ہی اور جہوٹ کہا ہی حجاج نے
خدا تعالی نے کہا ہی کہ مسح کرو سر اور پاؤنکو اور عکرمہ مسح کرتا تہا اور کہتا تہا نہین ہے پاؤنکو دہونا اور نہین ہے مگر
مسح اور شعبی نے کہا ہی کہ نازل ہوا ہی جبرئیل ساتھہ مسح کے اور قتادہ نی کہا ہی کہ فرض کیے ہین خدا نے دو دہونی اور
دو مسح ہین اسلئے کہ قراءت محکمہ نے مسح واجب کیے ہی اسلئے کہ معطوف مشارک ہی معطوف علیہ کو بیچ حکم اوسکی غرض اور عبارت
طول طویل ہے شرح مذکور مین مگر جو کہ ضرور تہے اس مقام کے ترجمہ اوسکا بعینہ لکھا گیا ہی جس شخص کو زیادہ تحقیق منظور ہو

Presented by Ziaraat.Com

اوسکو اوس سے ملا لیوی اور بہی عبد العزیز اکبر آبادی کہ بڑا متعصب سنی ہی اپنی رسالہ مین لکہتا ہی کہ ابو علی جبائی معتزلے
اور محمد بن جریر طبری تخییر کیطرف گئی ہین اور بہی حدایق الازہار شرح مشارق الانوار مین شرح حدیث الاعقاب من النار مین
لکہا ہی کہ عامہ علما گئی ہین طرف اس بات کی کہ دہونا پاؤنکا واجب ہی ساتہہ اس حدیث کی اور نظائر اسکی اور شیعہ گئی ہین
طرف اسبات کی کہ مسح واجب ہی ساتہہ ظاہر قول خدا تعالی کی وامسحوا برؤسکم وارجلکم بجر ارجلکم اور داؤد نے کہا ہی کہ جمع کرنا واجب
ہی یعنے دہونا بہی اور مسح بہی بسبب جانی طرف مقتضی دونو دلیلونکے اور محمد بن جریر گیا ہی طرف اسکی کہ اختیار ہی دونون
ایک بات کا اسواسطی کہ دونو دلیلین متعارض ہین تمام ہوا بعینہ ترجمہ اور بہی نووی شارح صحیح مسلم لکہتا ہی کہ محمد بن جریر
شافعی اور جبائی سرگروہ معتزلی تخییر اختیار کیے ہین اور بعض اہل ظواہر نے جمع درمیان دہونی اور مسح کے اختیار کیا ہی بہی محی الدین
عربی بڑا شیخ عارف کامل سنیونکا جسکے فتوحات مکی مشہور ہے اوسمین لکہتا ہی کہ ہمارا مذہب تخییر ہے مسح تو ساتہہ ظاہر قرآن
اور دہونا ساتہہ سنت کی یعنے ظاہر آیہ صریح دلالت اوپر مسح کے کرتا ہی اور احادیثین نبوی دہونیکی جو ہین تو ہمنی تخییر کو اختیار
کیا تو کہ دونو پر عمل ہوتے رہین اور قرآن اور حدیثون مین منافات نہ لازم آوی یعنے کبہے دہولی کبہی مسح کرلیا اور بہی شیخ
مذکور اسی آیت مین لکہا ہی کہ قرات ارجلکم بفتح لام اور کسر لام بسبب عطف کی ہی ممسوح پر عطف ہی یعنی رؤس پر تو بسبب عطف
کے کسرہ ہی اور مغسول پر ہی یعنے وجوہ پر عطف ہی تو فتحہ ہی پس ہمارا مذہب یہ ہی کہ فتح لام پر بہی نہین خارج کرتے مسح سے
اسواسطی کہ مثل اس واو کی کبہے بمعنے مع کی بہی ہوتی ہے اور واو بمعنی مع اسم کو منصوب کرتے ہی چنانچہ کہا جاتا ہی قام زید و
عمرا یعنے کہڑا ہوا زید ساتہہ عمر کے پس حجت اوس شخص کے جو قایل ہوا ساتہہ مسح اسکی ساتہہ قائم ہوتی ہے اس آیت مین
قوی طرح ہی اسواسطی کہ یہ شخص شریک حالت قرات نصب مین ہی ساتہہ حجت کے اوس شخص سے جو قایل ہی دہونیکا یعنے دہونیکا
قایل جیسے فتح کو دلیل لاتا ہی سو قایل مسح کا بہی فتح کو دلیل کرتا ہی مسح کی لئے تو قایل مسح شریک ہی دلیل مین قایل سے دہونیکی
فتح مین بہی تو دلیل قایل مسح کے مستحکم ہوئی اور قایل دہونیکا بیچ کسرہ کے شریک نہین ہی قایل مسح سے ساتہہ وجہ صحیح کے بیچ دلیل کے
یعنے کسرہ مین ہرگز بوجہہ صحیح دہونا نہین لازم آتا فقط یہہ تہا ترجمہ محی الدین عربیکی عبارت کا یہہ ایک تہوڑا سا نمونہ ہی خود
سنت جماعت کی کتابونمین سے جو مختصر لکہا گیا اور جو تمام حدیثین اور تقریرین لکہی جاوین تو بہت طول ہو اور باعث
پریشانی خاطر عوام کا ہی اسلئی اسیقدر پر اکتفا کیا گیا فقط اب ناصح جیو کو لازم ہی کہ مسح پا کو خلاف قرآن کہتے کہین یا تو چینپے
بہر پانیمین ڈوب مرین یا پاؤن دہونیکا نام نہ لین آنکہونکو لہولکر دیکہین کہ اونکی ہاتکی حدیثین مسح کے اور علما اور صحابہ
کے اقرار خود اونکی تفاسیر و کتب حدیث سے ناطق ہوتی قرآن کے مسح پر اور عمل اہل بیت طاہرہ کے مسح پر ظاہر اور ہویدا
مین پہر ناصح جیو کو بجز اغوای عوام اور فضیحت ہونیکی کیا فائدہ ناصح جیو جو دہونا ہاتہہ لگا کہینچ لینی خلاف قرآن بتلاتی ہین
یہہ بہی محض دیوانیت بلکہ خارج از انسانیت بات ہی واضح ہو کہ بڑا دہوکا اونکا واسطی بہکانی عوام کے یہ ہی کہ قرآن مین غسلوا
وجوہکم وایدیکم الی المرافق جو ہی تو آپ کو صرف واسطی انتہائی غایت کی دہاقین کم علم کی سامنی ظاہر کرکے عمل اہل حق پر طعن
فرماتی ہین اور خلاف قرآن بتلاتی ہین سو یہ دہوکا محض بے اصل اور بہتان و فریب صرف واسطی تنفیر عوام کے مذہب حقہ سے
اور فقط اپنی معتقد اونکی فضیحت میٹنے کے لئے ہے کہ وہ اولٹی طرح جاری کر گئے ہین اور یہ اولٹی مت کے عمل کر رہی ہین نفس الامر

نفس الامر مین یہہ جو خلاف کتاب و سنت اور مخالف طبع انسانی عمل کرتے ہین کہ بوجوہات کثیرہ مردود ہی اول تو ہر شخص
تہوڑا پڑہا لکہا بہی جان سکتا ہی کہ حرف الی صرف انتہای غایت ہی کی لئی مخصوص اور منحصر نہین بلکہ بمعنی مع اور عند اور من
بہی عند الفریقین مستعمل ہی ہان یہہ دعوا انکا جب قابل استماع ہوتا کہ صرف انتہای غایت ہی کی لئی انحصار ہوتا اور کسی طرح
استعمال ناجایز ہوتا سو کتب نحو اور لغت اور تفاسیر خود انکی ہانکی بہری پڑی ہین جو چاہی دیکہ لی بلکہ صبیان شرح مائۃ عامل
خوان تک جان سکتی ہین کہ کن کن معنونکی لئی آتا ہی چنانچہ آیہ لا تاکلوا اموالہم الی اموالکم مین الی بمعنی مع ہی جیسی مع اموالکم
تفسیر تعبیر کرتے ہین اور من انصاری الی اللہ مین بمعنی عند اور مع ہی یعنی مع اللہ یا عند اللہ تعبیر کرتی ہین اور لیسقی
قلا یردی الی مین بمعنی من ہے جیسی منی کرکے تعبیر کرتے ہین ہر ایک مثال قاموس مین بتفصیل موجود ہی اور صاف لکہا
ہی کہ الی واسطی ابتدا کی بہی ہوتا ہی بلکہ خاص تفسیر جلالین مین انہین کی ہان اسی آیہ کی تفسیر مین بمعنے مع لکہا ہے
چنانچہ لکہتا ہی الی المرافق ای معہا کما بینہ السنۃ یعنی الی المرافق سی مراد مع المرافق ہی کہ اسی ظاہر کیا ہی قول و فعل
رسول نی دوسرے فخر رازی تفسیر کبیر مین اسی آیت کی تیسوین مسئلہ مین لکہتا ہی کہ جمہور کہتی ہین دہونا ہاتہونکا واجب ہے
مع مرفقین اور شرح وقایہ مین ہے فرض الوضوء غسل الوجہ من الشعر الی الاذن واسفل الذقن والیدین والرجلین مع
المرفقین والکعبین ومسح ربع الراس واللحیۃ خاص متن کی عبارت لاحظ فرمالین اور شرح مائۃ عامل تک لکہا ہی کہ
الی واسطی مصاحبۃ کی بہی ہوتا ہی یعنے بمعنے مع تیسرے ابن حزم بڑا شخص مشہور فقیہ و محدث او نکا صاف بمعنی من ابتدا کے
لئی اسی جگہ مین لکہتا ہی بکمال تفصیل سے اپنی کتاب محلی مین کہ اگر کچہہ بہی ناصح جو اور احزاب اونکی علیہ شرم و حیا اور ایمان
والتقاسی آراستکی اختیار کرین تو اوسی دیکہین اور پہر بہی اپنی حرکت معکوس سے مرتکب ہون اور طعن سے اہل حق کے تو بہ
وانابہ کرین کہ وہ صاف لکہتا ہی کہ جو لوگ علم عربی سی نصیب و بہرہ رکہتی ہین بکمال تعجب ہے اونسی کہ استدلال وجوب
غسل بابتدای رؤس اصابع تا مرفق آیہ وضو مین بسبب الی کے کرتے ہین کیونکہ الی بمعنی من اور مع کے حسب تناسب مقام
و محل اکثر آتا ہی پہر تخصیص الی کی بمعنی غایت بغیر کسی مخصص اور قرینہ کی اس جگہ محض تحکم ہی یعنی دعوی بی دلیل محض لغو ہے
اور پہر بعد اسکی کلام طویل اسی باب مین لکہکر یہی محقق ائمّہ لکہتا ہی کہ وہولاء الذین اخذوا الی بمعنی الانتہاء فی الآیۃ
حتما فان الغسل من المنکب الی المرافق اوفق لہم لان الید یتناول العضو من المنکب الی رؤس الاصابع والغسل من اعلی
العضو وضع طبعی للانسان فاذا امر اللہ بغسل عضو فلیس لکم فی العکس حکمۃ ولا مصلحۃ حتی اختیتم فہذا و امثال ہذا تلاعب
فی الدین واما عندنا فالحق الواضح ان الآیۃ تدل علی غسل ہذا المقدار ای من المرافق الی رؤس الاصابع انتہی موضع
الحاجۃ یعنی جو لوگ الی کو بمعنی انتہای غایت حتما آیہ مذکورہ مین کہتے ہین اونکو لایق اور اوفق یہہ ہی کہ شانہ سی کہنیون
تک دہو دین اسواسطی کہ ہاتہہ شانہ سی رؤس اصابع تک عضو کو شامل ہی اور دہونا عضو کو طرف اعلی سے اسفل کو
وضع طبعی ہی انسان کی تو جسوقت کہ حکم کیا پروردگار نی ایک عضو کے دہونیکا پہر اوسکی عکس مین تمکو کوئی حکمت اور
مصلحت اور طاقت نہین ہے کہ تم واجب کرو تو پہر ایسی واہی بات دین مین کرنے محض ملاعبت یعنی کہیل کرنا ہی بس
ہمارے نزدیک حق واضح یہی ہے کہ آیت دلالت کرتی ہی اوپر دہونے اس مقدار کے یعنی مرفق سے رؤس اصابع تک ہاتھ

تضعیف معنے و استعمال الی

از قاموس

تصریح از تفسیر جلالین

تصریح فخر رازی

تصریح شرح وقایہ و شرح مائۃ عامل

تصریح ابن حزم

Presented by Ziaraat.Com

تمام ہوا ترجمہ قول ابن حزم کا نفس الامر مین قول ابن حزم عقلاً اور نقلاً اس جگہ درست اور بجا ہی نقلاً تو بیان سنت کہ تفسیر جلالین وغیرہ سی بہی اوپر ہویدا ہوا خود اونکی ہا لسنی ہی اور عقلاً جو تصریح ابن حزم سی ظاہر ہے چونکہ اوسمین اجمال ہے ہم تفصیل سے واسطی صفر اسکے ناصح جیو جیسو نکی لکہدیتی ہین گوش دل سے سنین کہ صاف بات ہی ہر شخص جانتا ہی کہ وضع طبعی انسانی اور عادت وجبلت انسانی یہ ہی کہ عضو کو اعلی سی طرف اسفل کے دہوتا ہی یعنے اوپر سی پانی ڈالتا ہی اور نیچی کو بہاتا ہی اور بلکہ خاصہ پانیکا یہی ہے کہ نیچی کو جاتا ہی کہ از بس مشہور ہے اور نہایت یہ بات عادی و رجاری ہی بلکہ ہر شخص جانتا ہی کہ مثلا جو کوئی شخص حکم کری کسیکو کہ تو پاؤنکو دہو زانو تک یا ران تک یا حکم کری کوئی کہ جسم کو دہو ڈالو گردن تک تو بیشک محکوم زانو اور ران اور گردنسی شروع کریگا نہ معکوس یا اگر کوئی حکم کری کہ ہاتہونکو دہو شانہ تک تو محکوم شانہ سی شروع کریگا نہ بالعکس سو صاف اور صریح ہی کہ اگر حکم ہووے کہ ہاتہونکو دہو وکہنیون تک تو اب بہی لازم ہی کہ شروع کہنیو نسی کری نہ معکوس کیونکہ عادت تمام عرب و عجم اسیطرح جاری اور عادی ہی اور چونکہ قرآن بالاجماع موافق محاورہ عرب کی اور عادت کی نازل ہی تو صاف ظاہر ہی کہ جو طریقہ مختار و مستعمل اہل مذہب حقہ کا ہی موافق ارشاد و ہدایت اہل بیت ع کہ احد الثقلین اور عارف تر اور اعلم ارشاد خدا و رسول ہین کتاب خدا اسی پر نازل ہی کہ ابن حزم وغیرہ اونکی محقق بہی اسی کی تائید و تصریح کرتے ہین مگر ان خاص پیروی فاروقی یعنی پیرو خلیفۂ عالی ناصح صاحب مولائی افلح البتہ مقتضے انعکاس ہو تو عین زیبا اور برجستہ ہی بیشک اونکو اگر حکم ہو کہ پاؤن رانون تک یا کولی تک دہوو تو وہ معکوسیتہ ہی کو کام فرماوینگے یعنی معکوس ہاتہ دہو دین یا دہلوا دین اور وہان یہ استعمال مرضی و مجری ہی تو خدا مبارک کری ہاتہونمین بہی انگلیونہی سی ابتدا اور انتہا مرافق تک صحیح لیکن پہلی ران اور کولی مین اقرار وعمل کرنا واجب ہی علاوہ اسکی ہم ایک اور مثال سہل طرحسی صاف لکہدیتی ہین کہ عالم وجاہل باسانیت لی کہسر سمجہہ سکتی ہین اور واضح ہو جاوے کہ یہ اولٹی ہاتہ چلانی احزاب ناصح جیو کی محض ملاعبت اور واہیات ہی بموجب اقرار اونکی ابن حزم کے اور نری بدعۃ اور اختراع ہی و واضح ہو کہ نہایت ظاہر بات ہی کہ مثلا اگر کوئی حاکم حکم کری کسی محکوم کو کہ مکانکو دروازہ سی صدر دالان تک صاف و مصفا کرکے فرش کر دی تو باوصفی کہ حرف انتہای غایت بہی بلکہ حرف ابتدا دروازہ کی لئی بہی موجود ہی جسپر بہی کوئی نہین خیال کر سکتا کہ وجوب تعمیل حکم صبی ہی کہ جس جگہ انتہای غایت بحرف ہم حسب آلی حکم حاکم مین موجود ہی ختم جاروب اوسی جگہ سی واقع ہو اور شروع دروازہ سی صحن کی بلکہ محکوم جہانسے شروع اور جہان ختم کریگا مختار و مجاز ہی ہان جاروب کشی اور صفائی سب جگہ مکانمین از صدر تا دروازہ ضرور اور واجب ہی بلکہ صاحب ذہن سلیم اور فہم مستقیم کیفیت اس امر کی اوٹہا سکتا ہی کہ اگر دلوا صدر دالان سے شروع اور دروازہ تک صحن خانہ کی جاروب ختم کریگا تو تزکیہ اور صفائی بوجہ احسن کس خوبی اور لطافت سی متصور ہی اور عادی اور زیبا ہی تو اسی طرح غور کرنا چاہیی ہاتہ دہونی مین لیکن معلوم ہوتا ہی کہ یہ اولٹی ملک کے اعوج العقل معکوس الفہم جاروب و صفائی بہی صحن خانہ سی شروع کرتے ہونگے تمام … کل والای حرکت اصرہی نعوذ باللہ

Presented by Ziaraat.Com

من وساوس الشیطان ونسأل القلب السلیم ولنعم ما قال الرومی آین فسونِ دیو در دلهای کج میرود چون
کفشِ کج در پای کج بالجملہ یہ اپنی نگوشبنو بغرض وتسلیم قولِ مخالفین کے ہی کہ اتباعِ باب مدینۃ العلم غالب کل غالب ہر
ڈہنگ رنگ سی آہنین زیر اور اونکی دست و پا گم کرتے ہین ورنہ حقیقۃً اس ہاتہ دہونیکی حقیقت مختصر تقریر سے یہہ
بس ہے کہ محاورہ عرب وعجم سب مین شایع ہی کہ لفظ ہاتہہ کا شامل ہی شانہ تک کو اور وضعِ طبعِ انسانی ہویدا ہی کہ
عضو کو طرفِ اعلی سی طرف اسفل کے دہووین اور عادت انسانی جاری ہی کہ صرف دہونا ہاتہہ کا بی کسی قید کے
بولین تو پونہچی تک سی دہونا معمول و مفہوم ہوتا ہی اور جو کہنی یا شانہ وغیرہ کی قید لگاوین تو وہانسے چنانچہ نماز مین
ہاتہہ باندہ کر نماز پڑہنی مین خود انکی ہان کی احادیث موضوعہ اور کتبِ فقہیہ سی ہویدا ہی کہ جو صرف حدیث ذکر کہنے
مطلق سینہ ہی ہاتہہ کی اوپر اولٹی ہاتہہ کی بی قید ساعدونکی کہتی ہین تو بندِ دست یعنی پونہچی تک مقصود کہتی ہین اور
عمل کرتے ہین اور قید ساعدونکی جو لگاتی ہین وہ اوسطرح عمل کرتے ہین چنانچہ شرح سفر السعادہ مین تفصیل
ان حدیثونکی بہت تصریح سی ہی کہ ایک جگہ مجتمع ہین جو چاہی دیکہہ لی سو یہی حال غور کر لیا جاوے اس جگہ بہی رہی
یہ بات کہ یہان قید ید مقید بالی ہی سوالی ارشاد لغت اور کتبِ نحویہ کے بمعنے مع اور من بہی ہی اور کتاب حذائق
اور اعمال و افعالِ رسولؐ واہل بیتِ طاہرہؑ سی استعمال اور عمل درآمد اسکا انکی ہان بہی ہویدا چنانچہ اوپر ابہی توضیح
ظاہر ہو گیا اور شیعہ اہل بیتؑ کے ہان طور ترکیبِ وضو مین غسلِ ید مرفق سے مثل عمل مجربہ اونکی توضیح وتصریح سے موجود
بلکہ خود سنیونکی محققین ومفسرین مصرحہ صدہا وغیرہ سی بہی غسل مرفق سے اور بیان عمل سنت غسل مع المرافق
کالشمس فی وسط النہار ظاہر تو پر ظاہر ہی کہ اب خلافِ کتاب وسنت کی خود سنی مرتکب ہین نہ اہلِ مذہبِ حقہ تابع
اہل بیتؑ رسولِ مقبولؐ اور نسبتِ بدعت وتحریف مین مذہبِ حقہ پر محض ناصح جیو کی جہالت اور بی حیائی اور اداسی سنت
ہی اپنی مقتداؤن محرفانِ دین مبین مصطفویؐ کی جسکی توضیح ظاہر ہوئی تو ناصح جیو اسباب مین بہی اہل
حق کو مخالفِ قرآن کی لکہکر ذیل کاذبین مین عند اللہ لکہی گئے باقی وہ بہی خوب جانتی ہین کہ اللہ تعالے
کاذبین کے حق مین کتابِ مجید مین کیا لکہتا ہی اور جو حافظۂ عالیہ مین نہین رہا ہو اور یقین ہے کہ ان حرکات
وصفات سی حافظہ مین نہوگا تو قرآن مین ملاحظہ فرمالین یہہ تو حذراً للطوالۃ مختصراً لکہدیا گیا ناصح جیو کو زیادہ
تفصیل دیکہنا منظور ہو تو کتبِ مبسوط مین دیکہین خصوص مفید العوام مرقوم التصدرین کہ بہت صاف عام فہم ہے
ملاحظہ فرماوین اور ہدایت پاوین ناصح جیو درباب دہونی موہنہ کی واسطی ہو کے اور تغیر عوام کے مذہبِ حقہ
بسنت سنیہ اپنی پیران ومقتدا خصوصاً اپنی پیر عزیز کے فرماتی ہین کہ آیت قرآن کی فاغسلوا وجوہکم واسطی
دہونی تمام موہنہ کے ہی اور تحدید مذہبِ حقہ بین الابہام والوسطی مخالف ہی قرآن کے سو محض دہوکی بازی
اور اپنی جہالت ظاہر کرنے ہی نہین معلوم ناصح جیو کو کہ جناب مرزای مرحوم مغفور تغمدہ اللہ بغفرانہ نی اس باب مین
بہی حالتِ حیات مین روبرو اونکی پیر عزیز کے کیا مٹی عزیز کے تہی کہ پانی سی پتلا کر دیکہا یا یہانتک کہ شاہ صاحب
نے پہرا اودہر کو رخ نہ کیا اور موہنہ کہیں نقاب سے باہر نہ نکالا ناصح جیو نی جلدِ تاسع نزہۃ کو ملاحظہ نہین فرمایا

کو ہی جہوٹی ہانک پیر جیو کی بولنی لگی در حقیقت وہ لطف و نکات کو اوسکی کیا پوہنچین جس کسیکو کیفیت قرار واقعی
بہ بسط و تفصیل منظور ہو تو اوسی دیکہی ہم اس جگہ مختصر تقریر سے قریب الفہم خاص و عام کے نظر بر صفر اشکنے ناصح صاحب
اور تشفی تام خاص و عام اہل انصاف کی لکہدیتی ہین در خانہ اگر کس است یک حرف بس است اگر کچہ ناصح صاحب کو شرم
و حیا نصیب ہو تو بعد اسکی کسی اہل حق کی سامنی موںہہ سی ایسا کلمہ نہ کہین بلکہ موںہہ و کہلاوین واضح ہو کہ منتہی الارب مین
ہی وجہ بالفتح روی مردم موجہت ردیا روی کردن فی القاموس لقیہ وجاہا و مواجہۃ سو اسی وجہ سی ہی کہ علمای
فریقین نے اکثر تصریح کی ہی اس امر کے کہ وجہ ماخوذ ہی مواجہت سی تو اطلاق وجہ کا لغۃً اور عرفاً اوس موضع پر ہے
کہ حین ملاقات و تخاطب مواجہہ مین ہووے ملاقی و مخاطب کے چنانچہ اسی جگہ سی ہی کہ ابو یوسف مصاحب ابو حنیفہ امام
اعظم ناصح جیو بموجب تصریح چلپی محشی شرح وقایہ سفیدی ما بین العذار والاذن کو داخل وجہ کے نہین قرار دیا یعنی
ابو یوسف خود ناصح جیو کی ہان قایل ہی کہ سفیدی درمیان رخسارہ اور کان کی موںہہ مین داخل نہین ہے یعنے اس
موضع کا دہونا فرض نہین اور مالک خود جو تہی امام ناصح کے بالکل دہونا رخسارہ کا واجب نہین کہتے بلکہ ابو یوسف
بہی ریش دار کے حق مین رخسارہ کا دہونا واجب نہین جانتا شرح وقایہ مین یہ عبارت ہی فنفرض الوضوء
غسل الوجہ من الشعر ای من قصاص شعر الراس وہو منتہی منبت شعر الراس الی الاذان واسفل الذقن فیکون
ما بین العذار والاذن داخلاً فی الوجہ کما ہو مذہب ابی حنیفۃ ومحمد اور چلپی اسکی حاشیہ مین لکہتا ہی وعند ابی
یوسف لیس بفرض لعدم دخولہ عندہ لان البشرۃ التی تحت الشعر فی العذار اذا لم یجب غسلہا وہیا فما وراہا وہو البیاض
اولی ان لا یجب اور نسبت مالک کی محشی مذکور جو لکہتا ہی وہ عبارت دیکہ لین یہ ہی وہذا الخلاف اذا استتر اللحیۃ وحالت
واما فی الامرد والکوسج فیجب اتفاقاً سوا مالک فان عندہ لا یجب غسلہ قبل النبات ایضا لانہ حد الوجہ بالعذار غالباً
انتہی موضع الحاجۃ یعنی فرض وضو کا موںہہ کا دہونا ہی اوس جگہ کے بالونسی جو انتہا جگہ اوگنی بالونکی ہی سر سے
کانون تک تو ما بین رخسارہ اور کان کی داخل ہی وجہ مین جیسی کہ مذہب ابو حنیفہ اور محمد کا ہی اور نزدیک ابو یوسف کی اور
دلیل ابو یوسف کی یہ ہی کہ بشرہ جو کہ نیچی بالونکی ہی رخسار مین جب کہ اوسکا دہونا اور تر کرنا واجب نہین تو ماورا اسکی
جو سفیدی بین العذار والاذن ہی سزاوار تر ہی کہ دہونا اوسکا نہ واجب ہو اور یہ خلاف جب ہی کہ داڑہی جلد کو پوشیدہ کرے
اور حائل ہو جاوے لیکن امردمین اور کہوسہ مین پس واجب ہے اتفاقاً سوا مالک کی یعنی مالک امرد اور کہوسی کے لئی بہی رخسارہ
کا دہونا واجب نہین جانتا اسو سطی کہ اوسکی نزدیک واجب نہین ہی دہونا اوسکا قبل بالونکی اسلئی کہ حد وجہ غالباً رخسارہ
ہی علاوہ اسکی زیادہ تر وجوہات مصرحہ سے تصریح تحدید وجہ مثل مصرحات مذہب حقہ خود ناصح جیو کی ہان ظاہر ہی لازم ہی کہ ناصح
جیو ذرا اور شرم کرین دیکہین آنکہین کہولکر فتح الباری شرح بخاری مین کہ وہان کس تفصیل سی حد وجہ طولاً اور عرضاً کس کس وجہ
سے لکہی ہی چنانچہ بعینہا عبارت اوسکی یہ ہی حدہ طولاً من منابت الشعر المعتاد الی الذقن واختلف المذہب فی عرض الوجہ علی اربعۃ
اقوال فقیل من الاذن الی الاذن وقیل من العذار الی العذار وقیل من العذار الی العذار فی حق الملتحی ومن الاذن
الی الاذن فی حق الامرد والقول الرابع ان غسل البیاض الذی بین الصدغ والاذن سنۃ یعنے حد موںہہ کے طول مین

مین بال کی اوگنی کی جگہہ پنسی جو کہ معتاد ہی اور بیچ عرضِ وجہ کی مذہب مختلف ہین اور چار قول لوگونکی بعضونکا تو قول ہی
کہ کان سی کان تک اور بعضونکا قول ہی رخسارہ سی رخسارہ تک اور بعضونکا قول ہی رخسارہ سے رخسارہ تک تو ڈاڑہی
والی کی لئی اور کان سی کان تک بی ریش کے لئی اور قولِ رابع یہ ہی کہ دہونا سفیدی کا جو درمیان کن پٹی اور کان
کے ہی سنت ہی ناصح جیو یاد رکہین اور غور کرین کہ عذار سی عذار تک قایلین کا قول تحدیدِ عرض مین مابین الابہام
والوسطی کے قریب قریب ہی اور طول کو تو دیکہہ لین کہ یہان وہان بالتصریح ایک ہی بلکہ ابو یوسف کی ہان دیکہہ چکی عرض
مین اسسے بڑہ کر اور مالک کی ہان اوس سے بہی بڑہ کر کہ وہ بالکل رخسارہ کا دہونا واجب نہین جانتا اب ناصح جیو یا جسکا
جی چاہی از روی تعمقِ نظر اور غور و فکر کے از روی انصاف و ایمان دیکہہ لی کہ امامیہ ادہم اللہ شرفاً اوس موضع کو کہ
حالِ تخاطب مین مواجہ نہین ہی یعنی حدِ وجہ سی باہر ہی البتہ مفروض الغسل سے باہر جانتی ہین اور یہ بات کچہہ موردِ طعن
اور ضایع نصِ امامیہ سی نہین عقیل فہیم بلکہ تہوڑی سی علم والا آدمی حالِ ابی یوسف اور مالک وغیرہما ائمۂ ناصح جیو اور چارون
اقوال ان چار یار والون کے حدِ عرض مین اور حدِ طول مصرحہ سب باتین خاطر مین منتقش کرکے دیکہی کہ امامیہ کے تحدیدِ
وجہ مین طولاً عرضاً کونسی کمی ہی ان قایلین چار یار سی ہمارے امام سی جسوقت سوال کیا گیا حدِ وجہ مین تو ارشاد
ہی کہ مادارت علیہ الوسطی والابہام من قصاص شعر الراس الی الذقن وما جرت علیہ الاصبعان فہو من الوجہ یعنی وہ موضع
وہ مقدار کہ پہرے اوسپر بیچ کی اونگلی اور انگوٹہا یعنی عرضاً اور محلِ اوگنی موئی سر سے تا ذقن یعنی طولاً اور جتنا کچہہ کہ دو انگ
انگشت اوسپر پہر جاوین پس وہ ہی مونہہ سی تو اب اندہا بہی جان سکتا ہی کہ بموجب تصریح مرقومۂ تصدرکہ فتح الباری
وغیرہ سی لکہا گیا حدِ طول بعینہا مطابق ہی اور حدِ عرض قولِ من العذار الی العذار کے مطابق تقریباً چشم بد اندیش کہ برکندہ باد
عیب نماید ہنرش در نظر مقلدانِ جاہلان کلالہ وابا کیا کیفیتِ ارشادِ امام سمجہین لطافت اور کیفیت کو تو غریب پہنچتی نہین
حدِ مابین الابہام والوسطی کو اولٹا خلافِ قرآن بتلاتی ہین اور انکارِ حدیث اور احداثِ تابعان امام ظاہر کرتے ہین
صاحبانِ طبعِ سلیم اور ماہرانِ علم و فہمِ مستقیم جان سکتی ہین اللہم صل علی محمد و آل محمد کہ الحق کلامِ امام امام کہ ذریتِ
طاہرۂ مدینۃ العلم و باب مدینۃ العلم ہین ملوک الکلام ہی نفس الامر مین کلام معجز نظام امام علیہ السلام حدِ وجہ مین ایسی جوہا
مملوۃ الفصاحۃ والایجاز سی مبسوط و موجہ اور اس اختصار پر جامع و محیط جامع و مانع ہی طولاً و عرضاً لغۃً اور عرفاً
مقدارِ وجہ مفروضۃ الغسل کو جو کہ حق ہی حدّ و تعریف کا کہ اہلِ میزان و ماہرینِ علمِ ادب و معانی اسکی کیفیت اوٹہا سکتے
ہین مقلدان عمری و بکری تیمی و عدوی مخمرین تعصبِ عناد اور جہالت و لداد کی اگر مدۃ العمر سوچ مین انگشت زیر
زنخدان رہین تو سرِ مو اسکی کیفیت اور مذاق کو نہ پا سکین اور نہین پاتی کہ حرفِ مخالفتِ قرآن اس حد پر مونہہ سے
نکالتی ہین تفصیل اس اجمال کے یون خیال کرنی چاہیئی کہ آیت سی فرضِ غسلِ وجہ محکوم و مامور ہے تو اب اول حدِ وجہ
ضرور یعنی اول تعریف وجہ کی جاننی چاہیئی سو امام کے ارشاد مین حسب مصرحہ باانہمہ ایجاز و اختصار حدِ طولی و عرضی
اسی طرح محدود و معرّف ہی جو کہ بکلامِ طویل ناصح جیو کے ہان ہی ثابت ہی یعنی ناصح جیو کے ہان جس جس عبارتِ طویلہ سے
حد و تعریف معتبر ہے حسبِ مصرحہ صدر وہ بہی موجود ہی کہ اہلِ علم مہرۂ فصاحت و بلاغت پر ظاہر و باہر ہی یعنی

طولاً تو صاف دیکھ لیا کہ الفاظ تک ایک ہی سی ہین مگر کلام امامؑ بمرتبہا اعلای فصاحت اور کلام نامجانِ عمری بدرجۂ اسفل اور عرض مین کلام امامؑ مین مقدار عرض ما بین الابہام والوسطی معتبر ہے اور ناصح جیو کی ہان من العذار الی العذار وغیرہ اقوالِ شتّی کہ یہہ قول اونکے چاریارین کا قریب تر اسی لئے ظاہر ہی تو عقیل فہیم ماہر اقوالِ فریقین بخوبی جانسکتا ہی کہ بتصریح توجیہِ مصرحہ تحدیدِ وجہ ہمارے اونکی ہان دہ نو جگہ ایکسی ہی کیونکہ مکرر ظاہر ہوگیا کہ مقدار ما بین الابہام والوسطی درحقیقت دیکھہ لو کہ قریب تر ہی من العذار الی العذار سی خصوصاً حقِ ملتحی مین اور باشتبہ حالِ ابی یوسف اور مالک ظاہر ہوگیا کہ عذا ایک مالک مفروض الغسل نہین جانتا تو حاصل مقصود تمام کلام کا یہ ظاہر ہی کہ جسکو امامؑ بتعبیر ما بین الابہام والوسطی ارشاد فرماتی ہین وہی مقدار ناصح جیو کے ہان دوسرے لفظو نسی معتبر ہے بلکہ اونکی ہان اوس سے کم بہی مفروض الغسل مقدر با لجملہ توفیقِ تحدیدِ مذہبِ حقہ خود ناصح جیو کی ہانسی ثابت اور متحقق تو اب اوس تحدید کو خصائصِ امامیہ سی واسطی دہوکے عوام کی ظاہر کرنا محض بے دیانتی وترکِ حیا کو کام فرمانا ہی المختصر کہ قرآنین جو وجہ کو مفروض الغسل فرمایا ہی جس پر حدِ وجہ حسبِ تصریحِ صادق ہی اوسی بیشک اہلِ حق مفروض الغسل جانتی ہین بلکہ ناصح جیو کو خبر نہین دعوی رکہتی ہین دیکہنی کا روضۃ الاحکام کے اوسمین دیکہین کہ ازبسکہ مقدار ما بین الابہام والوسطی بحالتِ قیام دست بوسطِ حقیقی وجہ بامورِ امامؑ ہی تو نظر بر مزید احتیاط تعمیلِ ارشاد سوا ما بین الابہام والوسطی کے دونو طرف بہی ہونا عملِ اہلِ مذہبِ حقہ ہی کہ مبادا مخالفت ارشادِ امامؑ لازم آئی یعنی اوسطِ حقیقی پر ہاتہہ نہو تو ایک طرف رہ نہ جاوے کیونکہ وسطِ حقیقی پر ہاتہہ ہونی مین مقدار ما بین الابہام والوسطی حاوی جمیعِ مقدارِ وجہ ہی یعنی جیسی من العذار الی العذار ناصح جیو کے ہان تعبیر ہے چنانچہ روضۃ الاحکام مین جناب مجتہد العصر دام برکاتہم ارشاد فرماتی ہین کہ حدِ او در طول از رستنگاہِ موست تا ذقن وانچہ ابہام وانگشتِ میانین بر آن بگردد در عرض واگر احتیاطاً دست را بر ہر دو طرف رو بعد آن بمالند کہ آب بہمہ جا برسد احوط است بلکہ ظاہر انست کہ از باب مقدمہ از جمیع اطراف زیادتی از محدود لازم باشد خصوصاً نظر باینکہ در وقت گردانیدن دست بر رو علم بقیام دست در وسطِ حقیقی رو مشکل است و در صورت میل بجانب راست از عضو چپ در جانب چپ جزوی باقی خواہد بود و در صورت میل بجانب چپ بالعکس پس بنا بر تحصیل یقین براءت شغلِ ذمہ ثابت در امر ارید بر جانبین احتیاط ضرور است وانچہ از ریش خفیف وتنک باشد کہ ماتحتِ آن در مجالس تخاطب نمایان باشد غسل آن لازم است الخ چنانچہ اب یاد کرین جو کہ قولِ رابع ناصح جیو کی چاریار کا ہی ان غسل البیاض الذی بین الصدغ والاذن سنۃ اور تشرماوین علاوہ اسکی ہم ایک اور تقریر سے ظاہر کردیتی ہین کہ نفس الامر مین عملِ اہلِ حق تابعِ ثقلین مین نتیجہ ارشاد واتباعِ ثقلین کا ہی یعنی جب ہم صغرا کبرا منطقی مین مضمون آیہ قرآنی اور کبری مضمونِ ارشاد ذریۃ اہلِ بیتِ رسولؐ سبحانی کہ احد الثقلین ہین مثلاً دیکہین اسطرح کہ صغری ہی المامور الواجب فی الوضوء من الید ذی المجید والمنن غسل الوجہ اور کبری ہی الوجہ ما دارت علیہ الوسطی والابہام من قصاص شعر الراس الی الذقن تو صاف نتیجہ یہ حاصل ہے کہ المامور الواجب فی الوضوء من الید ذی المجید والمنن غسل ما دارت علیہ الوسطی والابہام من قصاص شعر الراس الی الذقن ثبوت صغری کی لئی آیہ قرآنی فاغسلوا وجوہکم ظاہر اور ثبوت کبری کی لئی توفیق مضمون حسبِ تصریحاتِ صدر خود ناصح صاحب کے مقتدا اونہی سے ہو مدا تو اب ناصح صاحب کو

عبارت روضۃ الاحکام مجتہد العصر دام ظلہ

نقض بر طریقہ استدلال ناصبی

تابعان ثقلین کو نسبت مخالفت ثقلین دینی خود ہیچ مضمون فقد احتمل بہتانا واثما مبینا کی داخل ہوناہی اور نتیجہ ہی تعصب
وحماقت اور حماقت و دہقانیت کا یعنی تعصب دہقانیت کا ہم مضمون مرقومہ کو واسطی سمجھنے عوام کے اردو مین بہی لکہہ
دیتی ہین کہ پہر ناصح جیو موہنہ سی بات نہ نکال سکین مختصراً جانا چاہیئے مضمون صغری یہ کہ واجب ہی وضو مین دہونا
موہنہ کا کبری یہ کہ موہنہ ہی رستنگاہ موی سر تا ذقن جیسی ابہام وسطی کہیر لین نتیجہ یہ ہوا کہ واجب ہی وضو مین دہونا
رستنگاہ موی سر سے تا ذقن جیسی ابہام وسطی کہیر لین اسی طرح سے ناصح جیو اپنی ہان بہی دیکہہ لین اونکی چار یار ذکی ایک
قول کے مطابق ہم ایک نتیجہ نکال دیتی ہین باقی وہ آپ اسی بموجب نکال سکتی ہین ہر شخص جان سکتا ہی کہ مضمون صغری
تو بعینہا بلفظہا ایک اور کبری مین صرف لفظی فرق مگر مضمون قریب موافق صغری وہی الماہور الواجب من ہتہ فی الوضوء
غسل الوجہ کبری یہی الوجہ محدود من منابت الشعر المعتاد الی اسفل الذقن ومن العذار الی العذار تو نتیجہ یہ ہی الماہور
الواجب من ہتہ فی الوضوء محدود من منابت الشعر المعتاد الی اسفل الذقن ومن العذار الی العذار کہ مفصل عبارت منقولہ فتح الباری
وغیرہ مین اوپر بتمام حال لکہا گیا ترجمہ اردو مین اسکا یہی مختصراً یہ ہی کہ واجب ہی دہونا موہنہ کا موہنہ ہی رستنگاہ موی
معتاد سے ذقن تک اور رخسارہ سے رخسارہ تک نتیجہ یہ ہی کہ واجب ہی دہونا رستنگاہ موی معتاد سے ذقن تک اور رخسارہ سے
رخسارہ تک فرق یا صرف تعبیر الفاظ کا یا یہ کہ شیعیان اہل بیت طاہرہ کے ہان ثبوت کبری بارشاد آل طاہرہ ائمہ اثنا عشر
کہ احد الثقلین مین سی ہین اور ناصح جیو کی ہان باہدای یکی از چار یار بصرحہ کہ مصداق ہین ائمۃ یہدون الی النار کے
الحق الحق یعلو ولا یعلی حقیت مذہب حقہ کی یہ معنی ہین او صحت و صداقت احادیث صحیحہ کتب حقہ کے یہ تاثیر ہے کہ جو حدیث
مصححہ ومحققہ اور جو عمل اہل حق ہی اوسکی صداقت قرآن سے اور کہین نہ کہین مخالفین کے ہاتہہ سے پائی جاوے اور پائی جاوے
باوصفیکہ وضع احادیث کاذبہ اور انہدام مین دین مبین علی الخصوص انہدام اور اخفای فضائل واحادیث فضایل اہل بیت
طاہرہ مین انکی مقتداؤن نی کمی نہین کی بلکہ بہت سعی کی ہی چنانچہ خود انکا احمد حنبل جو تہا امام حال فضایل جناب مولای
مومنین مین لکہتا ہی کہ بہت لوگون نی بسبب عداوت اور بہت لوگون نی بسبب خوف دشمنون کی چہپایا اور ظاہر نہین کیا
فضائل علی کو اور بہت لوگون نی وضع کین ہین روایتین برخلاف مین لیکن اسپر بہی فضائل علی کے برابر کسی صحابی کے
فضائل نہین پائی جاتی بالجملہ کیسا ہی کوئی حق کو پوشیدہ کری مگر حق نہین چہپتا یہو د چہپاتی تہی حق پیغمبر کا مگر انہین
کے کتاب سے ظاہر ہوتا تہا اسی طرح ناصح جیو اور احزاب اونکی کیسی ہی تلبیس حق بباطل کو کام فرماوین کیسا ہی حق چہپاوین
اونکی اگلون نی کیسا ہی حق چہپایا لیکن یہ حقیقت مذہب حقہ ہی کہ خواہ بعینہا خواہ بمثلہا جو مراتب اعمال اہل حق
مین انکی کتابون سے بہی ثبوت اوسکا ہو جاتا ہی جسکو کہ بہوای نفس بمخالفت رسول و اہل بیت رسول انہون نے
ترک کر دیا تہا چنانچہ بیشتر اوپر اشاری گذری کہین نکہین انہین کی ہاتہہ سے ثبوت اوسکا دیکہلو احادیث حقیت
اہل بیت طاہرہ اور صداقت اتباع اہل بیت طاہرہ کو پروردگار عالم نے انکی کتابون مین اسطرح اپنی پرورش سے حفاظت
کے ہی اور کرتا ہی جیسے کہ حقیقت نبوت جناب خاتم الرسالت کے باتین یہود وغیرہ کی کتابون مین حفاظت مین کہین
اور حضرت موسی پیغمبر کو بغل مین فرعون کے پرورش کیا اور سرکوبی فرعون کی اونہین سے کی سو حقیقت اور صداقت

بتصریح احمد حنبل اخفای فضائل علی و احادیث موضوعہ

غلامان صاحب بمنزلۂ ہرونی کی حجتون اور براہین کو ان تالعان فراعنہ آل محمد کے ہان پرورش کرکے انکی سرکوبی غلامان
صاحب منزلۂ ہارونی سی فرماتاہی سبحانہ با اعظم شانہ الحمد علی احسانہ قد جعل الحق علی مکانہ ناصح جیو کیا دہاقنہ جہلا دینی
جو لاہو نمین بیٹھہ بیٹھہ کردہو کی بازیو لسنی سنت اپنی مقتدا اونکی قایم کرتے ہین محفل علما و ماہرین مین اہل حق کے سامنے
بات بہی فرشت تو نہہ سی نہ نکل سکی گی ناصح جیو جہلا بیچارونکو غسل و جہ مین تو تقلیل و تحدید کذائی کی نسبت اہل حق سے
بنمایش تجدید و احداث دیتی ہین کہ بتصریح ویسا کچہہ بلکہ اوس سے بڑہ کر گہٹت مین اونکی ہان موجود اور ثابت مگر اب
ناصح صاحب بگوش دل متوجہ ہو کر سنین اور ذرا شرم اختیار کرین اونکی بڑی امام اعظم جیو کی فضیحت جو اونہین کا
امام مالک کرتا ہی اوس سے حیا کرین اپنی فضیحتو نکو سنبہالین نہ کہ ناحق نصیحت کار بنتی ہین قرآن مین صاف ہی وامسحوا
برؤسکم اور کوئی حدیث خود ناصح جیو کے احادیث صحاح تغلبی مین بہی تعیین و تقیید ربع سر کے اگر تمام عمر سر اور پاؤن
پیٹتی پیٹتی مرجاوین توبہی دست یاب نہووے بجز تمسک قیاس ارائی حنفی کے اور صاف مخالفت ثقلین کے کہین ٹہکانا
نپاوین پہر اب بتلاوین ناصح جیو کہ تعیین کرنے وجوب چہارم حصہ سر مین مخالفت قرآن کی ظاہر ہی یا نہین کہ شارح
سفر السعادۃ صاف لکہتا ہی کہ نزد ابو حنیفہ فرض مسح چہارم حصہ سر است اور کتاب بالابدمنہ مین ہی کہ مسح چہارم حصہ سر فرض
است اور شرح وقایہ مین ہی المفروض فی مسح الراس ادنی ما یطلق علیہ اسم المسح ہو شعرۃ او ثلث شعرات عند الشافعی
عملا باطلاق النص و عند مالک الاستیعاب فرض کما فی قولہ تعالی فامسحوا بوجوہکم و عندنا ربع الراس چنانچہ ازیں باتن
اور شارح دونو حنفی ہین تو شارح عندنا کرکے لکہتا ہی اور ماتن بہی تحت فرضیات وضو ذکر غسل مدین ظاہر ہوا کہ و مسح
ربع الراس و اللحیۃ لکہتا ہی کہ دوسرے فضیحت فرض مسح لحیہ کے نمایان ہی کوئی پوچہی ان عقل کے دشمنون کہ بہیا جیو فرضیت
مسح لحیہ کس آیت کی مضمون سے نکالی بالجملہ ازیں ظاہر ہی کہ صرف با برؤسکم مین خواہ زیادہ خواہ الصاق کی لئی خواہ
تبعیضیہ کسیطرح کا شمار کیا جاوے تعیین چہارم حصہ سر کسیطرح ثابت نہین اور بقول اہل ہند مارو گہٹنا پھوٹی آنکہہ فرض مسح
لحیہ زیادہ فضیحت تر کہ ناصح جیو کی امام اعظم کے نزدیک لحیہ بہی منجملہ سر کے ہی کہ بقیہ مسح سر کا جبر نقصان مالک کی جواب دہی کے
لئی تجویز فرمایا ہی غرض دین نبوی کو انہون نے کہیل کر دیا انکی کتب فقہیہ دیکہنی سے کیفیت انکی مخالفت قرآنی اور دہقانیت کے
ظاہر ہوتی ہی جو شخص دیکہی تو کیفیت اوٹہا وی صریح بات ہی کہ آیت سی کہین نہ مسح موزہ ثابت ہی نہ مسح عمامہ کا حضرات کی ہان
مسح موزہ عوض پاؤنکی اور مسح عمامہ عوض سر کے حنبلیون کن مین موجود بلکہ حنبلیونکی ہان استنشاق و مضمضہ بہی فرض ہے حالانکہ
قرآن مین کہین فرضیت اسکی نہین تفصیل اس قسم کے باتونکی کتاب مفید العوام مین مشتہر ہے من شاء فلیرجع الیہ اور لطف حقیت
مذہب حقہ یہ ہی کہ مسح سر مین بہی عمل اہل حق کے تطبیق خاص انکی ہانسے ثابت اور متحقق ہو کہ یہ بسبب تعصب اوس سے محروم اور
بی نصیب ہین ناصح جیو شرح سفر السعادۃ مین دیکہین تو کیفیت اس اشارہ کی نصیب ہو کہ کس کس تفصیل سی لکہتا ہی ایک
مختصر نمونہ یہ ہی کہ و بروایتی مقدار سہ انگشت باعتبار آنکہ وجب الصاق ید است بر اس و اصابع اصل ید است و لہذا واجب میشود
تمام دیت ید بقطع آنہا و سہ اکثر آنہا است و للاکثر حکم الکل و نزد شافعی فرض ادنی آنچہ بر آن نام مسح توان نہاد اگرچہ
یک چہار موی باشد الخ اور ایک اور لطف ناصح صاحب کے ہانکا قابل تماشا ہی فرماوین کہ یہ کس مضمون آیت سی ہے

فضیحت فرض مسح ربع سر

عبارت شرح سفر السعادۃ

عبارت بالابدمنہ

عبارت شرح وقایہ

فضیحت مسح لحیہ

عبارت شرح سفر السعادۃ

ہی کہ مرد تمام سر کو مسح کریں اور عورت بعض کو چنانچہ شرح مذکور مین بعد ذکر مذہب احمد حنبل کے لکھتا ہی کہ و یراد الی زیادۃ
بعض و مردان را تمام حالانکہ خود سفر السعادۃ مین اوسی مقام مین جسکی یہہ شرح مین تصریح ہی مصنف یہہ بہی ہی کہ وہ ہمہ سر را مسح
کردی غرض ان فضایح اور مخالفتہای قرآنی کے چھپانے کے لئی ناصح جیو اہل حق کو ایسی نسبت لگاتی ہین سو محض اپنی فضایح
ظاہر کرواتی ہین جانتی ہین کہ قرآن اہل بیت طاہرہ کی ہان نازل ہی پیغمبر نے فرما دیا کہ یہ دو قرآن تا حوض کوثر جدا
نہین ہونیوالی اور قرآن کو جو یہ جانتی ہین اور کوئی نہین جانتا بعد پیغمبر کے اور یہہ بہی ظاہر ہی کہ شیعیان اہل بیت
مقتدی ہین اہل بیت کے اونہین کو امام جانتی ہین جو اونسی معانی پونہچی ہین اونپر عمل ہے پہر بہلا شمی وعدوی یا
حنفی وغیرہ جو صریح اونکی لقب سی ظاہر ہے اور نسبت سی ہویدا ہی کہ مخالف ہین طریقہ اہل بیت کی کس موںہہ سی تابعان اہل بیت
کو ایسی نسبت دی سکتی ہین اور کیونکر سرسبز ہو سکتی ہی ناصح جیو کس نیند سوتی ہین ہزارہا مخالفتہای قرآنی و رسول سبحانی
اونکی ہان ظاہر و باہر ہے کہ تفصیل اوسکی بصورت تطویل ہی کتب فقہیہ و مناظرات خود اونکی ائمہ اربعہ کے شاہد حال ہین قریب
ہم کچہہ بطریق نمونہ مختصراً اس جگہ اشارہ کر دیتی ہین جسکو تفصیل دیکہنی منظور ہو کتب مبسوطہ مین دیکہہ سکتا ہی بالجملہ جب خود
وضو حضرات سنت جماعت کا مخالف قرآن تو پہر نماز کہان صحیح اور پہر نماز مین جو مخالفتہای نص حدیث ہی وہ علاوہ
اسکی جیسا ارسال اور رفع یدین وغیرہ مراتب مین مخالفتین جو کوئی دیکہنی چاہی کتب مبسوطہ مین دیکہی ناصح صاحب جو اکثر
کلمات عامیانہ مزخرفہ وہی باکانہ لکہتی ہین قابل علما و عقلا کی زبان پر لانیکی نہین حرکات جاہلون کی نسبت عموماً مذہب
کے طرف دینی یہ کام ناصح صاحب ہی جیسی اہل دین و دیانت کا ہی ہر چند سابق مین محل مناسب پر تقریر معقول و مبسوط
اوپر لکہی گئی لیکن چونکہ اونہون نے پہر تکرار کی ہی اور ریش تراشی وغیرہ حرکات جہلا و شبان اور معائنہ رقص و سرود اہل شباب
غیر اولی الالباب کو نسبت اصل مذہب حقہ کے طرف مکرر دی ہی سو ہم بہی لاچار مختصراً بطور موجز لکہدیتی ہین کہ وہ خود تیلاد اونکی
کو بہتیری اونکی اپنی اہل نحلہ جو مرتکب منہیات کذائی ہوتی ہین آیا وہ تمام امور اونکی اصول مذہب کے طرف نسبت دئی جاوین
جیسے وہ اونکو تعلیم و تنبیہ بقدر وسع کرتی ہین یہان بہی حسب مراتب امر بالمعروف و نہی عن المنکر معمول ہی پہر ایسی گفتار
مثل اطفال نی سوار اور عورات جدل شعار کے بر روی کار لانی محض سفاہت جانی ہی بلکہ مقام شرم و حیا ہی ذرا گریبان مین
موںہہ ڈالین غور کرین یاد رین گے کہ جو جو باتین احیاناً مخالف اوامر و نواہی احکام خدا و رسول بالغرض باقتضای ہوای
نفس امارہ یہان کوئی پڑہا لکہا عمل مین بہی لاوی بمقتضای بشریت اور سہو و نسیان کے یا بسبب جہالت طینت یا بسبب اثر
سفاہت کی تو عاصی گنا جاتا ہی مطعون و ملوم علما و مجتہدین اہل مذہب حقہ ہی اور بسبب استعمال و ارتکاب ممنوعات شرعیہ
توبہ و انابت بعد ندامت کے معمول اور بمقتضای مضامین ہدایت آئین آیہ والذین عملوا السیئات ثم تابوا الآیہ اور ان اللہ
یغفر الذنوب جمیعاً اور ان اللہ یحب التوابین وغیرہا آیات کثیرہ عفو و غفران مرجو و مامول کیونکہ جب منہیات مرقومہ
کو معاصی و محظورات سمجہتی ہین تو توبہ و انابت ممکن الوقوع ناصح صاحب فرماوین کہ وہان یعنی اونکی ہان ضد منہیات
بہوای نفسانی و باغوای شیطانی اونکی مقتداؤن اور اماموں سلف و خلف نی بنام بہانہ دخلت شرعیہ جایز اور جاری
کر رکہی ہین کہ صغیر و کبیر علما و جہلا اون محدثات و مبتدعات کے مرتکب ہین کہ کبہی توبہ بہی اون سے متخیل نہین کیونکہ

ہی

جب وہ اونہین ذنوب و معاصی نہین خیال کرتے تو ارادۂ توبہ و انابت اونسی کجا بقول شاعری دہن کا ذکر کیا یہان
سر ہی غایب ہی گریبان سی بالجملہ دانان تو یہ بہی نصیب نہین بجز اسکی کوئی چارہ نہین کہ اصل طریقہ و مذہب مخترعہ و مبتدعہ
سی توبہ و انابہ اختیار کرین اور اتباع سی اون ائمہ حلال کنندۂ حرام خدا و رسول و حرام کنندگان حلال خدا و رسول کے
جنہون نے اختراع و بدعات کو کام فرمایا اور اہل بیت رسول کو اونکی رتبہ سی نیچی رتبہ سمجہا احتراز کرین اگر تفصیل تمام
اختراع و ابداع تحلیل و تحریم کذائی کے لکہی جاوے تو دفاتر اکتفا نہین کرتے بعض بعض کا اشارہ مثل تحریم متعہ وغیرہ اولیات
عمری مین اور علاوہ اوسکی مختلف مقاصو نین کہ بعض بعض اونکی خلفای سلمہ کا حال اوپر بہی گذرا اور کچہہ بطریق اختصار مشتی
نمونہ از خروارے یہہ ہی اول کوئی پوچہی حضرات سی کہ بہیا جیو بموجب احادیث مصرحہ صحاح مصرحۃ الصدر پیغمبر خدا تو بارہ خلیفہ
تعبیر خلیفہ یا امام یا خلیفہ یا امیر ہمیشہ بارہ ارشاد فرماوین جسکی توفیق قرآن سی ظاہر آپ فرمائی کہ بارہ وہ کونسی آپنی مقتدا
و امام بنای ہین اور پہر یہہ چار لوندکی ہینی کہانسی پیدا کئی جنکی ساختہ و پرداختہ پر عمل ہے اگر یہ مجتہد ہین تو انہین
خاص ائمہ اربعہ سمجہنا کونسی آیۃ یا حدیث سی ہی اور پہر خاتمہ اجتہاد انہین چار پر کونسی آیہ یا حدیث سی ہی اور رسول و
اہل بیت طاہرہ رسول کو چہوڑ کر انکی ساتہہ اپنی تئین منسوب کرنا یعنی چہ اور پہر اونکی یہہ حقیقت یہ اعمال و افعال جو شراب
بنگ بواطہ بہتیری ممنوعات قرآن و حدیث کو بپاس ہوای نفسانی برعایت خورسندی سلاطین زمان بنام نہاد حلت شرع
خدا و رسول حلال اور طیب طاہر ٹہیرا دین اور لکہدین ہم حرزا للطوالۃ مختصرا اور اشارۃً بیان کچہہ کچہہ لکہدیتی ہین کہ
ناصح جو کتب محولہ مین دیکہکر بجز آمنا و سلمنا کسی عالم کی سامنی دوسرا کلمہ بوجہہ سی نہین نکال سکین گے شافعی کا حال
مختصر سا ایک دیکہین کہ صاف قرآن مین تو یہ ہے و استشہدوا شہیدین من رجالکم فان لم یکونا رجلین فرجل و امرأتان الآیہ
المختصر کہ حکم پروردگار عالم گواہونکی باب مین ہی کہ دو مرد ہون یہہ نہین تو ایک مرد دو عورتین شافعی صرف ایک گواہ
اور قسم پر حکم فرماتی ہین چنانچہ ہدایہ مین کتاب قضا کو دیکہلین بلکہ اشباہ و نظائر مین بہی موجود ہی اور بلکہ قسم مدعی کے
کافی لکہتی ہین کما فی انوار فقہ الشافعیہ چنانچہ شروح مشکوۃ مین پاوین گی کہ پہلا عمل یہ اونکی خلیفہ پنجم حاکم شام
کا ہی جو انکا مذہب ہے حال آنکہ خود مشکوۃ اور مسلم مین موجود ہی کہ پیغمبر خدا نی بہی فرمایا کہ اگر کسی قوم کے ادعی قول پر
تصدیق کیجاوے تو ہر قوم خونریزی اور اخذ مال دوسرے قوم کی کرگی تو از بس ظاہر ہی کہ شافعی ہم مرتکب خلاف فرمان خدا
اور ہم مرتکب خلاف حکم رسول اور مخالف ائمہ اہل بیت رسول ہیرظاہر کہ اونکی ہوتی ہوئی آپ امام بن بیٹہی علی ہذا القیاس
شطرنج کو انہین امام جیونی مباح کر دیا ہدایہ اور شرح وقایہ مین دیکہہ لین جو کہ صاف جوا ہی اور قرآن مین دیکہہ لین آیہ
انما الخمر والمیسر الآیہ صاف میسر یعنی جوا یہ رجس من عمل الشیطان مصرح اور محکوم الاجتناب ہی شراب کا حال سنین کہ پینا تو انکے طرف
اونکی بڑی امام اعظم ابو حنیفہ صاحب وضو تک نبیذ سی تجویز فرماتی ہین کہ ہدایہ مین فتاوای سراجیہ مین صاف دیکہہ لین اور
یاد کرین سابق بتصریح لکہا گیا کہ نبیذ ایک قسم کے شراب ہی اور یہہ بہی یاد کرین کہ خلیفہ عادل اونکی مرتی دم تک پیتی
رہی علاوہ اسکی شرح وقایہ وغیرہ تمام کتب فقہیہ مین دیکہہ لین اور یہہ بہی دیکہہ لین کہ خود شافعی اونکی کیا فضیحت کار ہی اونکو
امام اعظم جو کے کہتے ہین در باب تیمم و ضو کے نسبت مخالفۃ قرآن کے طرف امام اعظم جیسکہ وہ اپنی قیاس سے رد نص

حال ابداع ائمہ اربعہ

مخالفت شافعی با قرآن و حدیث

مخالفت ابو حنیفہ

نقل کرتا ہی یعنے قرآن مین ترتیب سور اور وہ برخلاف اسکی قائل ناصح جیو شمار دین کچھہ ہم نہین کہتی لونکی شافعی خود
اونکی قلعی کہولتی ہین چنانچہ نضر بن شمیل اپنی کتاب جلیل مین لکہتا ہی کہ شافعی کہتا ہی کہ تین سو تیس باتین کرد حیلہ قیاسے
ومزخرفات ابو حنیفہ ہین وہ سب کفر ہین اور مالک کہتا ہی کہ ضرر ابو حنیفہ کا امت مین شیطان سے زیادہ ہی ابن
مہدی کہتا ہی کہ کوئی فتنہ اسلام مین دون مرتبہ فتنہ دجال رای ابو حنیفہ سی نہین ہی تاریخ بغداد ابن شعبہ سی روایت
ہی کہ کہتا تہا کہ ایک کف خاک ابو حنیفہ سے بہتر ہے احکام ابو حنیفہ مین یہ باتین ہین کہ پوست میتہ پوست سگ
پاک ہی بعد دباغت کے اور اگر ایک شخص نکاح کرے اور بلا فاصلہ بی دخول طلاق دیوی تب بہی چھہ مہینی تک فرزند جو پیدا
ہو اسیکا ہی اور اگر ایک شخص قسم کہاوے کہ روزہ رکہیگا یا نماز پڑہیگا تو اگر کچھہ مقدار دن مین روزہ رکہی یا صرف ایک
سجدہ کرے تو جائز ہے قسم سے بری ہو جاویگا اور اگر ما یا نانی پر نانی او بیٹی نواسی کنواسی یا خالہ پہوپہی سی کپڑا
لپیٹ کر دخول کری تو جائز ہی اور جو ماہن کو خرید کر دخول کرے تو یہہ بہی جائز ہی زیادہ دیکھنا جسکی منظور ہو تو خمس
ابن عبد الرزاق مین دیکہی کہ انکی کتب مبسوطہ سے اسمین بہت کچھہ ایک جگہ مجتمع ہی ناصح جیو چاہین تو تطبیق دین اوسکی
اپنی ہانکی کتابون سے علاوہ اسکی ہدایہ مین یہہ بات دیکھہ لین کہ شراب جوش دیکر طبع چار حلال ہی بلکہ کافی شرح ہدایہ
مین تصریح یہانتک ہی کہ مذہب شیخین یہ ہی کہ خمر عبارت خام سے ہی اور سوائے آب انگور نا دیدہ کی ہر مسکر حلال ہی اگرچہ
مثل خمر اشتداد و غلیان اور کف لاوی اور حدیث کل مسکر حرام کو نا معتبر اور ضعیف لکہتی ہین اب ناصح جیو حرمت
خمر کو آیہ مذکورہ مین دیکھہ لین اور اپنی اماموں کا حال بہی دیکھہ لین اور قرآن مین آیہ فان لم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا
دیکھہ لین فتوضؤا بالنبیذ اپنی ابو حنیفہ جیو سے تجویز مین پاوینگی حال اپنی حنبل صاحب کا فتح القدیر اور ہدایہ
فقہیہ کے حواشی مین دیکھہ لین کہ بنگ نوشی کو واسطی سرور طبع کی حلال نوش جان و ایمان جانتا ہی حال مالک کا تفسیر
در منثور اور فتاوای شیخ تاج محمد وغیرہ مین دیکہین کہ ہنگام سفر لواطہ تجویز فرمایا ہی اوحدی جام جم مین لکہتا ہے
آبروی غلام خویش ببر دفتر بد بنام خویش مدر نتوان زد بگفتہ مالک غوطہ در ورطہ چنین مالک بلکہ شافعی
بہی اس فعل شنیع مین مالک کی ہمراہ ہی چنانچہ ربیع بن عبد الحکیم شاگرد رشید شافعی سی نقل کرتا ہی وہ کہتا ہی کہ مینی
اپنی استاد سی سنا کہ پیغمبر خدا سی حلت و حرمت لواطہ مین کوئی حدیث صحت کو نہین پہونچی اور قیاس یہی چاہتا ہی کہ
حلال ہو استغفر اللہ اعوذ باللہ اسی جگہ سی ہی کہ ظاہرا کوئی غلام ناصح جیو کے مالک صاحب کو نہین میسر آتا ہوگا تو بی بی
یا لونڈی سی بہی یہی کام فرماتی تہے چنانچہ مولوی جامی بہارستان مین لکہتا ہی گفت مملوکہ بمالک خویش کز قفا پیش
گرفت راہ فساد ترک این فعل کن کہ جائز نیست نزد دین پروران شرع نہاد گفت خاموش کہ شیخ دین مالک بچنین مقفر
رخصت ما داد اور تفسیر در منثور مین ہے سئل مالک عن دخول الدبر قال اغتسلت الآن من ہذا الفعل یا الحاصل کسی
شخص نے مالک سی سوال کیا دخول فی الدبر سے سو مالک نی کہا کہ غسل کیا تہا مینی ابی وقت اس فعل سی یعنی امام مالک
بہی امام سنی صاحبونکی اوسی وقت دخول فی الدبر کو کام فرما کر نہا دہو کی بیٹہی تہی مسند افتا پر علاوہ اسکی امام اعظم صاحب
کے نماز کا حال ایک اور قابل ضحکہ اطفال ہے کہ اس سے زیادہ اور ملاعبت دین مین او معاذ اللہ اس سی زیادہ کہیل کرنا

عبادت پروردگار اور دین مبین حضرت احمد مختار چلین نہین تصور کیا جاسکتا یعنی یہ بزرگوار فرماتی ہین کہ اگر نماز مین
اہل اسلام کوئی شخص عمداً گوزماری تو تمام اور درست اور اگر سہواً سرزد ہو تو نماز باطل ناصح شیر کرم کرین خدا و رسول
سے بچون سی کہ یہی امام و معتقد ابی اونکا اور عمل ہے اوسکی قول و فعل پر جو معاذ اللہ نقل کفر کفر نباشد عبادت و نماز کو گو
ختم کری تام خسروانی انکی چار نفلہ ارکان دین و ائمہ ایمان کی حقیقت ان پانچ اشعار مین کس کیفیت سی کہولدی
قابل تماشا ہی اشعار دلچسپ صاحب مذاق کے بانمک ہین اسلئی لکہدئی جاتی ہین نظم شافعی گفت کہ شطرنج مباح است
بنج مبازید کہ جز رست نفر مود امام بو حنیفہ بہ ازین گفت در احوال شراب کہ زجوشیدہ بخور تا نبود بر تو حرام حنبلی گفت چو
در ورطۂ غم درمانی اندکی بنگ خور و لیک احتیاط بجام . گر کنی سیر و مفتی چارم مالک اوہم از بہر تو تجویز کند وطی غ
بنگ وقتی می خورد کون میزن وخوش باز قمار کہ مسلمانی بر این چار امام است تمام غرض ناصح جیو کو مبارک ہو کسی ایک
سند پر چار و نہین سی چلین خاصی دہوئی دہاے سنت جماعت ہین دن بہر مین اول کے پہر پہر شراب نوشی کر
حنفی ہین دوسرے پہر مین بنگ نوشی کرین حنبلی مین پہر تیسرے پہر لواطہ کرین تو مالکی ہین اخیر کے پہر مین قمار با
تمام فرماوین خاصی شافعی رات کو پہر جا مین نری مالکی یا حنفی و مالکی بلکہ شافعی ہی یا نری حنفی یا نری حنبلی جاہ
یا قدح بنگ چڑہاکی پاؤن پسار کے آرام کرین اقتدا مین اپنی ائمہ کے محشور ہونگی اور مصداق یوم ندعو
اناس باماہم بمقتضاے مضمون حدیث لکل غادر لواء یوم القیمۃ اونکی جہنڈی کی نیچی روز قیامت کو قایم ہونگی ناصح جیو شرما
قرآنمین صاف موجود ہی انما المشرکون نجس کہ ہر شخص قرآن مین دیکھہ سکتا ہی اور اونکی ائمہ ہرگز نجس نہین جانتی دیکہلو تمام
و شرب مین تر و خشک اشیا مین سب جگہ کالشمس فی وسط النہار جاری اور ساری ہی یا نہین ہم افعال و اعمال مین ہم
فقہیہ اور فتاوی ہین کہ احتیاج خاص کسی عبارت کی ہی نہین صاف دیکھین قرآنمین کتب حدیث مین موجود ہی کل
عمل شاکلتہ اور انما الاعمال بالنیات اور لکل امرء ما نوی اور با اینہمہ امام اعظم صاحب ناصح جیو کی وضو مین نیت
نہین جانتی شرح وقایہ وغیرہ کتب فقیہ موجود ہین دیکھلین اور مناظرات حنفی و شافعیہ خود اپنی ہان دیکھہ
کر شافعیہ اونکی کیا فضیحہ کاری اس جرأت رد نص و حدیث پر بہی کرتی ہین اور ربیع الابرار مین دیکھلین آیہ قرآ
فضل اللہ المجاہدین علی القاعدین الآیہ اور آیہ ہل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون جنسے صاف ظاہر
کہ پروردگار عالم نی مجاہدین کو قاعدین غیر مجاہدین پر اور اہل علم کو غیر اہل علم پر فضیلت دی ہی اور احادیث متواترہ کہ او
کذرین اور صدہا سوا اونکی کتب ناصح جیو مین موجود ہین کہ پیغمبر خدا نی فرمایا کہ علی بمنزلہ میری ہین اور جسکا مین مو
اوسکا علی مولی ہون اور ولی ہی بعد میرے اور علی اعلم امت ہی اور علی اقضی ہی اور مین شہر علم ہون علی دروازہ
اور قرآن سی بتصریح تفاسیر و کتب حدیث ناصح جیو کر رکہا ہی گیا کہ ثابت اور متحقق کہ انفسنا مین مراد و مقصود جناب ا
علی ابن ابیطالب ہین مسند احمد حنبل مین ہی قال ابن عباس ما فی القرآن آیۃ فیہا الذین آمنوا اللہ وعلی رأسہا
و شریفہا و امیرہا ولقد عاتب اللہ اصحاب محمد فی القرآن وما ذکر علیا الا بخیر وعنہا نزل فی احد من کتاب اللہ
علی اور ابن مجاہد اعلیٰ مین اور طبرانی اور ابن حاتم لکھتے ہین عن ابن عباس قال ما انزل اللہ یا ایہا الذین آمنوا الا

Presented by Ziaraat.Com